وَفَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا

اور ہر چیز کھول کر تفصیل سے بیان کر دی ہے

اشاریہ مضامینِ قرآن



شمس العلما مولانا سید ممتاز علی

Marfat.com



Marfat.com

جدید ایڈیشن

وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا

اور ہم نے ہر چیز کھول کر تفصیل سے بیان کر دی ہے

اشاریہ

مضامینِ قرآن

جلد اول

تفصیل البیان ۔ فی ۔ مقاصد القرآن

شمس العلماء مولانا سید ممتاز علی

الفیصل
ناشران و تاجرانِ کتب
غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

Marfat.com

297.122016 Mumtaz Ali, Maulana Syed
Esharia Mazameen-e-Quran / Maulana Syed Mumtaz Ali.- Lahore: Al-Faisal Nashran, 2008.
2v.,(766;538p)

1. Quran Esharia I. Title card

ISBN 969-503-084-x

جولائی 2008ء
محمد فیصل نے
آر۔آر پرنٹرز سے چھپوا کر شائع کی۔

AL-FAISAL NASHRAN
Ghazni Street,Urdu Bazar,Lahore.Pakistan
Phone : 042-7230777 Fax : 09242-7231387
http : www.alfaisalpubllshers.com
e.mail : alfaisal_pk@hotmail.com

Marfat.com

①

كِتابُ العَقائِد

②

كِتابُ الاحكام

③

كِتابُ الرِّسَالة

④

كِتابُ المعَاد

افضل حق قرشی

شمس العلماء مولانا سید ممتاز علی

آپ حضرت امام رضاؓ کی اولاد میں سے ہیں۔ آپ کے اجداد بخارا کے رہنے والے تھے، آپ کا خاندان عہد عالمگیری میں ہندوستان آیا اور جگادھری (ضلع انبالہ) کے قریب آباد ہوگیا۔ دو تین نسلیں وہیں مقیم رہیں۔ آخر ایک بزرگ میر ہاشم علی دیوبند میں جا کر آباد ہو گئے، ان کے بھانجے میر ستار علی نواب بہادر گڑھ کے مدار المہام مقرر ہوئے۔ انہی میر ستار علی کے صاحبزادے سید ذوالفقار علی تھے جو سید ممتاز علی کے والد تھے۔ سید ذوالفقار علی ادب فارسی میں امام بخش صہبائی کے شاگرد تھے۔ عربی سینٹ سٹیفنز کالج دلی سے پڑھی۔ شملہ میں ڈپٹی انسپکٹر مدارس، گجرات میں سررشتہ دار اور راولپنڈی میں تحصیلدار رہنے کے بعد ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر مقرر ہوئے اور پنجاب کے متعدد اضلاع میں مقیم رہے۔

سید ممتاز علی ۲۷ ستمبر ۱۸۶۰ء کو راولپنڈی میں پیدا ہوئے۔ اتفاق سے یہ دن میلاد النبی ﷺ کا تھا۔ میلاد النبی ﷺ کے دن ولادت ہوئی۔ عمر بھر تحریک میلاد کی اشاعت کرتے رہے اور عید میلاد ہی کے اگلے دن انتقال ہوا۔ آپ کی باقاعدہ تعلیم کا آغاز پانچ برس کی عمر میں ہوا۔ دیوبند میں سید عبداللہ شاہ عرف منے شاہ کے مکتب میں پارہ عم، خالق باری اور کریما کا درس مکمل کیا۔ بعد ازاں والد نے راولپنڈی بلا لیا۔ یہاں آپ نے عربی صرف ونحو، فقہ ومنطق اور فارسی ادب کی تعلیم حاصل کی۔ ۱۸۷۳ء میں آپ کی والدہ کا انتقال ہوگیا۔ کچھ عرصہ بعد دیوبند جا کر دارالعلوم میں داخل ہوگئے۔ آپ کے اساتذہ میں مولانا محمد یعقوب نانوتویؒ، مولانا سید احمد دہلویؒ، ملا محمود دیوبندیؒ اور مولانا محمد صدیق انبیٹھویؒ کے اسمائے گرامی شامل ہیں۔ اس وقت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ بقید حیات تھے۔ آپ نے ان کی صحبت سے بھی بہت کچھ استفادہ کیا۔ اسی زمانہ میں شیخ الہند مولانا محمود حسنؒ بھی دارالعلوم میں زیر تعلیم تھے۔ سید ممتاز علی ان کے ہم سبق وہم جماعت رہے اور دونوں بزرگوں میں آخر دم تک محبت ومودت کا رشتہ نہایت استوار رہا۔ اسی اثناء میں آپ کے والد فیروز پور میں ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر ہوگئے اور انہوں نے آپ کو فیروز پور بلا لیا۔ ۱۸۷۴ء میں اتالیق کی مدد سے آپ نے انگریزی پڑھنا شروع کی۔ دو سال کی قلیل مدت میں آپ نے مڈل سکول کا امتحان پاس کر لیا۔ ۱۸۷۶ء میں گورنمنٹ ہائی سکول لاہور میں داخلہ لیا اور وہیں سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ میٹرک پاس کرنے کے بعد گورنمنٹ کالج لاہور میں داخل ہوئے۔ یہیں شمس العلماء مولانا محمد حسین آزاد سے ملاقات ہوئی۔ آپ کے والد اور آزاد کے والد مولوی محمد باقر کا گہرا دوستانہ تھا۔ اب

دونوں کے صاحبزادوں میں پرخلوص تعلقات قائم ہوگئے جو آزاد کے انتقال تک قائم رہے۔ ۱۸۸۴ء میں بی اے کا امتحان دیا لیکن کامیاب نہ ہو سکے۔ ۱۸۸۷ء میں بی۔اے کا ارادہ ترک کر کے انڈین سول سروس کا امتحان دیا مگر اس میں کامیابی نہ ہوئی۔ اسی سال چیف کورٹ لاہور میں بحیثیت مترجم ملازمت اختیار کر لی۔ ۱۸۸۸ء میں آپ کی شادی بھی ہوگئی لیکن ۱۸۹۱ء میں علالت کی بناء پر ملازمت سے مستعفی ہونا پڑا۔ آپ کی بیماری کی مندرجہ ذیل خبر ہفتہ وار سرمور گزٹ ناہن میں ''مولوی سید ممتاز علی کی بیماری'' کے عنوان سے شائع ہوئی:

> ہم نہایت افسوس اور دلی رنج سے اس بات کو لکھتے ہیں کہ مولوی سید ممتاز علی صاحب مترجم چیف کورٹ پنجاب نہایت سخت بیمار ہو گئے تھے۔ یہاں تک کہ زندگی سے مایوسی ہوگئی تھی۔ مگر شکر کا مقام ہے کہ اب ان کی حالت روبصحت ہے اور یقین ہے کہ خداوند تعالیٰ آپ کو صحت عاجل اور شفائے کامل بخشے گا۔ صاحب موصوف تو اب تک نہایت مایوسی کی باتیں کرتے ہیں مگر خداوند کریم کی بخشش سے امید ہے کہ ہماری قوم کو کوئی ایسا صدمہ نہ پہنچاوے گا جس کے واسطے وہ اپنے آپ کو تیار ظاہر کرتے ہیں۔ یہ عالم اور نوجوان سید ہماری ہزاروں قومی آرزوؤں کا مرکز ہیں اور خدا ان کا حافظ و ناصر ہوگا۔۲

۱۸۹۲ء میں ایک سرکاری ملازمت کے حصول میں انہیں کامیابی ہوئی۔ غالباً یہ ملازمت بھی حسب منشاء نہ تھی اس لئے سال بھر سے زیادہ نہ چلی۔ اب ملازمت کا ارادہ ہی ترک کر دیا اور خانہ نشین ہو گئے۔ ۱۸۹۶ء کے اوائل میں اہلیہ کا انتقال ہوگیا۔ ۱۸۹۷ء میں سید احمد شفیع ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر کی صاحبزادی محمدی بیگم سے عقد ثانی ہوا۔ اس خاتون نے آپ کے اس ارادے کو بہت تقویت دی کہ عورتوں کی تعلیم و تہذیب کے لئے ایک زنانہ اخبار جاری کیا جائے۔ چنانچہ ۱۸۹۸ء میں رفاہ عام کے نام سے ایک مطبع، دارالاشاعت پنجاب کے نام سے ایک مکتبہ اور تہذیب نسواں کے نام سے زنانہ اخبار جاری کیا۔ ۱۹۰۲ء میں پندرہ روزہ رسالہ ''تالیف واشاعت'' کے نام سے جاری کیا۔ اس رسالے نے اقبال کے اہل زبان کے ساتھ معرکے میں اقبال کا بھرپور دفاع کیا۔ ۱۹۰۴ء میں ''مشیر مادر'' جاری کیا۔ ۳ نومبر ۱۹۰۸ء کو محمدی بیگم بھی فوت ہوگئیں۔ ۱۹۰۹ء میں آپ نے بچوں کیلئے ''پھول'' جاری کیا۔ علمی و تعلیمی خدمات کے باعث ۱۹۳۴ء میں حکومت کی طرف سے آپ کو شمس العلماء کا خطاب ملا۔ اس کے ایک سال بعد ۱۵ جون ۱۹۳۵ء کو گیارہ بجے شب حرکت قلب بند ہو جانے سے آپ کا انتقال ہوگیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ دیوبند کے آبائی قبرستان میں دفن کئے گئے۔ مولانا غلام رسول مہر نے آپ کی وفات پر اداریہ میں تحریر کیا۔

> سرسید احمد خان، محسن الملک، وقار الملک، شبلی، حالی، آزاد، نذیر احمد، ذکاء اللہ، شرر ہندوستان میں علم و عمل، ادب و شعر اور ترقی و تمدن کے جلیل القدر علمبردار تھے۔ افسوس کہ ایک ایک کر کے سب رخصت ہو گئے۔ اس بزم شبانہ کی یادگار مولانا سید ممتاز علی باقی تھے۔ آخر ۱۵ جون کو وہ بھی واصل رفیق اعلیٰ ہو گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اب محفل بالکل سونی ہے اور زندہ دل پیران کہن میں سے کوئی باقی نہیں۔

Marfat.com

ماکان قیس ھلکہ ھلک واحد
ولکنہ بنیان قوم تھد ما

آج ہندوستان کے مسلمانوں کو علوم جدیدہ سے جتنا شغف اور تعلیم انگریزی کا جتنا بھی شوق ہے وہ سب کا سب سرسید کی مفید و مبارک تحریک کا نتیجہ ہے۔ اور پشاور سے لے کر راس کماری تک جتنے مسلمان خاندانوں کی عورتیں اور لڑکیاں معمولی شد بد رکھتی ہیں یا اعلیٰ تعلیم پا چکی ہیں یا پا رہی ہیں وہ سب بلا مبالغہ شمس العلماء مولانا سید ممتاز علی کے شرمندہ احسان ہیں جنہوں نے اپنی ساری عمر تعلیم و تہذیب نسواں کی نذر کر دی۔ مولانا کا علم و فضل، آپ کی اصابت رائے، دیانت فکر اور پابندی وضع کا پایہ اس قدر بلند تھا کہ اگر وہ اپنے محدود دائرہ عمل سے نکل کر قوم کی سیاسی و مذہبی رہنمائی کرتے تو ملک کے بہترین رہبروں کی صف اول میں ہوتے لیکن قوم کے ''نصف بہتر'' کی تعلیم و تہذیب مدت دراز تک معرض التواء میں پڑ جاتی کیونکہ اس دائرے میں بھی مولانا کا نعم البدل دستیاب ہونا بے حد دشوار تھا۔۳

آپ ۱۸۷۷ء میں دسویں جماعت کے طالب علم تھے کہ اسلام کے بارے میں تشکیک کا شکار ہو گئے۔ اپنے انگریزی کے بنگالی استاد بابو چندر ناتھ متر کے کہنے پر سرسید کو ایک مفصل خط لکھا۔ سرسید سے خط و کتابت کے نتیجے میں آپ کے تمام شکوک رفع ہو گئے اور سرسید آپ کے ذوق علمی اور قرآن فہمی کے اس قدر قائل ہو گئے کہ اپنی تفسیر میں جہاں کوئی دقت و اشکال پیدا ہوتی وہاں آپ سے مشورہ کئے بغیر آگے نہ بڑھتے۔ سرسید آپ کے مداح تھے اور آپ کے بارے میں نیک خواہشات رکھتے تھے۔ ایک خط میں لکھتے ہیں:

میں آپ کی عنایت و محبت کا ہمیشہ شکر گذار ہوں اور آپ سے ایک خاص محبت اس خیال پر رکھتا ہوں کہ مجھ کو آپ سے قومی فائدہ پہنچنے کی توقع ہے۔ خدا آپ کو زندہ رکھے اور بوڑھا کرے اور میرا جو خیال آپ کی نسبت ہے اس کو پورا کرے۔۴

ایک اور خط میں لکھتے ہیں:

شکر خدا کہ ہماری قوم میں تم سا نوجوان لائق پیدا ہوا۔ خدا تم کو زندہ سلامت رکھے..... جو بات خدا نے ہم کو ڈاڑھی سفید ہونے کے بعد دی، وہ خدا نے تم کو اس عمر میں دی کہ شاید ابھی پوری ڈاڑھی بھی نہ نکلی ہوگی..... خدا تم کو زندہ رکھے اور جیسی ہم کو امید تمہاری ذات سے قوم کی بھلائی کی ہے، خدا اس کو پورا کرے۔۵

سرسید اس بات کے خواہشمند تھے کہ ان کا تہذیب الاخلاق، سید ممتاز علی اپنے اہتمام سے لاہور سے جاری کریں۔ سرسید خطوط میں آپ کو ''محبی و مکرمی'' اور ''محبی و مشفقی'' کہہ کر مخاطب کرتے ہیں۔ آپ کے نام سرسید کے خطوط کی تعداد ایک سو سے زائد ہے۔

شبلی سے بھی آپ کے مخلصانہ تعلقات تھے اور وہ بھی آپ کی علمیت و قابلیت کے مداح تھے۔ شبلی خطوط میں آپ کو ''اخ المعظم'' اور

Marfat.com

''جناب من'' کہہ کر مخاطب کرتے ہیں۔ان کی خواہش رہی کہ اپنے تصنیفی کاموں میں آپ کو اپنے ساتھ شریک تصنیف بنائیں۔

ایک خط میں لکھتے ہیں:

حقیقت یہ ہے کہ میں اور آپ مل کر کوئی تصنیف کریں تو بہت کام کی ہو۔۶

ایک اور خط میں لکھتے ہیں:

میں ایک سلسلہ تصنیف مشترکہ چھیڑنا چاہتا ہوں جس میں آپ کو ایک مقصد یہ پارٹ لینا تھا۔۷

آپ کی کتابوں کی فہرست مندرجہ ذیل ہے۔

۱۔محاکمہ ولادت مسیح

۲۔خیر المقال فی ترجمہ المنقذ من الضلال (اردو ترجمہ وحواشی) لاہور اسلامیہ پریس،۱۸۹۰۔۱۵۷ص

۳۔ردالملاحدہ (اردو ترجمہ وحواشی) لاہور مطبع رفاہ عام (س۔ن)۵۶ص

۴۔دربار اکبری۔مصنفہ محمد حسین آزاد۔ترتیب وتدوین۔لاہور: دارالاشاعت پنجاب،۱۸۹۸

۵۔حقوق نسواں۔لاہور: دارالاشاعت پنجاب،۱۸۹۸۔۱۹۰ص

۶۔شیخ حسن۔لاہور: دارالاشاعت پنجاب،۱۹۲۰۔۸۴ص

۷۔خانہ داری۔لاہور: دارالاشاعت پنجاب،۱۹۲۲۔۲۲۰ص

۸۔تذکرۃ الانبیاء۔لاہور: دارالاشاعت پنجاب،۱۹۱۹۔۲۰۰ص

۹۔پھوہڑ نامہ۔لاہور: دارالاشاعت پنجاب،۱۹۲۴۔۱۶ص

۱۰۔تفصیل البیان فی مقاصد القرآن۔۷جلد۔لاہور: دارالاشاعت پنجاب،۱۹۳۱۔۱۹۳۵

۱۱۔سبیل الرشاد۔لاہور: دارالاشاعت پنجاب،۱۹۳۵۔۴،۱۵۰ص۔

۱۲۔ثبوت واجب الوجود

۱۳۔خزینۃ الاسرار

۱۴۔ترجمہ زادالمعاد

آپ کا سب سے بڑا علمی کارنامہ تفصیل البیان ہے جس کو آپ نے پچیس برس کی محنت سے ترتیب دیا تھا۔یہ آیات قرآنی کا ایک مبسوط اشاریہ ہے جو معانی ومطالب کے اعتبار سے مرتب کیا گیا ہے۔قرآن مجید میں ایک موضوع ایک ہی مقام پر بیان نہیں ہوا بلکہ ایک عنوان پر روشنی ڈالنے والی متعدد آیات مختلف مقامات پر ملتی ہیں۔لہٰذا ایک فرد جو کسی خاص موضوع کے ذیل میں آنے والی تمام آیات سے بیک وقت باخبر ہونا چاہتا ہو اس کے لئے یہ اس وقت تک ممکن نہیں جب تک وہ تمام قرآن شروع سے آخر تک نہ پڑھے۔یہ ایک دقت طلب مسئلہ ہے۔ضرورت اس امر کی تھی کہ قرآن میں زیر بحث آنے والے موضوعات سے متعلق آیات ایک ہی مقام پر جمع کر دی جائیں تاکہ ان سے کماحقہ استفادہ کیا جا سکے۔

Marfat.com

اس ضرورت کے پیش نظر آپ نے نہایت جانفشانی اور عرق ریزی سے پانچ ہزار سے زائد عنوانات کا تعین کیا جو قرآن مجید کی جملہ آیات سے قائم ہو سکتے ہیں اور پھر ان کے ذیل میں آنے والی تمام آیات ایک مقام پر جمع کر دیں اور ساتھ ساتھ ان کا ترجمہ بھی درج کر دیا۔ ترجمہ کا کام آپ کے دوست مولانا نجم الدین سیوہاروی نے شروع کیا مگر وہ آدھا ترجمہ بھی نہ کر پائے تھے کہ انتقال فرما گئے۔ بقیہ کی تکمیل آپ نے خود کی۔

تفصیل البیان سات حصوں پر مشتمل ہے۔

کتاب العقائد

کتاب الاحکام

کتاب الرسالت

کتاب المعاد

کتاب الاخلاق

کتاب بدء الخلق

کتاب القصص

اس کام کے دوران آپ مختلف عوارض کا شکار بھی رہے لیکن ہمت نہ ہاری۔ آپ لکھتے ہیں:

میری دائمی دماغی علالت کی وجہ سے بارہا کام رکا اور بارہا شروع کیا گیا۔ ۱۹۲۸ء میں ایک اور مرض صعب میں مبتلا ہو گیا اور مجھے شفاخانے میں داخل ہونا پڑا اور عمل جراحی کی نوبت پہنچی۔ تب تو میں زیست سے ناامید ہو گیا۔ اس وقت مجھے اپنی زندگی کے بہت سے کاموں کے ادھورے رہ جانے پر افسوس اور رنج تھا۔ سب سے زیادہ اس قرآنی خدمت کے غیر مکمل رہنے کا صدمہ تھا اور یہ کام صرف غیر مکمل ہی نہ تھا بلکہ ایسی حالت میں تھا کہ میرے مسودے کی ترتیب مجوزہ کو کوئی نہیں سمجھ سکتا تھا اور میں یہ سوچ کر بے حد کڑھتا تھا کہ یہ سب کیا کرایا کام میرے بعد برباد ہو جائے گا اور میری برسوں کی محنت اکارت جائے گی۔ مجھے اس حالت میں جو مجھے اپنی زندگی کا کنارہ معلوم ہوتا تھا یہ خیالات بہت اذیت دیتے تھے اور میری آنکھوں میں آنسو آ جاتے تھے۔ ایک رات جبکہ میری آنکھوں سے نیند بالکل اڑ گئی تھی، بڑے اضطرار کی حالت میں میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی اور عہد کیا کہ اگر میں مرض صعب سے جانبر ہو جاؤں اور مجھ میں لکھنے کی طاقت و ہمت آ جائے تو میں اپنا تمام وقت اس خدمت قرآنی میں صرف کروں گا اور جب تک اسے ختم نہ کر لوں گا اور کسی کام کی طرف توجہ نہ کروں گا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے یہ دعا قبول فرمائی اور میں شفایابی کے وقت سے برابر اس کام میں لگا رہا۔ ۸

Marfat.com

اس اشاریے میں موضوعات کی تلاش کے لئے جو طریق کار مقرر کیا گیا ہے اس کی تفصیل انہی کی زبانی پڑھیے:

سب سے اول ہر موضوع بطور عنوان اوپر لکھا گیا ہے۔ پھر اس کے تحت میں متعدد ضمنی سرخیاں یا عنوان حاشیہ میں قائم کئے گئے ہیں۔ پھر ضمنی عنوان کے بعد حوالہ اس طرح دیا گیا ہے کہ ایک خط ارضی ڈال کر اس کے نیچے سورۃ کا نمبر دیا ہے اور اوپر آیت کا مثلاً (۲۰/۷) اس سے یہ مطلب ہے کہ ساتویں سورۃ کی بیسویں آیت۔

میں نے اس کتاب میں صرف حوالہ کے بیان پر اکتفا نہیں کیا بلکہ حوالہ دے کر سب آیات محولہ بھی ہر حوالہ کے ساتھ تحریر کر دی ہیں۔ سورۃ و آیت کے نمبر کا حوالہ دینے سے وہ آیت براہ راست فوراً مل جاتی ہے۔ شاید قرآن مجید کے مختلف چھاپوں کے نسخوں میں شمار آیات میں کہیں کچھ اختلاف ہو مگر اس اختلاف کی وجہ سے شمار آیات میں ایک یا دو سے زیادہ کا فرق کبھی نہیں پڑتا۔ جو صاحب اس کتاب کے حوالہ کے بموجب کوئی آیت تلاش کریں اور اتفاقاً وہ نہ ملے تو حوالہ مندرجہ سے پہلے اور پیچھے کی دو دو تین تین آیتیں پڑھیں تو یقیناً آیت مطلوبہ مل جائے گی۔۹

برعظیم پاک و ہند کے تمام جلیل القدر علماء اور بلند پایہ اخبارات و رسائل نے تفصیل البیان کی بے حد تعریف کی ہے اور سب کو تسلیم ہے کہ جو کام علماء کی ایک پوری جماعت سالہا سال میں انجام نہ دے سکتی تھی وہ آپ نے تن تنہا انجام دے دیا۔ ذیل میں چند اکابر کی آراء کے اقتباس درج کئے جاتے ہیں۔

مولانا محمد انور شاہ کشمیریؒ

خاکسار جملہ اہل اسلام خواص و عوام کی عالی خدمت میں باادب عرض گذار ہے کہ میرے علم میں اب تک کسی نے اتنے موضوعات اور عنوانات ترتیب نہیں دیئے جتنے سید صاحب کو سانح ہوئے ہیں۔ شاید بعد کے لوگ اسی سے مستفید ہوں یا کوئی جزئی اضافہ کریں۔ خواجہ امیر خسروؒ کا جو مصرعہ مشہور ہے' من نیز حاضرمی شوم تصویر جاناں در بغل۔ حضرت شاہ عبدالقادرؒ اس کو تفسیر قرآن در بغل سے بدلتے تھے۔ سید صاحب کا حق ہے کہ وہ یوں پڑھیں۔ من نیز حاضرمی شوم تبویب قرآن در بغل۔ امید ہے کہ سید صاحب کے صحیفہ اعمال میں یہ تبویب بجنسہ درج ہوگی اور ایسا صحیفہ ضرور یمین میں ہوگا۔

مولانا مفتی محمد کفایت اللہؒ

کتاب کا مطالعہ کرنے سے بے حد مسرت ہوئی۔ مطالب قرآنیہ کی تبویب و تفصیل بڑا کٹھن کام ہے۔ مگر میں نے دیکھا کہ حق تعالیٰ نے آپ کو اسے انجام دینے کی توفیق عطا فرمائی اور آپ کی اعانت کی۔ آپ نے جس طرز سے یہ کتاب مرتب فرمائی ہے وہ علماء، طلبہ، واعظین، لیکچرار، عوام مسلمین، غرض ہر طبقہ کے لئے مفید اور نفع بخش ہے۔ اب تک جو کتابیں اس موضوع پر لکھی گئی ہیں یہ کتاب ان سے بہتر اور سہل الماخذ

Marfat.com

ثابت ہوگی۔ میں امید رکھتا ہوں کہ ہر طبقہ کے مسلمان اس کی قدر کریں گے اور خدا نے چاہا تو اس کو قبولیت عامہ حاصل ہو جائے گی۔ حق تعالیٰ آپ کو اس محنت شاقہ اور عرق ریزی کا صلہ جمیلہ جزیلہ عطاء فرمائے اور اس کو آپ کے لئے ذخیرہ آخرت بنائے۔ آمین

مولانا محمد قطب الدین عبدالوالیؒ

حقیقتاً جناب نے جو محنت وسعی ہم معنی آیات قرآنی جمع کرنے میں کی ہے' اس کی جزا تو صاحب کلام ہی عطاء فرمانے والا ہے۔ مگر آئندہ نسلیں اہل اسلام کی آپ کے اس عظیم الشان کارنامہ کی دواماً متشکر رہیں گی۔ اس دور الحاد و بے دینی میں یہ بڑی خدمت جناب نے کی ہے۔

مولانا محمد طیبؒ ناظم دارالعلوم دیوبند

علوم قرآن کی یہ تشکیل اور تسلسل کے ساتھ آیات قرآنی کی مضمون دار ترتیب' پھر ان مضامین پر حاوی جامع عنوانات' پھر کلی عنوانات کے نیچے جزئی سرخیاں' پھر اس کے ماتحت نہایت ہی وسیع تتبع و تلاش کے ساتھ جگہ جگہ سے آیتوں کو چننا اور پھر اس طویل الذیل ذخیرہ کا ابتدائی فہرست سے واضح پتہ دینا ایک ایسی زبردست خدمت ہے جو نام ہونے کے ساتھ عام بھی ہے اور جامع ہونے کے ساتھ کلیتہً نافع بھی ہے۔

پھر ان عنوانات سے فقط آیتوں اور مضامین ہی کا پتہ نہیں چل جاتا بلکہ ان آیات میں کھپے ہوئے مضامین کی حقیقت پر بھی اس لئے کافی روشنی پڑ جاتی ہے کہ جامع عنوان ہی مضمون کی روح اور اس کی اساس یا پورے مضمون کا خلاصہ ہوتا ہے۔ نیز جس طرح محدثین کا فقہ ان کے تراجم حدیث میں سمایا ہوتا ہے اسی طرح یہ تراجم قرآن قرآنی حقائق واشگاف کرنے کے ساتھ ساتھ مصنف کی دماغی وفکری کاوش اور اس کے فقہ نفس کو کھلے طور پر نمایاں کر رہے ہیں۔ فجزاہ اللہ عنا و عن جمیع المسلمین احسن الجزاء.

چاہئے اور چاہئے ہی نہیں بلکہ حق واجب ہے کہ مسلمان جن کا طرہ امتیاز علوم قرآن سے شغف رکھنا اور اپنے اس مرکز ومحور علوم کے اردگرد پروانہ وار جمع ہونا ہے اس گنجینہ علوم قرآن کا نہایت شوق کے ساتھ پرتپاک خیر مقدم کریں۔ اور مصنف کے اس احسان وایثار کی جس کا تنہا مقصد جلب منفعت مالی نہیں بلکہ مسلمانوں کو ان کے اصلی اور حقیقی علوم سے باخبر کرنا ہے قدر کریں۔ وھذا آخر کلامی و اول مرامی والحمد اللہ اولا واخراء

مولانا ابوالکلام آزادؒ

قرآن کی آیات ومطالب کی تقسیم وتبویب پر جتنی کتابیں اس وقت تک شائع ہو چکی ہیں' یہ ان سب سے زیادہ بہتر اور زیادہ مفصل ہے۔ میں ان تمام لوگوں سے جو قرآن حکیم کے مطالعہ وتدبر کا ذوق رکھتے ہیں سفارش کروں گا کہ اس کتاب کا ایک نسخہ ضرور اپنے پاس رکھیں۔

مولانا حبیب الرحمٰن شروانیؒ

کتاب کی عظمت اور اس کے مفید ہونے کا اثر تو اسی وقت قلب پر ہوا تھا جب آپ نے براہ کرم اس کا مسودہ لاہور میں دکھایا تھا۔ اس وقت چاروں جلدوں کی فہرست مطالب پڑھی ہے۔ متن پر ایک نظر متفرق مقامات پر ڈالی ہے۔ اس سے مزید قوت خیال سابق کو ہوئی۔ بڑی دینی اور انسانی خدمت مسلمانوں کو کلام مجید سے قریب کر دینا ہے۔ اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ آپ کی کتاب اس میں بہت مدد بخشے گی۔

Marfat.com

اس میں بھی کسی شبہ کی گنجائش نہیں کہ آپ نے بڑی محنت اور جاں فشانی اس کتاب کی تالیف میں کی ہے، جس کا شکر گذار ہر مسلمان کو بلکہ ہر انسان کو ہونا چاہئے۔

مولانا سید سلیمان ندویؒ

تفصیل البیان فی مقاصد القرآن کی چار جلدوں کے مطالعہ کی سعادت حاصل ہوئی۔ کہہ نہیں سکتا کتنی خوشی حاصل ہوئی۔ اگر یہ جلدیں آج سے دو چار سال پہلے چھپی ہوتیں تو میری بڑی محنت بچ جاتی۔ سیرۃ کی چوتھی اور پانچویں جلد کے لئے آیتوں کی تلاش میں بڑی زحمتیں اٹھائیں۔ موجودہ فہرستیں زیادہ کارآمد نہ ہوسکیں، آپ نے بڑا کام کیا اور اس عمر میں وہ محنت کی جو نوجوانوں کے لئے بھی قابل رشک ہے۔ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کی اس خدمت کو بہ چشم رضا دیکھے گا اور قبول فرمائے گا۔ آپ اپنے اس مقبول و اہم کام پر میری دلی مبارکباد قبول فرمائیے۔

مولانا اسلم جیراجپوریؒ

مؤلف نے اس کتاب میں قرآن کریم کی آیات کو بہ ترتیب موضوع و عنوان فراہم کیا ہے۔ اس طرح پر کہ قرآن کو اول سے پڑھنا شروع کیا۔ ہر ہر آیت جس جس موضوع کے تحت میں آسکتی ہے یا جس جس موضوع کے تحت میں آنی مناسب ہے' اس اس کے تحت میں لکھی گئی۔ جو ان موضوعوں کے تحت میں نہیں آسکی' اس کے لئے ایک نیا موضوع یا عنوان قائم کیا اور اس کے ذیل میں لکھی گئی۔ مولوی عبیداللہ صاحب کی اقتباس الانوار اور مولانا وحید الزمان کی تبویب القرآن بھی ہماری نظر سے گذر چکی ہیں لیکن ان کے مقابلے میں یہ کتاب بہت زیادہ مفید اور کارآمد اور اپنے مقصد کو پورا کرنے والی ہے۔

درحقیقت ایک عرصہ سے طالبان قرآن اس ضرورت کو نہایت شدت کے ساتھ محسوس کر رہے ہیں کہ آیات قرآن بترتیب مضامین مرتب کی جائیں۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ قرآن کی جتنی تفسیریں لکھی گئی ہیں خواہ وہ عربی میں ہوں یا فارسی یا اردو میں حقائق قرآنی سمجھانے سے قاطبۃً قاصر ہیں۔ کیونکہ وہ ایک ایک آیت کی تشریح کرتی ہوئی چلی جاتی ہیں اور بہت کم ان حقائق سے بحث کرتی ہیں جن کا وہ آیت ایک حصہ ہوتی ہے۔ صورت یہ ہے کہ قرآن میں ایک حقیقت کی تعلیم ایک آیت میں شروع ہوتی ہے' دوسری جگہ کسی سورۃ میں اس پر کچھ اضافہ ہوتا ہے' پھر تیسرے مقام پر کوئی استثناء یا قید یا شرط بڑھائی جاتی ہے' پھر کہیں تکمیل یا تتمہ ہوتا ہے۔ اس طرح ایک مسئلہ قرآن کے مختلف مقامات میں پھیلا ہوتا ہے۔ اس کی پوری حقیقت سمجھنے کیلئے ان جملہ آیات کو ایک جگہ فراہم کرنا ضروری ہے تاکہ مکمل حقیقت ذہن میں آسکے۔ اس لئے علوم قرآن تفاسیر میں نہیں ہیں بلکہ خود قرآن میں ہیں اور آیات کو آیات کے ساتھ ملانے سے وہ سمجھ میں آتے ہیں۔ چنانچہ بعض لوگوں نے اس ضرورت سے قرآنی آیات کی تبویب شروع کی۔ جن میں سے اب تک سب سے بڑی اور بکارآمد کوشش یہ کتاب ہے..... اس کتاب کی خوبی اور مولف کی محنت کو میں نہایت قابل قدر سمجھتا ہوں اور امید رکھتا ہوں کہ اس خدمت قرآن کے صلہ میں اللہ ان کو دین اور دنیا دونوں میں کامیاب کرے گا۔

Marfat.com

خواجہ حسن نظامی دہلویؒ

میں اس کتاب کو موجودہ زمانہ میں قرآن مجید کی ہر خدمت سے زیادہ اور بڑی خدمت سمجھتا ہوں۔ میرا بیان اور میری تحریر اس کتاب کی خوبیوں کے لئے کافی نہیں ہے، جب تک کہ خود اس کتاب کو اپنی آنکھ سے نہ دیکھ لیا جائے۔ اور جو دیکھے گا وہ عاشق ہو جائے گا۔ جو لوگ قرآن مجید کی تبلیغ کو اسلامی تبلیغ کے لئے سب سے اعلیٰ مقصد سمجھتے ہیں، میرے عقیدے میں وہ سب سے زیادہ عقل مند ہیں اور دور اندیش ہیں۔ اور میں ان سب سے عرض کرتا ہوں کہ مولانا سید ممتاز علی کی کتاب مقاصد القرآن ایسی کتاب ہے کہ جو تبلیغ القرآن کا سب سے اچھا ذریعہ ہے۔

مولانا محمد ابراہیم میر سیالکوٹیؒ

سید ممتاز علی صاحب ملک کے ان چیدہ افراد میں سے ہیں جو مفید مسلمین جدت طرازی میں مشہور ہیں۔ آپ کی عمر کا بیشتر حصہ علم کی خدمت میں گذرا ہے۔ بہت سے مفید کام انجام دیئے۔ اس آخری عمر میں ایک نہایت ضروری کام انجام دینا چاہا ہے، خدا اس میں آپ کو کامیاب کرے۔ آپ نے مضامین قرآن شریف کے متعلق ایک مفصل فہرست تفصیل البیان چھپوانی شروع کی ہے۔ کتاب اپنی نوعیت میں نہایت مفید اور ضروری ہے۔ عام علماء کو حافظ قرآن نہ ہونے کے سبب ایک مضمون کی آیات بروقت تلاش کرنے اور بیان کرنے میں دقت ہوتی ہے اور قرآن فہمی میں بھی دشواری ہوتی ہے۔ آپ نے اس کتاب میں اس ضرورت کو پورا اور مشکل کو آسان کر دیا ہے۔ دیگر فہرستیں بھی بنی ہیں لیکن اس میں نفس مضمون کا خلاصہ مطلب مرقوم ہونے کے علاوہ ایک خاص جدت یہ بھی ہے کہ زمانہ حال میں جس قدر تمدنی یا سیاسی یا قومی و اجتماعی ضرورتیں لاحق ہو رہی ہیں، سید صاحب ممدوح نے ان کے متعلق بھی قرآن شریف سے آیات منتخب کر کے ان کے مناسب عنوانات مقرر کئے ہیں۔ مثلاً حب وطن، اتحاد و حمیت قومی اور سرمایہ داری وغیرہ وغیرہ۔ بہر حال یہ کتاب علماء، واعظین، مدرسین اور مناظرین کے لئے ازبس مفید ہے۔۱۰

عبدالمجید سالک لکھتے ہیں کہ مدت تک یہ کتاب مسودہ کی صورت میں رہی اور اکثر اکابر علم جو باہر سے لاہور آتے تھے اس مسودے سے استفادہ کرتے تھے۔ وہ مزید لکھتے ہیں:

> ایک دفعہ حضرت سید امین الحسینی مفتی اعظم فلسطین اور علو بہ پاشا لاہور آئے۔ مولوی سید ممتاز علی نے ان کو چائے کی دعوت دی اور تفصیل البیان دکھائی۔ مفتی اعظم نے اس کتاب کی بے حد تعریف کی اور کہا کہ ایسی کتاب عرب دنیا میں بھی موجود نہیں۔ نجوم الفرقان، فتح الرحمٰن وغیرہ موجود ہیں جن کا فائدہ صرف اس قدر ہے کہ ایک لفظ بھی یاد ہو تو آیت کا پتہ چل جاتا ہے۔ لیکن مسائل کی فہرست اور پھر ہر مسئلے کے متعلق تمام آیات کی یکجائی یہ خوبی عربی زبان کی کسی کتاب میں موجود نہیں۔ اس کتاب کو عربی میں بھی چھاپنا چاہئے۔۱۱

آپ کو قرآن مجید سے ایسا عشق تھا کہ وفات سے ایک دن پہلے بھی تفصیل البیان کی آخری جلد کے متعلق کام کر رہے تھے۔ حالانکہ طبیعت بے حد کمزور ہو رہی تھی اور ڈاکٹروں نے کام کرنے سے بالکل منع کر رکھا تھا۔

Marfat.com

حواشی

۱۔عبدالمجید سالک۔یاران کہن۔لاہور:مطبوعات چٹان،۱۹۵۵۔ص۔۵۸

۲۔سرمورگزٹ۔یکم جون ۱۸۹۱

۳۔انقلاب۔۱۹ جون ۱۹۳۵

۴۔سرسید بنام ممتازعلی۔مکتوبہ ۱۲ جولائی ۱۸۷۹

۵۔ایضاً۔مکتوبہ ۱۲ اگست ۱۸۷۹

۶۔شبلی بنام ممتازعلی۔مکتوبہ ۱۱ مئی ۱۸۹۲

۷۔ایضاً۔مکتوبہ ۱۲۱ اکتوبر ۱۸۹۲

۸۔تفصیل البیان۔ص۔۵۔۶

۹۔ایضاً۔ص۔۶۔۷

۱۰۔تعارفی کتابچہ تفصیل البیان فی مقاصد القرآن۔ص۔۸۔۱۲

۱۱۔سالک۔یاران کہن۔ص ۶۶

Marfat.com

دیباچہ

یورپ میں ہوس ملک گیری کی جو آندھی زور شور سے چل رہی ہے اس نے ایشیا والوں کو بیدار کر دیا ہے اور انہوں نے سمجھ لیا ہے کہ اگر ہم باہمی اتحاد کو ترقی دے کر اپنے بچاؤ کی تدابیر جلد نہ کریں گے تو دنیا میں بحیثیت قوم ہمارا باقی رہنا مشکل ہے۔ اسی سلسلے میں ہم مسلمانوں میں بھی قومیت کی روح کو مضبوط کرنے کا خیال پیدا ہوا ہے اور وہ روز بروز استحکام پکڑتا جاتا ہے۔ اہل اسلام میں کہنے کو تو مدت سے ۷۳ فرقے بتائے جاتے تھے۔ لیکن اب ان کا شمار یقیناً اس تعداد سے کہیں زیادہ ہے اور اس میں ذرا بھی شک نہیں کہ اسلام میں جس قدر فرقے پیدا ہوئے اس کے متناسب ہی ان کی قوم میں ضعف و افتراق نے ترقی پائی۔ کیونکہ ہر فرقہ بجائے خود موجودہ مسائل اسلام کے علاوہ کوئی نئی خصوصیت لے کر پیدا ہوتا ہے اور اسی خصوصیت کے لئے سب سے لڑتا جھگڑتا اور مناظرے کا ایک نیا لٹریچر پیدا کرتا ہے۔ ان حالات میں جتنی ایسی نئی خصوصیتیں پیدا ہوتی جائیں گی۔ اتنا ہی اصل مسائل دین سے بُعد بڑھتا جائے گا۔ اس لئے اس زمانے میں جو اتحاد و قومیت کی روح مسلمانوں میں پیدا ہوئی ہے۔ اس کا مقصد و طریق عمل یہ ہے کہ سب مختلف فرقے اپنی اپنی فرقہ وارانہ خصوصیتوں سے قطع نظر کر کے دین کے اہم مسائل کو جو سب میں مشترک ہیں اور اسلام کی بنیاد ہیں مضبوط کریں۔ اس کا عملی نتیجہ تمام دنیائے اسلام میں یہ نظر آ رہا ہے کہ جس قدر توجہ ہر فرقے کو زمانۂ قدیم میں خاص اپنی فقہ کی طرف تھی۔ اس میں بہت کمی آ گئی ہے اور لوگوں نے اس امر کو زیادہ اہم سمجھا کہ بجائے فقہ کے اس کے اس ماخذ کی طرف رجوع کیا جائے جس سے وہ فقہ مستنبط ہوئی ہے۔ چنانچہ اول اس خیال نے فقہ کی بجائے لوگوں کی توجہ حدیث کی طرف زیادہ منعطف کر دی۔ جس کے غائر مطالعہ سے ظاہر ہوا کہ حدیث اصلاً قرآن مجید کی تفسیر و تفصیل ہی ہے۔ یعنی مطالب قرآنی کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال و افعال سے واضح کیا گیا ہے۔ چنانچہ قرآن مجید کے مسلسل اور بالاستیعاب مطالعہ کا خیال پیدا ہوا۔ بڑے بڑے سیاست دانوں کی جن میں متعدد مستند علمائے دین بھی داخل ہیں۔ یہ رائے ہے کہ چونکہ صرف قرآن مجید ہی سب اسلامی فرقوں کا مشترک فیہ اور معتمد علیہ حصہ ہے۔ اس لئے اگر جماعت اسلامی کو بحیثیت قوم ترقی دی جا سکتی ہے تو وہ اس کی طرف زیادہ توجہ کرنے سے دی جا سکتی ہے۔ ان حالات میں اس زمانے میں قرآن مجید کے مطالعہ کی شدید ضرورت محسوس ہو رہی ہے۔

قرآن مجید کے مطالعہ سے ایک اور فائدہ بھی متصور ہے۔ قرآن مجید کے اکثر مقامات میں اللہ تعالیٰ نے مسلم قوم کو شرف خطاب سے

Marfat.com

مشرف فرمایا ہے اور قومی انحطاط کے بواعث اور ترقی کے وسائل کی طرف بار بار توجہ دلائی ہے۔ اس مخصوص طرز تخاطب سے مخاطبین جوش عمل سے معمور ہو جاتے ہیں اور ان کی قوت عمل المضاعف ہو جاتی ہے۔ ولولۂ عمل پیدا کرنے والا یہ انداز تخاطب کتب حدیث میں نسبتاً کم اور کتب فقہ میں بالکل ناپید ہے۔

اوپر کی تقریر سے یہ ظاہر ہے کہ جن لوگوں کو برسائے سیاسیات اس مطالعہ کی ضرورت ہے۔ وہ صرف اسی نظر سے اس کا مطالعہ نہیں کرنا چاہتے کہ وہ کوئی عبادت ہے اور اس سے انہیں کچھ ثواب حاصل ہوگا۔ بلکہ وہ قوم میں اتحاد اسلامی پیدا کرنے کی غرض سے قوم کے لئے ایک ایسا مجموعہ آداب ملّی مرتب کرنا چاہتے ہیں۔ جس کی بناء سراسر قرآن پر ہو، جس کے منجانب اللہ ہونے میں کسی فرقۂ اسلام کو کلام نہیں۔ لیکن جو ماہرین سیاسیات قرآن مجید کے مطالعہ کے خواہش مند ہیں وہ بے حد مصروف بے انتہا عدیم الفرصت اور رات دن سیاسیات یا معاشیات میں منہمک ہیں۔ ایسی حالت میں وہ صرف ایسی کتابوں کا مطالعہ کر سکتے ہیں۔ جن میں سب مضامین زمانہ حال کی کتابوں کی طرح مرتب ہوں۔ اور اول و آخر میں فہرست مضامین اور مفصل انڈکس ملحق ہوں تا کہ وہ جو مضمون پڑھنا چاہیں صفحہ معلوم کر کے بہت تھوڑے وقت میں پورا کا پورا ایک جگہ پڑھ لیں۔ میں نے اس مقصد کے حصول کے لئے بہت کوشش سے تمام آیات قرآنی کو مضمون وار ایک ترتیب خاص سے ایک ایک جگہ جمع کر دیا ہے۔ جس سے ایک حد تک اب یہ ممکن ہو گیا ہے کہ جس موضوع یا حکم یا مسئلہ پر قرآن مجید کی تعلیم معلوم کرنی ہو۔ وہ پوری کی پوری ایک جگہ نہایت آسانی سے بہت جلد مل جائے۔

جو کام میں نے سرانجام دیا ہے۔ وہ ایسا نہ تھا جس کی ضرورت سب سے پہلے مجھے ہی محسوس ہوئی ہو۔ نہیں مجھ سے پہلے کئی بزرگ خادمان دین نے اس راہ میں قدم رکھا۔ اور گو مجھے معلوم نہیں کہ کسی نے بالکل اسی نوع کی خدمت قرآن کی ہو جیسی میں نے کی ہے لیکن یہ بزرگ کچھ نہ کچھ ضرور کر گئے ہیں۔ چنانچہ جن کتابوں کے دیکھنے کا اتفاق ہوا اور جن میں سے بعض سے میں نے مدد بھی لی۔ ان میں سے بعض کے نام یہ ہیں۔

۱- جواہر القرآن۔ حضرت امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ۔

۲- فتح الرحمٰن۔ لطلب آیات القرآن۔ ترتیب علمی زادہ فیض اللہ الحسینی مقدسی۔ اس کی مدد سے قرآن مجید کی جو آیت نکالنی مطلوب ہو فوراً نکالی جا سکتی ہے۔ یہ کتاب میرے کام کے سرانجام دہی میں سب سے زیادہ مفید ثابت ہوئی ہے۔

۳- مفتاح کنوز القرآن۔ یہ کتاب ایک ترک عالم کی تصنیف ہے اور قازان ملک روس میں شائع ہوئی ہے۔ جب نواب عماد الملک سید حسین بلگرامی مرحوم حیدر آباد کو میرے اس کام کی خبر ہوئی تو انہوں نے از راہ عنایت یہ کتاب تحفتہً مجھے ارسال فرمائی۔ یہ کتاب فتح الرحمٰن کی مانند ہے۔

۴- تبویب القرآن۔ تصنیف مولانا حافظ وحید الزمان صاحب محدث حیدر آباد دکن۔

۵- اقتباس الانوار من کلام الغفار تصنیف مولوی عبید اللہ صاحب مرحوم لاہور۔

۶- الجواہر الصمدیہ۔ لاہور۔

۷- دلیل الحیران فی الکشف عن آیات القرآن۔ طبع مصر۔

Marfat.com

۸- سبیکتہ الابریز۔ فی فہرس الکتاب العزیز۔

۹- نجوم الفرقان۔ مطبوعہ جرمنی

۱۰- مفتاح القرآن۔ مرزا قلیچ بیگ لڑکانہ

۱۱- آئینہ قرآن۔ پادری دیری صاحب۔

۱۲- تنقید القرآن۔ پادری عماد الدین۔

ان کتابوں میں سے حضرت امام غزالی کا رسالہ جواہر القرآن ایسی کتاب ہے جس کی ترتیب اصولاً کچھ میری کتاب سے ملتی جلتی سی ہے۔ مگر وہ نہایت ہی مختصر رسالہ ہے جس میں صرف اللہ کی ذات وصفات وافعال وغیرہ کے متعلق آیات جمع کی گئی ہیں۔ اس سے زیادہ بہتر اور بہت زیادہ ضخیم مولانا وحید الزمان صاحب کی تبویب القرآن ہے۔ گو اس میں بھی وہ تفصیل واستیعاب نہیں۔ جو مجھے مطلوب تھا۔

مولانا حافظ نذیر احمد صاحب مرحوم کی فہرست مضامین بھی جو ان کے ترجمۃ القرآن کے شروع میں لگی ہوئی ہے۔ اسی قسم کی کتابوں میں شمار ہو سکتی ہے۔ مگر اول تو وہ بے انتہا مختصر و مجمل و ناکافی ہے۔ دوئم اس میں صرف مضامین کے حوالے دینے پر اکتفا کیا گیا ہے آیات نقل نہیں کی گئیں۔

اختصار و اجمال کے علاوہ ان سب کتابوں میں ایک مشترک بات پائی جاتی ہے۔ وہ یہ کہ کتب مذکورہ میں سے ہر ایک کتاب درحقیقت کسی خاص مقصد کو مدنظر رکھ کر لکھی گئی ہے اور اثنائے تالیف میں اسی مقصد کی طرف دھیان رکھا گیا۔ یا یوں کہنا چاہئے کہ ان مصنفین نے کسی خاص نقطہ نظر کو ملحوظ رکھ کر صرف انہی آیات قرآنی کا تذکرہ کیا ہے۔ جن کی انہیں ضرورت تھی۔ مثلاً کتاب آئینہ قرآن جو اہل اسلام اور عیسائیوں کے مناظرہ میں کام آنے والی کتاب ہے۔ اس کے مصنف نے زیادہ اہتمام انہی آیات کے حوالے دینے کا کیا ہے جن کی ضرورت بیشتر اثنائے مناظرہ میں پڑتی ہے۔ دوسری آیات کی طرف بہت کم توجہ کی ہے۔

اسی طرح اقتباس الانوار ایسے غیر مسلم لوگوں کے مقابلہ میں لکھی گئی ہے جن کا دعویٰ تھا کہ قرآن مجید میں روحانی تعلیم نہیں ہے۔ اس لئے مصنف نے اسی موضوع کی طرف زیادہ خیال رکھا ہے۔ یہاں تک کہ جو آیات معاملات داد و ستد کے متعلق ہیں۔ ان کو قطعاً چھوڑ دیا ہے۔

لیکن میں نے ارادہ کیا کہ قرآن مجید کے جملہ مضامین پر نظر کر کے ہر مضمون کی تمام آیات کو ایک مخصوص عنوان کے ماتحت مرتب کر دیا جائے۔ چنانچہ میں نے قرآن مجید کو اوّل سے پڑھنا شروع کیا اور ہر آیت کی نسبت یہ سوچا کہ یہ آیت کس کس موضوع کے تحت میں آسکتی ہے جس جس موضوع کے ماتحت آنی مناسب پائی گئی۔ اس اس کے تحت میں لکھ دی۔ میں نے کام شروع کرنے کے لئے چند بہت مشہور موضوع اپنے سامنے رکھ لئے تھے لیکن جب کوئی آیت ایسی آتی تھی جو ان موضوعوں کے تحت میں نہیں آسکتی تھی۔ تو اس کے لئے ایک نیا موضوع یعنی عنوان قائم کر لیا جاتا تھا اور وہ آیت اس کے ذیل میں لکھ دی جاتی تھی۔ اس طرح یہ عمل انتخاب قرآن مجید کی ہر آیت کے متعلق کیا گیا۔ یہاں تک کہ جملہ آیات مضمون وار مرتب ہو گئیں۔ اس مجموعہ کی ضخامت قرآن مجید سے زیادہ ہو گئی۔ یہ اس لئے کہ ایک ایک دفعہ تو ہر آیت یوں لی گئی جس سے اس میں پورا قرآن مجید آ گیا مگر بہت سی آیات کے کئی کئی پہلو نکلتے تھے۔ وہ دوبارہ سہ بارہ مختلف عنوانوں کے تحت میں لانی پڑیں۔

Marfat.com

یہ کام دنوں یا مہینوں کا نہیں تھا۔ بلکہ برسوں کا تھا اور میں نے اپنی عمر کا بہت بڑا حصہ قرآن مجید کی اس خدمت میں صرف کیا۔

یہ کام ایسا آسان بھی نہ تھا۔ جیسا یہاں چند سطروں میں بیان کرنے سے معلوم ہوتا ہے۔ بلکہ اس میں طرح طرح کی دقتیں درپیش آئیں۔ اول یہ کام اس قسم کا تو تھا نہیں کہ میں دوسروں سے مدد لئے بغیر اول سے آخر تک خود سرانجام دے لیتا۔ بلکہ مجھے اس کام کے لئے متعدد مددگار رکھنے پڑے اور ان سے کام لینا پڑا۔ مگر افسوس مجھے ان مددگاروں سے سوا اس کے اور کچھ مدد نہ ملی، کہ جن جن آیات پر نشان کردوں۔ وہ ان کو نقل کر دیں۔ مگر میرا کام محض نقل کرانا ہی نہ تھا۔ نقل کرانا اس صورت میں تو مفید ہوسکتا تھا۔ جب عنوان یا موضوع متعین ہوتے۔ مثلاً کسی آیت میں صبر یا توکل یا توبہ کی تعریف کی گئی ہو۔ تو اس عنوان اور اس کے نیچے آیت کا نقل کر لینا کچھ مشکل نہیں لیکن جب آیت میں ظاہراً کوئی عنوان بیان نہ کیا گیا ہو تو اس کا تعین بعض حالتوں میں مشکل ہو جاتا ہے۔ مثلاً سورہ ہُود میں اس بات کا ذکر ہے کہ حضرت ابراہیمؑ کے پاس اللہ کے رسول آئے۔ تو وہ جلد گھر میں گئے اور اُن کے لئے بھُنی ہوئی بچھڑے کی ران لے آئے اور جب انہوں نے کھانے سے انکار کیا تو ابراہیمؑ نے پوچھا کہ آپ کھاتے کیوں نہیں اور کھانا آگے بڑھایا۔ میں نے ان آیات کا عنوان مہمانداری قرار دیا ہے اور کھانے کے انکار پر جو پوچھا ہے کہ کیوں نہیں کھاتے۔ تو اس آیت سے یہ نکالا ہے۔ کہ مہمان کے ساتھ کچھ تکلف بھی ہونا چاہئے اور اسی ذیل میں حضرت لوطؑ کے قصّے کی وہ آیات نقل کی ہیں جہاں حضرت لوطؑ نے بدکردار لوگوں سے کہا تھا۔ کہ مجھے مہمانوں کے باب میں رسوا نہ کرو۔ اس سے یہ نکالا ہے کہ مہمان کی عزت کرنی چاہئے اور اس کی رسوائی کو اپنی رسوائی سمجھنا چاہئے۔ پھر جس آیت میں فرمایا گیا ہے کہ ہم نے ان بدمعاشوں کو اندھا کر دیا۔ اس سے یہ نکالا ہے کہ مہمان کے ساتھ بدسلوکی کرنے سے اللہ بھی ناخوش ہوتا ہے۔

اس زمانے میں حُبُّ الوطنی کا بہت جوش ہے اور اتحاد قومی کے لئے اس کی بہت ضرورت ہے۔ اس کا ذکر صراحتاً اس نام سے گو قرآن مجید میں نہیں۔ مگر جن آیات میں لوگوں کو جہاد کے لئے اُبھارا گیا ہے۔ وہاں انہیں اِس بات کی غیرت دلائی ہے کہ تم ان لوگوں سے کیوں نہیں لڑتے جنہوں نے تمہیں تمہارے ملک اور تمہارے گھروں سے نکالا۔ اس قسم کی آیات کے لئے میں نے جہاد کے علاوہ حُبّ الوطن کا عنوان بھی تجویز کیا ہے۔

جن آیات میں سیم و زر کے جمع کرنے اور اسے سینت سینت کر رکھنے کی مذمت بیان کی گئی ہے۔ اس کو ہمارے علماء بخل یا حرص کے تحت میں لکھتے آئے ہیں۔ میں نے بھی ان کو ان عنوانوں کے تحت میں لکھا لیکن ان کے علاوہ سیاسیات کے ضمن میں میں نے ان آیات کو سرمایہ داری کے عنوان کے تحت میں بھی لیا ہے۔

ہم مسلمانوں کو قومی قوت حاصل کرنے کی سخت ضرورت ہے۔ میں نے قرآن مجید میں سے ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر ایسی تمام آیات جمع کی ہیں۔ جن میں قوت کی مدح کا کوئی نہ کوئی پہلو نکلتا تھا۔ غرض تعین عنوانات بہت مشکل کام اور کتاب کی جان تھا اور افسوس اس میں مجھے اپنے مددگاروں سے نشان شدہ آیات کو نقل کرنے کے سوا اور کچھ مدد نہ ملی اور اس باب میں مجھے اپنی ذات پر ہی بھروسہ کرنا پڑا اور جب کبھی یہ کام مددگاروں کی رائے پر چھوڑا گیا تو پڑتال کے وقت وہ بالکل ناقابل اطمینان پایا گیا اور ردّی کرنا پڑا۔

ترجمہ کی وجہ سے بھی ایک مشکل پیش آئی۔ ابتداء میں میرا ارادہ آیات کے ساتھ ترجمہ شائع کرنے کا نہ تھا اور یہ خیال تھا کہ شاید یہ تالیف

Marfat.com

عوام الناس کے لئے چنداں کارآمد نہ ہو اور صرف علماء ہی اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ اس لئے ترجمہ کی ضرورت نہیں لیکن بعد میں بعض احباب کے اصرار سے ترجمہ چھاپنا مناسب قرار پایا۔ اگر ارادہ پہلے سے ہوتا۔ تو آسانی سے انجام پا سکتا کہ جس قرآن مجید سے آیات نقل کی جاتی تھیں۔ ان کے ساتھ ہی ان کا ترجمہ بھی نقل کر لیا جاتا لیکن اس مجموعے کے تیار ہونے کے بعد اس کام کے لئے دوبارہ اتنی ہی ورق گردانی کی محنت اٹھانا اور ہر ایک آیت اور آیت کے ٹکڑوں کو پھر ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر نکالنا اور اس کا ترجمہ نقل کرنا بہت محنت کا کام تھا۔ مگر میں اپنے مرحوم دوست مولوی نجم الدین سہواردی سابق مدرس عربی گورنمنٹ ہائی سکول قصور کا بے انتہا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ترجمے کا کام اپنے ذمے لے لیا۔ مگر افسوس وہ ابھی آدھا ترجمہ بھی نہ کرنے پائے تھے کہ انہوں نے انتقال فرمایا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُونَ۔ اگر اس تالیف میں ان کی یہ مدد نہ ہوتی۔ تو شاید یہ تالیف بے ترجمہ ہی رہتی۔

میری دائمی دماغی علالت کی وجہ سے بارہا کام رُکا۔ اور بارہا شروع کیا گیا۔ ۱۹۶۸ء میں میں ایک اور مرض صعب میں مبتلا ہو گیا اور مجھے شفاخانے میں داخل ہونا پڑا۔ اور عمل جراحی کی نوبت پہنچی۔ تب تو میں زیست سے ناامید ہو گیا۔ اس وقت مجھے اپنی زندگی کے بہت سے کاموں کے ادھورے رہ جانے پر افسوس اور رنج تھا۔ سب سے زیادہ اس قرآنی خدمت کے غیر مکمل رہنے کا صدمہ تھا اور یہ کام صرف غیر مکمل ہی نہ تھا بلکہ ایسی حالت میں تھا کہ میرے مسودے کی ترتیب مجوزہ کو کوئی نہیں سمجھ سکتا تھا اور میں یہ سوچ کر بے حد کڑھتا تھا کہ یہ سب کیا کرایا کام میرے بعد برباد ہو جائے گا اور میری برسوں کی محنت اکارت جائیگی۔ مجھے اس حالت میں جو مجھے اپنی زندگی کا کنارہ معلوم ہوتا تھا۔ یہ خیالات بہت اذیت دیتے تھے اور میری آنکھوں میں آنسو آ جاتے تھے۔ ایک رات جبکہ میری آنکھوں سے نیند بالکل اُڑ گئی تھی۔ بڑے اضطرار کی حالت میں میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی اور عہد کیا کہ اگر میں اس مرض صعب سے جانبر ہو جاؤں اور مجھ میں لکھنے کی طاقت و ہمت آ جائے۔ تو میں اپنا تمام وقت اس خدمت قرآنی میں صرف کروں گا اور جب تک اسے ختم نہ کر لوں گا اور کسی کام کی طرف توجہ نہ کروں گا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے یہ دعا قبول فرمائی اور میں شفایابی کے وقت سے برابر اس کام میں لگا رہا اور جس قدر مسودہ تیار ہوتا گیا۔ کاتب کو دیتا اور اسے چھپواتا رہا۔ خدا کا شکر ہے کہ چھ حصّوں میں سے چار حصّے چھپ کر تیار ہو گئے۔ صرف دو باقی رہ گئے۔ وہ بھی بفضل خداء انشاء اللہ جلد تیار ہو جائیں گے۔ یہ چار حصّے حسب ذیل ہیں:۔

۱۔ **کتاب العقائد**: اس کے دو حصے ہیں۔ پہلے حصّے میں اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات و افعال کا بیان ہے اور وہ سب استدلالات بیان کئے گئے ہیں جن سے اللہ تعالیٰ کا وجود ثابت ہوتا ہے اور دوسرا حصہ ان آیات پر مشتمل ہے جو بَدءُ الخلق سے تعلق رکھتی ہیں۔

۲۔ **کتاب الاحکام**: اس کے بھی دو حصے ہیں۔ پہلے حصّے میں جملہ احکام فقہی جمع کئے گئے ہیں اور دوسرا حصہ جس کا نام کتاب الاخلاق ہے۔ آیات متعلقہ اخلاق پر مشتمل ہے۔[۱]

۳۔ **کتاب الرسالۃ**: اس میں یہ بیان ہے کہ قرآن مجید کب اور کس طرح نازل ہوا اور اس پر کافروں کے کیا کیا شبہات و اعتراضات تھے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان اعتراضات کے کیا کیا جواب دیئے گئے۔

۴۔ کتاب المعاد: یعنی قیامت کو جو واقعات پیش آنے والے ہیں۔ ان کا مفصل بیان موت کے وقت سے بہشت یا دوزخ میں داخل

Marfat.com

ہونے تک۔

اس کتاب میں ہر موضوع کس طریق سے بیان کیا گیا ہے۔تھوڑی سی اس کی تفصیل بھی ضروری ہے۔

سب سے اول ہر موضوع بطور عنوان اوپر لکھا گیا ہے۔پھر اس کے تحت میں متعدد ضمنی سُرخیاں یا عنوان حاشیہ میں قائم کئے گئے ہیں۔پھر ضمنی عنوان کے بعد حوالہ اس طرح دیا گیا ہے کہ ایک خط عرضی ڈال کر اس کے نیچے سورت کا نمبر دیا ہے اور اوپر آیت کا مثلاً 20/7۔اس سے یہ مطلب ہے کہ ساتویں سورت کی بیسویں آیت۔

میں نے اس کتاب میں صرف حوالہ کے بیان پر اکتفا نہیں کیا۔ بلکہ حوالہ دے کر سب آیات محولہ بھی ہر حوالہ کے ساتھ تحریر کر دی ہیں۔میں نے اس مطلب کے لئے سیپارہ اور رکوع کا حوالہ دینا پسند نہیں کیا۔جیسا کہ ایسے حوالے دینے میں عام دستور ہے۔

افسوس ہے اس طرح کے قرآن مجید نسبتاً کمیاب ہیں۔کیونکہ عام طور پر قرآن مجید ایسے نہیں چھاپے جاتے۔جن میں آیات پر ہندسے لگے ہوں۔پھر بھی تھوڑا بہت رواج اس کا ہو رہا ہے اور ذرا سی کوشش سے ایسے قرآن مجید نہایت ارزاں ہدیے پر بآسانی مِل سکتے ہیں۔مجھے رکوعوں کا حوالہ اس لئے پسند نہیں کہ ایک آیت کی تلاش میں رکوع کی تمام آیات پڑھنی پڑتی ہیں لیکن سورت و آیات کے نمبر کا حوالہ دینے سے وہ آیت براہ راست فوراً مل جاتی ہے۔

شاید قرآن مجید کے مختلف چھاپوں کے نسخوں میں شمار آیات میں کہیں کچھ اختلاف ہو۔مگر اس اختلاف کی وجہ سے شمار آیات میں ایک یا دو سے زیادہ کا فرق کبھی نہیں پڑتا۔جو صاحب اس کتاب کے حوالہ کے بموجب کوئی آیت تلاش کریں اور اتفاقاً وہ نہ ملے تو حوالہ مندرجہ سے پہلے اور پیچھے کی دو دو تین تین آیتیں پڑھیں۔تو یقیناً آیت مطلوبہ بآسانی مِل جائے گی۔

اس کتاب میں درحقیقت آیات مضمون وار مرتب کرنا اس قدر مشکل کام نہیں تھا۔جس قدر ان موضوعوں کے عنوان قائم کرنا۔جن کی زمانہ حال میں ضرورت ہے اور جن کے متعلق صراحتاً نہیں تو اشارتاً یا دلالتاً قرآن مجید میں کچھ نہ کچھ کہا گیا ہے جیسا کہ قبل ازیں بیان کیا گیا۔مجھ سے جہاں تک ہو سکا ہے۔میں نے ایسے مضامین کے نکالنے اور ان کے عنوان قائم کرنے میں بہت کوشش کی ہے۔مثلاً اولوالعزمی، ثابت قدمی، پابندیٔ اوقات، حفظ صحت، قوت وغیرہ۔مگر یہ ایسا کام ہے جس پر ایک سے زیادہ کام کرنے والوں کی کوشش کی ضرورت ہے۔اس لئے میں اس اپنی حقیر خدمت کو کوئی کام نہیں بلکہ کام کی صرف داغ بیل ڈالنے کا درجہ دیتا ہوں۔آگے سڑکیں نکالنا اور انہیں پختہ بنانا مجھ سے زیادہ قابل اصحاب کا کام ہے۔

فہرست مضامین جو ہر جلد کے ساتھ جُدا جُدا لگی ہے۔وہ بہت مفصل ہے اور اس خیال سے کہ کسی موضوع کی تلاش میں مطلوبہ موضوع کا خدا جانے کونسا پہلو تلاش کرنے والے کے ذہن میں آئے۔فہرست میں ہر موضوع کے متعدد پہلوؤں کو درج کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔مثلاً نماز سفر میں قصر کا حکم تلاش کرنا ہو۔تو وہ سفر کے عنوان کے تحت میں بھی ملے گا۔قصر کے بھی اور نماز کے بھی۔افسوس جس استقصاء و استیعاب سے میں یہ کام انجام دینا چاہتا تھا۔ویسا نہ ہو سکا۔مگر اللہ کا شکر کس زبان سے ادا کروں کہ اس نے اپنے فضل و کرم سے مجھے اتنا کام کرنے کی توفیق بخشی۔اگر توفیق الٰہی شامل حال رہی تو باقی حصے بھی جن کا مسودہ تقریباً تیار ہے جلد شائع ہونگے۔مجھے بخوبی معلوم ہے کہ اس کام میں بہت

Marfat.com

سے سقم رہ گئے ہیں۔ اصولی بھی اور فروعی بھی۔ کوئی شخص مجھ سے زیادہ ان نقصوں سے آگاہ نہیں لیکن اگر یہ نسخے جلد نکل گئے تو دوسری بار چھاپنے کے وقت انشاء اللہ تعالیٰ بہت سی اصلاحیں ہوسکیں گی اور احباب اور بزرگان دین مجھے جو بھی مشورہ دیں گے۔ ان پر شکریہ کے ساتھ کاربند ہوکر خاطر خواہ درستی کرسکوں گا۔

دیباچے کو ختم کرنے سے پہلے مجھے اپنے ان دوستوں کا شکریہ ادا کرنا لازمی ہے۔ جن سے مجھے اس کام میں بیش بہا مدد ملی ہے سب سے مقدم مولوی نجم الدین صاحب سہواردی مرحوم ہیں۔ جن کا ذکر اوپر گذرا۔ افسوس وہ اس تالیف کے شائع ہونے سے پہلے انتقال کر گئے۔

میں اپنے فاضل دوست مولانا حافظ سید طلحہ صاحب حسنی ایم اے۔ پروفیسر اورنٹیل کالج لاہور کا بھی نہایت شکر گزار ہوں کہ وہ بھی اس کام میں دلچسپی لیتے اور وقتاً فوقتاً اپنے مفید مشوروں سے مجھے مدد دیتے رہے۔ چنانچہ اس کتاب کی کتاب الاخلاق میں ''خلقت انسان از روئے قرآن'' کے ضمن میں جو عنوان ''جذبات انسان'' قائم کیا گیا ہے اور نیز عنوان سیاسیات آپ کے مشورے ہی سے قائم کئے گئے ہیں۔ سب سے آخر میں میرے ذمے اپنے دوست حافظ سلطان احمد صاحب کا شکریہ ہے جنہوں نے اس کتاب کے مسودے کا بہت سا حصہ کئی بار نقل کیا اور کاپیوں اور پروفوں کی تصحیح بھی انہوں نے ہی کی۔ ان کے حافظ اور مصحح ہونے اور اردو و عربی کتابت میں خوش قلم ہونے کی وجہ سے مجھے اس کام میں بہت ہی مدد ملی۔

اب آخر میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ میری اس ناچیز خدمت کو قبول فرمائے اور اِسے میرے لئے باقیات صالحات میں سے ٹھیرائے اور ناظرین باتمکین سے التجا ہے کہ وہ ازراہِ مہربانی اس عاصی کے حق میں دعائے خیر فرمائیں۔

غرض نقشے ست کزما یا دماند — کہ ہستی رانمے بینم بقائے
مگر صاحبد لے روزے برحمت — کند درکارِ ایں مسکیں دعائے

خاکسار سید ممتاز علی لاہور

مورخہ یکم رمضان المبارک ۱۳۴۹ھ

Marfat.com

ترتیب

کتاب العقائد

وجود باری تعالیٰ پر دنیا کی مختلف چیزوں سے استدلال

استدلال آسمان و زمین کی پیدائش اور ان کی اندرونی چیزوں سے ۱

زمین آسمان مصلحت سے پیدا کئے ۲

سات آسمانوں کی طرح زمینیں ۳

استدلال آسمان و زمین اور دنیا کو چھ روز میں پیدا کرنے سے ۳

زمین دو دن میں ۴

پہاڑ وغیرہ چار دن میں ۴

سات آسمان دو دن میں ۴

استدلال آسمان کی خاص خصوصیتوں سے ۴

بروج ۴

سورج اور چاند ۵

آسمان کو چھت بنایا ۵

آسمان بلا ستون تھما ہوا ۵

سات راستے ۵

سات مضبوط آسمان ۶

استدلال زمین کی خاص خصوصیتوں سے ۶

استدلال زمین کے فوائد سے ۷

استدلال پیدائش آسمان و زمین اور اندھیرے اجالے سے ۸

استدلال آسمان و زمین کے معلق ہونے سے ۸

استدلال پیدائش آسمان و زمین اور بولیوں اور رنگتوں کے اختلاف سے ۸

استدلال آسمان و زمین کی پیدائش اور انسان کی صورتوں سے ۸

استدلال چاند، سورج، ستاروں اور ان کے فوائد سے ۹

استدلال چاند، سورج اور ستاروں کے مسخر کرنے سے ۱۰

استدلال کشتیوں اور دریاؤں کے مسخر کرنے سے ۱۰

استدلال دن رات کو مسخر کرنے سے ۱۱

استدلال تمام چیزوں کو مسخر کرنے سے ۱۱

استدلال رات اور دن کے گھٹنے بڑھنے سے ۱۱

استدلال رات دن کے ادل بدل سے ۱۱

استدلال سایہ کے گھٹنے بڑھنے سے ۱۳

استدلال بارش اور اس سے زمین کو زندہ کرنے اور اس کی مختلف پیداوار سے ۱۳

استدلال گٹھلی اور دانے کے چیرنے سے ۱۸

استدلال کھیتی سے ۱۸

استدلال پانی سے ۱۹

استدلال رس بھری ہواؤں اور بارش سے ۱۹

استدلال بادل، اولوں، بجلی اور گرج وغیرہ سے ۱۹

استدلال ہواؤں کے ادھر ادھر گھمانے سے ۲۰

استدلال دریا میں کشتیوں اور جہازوں کے چلنے سے ۲۱

استدلال دو دریاؤں کے باہم چلنے اور ایک دوسرے کا پانی نہ ملنے سے ۲۲

استدلال دریا سے موتی اور مونگا نکالنے سے ۲۲

Marfat.com

استدلال شہاب ثاقب سے ۲۳
استدلال پہاڑوں سے ۲۳
استدلال آگ کے درخت سے ۲۳
استدلال زمین میں جانداروں کے پھیلانے سے ۲۳
استدلال قسم کے جانوروں اور پرندوں اور ان کے فوائد وغیرہ سے ۲۳
استدلال ہر شے کے جوڑا جوڑا پیدا کرنے سے ۲۶
استدلال انسان کی پیدائش، اس کے خاص کمالات اور اس کی مختلف حالتوں سے ۲۶
استدلال پیدائش سمع بصر اور قلوب سے ۳۰
استدلال نیند سے بیدار ہونے سے ۳۱
استدلال انسان کو سختیوں اور تکالیف سے بچانے سے ۳۱
استدلال لباس سے ۳۱
استدلال آسمان میں روزی ہونے سے ۳۱
استدلال نفوس انسانی سے ۳۱
استدلال موت اور حیات سے ۳۲
استدلال غزوۂ بدر کی فتح سے ۳۳

دلائل توحید وعدم اشتراک در ذات وصفات حق تعالیٰ

دلیل ابطال الوہیت مسیح ۳۸
خدا تعالیٰ کے مستحق عبادت ہونے کی دلیل ۳۹

توحید باری عز اسمہ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ۳۹
معبود حقیقی صرف ایک اللہ ہی ہے ۴۱
اللہ کا کوئی شریک نہیں ۴۳
اللہ کا کوئی ہمسر نہیں ۴۳
صرف اللہ ہی حق ہے اس کے سوا سب باطل ہیں ۴۳
آسمان وزمین وغیرہ کی پیدائش میں شیطانوں کا ساجھا نہیں ہے ۴۳
آسمان وزمین میں صرف ایک اللہ ہی معبود ہے ۴۳
اللہ کی وحدانیت پر خود اللہ اور فرشتوں اور اہل علم کی شہادت ۴۳

تنزیہ باری تعالیٰ شانہ

اللہ پاک ہے ۴۳
اللہ اولاد سے پاک ہے ۴۵
اللہ نے اولاد اور بیوی اختیار نہیں کی ۴۶
اللہ توالد وتناسل کے بکھیڑے سے پاک ہے ۴۶
اللہ شرک سے پاک ہے ۴۶
اللہ ان اوصاف سے پاک ہے جو مشرک بیان کرتے ہیں ۴۷
فرشتے اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں ۴۷
گرج اللہ کی پاکی بیان کرتی ہے ۴۷
آسمان وزمین کی تمام چیزیں اللہ کی پاکی بیان کرتی ہیں ۴۸
اللہ کے سب نام اچھے ہی اچھے ہیں ۴۸
اللہ لہو ولعب اور عبث سے بری ہے ۴۸
اللہ اونگھ اور نیند سے بری ہے ۴۹
اللہ تکان سے بری ہے ۴۹
اللہ کا وعدہ سچا ہے ۴۹
اللہ کا وعدہ ضرور پورا ہونے والا ہے ۵۰
اللہ وعدہ خلافی نہیں کرتا ۵۰
اللہ کو بھول چوک نہیں لگتی ۵۰
اللہ ظلم سے بری ہے ۵۰
اللہ ازلی اور ابدی ہے، اس کو فنا نہیں ۵۲

Marfat.com

کوئی آنکھ اللہ کو نہیں پا سکتی ۵۲
اللہ بری باتوں کا حکم نہیں دیتا ۵۲
اللہ کھانے پینے سے بری ہے ۵۲
اللہ سچا ہے ۵۲
اللہ سے بڑھ کر کوئی سچا نہیں ہے ۵۲
اللہ کا کلام حق ہے ۵۲
اللہ حد سے بڑھنے والوں سے محبت نہیں کرتا ۵۲
اللہ کسی قوم سے اپنی دی ہوئی نعمت اس وقت تک نہیں چھینتا جب تک وہ قوم خود ہی اپنی حالت نہ بدلے ۵۲
اللہ کسی کو رسول بھیجنے سے پہلے ہلاک نہیں کرتا ۵۳
اللہ کا کلام نہیں بدلتا ۵۳
اللہ کے طریق میں تبدیلی نہیں ۵۳

آیات تحمید

اللہ مستحق حمد ہے ۵۴

اللہ کی بے نیازی

اللہ بے پروا ہے ۵۷
اللہ تمام جہان سے بے پروا ہے ۵۸
اللہ کو بندوں کی کچھ پروا نہیں ۵۸
اللہ کے پاس ہر چیز کے خزانے موجود ہیں ۵۸
اللہ کو بندوں کے سب اعمال کی خبر ہے ۵۸
اللہ بندوں کو اور ان کے حالات وصفات اور حرکات وسکنات کو جانتا ہے ۶۱
اللہ بندوں کے آگے اور پیچھے کے حالات وواقعات جانتا ہے ۶۴
اللہ حاملہ کے حمل اور وضع حمل کو جانتا ہے ۶۴
اللہ ظالموں کو جانتا ہے ۶۵
اللہ مفسدوں کو جانتا ہے ۶۵
اللہ متقیوں کو جانتا ہے ۶۵
اللہ بندوں کی نیکی کے کاموں کو جانتا ہے ۶۵
اللہ کو ہر شے کا علم ہے ۶۶
اللہ کا کام علم سے ہے ۶۷
اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے ۶۷

اسماء صفات واسماء حسنیٰ مثبت علم

سمیع وعلیم ۶۷
علیم وحکیم ۶۸
علیم وحلیم ۶۹
علیم وقدیر ۶۹
علیم وخبیر ۶۹
حکیم وعلیم ۶۹
خلاق وعلیم ۶۹
واسع وعلیم ۷۰
شاکر وعلیم ۷۰
عزیز وعلیم ۷۰
فتاح وعلیم ۷۰
خبیر ۷۰
لطیف وخبیر ۷۰
حکیم وخبیر ۷۱
سمیع وبصیر ۷۱

علم غیب باری تعالیٰ شانہٗ

اللہ عالم الغیب ہے ۷۲
اللہ زمین و آسمان کی تمام چیزوں اور ان کے اسرار جانتا ہے ۷۴
اللہ سب باتوں کو جانتا ہے جو بندے ظاہر کرتے یا چھپاتے ہیں ۷۷
اللہ لوگوں کے دلوں اور سینوں کے حالات سے واقف ہے ۷۹

حکومت باری تعالیٰ شانہٗ

حکومت اللہ کے سوا کسی کی نہیں ۸۰
ہر جاندار اللہ کے بس میں ہے ۸۱
فرشتے بغیر حکم خدا نہیں اترتے ۸۱
سب کام اللہ ہی کے ہاتھ میں ہیں ۸۱
اللہ جو چاہتا ہے حکم دیتا ہے ۸۱
اللہ کا حکم کوئی نہیں ہٹا سکتا ۸۱
اللہ سب حاکموں سے بہتر ہے ۸۱
اللہ قیامت کو ان میں فیصلہ کرے گا ۸۱
اللہ قیامت کے دن اعمال سے آگاہ کرے گا ۸۲
اللہ بہترین فیصلہ کرنے والا ہے ۸۴
اللہ استہزاء کی جزا دیتا ہے ۸۴
اللہ مکر کی جزا دیتا ہے ۸۴
اللہ تمسخر کی جزا دیتا ہے ۸۵

رحمت و رأفت

اللہ نیک راہ بتلاتا ہے ۸۵
اللہ بندوں پر آسانی چاہتا ہے ۸۵
اللہ بندوں کا بوجھ ہلکا کرنا چاہتا ہے ۸۵
اللہ نے دین میں تنگی نہیں رکھی ۸۶
اللہ کسی جان کو اس کی گنجائش سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا ۸۶
اللہ جنت اور مغفرت اور سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے ۸۶
اللہ مغفرت و فضل کا وعدہ فرماتا ہے ۸۶
اللہ گناہ بخشنے والا ہے ۸۶
اللہ کے سوا کوئی گناہ بخشنے والا نہیں ہے ۸۷
اللہ خطائیں معاف فرماتا ہے ۸۷
اللہ بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے ۸۷
اللہ بندوں کی دعا قبول فرماتا ہے ۸۸
اللہ جو شریعت منسوخ کرتا ہے اس سے بہتر شریعت دیتا ہے ۸۸
اللہ مصیبتوں اور سختیوں سے نجات دیتا ہے ۸۸
اللہ رحمت والا ہے ۸۸
اللہ نے رحمت اپنے اوپر لکھ لی ہے ۸۸
اللہ کی رحمت وسیع ہے ۸۸
اللہ کی رحمت سے ناامید نہیں ہونا چاہئے ۸۸
اللہ نے رحمت سے دن اور رات بنائے ۸۹
کشتیوں اور جہازوں کا غرق نہ ہونا اللہ کی رحمت سے ہے ۸۹
اگر اللہ لوگوں کو ان کے اعمال اور ظلموں پر پکڑتا تو روئے زمین پر کوئی جاندار زندہ نہ چھوڑتا اور بہت جلد انہیں عذاب دیتا ۸۹
مومنوں پر اللہ کی خاص رحمت ۸۹
اللہ محبت کرنے والا ہے ۸۹
اللہ لوگوں پر فضل رکھتا ہے ۹۰
اللہ جہاں والوں پر فضل رکھتا ہے ۹۰
اللہ مومنوں پر فضل رکھتا ہے ۹۰
اللہ بڑے فضل والا ہے ۹۰
اللہ نے علم سکھلایا ۹۰

اللہ نے خوف سے امن دیا ۹۰
اللہ کی طرف سے بندوں پر نگہبان مقرر ہیں ۹۰
اللہ خود بندوں کا نگہبان ہے ۹۱
اللہ ہر شے کا کارساز ہے اور ذمہ دار ہے ۹۱

صفت احیاء قدرت باری عز اسمہٗ

اللہ قادر ہے ۹۴
اللہ ہر شے پر قادر ہے ۹۴
اللہ نشانی اتارنے پر قادر ہے ۹۵
اللہ لوگوں کی مثل پیدا کرنے پر قادر ہے ۹۵
اللہ تمام جانداروں کو ایک جگہ جمع کرنے پر قادر ہے ۹۵
اللہ مُردوں کو زندہ کرنے پر قادر ہے ۹۵
اللہ زمین کو پانی سے محروم کرنے پر قادر ہے ۹۶
اللہ مظلوموں کی مدد پر قادر ہے ۹۶
اللہ چاہے تو کان اور آنکھیں چھین لے ۹۶
اللہ چاہے تو سب کو مار کر ایک نئی مخلوق پیدا کر دے ۹۶
اللہ چاہے تو لوگوں کو زمین میں دھنسا دے یا ان پر آسمان کا کوئی ٹکڑا گرا دے ۹۷
اللہ بندوں پر عذاب بھیجنے اور بندوں کو باہم لڑا دینے پر قادر ہے ۹۷
اللہ اپنے وعدۂ عذاب کو پورا کرنے پر قادر ہے ۹۷
اللہ چاہے تو لوگوں کو غرق کر دے ۹۷
اللہ چاہے تو لوگوں کی صورتیں بدل دے ۹۸
اللہ چاہے تو آدمیوں سے فرشتے پیدا کر دے ۹۸
اللہ چاہے تو وحی کو لے جائے ۹۸
اللہ چاہے تو پیغمبر کے دل پر مہر لگا دے ۹۸
اللہ چاہتا تو ہر بستی میں ایک پیغمبر بھیج دیتا ۹۸
اللہ جو چاہے پیدا کرے ۹۸
اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے ۹۸
اللہ کو کوئی عاجز کرنے والا نہیں ۹۹
اگر رائی کے دانے کے برابر بھی کوئی چیز چھپی ہوگی تو اللہ وہ نکال کر لا موجود کرے گا ۱۰۰
تم سب کا پیدا کرنا اور پھر اٹھانا ویسا ہی ہے جیسا کہ ایک جان کا ۱۰۰
اللہ ہزار سال کا کام ایک دن میں کر سکتا ہے ۱۰۰
اللہ کا کام پلک جھپکنے میں ہو سکتا ہے ۱۰۰
اللہ کے ''ہو جا'' کہنے سے ہر چیز ہو جاتی ہے ۱۰۰
اللہ وسعت والا ہے ۱۰۱

ملکیت باری عز اسمہٗ

مشرق مغرب سب اللہ ہی کا ہے ۱۰۱
فرشتوں کا اول و آخر مالک اللہ ہی ہے ۱۰۳
آسمان و زمین کی کنجیوں کا مالک اللہ ہے ۱۰۳
آسمان اور زمین کے لشکروں کا مالک اللہ ہی ہے ۱۰۳
آسمان اور زمین کے خزانوں کا مالک اللہ ہی ہے ۱۰۳
زمین کا مالک اللہ ہے ۱۰۳
آسمان اور زمین کی میراث اللہ کی ہے ۱۰۳
قیامت کو صرف اللہ ہی کی ملک ہوگی ۱۰۳
اول و آخر سب کا مالک اللہ ہی ہے ۱۰۴

رزاقیت

روزی دینے والا اللہ ہی ہے ۱۰۴
اللہ جس قدر چاہتا ہے روزی دیتا ہے ۱۰۵
اللہ جیسا چاہتا ہے روزی فراخ یا تنگ کرتا ہے ۱۰۵

Marfat.com

اللہ جسے چاہتا ہے بے حساب روزی دیتا ہے ۱۰۶
اللہ سب سے بہتر روزی دینے والا ہے ۱۰۶

اجر وثواب

اللہ کسی کے ایمان کو ضائع نہیں کرتا ۱۰۷
اللہ نیکیوں کے عوض دو چند دیتا ہے ۱۰۷
اللہ کے پاس دنیا و آخرت دونوں کا ثواب موجود ہے ۱۰۸
اللہ کے پاس اجر عظیم ۱۰۸

انعام اور نعمتیں

اللہ کی نعمتوں کا شمار نہیں ہوسکتا ۱۰۸
ہر ہر نعمت اللہ ہی کی طرف سے ہے ۱۰۸
اللہ کی عام نعمتیں ۱۰۸
انسان کس کس نعمت کی ناشکری کرے گا ۱۰۹

مشیت باری تعالیٰ شانہٗ

ہدایت اور گمراہی سب اللہ ہی کی طرف سے ہے ۱۱۲
اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے ۱۱۲
اللہ جسے چاہے گمراہ کرے جسے چاہے ہدایت دے ۱۱۳
جسے اللہ گمراہ کرے اسے کوئی ہدایت کرنے والا نہیں ۱۱۴
جسے اللہ ہدایت کردے اسے کوئی گمراہ کرنے والا نہیں ۱۱۵
اللہ مومنوں کو سیدھی راہ پر لگاتا ہے ۱۱۵
اللہ بدکاروں کو ہدایت نہیں کرتا ۱۱۵
اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں کرتا ۱۱۵
اللہ کافروں کو ہدایت نہیں کرتا ۱۱۵
اللہ جھوٹوں کو ہدایت نہیں کرتا ۱۱۵
اللہ نے منافقوں کا مرض بڑھایا ۱۱۶
اللہ منافقوں اور کافروں کی گمراہی بڑھاتا ہے ۱۱۶
اللہ بدکاروں کو گمراہ کرتا ہے ۱۱۶
اللہ کافروں کو گمراہ کرتا ہے ۱۱۶
اللہ ظالموں کو گمراہ کرتا ہے ۱۱۶
اللہ زیادتی کرنے والوں کو گمراہ کرتا ہے ۱۱۶
اللہ متکبروں کو اپنی آیتوں سے پھیرتا ہے ۱۱۶
اللہ نیک راہ بیان کئے بغیر کسی کو گمراہ نہیں کرتا ۱۱۷
اللہ کافروں کے دلوں پر مُہر کرتا ہے ۱۱۷
اللہ چاہتا تو سب کو ہدایت پر کردیتا ۱۱۸
اللہ چاہتا تو سب کو ایک ہی مذہب پر کردیتا ۱۱۸
اللہ چاہتا تو شرک نہ ہوتا ۱۱۸
اللہ چاہتا تو شیاطین اور جنات کا فریب نہ چلتا ۱۱۹
اللہ چاہتا تو مشرک اپنی اولاد کو قتل نہ کرتے ۱۱۹
اللہ چاہتا تو لوگ آپس میں قتال نہ کرتے ۱۱۹
اللہ جسے چاہے لڑکا لڑکی دیتا ہے ۱۱۹
اللہ جسے چاہے دونوں دیتا ہے ۱۱۹
اللہ جسے چاہے معاف کرے جسے چاہے عذاب دے ۱۱۹
اللہ جس پر چاہے رحم کرے جسے چاہے عذاب دے ۱۲۰
اللہ جسے چاہے ملک دیتا ہے ۱۲۰
اللہ جس سے چاہے ملک چھین لے ۱۲۰
اللہ جسے چاہے دو چند دے ۱۲۰
اللہ جس طرح چاہے خرچ کرتا ہے ۱۲۰
اللہ جس کی چاہے توبہ قبول کرتا ہے ۱۲۰
اللہ جسے چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلت ۱۲۰
اللہ ہر چیز کا حصہ دیتا ہے ۱۲۱

اللہ جس پر چاہے اپنے رسولوں کو مسلط کرتا ہے ۱۲۱
اللہ جسے چاہے پاک کرے ۱۲۱
اللہ جس پر چاہے احسان کرے ۱۲۱
اللہ رسالت کے لئے جسے چاہے چن لے ۱۲۱
اللہ جس پر چاہے اپنے حکم سے روح کو القا کرے ۱۲۱
اللہ جس کے چاہے درجے بلند کرے ۱۲۱
اللہ جسے چاہے حکمت دے ۱۲۱
اللہ جسے چاہے اپنی رحمت سے خاص کرے ۱۲۱
فضل اللہ کے ہاتھ ہے وہ جسے چاہے دے ۱۲۲

برکت جلال وعلوّ شان

اللہ بڑی برکت والا ہے ۱۲۲
اللہ کے کلمات تمام دریاؤں کی سیاہی اور تمام درختوں کے قلموں سے لکھے جائیں تب بھی ختم نہ ہوں ۱۲۳
اللہ کا بول بالا ہے ۱۲۳
اللہ کے لشکر کو سوائے اس کے کوئی نہیں جانتا ۱۲۳
اللہ آسمان اور زمین کا نور ہے ۱۲۳
اللہ کی مثل کوئی چیز نہیں ۱۲۳
اللہ کا ہم نام کوئی نہیں ۱۲۳
اللہ کی شان عالی ہے ۱۲۴
اللہ بڑے درجے والا ہے ۱۲۴
اللہ کی مثل اعلیٰ ہے ۱۲۴
آسمانوں اور زمین میں بڑائی اللہ ہی کو ہے ۱۲۴
اللہ صاحب جلال واکرام ہے ۱۲۴
اللہ عرش پر ہے ۱۲۴
اللہ عرش کا مالک ہے ۱۲۴
اللہ کی کرسی آسمان وزمین کی وسعت رکھتی ہے ۱۲۵
اللہ سے کوئی پوچھ نہیں ۱۲۵
اللہ سے سب اہل آسمان وزمین سوال کرتے ہیں ۱۲۵
اللہ روز نئی شان میں ہے ۱۲۵
قیامت کو اللہ کے آگے کوئی نہ بول سکے گا ۱۲۵
اللہ کے ہاں اس کی اجازت کے بغیر کوئی سفارش نہیں کرسکتا ۱۲۵
اللہ کسی سے منہ در منہ بغیر واسطہ بات نہیں کرسکتا ۱۲۵

سطوت وجبروت

اللہ کی برائی بھلائی کوئی نہیں روک سکتا ۱۲۵
اللہ جس کی اہانت کرے اس کا کوئی اکرام کرنے والا نہیں ۱۲۶
اللہ سے بچانے والا کوئی نہیں ۱۲۶
اللہ کے سوا کوئی حمایتی نہیں ۱۲۶
اللہ کے سوا کوئی مددگار نہیں ۱۲۷
اللہ قہر والا ہے ۱۲۸
اللہ غالب ہے ۱۲۸
قوت اللہ ہی کو ہے ۱۲۸
عزت اللہ ہی کو ہے ۱۲۹
اللہ غالب ہے بدلہ لینے والا ۱۲۹
اللہ کی پکڑ سخت ہے ۱۲۹
اللہ جلد حساب لینے والا ہے ۱۲۹
اللہ جلد عذاب کرنے والا ہے ۱۳۰
۲۲۸۔اے بنی آدم! کچھ شک نہیں کہ ہم نے تم پر لباس اتارا جو تمہاری شرم گاہوں کو ڈھانپتا ہے اور زینت کا لباس اتارا اور پرہیز گاری کا جو لباس ہے وہ بہتر ہے۔ یہ (سب) اللہ کی نشانیوں میں سے ہے تا کہ وہ نصیحت پکڑیں۔

۔الاعراف ۷: ۲۶۔

وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝

۲۲۵۔ قُلْ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَ الْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝

۲۲۶۔وَهُوَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيْهِ لِيُقْضٰٓى اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

۲۲۷۔ قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً ۚ لَئِنْ اَنْجٰىنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ۝ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ۝

۲۲۸۔يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا ؕ وَ لِبَاسُ التَّقْوٰى ۙ ذٰلِكَ خَيْرٌ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ۝

۲۲۹۔وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ ۝

۲۳۰۔وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ۝

۲۳۱۔وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ ۝

۴۴۔ آسمان میں روزی ہونے سے استدلال

۲۲۹۔اور آسمان میں تمہارا رزق ہے اور وہ بات جس کا تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے۔

۔الذّٰریٰت۔ ۵۱۔ ۲۲۔

۴۵۔ نفوسِ انسانی سے استدلال

۲۳۰۔اور خود تمہاری جانوں میں (نشانیاں ہیں) تو کیا تم دیکھتے نہیں۔

۔الذّٰریٰت۔ ۵۱: ۲۱۔

۴۶۔ رنگوں کے اختلاف سے استدلال

۲۳۱۔اور اس کی (قدرت) کی نشانیوں میں سے آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور تمہاری بولیوں اور رنگتوں کا اختلاف ہے۔ بے شک اس میں جہان والوں کے لیے (قدرت کی) نشانیاں ہیں۔

۔الروم ۳۰: ۲۲۔

Marfat.com

۲۳۲۔ وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ۝

۲۳۳۔ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

۲۳۴۔ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ؕ

۲۳۵۔ وَاِنَّا لَنَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ۝

۲۳۶۔ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ؕ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

۲۳۷۔ وَهُوَ الَّذِيْ اَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ ۝

۲۳۸۔ وَهُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ

۲۳۹۔ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ۝

۲۴۰۔ اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ۝ وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ۝ فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ۝ وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ۝ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ۝ فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ۝ تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

۲۴۱۔ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ۝ عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ

۴۷۔ موت اور حیات سے استدلال

۲۳۲۔ اور جو کچھ اس نے تمہارے لیے زمین میں پھیلایا کہ اس کے رنگ مختلف ہیں۔ بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے جو نصیحت پکڑتے ہیں (قدرت کی) نشانی ہے۔

۔النحل ۱۶: ۱۳۔

۲۳۳۔ تم اللہ کا کس طرح انکار کرتے ہو حالانکہ تم مردہ تھے اس نے تمہیں زندہ کیا پھر وہ تمہیں مارے گا پھر (دوبارہ) تمہیں زندہ کرے گا۔ پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۸۔

۲۳۴۔ اور وہ زندہ کو مردے سے نکالتا ہے اور مردے کا زندے سے نکالنے والا ہے۔

۔الانعام ۶: ۹۶۔

۲۳۵۔ اور بے شک ہم ہی زندہ رکھتے اور مارتے ہیں اور ہم ہی (سب کے) وارث ہیں۔

۔الحجر ۱۵: ۲۳۔

۲۳۶۔ اور ہم نے پانی سے ہر ایک زندہ چیز کو پیدا کیا تو کیا وہ (اس پر) ایمان نہیں لاتے؟

۔الانبیاء ۲۱: ۳۰۔

۲۳۷۔ اور وہ (اللہ) وہ ہے جس نے تمہیں زندہ کیا پھر وہ تمہیں مارے گا پھر تمہیں زندہ کرے گا۔ بے شک انسان ناشکرا ہے۔

۔الحج ۲۲: ۶۶۔

۲۳۸۔ اور وہ (اللہ) وہ ہے جو جلاتا ہے اور مارتا ہے۔

۔المؤمنون ۲۳: ۸۰۔

۲۳۹۔ وہ زندے کو مردے سے نکالتا ہے اور مُردے کو زندے سے نکالتا ہے اور زمین کو اس کے مرے پیچھے زندہ کرتا ہے اور اسی طرح (قبروں سے) نکالے جاؤ گے۔

۔الروم ۳۰: ۱۹۔

۲۴۰۔ تو کیا تم اس بات کے قبول کرنے میں ڈھیلے پڑتے ہو؟ اور اپنا حصہ تم یہ ٹھہراتے ہو کہ تم (اس کو) جھٹلاتے ہو۔ پس کیوں نہیں (اس وقت) جب جان حلق میں آپہنچتی ہے اور تم اس وقت (کیفیت) دیکھتے ہو اور تمہاری بہ نسبت ہم اس جان کے زیادہ قریب ہیں لیکن تم دیکھتے نہیں۔ پس اگر تم کسی کے زیرِ حکم نہیں ہو تو کیوں نہیں اس کو لوٹا لیتے اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو۔

۔الواقعۃ ۵۶: ۸۱۔۸۷۔

۲۴۱۔ ہم نے تمہارے درمیان موت مقدر کی اور ہم عاجز نہیں ہیں اس بات سے کہ تمہیں تمہاری مثل سے بدل دیں اور تمہیں اس جہان

Marfat.com

میں پیدا کریں جسے تم نہیں جانتے۔ اور کچھ شک نہیں کہ تم پہلی (دفعہ کی) پیدائش کو جانتے ہو تو تم نصیحت کیوں نہیں پکڑتے۔

-الواقعة ۵۶: ۶۰-۶۲-

۲۴۲۔ برکت والا ہے وہ جس کے ہاتھ میں بادشاہت ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے جس نے موت اور حیات کو پیدا کیا تا کہ وہ تمہیں آزمائے کہ تم میں کون سب سے اچھے عمل کرنے والا ہے اور وہی غالب ہے بخشنے والا۔

-الملک ۶۷: ۱-۲-

۴۸۔ غزوۂ بدر کی فتح سے استدلال

۲۴۳۔ (مسلمانو!) بے شک تمہارے لیے ان دو جماعتوں میں (قدرت کی) نشانی تھی، جو بدر کے دن آپس میں بھڑ پڑی تھیں۔ ایک جماعت تو اللہ کی راہ میں لڑ رہی تھی، دوسری کافر تھی۔ وہ ان کو دیکھتی آنکھوں اپنے سے دوچند دیکھ رہے تھے اور اللہ اپنی مدد سے جسے چاہے قوت دے۔ بے شک اس میں آنکھوں والوں کے لیے عبرت ہے۔

-آل عمران ۳: ۱۳-

دلائلِ توحید وعدمِ اشتراک در ذات وصفاتِ حق سبحانہٗ تعالیٰ

۱۔ (اے نبی ﷺ!) پوچھ کہ تم کو خشکی اور سمندر کی تاریکیوں سے کون نجات دیتا ہے جسے تم گڑگڑا کر اور چپکے چپکے پکارتے ہو کہ اگر اس نے ہمیں اس مصیبت سے نجات دی تو ضرور شکر گزاروں سے ہوں گے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اللہ ہی تمہیں اس سے اور ہر سختی سے نجات دیتا ہے پھر بھی تم شرک کرتے ہو۔

-الانعام ۶: ۶۳-۶۴-

۲۔ اے نبی ﷺ! پوچھ کہ تمہیں آسمان اور زمین سے روزی کون پہنچاتا ہے یا کان اور آنکھوں کا کون مالک ہے اور کون زندے کو مردے سے نکالتا ہے اور مردے کو زندے سے نکالتا ہے اور کون کام کا انتظام کرتا ہے؟ وہ کہیں گے کہ اللہ۔ تو کہہ کیا تم (اس سے) ڈرتے نہیں؟ پس یہی اللہ ہے تمہارا سچا پروردگار۔ سو حق کے بعد سوائے گمراہی کے اور کیا ہے۔ تو تم کہاں سے پھیر دیے جاتے ہو؟ یوں تیرے پروردگار کی بات ان لوگوں پر جو نافرمانی کرتے ہیں، پوری ہوئی کہ وہ ایمان نہیں لاتے۔ پوچھ کہ کیا کوئی تمہارے (ٹھہرائے ہوئے) شریکوں میں ایسا ہے جو پہلے پیدا کرے پھر اس کو دوبارہ کرے۔ کہہ دے کہ اللہ ہی پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر اسے

اَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۶۲﴾

۲۴۲۔ تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ ۫ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُ ۙ﴿۱﴾ الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۙ﴿۲﴾

۲۴۳۔ قَدْ كَانَ لَكُمْ اٰيَةٌ فِيْ فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ۭ فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاُخْرٰى كَافِرَةٌ يَّرَوْنَهُمْ مِّثْلَيْهِمْ رَاْيَ الْعَيْنِ ۭ وَاللّٰهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ﴿۱۳﴾

۱۔ قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ لَىِٕنْ اَنْجٰىنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۶۳﴾ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿۶۴﴾

۲۔ قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ۭ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۱﴾ فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿۳۲﴾ كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى

Marfat.com

الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۳﴾ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۳۴﴾ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ ؕ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ؕ اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ فَمَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا ؕ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾

۳۔ وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا وَّسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵﴾ وَعَلٰمٰتٍ ؕ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَفَمَنْ يَّخْلُقُ كَمَنْ لَّا يَخْلُقُ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۷﴾

۴۔ اَفَاَصْفٰىكُمْ رَبُّكُمْ بِالْبَنِيْنَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِنَاثًا ؕ اِنَّكُمْ لَتَقُوْلُوْنَ قَوْلًا عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِيَذَّكَّرُوْا ؕ وَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ﴿۴۱﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗٓ اٰلِهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِي الْعَرْشِ سَبِيْلًا ﴿۴۲﴾

۵۔ اَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً مِّنَ الْاَرْضِ هُمْ يُنْشِرُوْنَ ﴿۲۱﴾ لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۲۲﴾

۶۔ مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ ۚ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۢ بِمَا

دوبارہ کرے گا تو تم کہاں سے پھیر دیے جاتے ہو۔ پوچھ کیا کوئی تمہارے (ٹھہرائے ہوئے) شریکوں میں ایسا ہے جو حق کی طرف رہنمائی کرے۔ کہہ دے کہ اللہ ہی حق کی طرف رہنمائی کرتا ہے تو کیا جو حق کی طرف رہنمائی کرتا ہے وہ اس بات کا زیادہ حق دار ہے کہ اس کا حکم مانا جائے یا وہ جو بغیر اس کے کہ اس کو رستہ بتلایا جائے خود بھی رستہ نہیں پاتا۔ سو تمہیں کیا ہو گیا تم کیسا فیصلہ کرتے ہو اور ان میں سے اکثر تو محض اٹکل پر چلتے ہیں کچھ شک نہیں کہ اٹکل حق کے مقابلے میں کچھ کام نہیں آتی۔ بے شک اللہ جانتا ہے جو وہ کرتے ہیں۔

-یونس ۱۰: ۳۱-۳۶-

۳۔ اور اللہ نے زمین میں پہاڑ ڈال دیے کہ وہ تمہیں لے کر ہل نہ جائے اور نہریں اور راہیں پیدا کیں تا کہ تم راہ پاؤ۔ اور راہ کی نشانیاں پیدا کیں اور وہ ستاروں سے راہ پاتے ہیں۔ تو کیا وہ جو پیدا کرتا ہے اس کے برابر ہے جو کچھ پیدا نہیں کرتا؟ تو کیا تم نصیحت نہیں پکڑتے؟

-النحل ۱۶: ۱۵-۱۷-

۴۔ تو کیا تمہارے پروردگار نے تمہیں لڑکوں کے لیے انتخاب کیا اور خود فرشتوں سے بیٹیاں اختیار کیں۔ بے شک تم بڑی (بھاری) بات کہتے ہو۔ اور بے شک ہم نے اس قرآن میں بار بار سمجھایا تا کہ وہ نصیحت پکڑیں۔ اور وہ ان کی نفرت ہی بڑھاتا ہے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر اس کے ساتھ جیسا کہ وہ کہتے ہیں اور معبود ہوتے تو اس صورت میں وہ ضرور صاحبِ عرش پر (چڑھائی) کی راہ ڈھونڈ لیتے۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۴۰-۴۲-

۵۔ کیا انہوں نے ایسے معبود اختیار کیے ہیں جنہیں وہ زمین سے بنا کر کھڑا کرتے ہیں۔ اگر آسمان اور زمین میں اللہ کے سوا اور معبود ہوتے تو وہ دونوں ضرور تباہ ہو جاتے۔ تو اللہ، عرش کا مالک ان باتوں سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔

-الانبیاء ۲۱: ۲۱-۲۲-

۶۔ اللہ نے کوئی بیٹا بیٹی اختیار نہیں کیا اور اس کے ساتھ کوئی معبود نہیں

Marfat.com

ہے۔ اگر ایسا ہوتا تو ہر معبود اپنی پیدا کی ہوئی مخلوق کو الگ لے بیٹھتا اور ضرور ایک دوسرے پر چڑھائی کرتا۔ اللہ ان باتوں سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔

-المؤمنون ۲۳: ۹۱-

۷۔ بھلا آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا اور کس نے تمہارے لیے آسمان سے پانی اتارا؟ ہم ہی نے اس کو اتار کر اس سے بارونق باغ اگائے۔ تمہاری طاقت نہیں کہ تم ان کے درخت اگاؤ۔ کیا اللہ کے ساتھ اور کوئی معبود ہے؟ (کوئی نہیں) بلکہ وہ ایسے لوگ ہیں جو راہِ حق سے انحراف کرتے ہیں۔ بھلا وہ کون ہے جس نے زمین کو قرار گاہ بنایا اور اس کے درمیان نہریں جاری کیں اور اس میں پہاڑ پیدا کئے اور دو دریاؤں کے درمیان آڑ پیدا کی؟ کیا اللہ کے ساتھ اور کوئی معبود ہے؟ (کوئی بھی نہیں) بلکہ ان میں سے اکثر علم نہیں رکھتے۔ بھلا وہ کون ہے جو بے قرار کی دعا جب وہ اس سے دعا مانگتا ہے قبول کرتا ہے اور تکلیف کو ہٹا دیتا ہے اور تمہیں زمین میں جانشین کرتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ اور کوئی معبود ہے؟ تم بہت ہی کم نصیحت پکڑتے ہو۔ بھلا وہ کون ہے جو تمہیں خشکی اور سمندر کی تاریکیوں میں راہ دکھلاتا ہے اور اپنی رحمت (یعنی بارش) کے آگے آگے بشارت دینے والی ہوائیں بھیجتا ہے۔ کیا اللہ کے ساتھ اور کوئی معبود ہے؟ اللہ تو ان کے شرک سے بالاتر ہے۔ بھلا وہ کون ہے جو پہلی بار مخلوق کو پیدا کرتا ہے پھر اسے دوبارہ کرے گا اور کون تمہیں آسمان اور زمین سے روزی پہنچاتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ اور کوئی معبود ہے؟ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر تم سچے ہو تو اپنی سند لاؤ۔

-النحل-۲۷: ۶۰-۶۴-

خَلْقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۶۱﴾

۷۔ اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ﴿۶۰﴾ اَمَّنْ جَعَلَ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّجَعَلَ خِلٰلَهَآ اَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۱﴾ اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۶۲﴾ اَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًۢا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۳﴾ اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۶۴﴾

۸۔ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ ؕ اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ﴿۷۱﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ ؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۷۲﴾

۹۔ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۶۱﴾

۸۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ بھلا یہ تو بتلاؤ کہ اگر اللہ قیامت کے دن تک ہمیشہ تم پر رات ہی رکھے تو اللہ کے سوا ایسا کونسا معبود ہے جو تمہیں (دن کی) روشنی لا دے تو کیا تم سنتے نہیں؟ (اے نبی ﷺ!) کہہ کہ بھلا بتلاؤ تو اگر اللہ قیامت کے دن تک ہمیشہ تم پر دن ہی رکھے تو اللہ کے سوا ایسا کونسا معبود ہے جو تمہیں رات لا دے جس میں آرام کرو، تو کیا تم دیکھتے نہیں؟

-القصص ۲۸: ۷۱-۷۲-

۹۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر تو ان سے پوچھے کہ کس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور سورج اور چاند کو کام میں لگایا تو وہ ضرور یہی کہیں گے کہ اللہ نے۔ پھر وہ کہاں سے (حق سے) پھیر دیے جاتے ہیں؟

-العنکبوت ۲۹: ۶۱-

Marfat.com

١٠۔ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٦٣﴾

١١۔ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ؕ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّفْعَلُ مِنْ ذٰلِكُمْ مِّنْ شَيْءٍ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٤٠﴾

١٢۔ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ؕ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ ﴿١٠﴾

١٣۔ هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَاَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ بَلِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿١١﴾

١٤۔ اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً ؕ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ﴿٢٠﴾

١٥۔ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٥﴾

١٦۔ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۙ كُلٌّ يَّجْرِيْۤ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّاَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿٢٩﴾

١٠۔ اور اگر تو ان سے پوچھے کہ کس نے آسمان سے پانی اتارا پھر اس سے زمین کو اس کے مرے پیچھے زندہ کیا تو وہ ضرور یہی کہیں گے کہ اللہ نے۔ تو کہنا کہ اللہ کا شکر ہے لیکن اکثر ان میں سے سمجھتے نہیں۔

۔العنکبوت ۲۹: ۶۳۔

١١۔ اللہ وہ ہے جس نے تمہیں پیدا کیا۔ پھر تمہیں رزق دیا پھر وہ تمہیں مارے گا پھر تمہیں زندہ کرے گا۔ کیا تمہارے (ٹھہرائے ہوئے) شریکوں میں بھی کوئی ایسا ہے جو ان باتوں میں سے کوئی بات کر سکے؟ وہ ان کے شرک سے پاک اور بالاتر ہے۔

۔الروم ۳۰: ۴۰۔

١٢۔ اس نے آسمانوں کو بغیر ستون جسے تم دیکھتے ہو، پیدا کیا اور زمین میں پہاڑ ڈال دیے کہ وہ تمہیں لے کر ہل نہ جائے اور اس میں ہر ایک جان دار کو پھیلا دیا اور ہم نے آسمان سے پانی اتارا پھر ہم نے اس میں ہر قسم کی نفیس چیزیں اگائیں۔

۔لقمٰن ۳۱: ۱۰۔

١٣۔ یہ اللہ کی پیدائش ہے اب تم مجھے دکھلاؤ کہ انہوں نے کیا پیدا کیا جو اس کے سوا ہیں۔ کچھ بھی نہیں، ظالم کھلی گمراہی میں ہیں۔

۔لقمٰن ۳۱: ۱۱۔

١٤۔ کیا تم نے اس پر نظر نہیں کی کہ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، اللہ نے سب تمہارے بس میں کر دیا اور تم پر اپنی ظاہری اور باطنی نعمتیں کامل کر دیں اور لوگوں میں کوئی وہ بھی ہے جو اللہ کے بارے میں بغیر علم اور بغیر ہدایت اور بغیر روشن کتاب کے جھگڑتا ہے۔

۔لقمٰن ۳۱: ۲۰۔

١٥۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر تو ان سے پوچھے کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا تو وہ ضرور یہی کہیں گے کہ اللہ نے۔ تو کہہ کہ اللہ کا شکر ہے مگر ان میں سے اکثر علم نہیں رکھتے۔

۔لقمٰن ۳۱: ۲۵

١٦۔ (اے مخاطب!) کیا تو نے یہ نہیں دیکھا کہ اللہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور اس نے سورج اور چاند کو کام میں لگایا ہر ایک مقرر وقت تک چلتا ہے۔ اور یہ کہ جو عمل تم کرتے ہو اللہ ان سے خبردار ہے۔

۔لقمٰن ۳۱: ۲۹۔

۱۷۔ یہ اس لیے ہے کہ اللہ ہی (معبود) برحق ہے اور جس کو وہ اس کے سوا پکارتے ہیں باطل ہے اور اللہ ہی بلند مرتبہ، عالی قدر ہے۔

۔لقمٰن۔ ۳۱۔ ۳۰۔

۱۸۔ وہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور اس نے سورج اور چاند کو کام میں لگایا ہر ایک ایک مقرر وقت تک چلتا ہے۔ یہی اللہ ہے تمہارا پروردگار، اسی کی بادشاہت ہے اور جنہیں تم اس کے سوا پکارتے ہو، تس بھر بھی اختیار نہیں رکھتے۔ اگر تم انہیں پکارو تو وہ تمہاری پکار نہ سنیں اور اگر سنیں تو تمہاری بات قبول نہ کریں اور قیامت کے دن تمہارے شرک کے منکر ہوں گے اور (اے نبی ﷺ!) خبردار کی مانند تجھے نہ بتلائے گا۔

۔فاطر ۳۵: ۱۳۔ ۱۴۔

۱۹۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ بھلا تم نے اپنے ان شریکوں (کے حال) پر نظر ڈالی، جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو۔ مجھے بھی تو دکھلاؤ کہ انہوں نے کونسی زمین پیدا کی یا آسمانوں میں ان کا ساجھا ہے یا ہم نے انہیں کوئی کتاب دی ہے کہ وہ اس (کتاب) سے کسی کھلی دلیل پر ہیں۔ کوئی نہیں بلکہ ظالم بعض بعض کو نرے دھوکے ہی کے وعدے دیتے رہتے ہیں۔ بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کو اس بات سے روکے ہوئے ہے کہ وہ (اپنی جگہ سے) ٹل جائیں اور اگر وہ ٹل جائیں تو اس کے بعد کوئی انہیں نہ تھام سکے۔ بے شک وہ بردبار ہے،

۱۷۔ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الْبَاطِلُ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۶۲﴾

۱۸۔ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۙ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۙ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ۙ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ۙ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ ﴿۶۳﴾ اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَكُمْ ۚ وَلَوْ سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ ۙ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ بِشِرْكِكُمْ ۙ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ﴿۶۴﴾

۱۹۔ قُلْ اَرَءَيْتُمْ شُرَكَآءَكُمُ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۙ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ۚ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰى بَيِّنَتٍ مِّنْهُ ۚ بَلْ اِنْ يَّعِدُ الظّٰلِمُوْنَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۶۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ۙ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۶۶﴾

۲۰۔ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۙ قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِيَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖۤ اَوْ اَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ۙ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۙ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۶۷﴾

بخشنے والا۔

۔فاطر ۳۵: ۴۰۔ ۴۱۔

۲۰۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر تو ان سے پوچھے کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا تو وہ ضرور یہی کہیں گے کہ اللہ نے۔ تو کہہ تم مجھے یہ تو بتلاؤ کہ جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو اگر اللہ مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو کیا وہ اس کی بھیجی ہوئی تکلیف ہٹا سکتے ہیں یا اگر وہ مجھ پر رحمت کرنے کا ارادہ کرے تو کیا وہ اس کی رحمت کو روک سکتے ہیں؟ تو کہہ کہ مجھے اللہ کافی ہے۔ بھروسا کرنے والے اسی پر بھروسا کرتے ہیں۔

۔الزمر ۳۹: ۳۸۔

Marfat.com

۲۱۔ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُفَعَآءَ ؕ قُلْ اَوَلَوْ كَانُوْا لَا يَمْلِكُوْنَ شَيْـًٔا وَّلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۴۳﴾ قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيْعًا ؕ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۴۴﴾

۲۲۔ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ خَلَقَهُنَّ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ﴿۹﴾

۲۳۔ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۸۷﴾

۲۴۔ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ وَّيَقْبِضْنَ ۛؕ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍۭ بَصِيْرٌ ﴿۱۹﴾ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ؕ اِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِيْ غُرُوْرٍ ﴿۲۰﴾ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ يَرْزُقُكُمْ اِنْ اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ۚ بَلْ لَّجُّوْا فِيْ عُتُوٍّ وَّنُفُوْرٍ ﴿۲۱﴾ اَفَمَنْ يَّمْشِيْ مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهٖٓ اَهْدٰٓى اَمَّنْ يَّمْشِيْ سَوِيًّا عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۲۲﴾

۲۵۔ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۷﴾

۱۔ دلیلِ ابطالِ الوہیتِ مسیح علیہ السلام

۲۱۔ کیا انہوں نے اللہ کے سوا اور سفارشی پکڑے ہیں (اے نبی ﷺ!) کہہ کہ اگرچہ وہ کسی چیز کا نہ اختیار رکھتے ہوں اور نہ سمجھتے ہوں۔ تو کہہ ساری سفارش اللہ ہی کے لیے ہے۔ اسی کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے۔ پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۔الزمر ۳۹: ۴۳۔۴۴۔

۲۲۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر تو ان سے پوچھے کہ آسمان اور زمین کو کس نے پیدا کیا؟ تو ضرور یہی کہیں گے کہ ان کو غالب، جاننے والے نے پیدا کیا ہے۔

۔الزخرف ۴۳: ۹۔

۲۳۔ اور اگر تو ان سے پوچھے کہ خود انہیں کس نے پیدا کیا؟ تو وہ ضرور کہیں گے اللہ نے۔ پھر وہ کہاں سے پھیر دیے جاتے ہیں؟

۔الزخرف ۴۳: ۸۷

۲۴۔ کیا انہوں نے اپنے اوپر پرندوں کی طرف نظر نہیں ڈالی کہ پر پھیلائے ہوئے ہیں اور سمیٹ لیتے ہیں اور انہیں سوائے رحمٰن کے اور کوئی روکے ہوئے نہیں۔ بے شک وہ ہر چیز کو دیکھ رہا ہے۔ بھلا وہ کون ہے جو تمہارے لیے لشکر ہے کہ رحمٰن کے مقابلے میں تمہاری مدد کرے؟ کافر تو نرے دھوکے میں ہیں۔ بھلا وہ کون ہے کہ اگر اللہ اپنی روزی روک لے تو تمہیں روزی دے۔ کوئی نہیں، بلکہ وہ لوگ سرکشی اور نفرت میں بڑھتے جاتے ہیں۔ تو کیا جو شخص اوندھا اپنے منہ کے بل چلتا ہے وہ ہدایت پر ہے یا وہ جو سیدھی راہ پر سیدھا چلتا ہے؟

۔الملک ۶۷: ۱۹۔۲۲۔

۲۵۔ بے شک وہ لوگ کافر ہوئے جنہوں نے کہا کہ اللہ ہی مریم کا بیٹا مسیح ہے۔ (اے نبی ﷺ!) پوچھ کہ بھلا وہ کون ہے جو اللہ کے ہاں سے کچھ اختیار رکھتا ہو۔ اگر اللہ یہ چاہے کہ مریم کے بیٹے مسیح اور اس کی ماں کو اور ان سب کو جو زمین میں ہیں، ہلاک کر دے اور اللہ ہی کے لیے آسمانوں اور زمین کی اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اس کی بادشاہت ہے۔ جو وہ چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور اللہ ہر شے پر قادر ہے۔

۔المائدۃ ۵: ۱۷۔

Marfat.com

۲۶۔ مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ؕ كَانَا يَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ انْظُرْ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝ قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ؕ وَاللّٰهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

۲۶۔ مریم کا بیٹا مسیح تو محض ایک رسول ہے۔ اس سے پہلے بھی رسول گزر چکے ہیں اور اس کی ماں صدیقہ ہے وہ دونوں کھانا کھایا کرتے تھے (اے نبی ﷺ!) ہم ان کے لیے کس طرح (اپنی وحدانیت کی) نشانیاں بیان کرتے ہیں۔ پھر دیکھ کہ کہاں سے (حق سے) پھیر دیے جاتے ہیں۔ (اے نبی ﷺ) پوچھ کہ کیا تم اللہ کے سوا ایسی چیز کو پوجتے ہو جو نہ تمہیں نقصان ہی پہنچا سکے اور نہ نفع ہی۔ اور اللہ جو ہے وہی سننے والا، جاننے والا ہے۔

۔المائدۃ ۵: ۷۵۔۷۶۔

۲۔ اللہ تعالیٰ کے مستحقِ عبادت ہونے کی دلیل

۲۷۔ وَمَا لِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

۲۷۔ اور مجھے کیا ہوا جو میں اس کی عبادت نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۔یٰسٓ ۳۶: ۲۲۔

۲۸۔ يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ ۝ الَّذِيْ خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ فَعَدَلَكَ ۝ فِيْٓ اَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ۝ كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ ۝

۲۸۔ اے انسان! تجھے کس چیز نے تیرے کرم کرنے والے پروردگار کے بارے میں فریب دیا۔ جس نے تجھے پیدا کیا پھر تجھے ٹھیک کیا۔ پھر تجھے ہموار کیا۔ جس صورت میں چاہا تجھے ترکیب دیا۔ (فریب تو کسی نے) ہرگز نہیں دیا بلکہ تم قیامت کو جھٹلاتے ہو۔

۔الانفطار ۸۲: ۶۔۹۔

۲۹۔ لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

۲۹۔ (یہ جو کچھ ہوا محض) قریش کو الفت دلانے کے لیے انہیں جاڑوں اور گرمیوں کے سفر کی الفت دلانے کے لیے تو انہیں چاہیے کہ وہ بھی اس گھر کے پروردگار کی عبادت کریں جس نے بھوک میں انہیں کھانا دیا اور انہیں خوف سے امن دیا۔

۔قریش۔ ۱۰۶۔ ۱۔۴۔

۱۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝

۲۔ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ

۳۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ؕ

۴۔ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ

توحیدِ باری عزاسمہٗ

۱۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

۱۔ اس رحمٰن و رحیم کے سوا کوئی معبود نہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۱۶۳۔

۲۔ اللہ وہ ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ زندہ ہے (ہمیشہ) رہنے والا۔

۔البقرۃ ۲: ۲۵۵ و آل عمران ۳: ۲

۳۔ اس غالب، حکمت والے کے سوا کوئی معبود نہیں۔

۔آل عمران ۳: ۱۸۔

۴۔ اللہ وہ ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔

۔النساء ۴: ۸۷ و طٰہٰ ۲۰: ۸ و التغابن ۶۴: ۱۳

Marfat.com

۵۔اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔

۔الانعام۶:۱۰۲،۱۰۶ و الاعراف۷:۱۵۸
والتوبة:۹:۳۱،۱۲۹ والرعد،۱۳:۳۰ والقصص ۲۸:۸۸
وفاطر۔۳۵:۳ والزمر ۳۹:۶ والمؤمن ۴۰:۳،۶۲۔

۶۔پس اگر وہ تمہاری بات قبول نہ کریں اور قرآن جیسی کوئی سورت نہ بنا سکیں تو جان لو کہ وہ اللہ کے علم سے اتارا گیا ہے اور یہ کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔

۔ھود ۱۱:۱۴۔

۷۔میرے سوا کوئی معبود نہیں تم مجھی سے ڈرو۔

۔النحل۔۱۶:۲۔

۸۔بے شک میں اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں تو (اے موسیٰ!) تو میری عبادت کر اور میری یاد کے لیے نماز پڑھتا رہ۔

۔طٰہٰ ۲۰:۱۴۔

۹۔تمہارا معبود تو بس وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔

۔طٰہٰ ۲۰:۹۸۔

۱۰۔اور (اے نبی ﷺ!) تجھ سے پہلے ہم نے جو رسول بھی بھیجا اس کی طرف ہم یہی وحی بھیجتے رہے کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں ہے تو میری ہی عبادت کرو۔

۔الانبیاء ۲۱:۲۵۔

۱۱۔اور (اے نبی ﷺ) ذوالنون (یعنی یونس) کو یاد کر۔ جب وہ غصے میں بھر کر گیا اور اس نے یہ خیال کیا کہ ہم اس پر تنگی نہیں ڈالیں گے پھر اندھیروں میں اس نے ہمیں پکارا کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے، کچھ شک نہیں کہ میں ظالموں میں ہوں۔

۔الانبیاء ۲۱:۸۷۔

۵۔لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

۶۔فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ

۷۔لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ۝

۸۔اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ۝

۹۔اِنَّمَآ اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ

۱۰۔وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ۝

۱۱۔وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

۱۲۔لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝

۱۳۔اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝

۱۴۔وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ

۱۵۔هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

۱۶۔لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۭ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ۝

۱۷۔فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

۱۲۔اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے وہ مالک ہے عرشِ بزرگ کا۔

۔المؤمنون ۲۳:۱۱۶۔

۱۳۔اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ مالک ہے عرشِ عظیم کا۔

۔النمل ۲۷:۲۶۔

۱۴۔اور وہ اللہ ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔

۔القصص ۲۸:۷۰۔

۱۵۔وہ زندہ ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔

۔المؤمن ۴۰:۶۵۔

۱۶۔اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی جلاتا ہے اور مارتا ہے، تمہارا پروردگار اور تمہارے اگلے باپ دادوں کا پروردگار ہے۔

۔الدخان ۴۴:۸۔

۱۷۔پس (اے نبی ﷺ!) تو جان لے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔

محمد ۴۷:۱۹

۱۸۔ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ

۱۹۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِیْلًا ۝

۲۰۔ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ ؕ

۲۱۔ لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ

۲۲۔ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ

۲۳۔ وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ؕ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ

۲۴۔ وَاِلٰى مَدْیَنَ اَخَاهُمْ شُعَیْبًا ؕ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ

۲۵۔ فَاَرْسَلْنَا فِیْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ

۲۶۔ مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۢ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ

۲۷۔ اَىِٕنَّكُمْ لَتَشْهَدُوْنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً اُخْرٰى ؕ قُلْ لَّآ اَشْهَدُ ۚ

۲۸۔ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ

۲۹۔ اَمْ لَهُمْ اِلٰهٌ غَیْرُ اللّٰهِ ؕ

۳۰۔ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ

۳۱۔ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ

۱۸۔ وہ اللہ وہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔

۔الحشر ۵۹: ۲۲۔

۱۹۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں تو (اے نبی ﷺ!) تو اسی کو کارساز پکڑ۔

۔المزمل ۷۳: ۹۔

۲۰۔ اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔

۔آل عمران ۳: ۶۲۔

۲۱۔ اور بے شک ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا۔ اس نے ان سے کہا کہ بھائیو! اللہ ہی کو پوجو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں ہے۔

۔الاعراف ۷: ۵۹ و المؤمنون ۲۳: ۲۳

۲۲۔ اور ہم نے قوم عاد کی طرف ان کے بھائی ہود کو بھیجا اس نے ان سے کہا کہ بھائیو! اللہ کو پوجو، اس کے سوا تمہارا اور کوئی معبود نہیں ہے۔

۔الاعراف ۷: ۶۵ و ہود ۱۱: ۵۰

۲۳۔ اور ہم نے ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو بھیجا اس نے ان سے کہا کہ بھائیو! اللہ کو پوجو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں ہے۔

۔الاعراف ۷: ۷۳ و ہود ۱۱: ۶۱

۲۴۔ اور ہم نے مدین والوں کی طرف ان کے بھائی شعیب کو بھیجا اس نے ان سے کہا بھائیو! اللہ کو پوجو اس کے سوا تمہارا اور کوئی معبود نہیں ہے۔

۔الاعراف ۷: ۸۵۔ ہود ۱۱: ۸۴

۲۵۔ پھر ہم نے ان میں ان ہی میں سے رسول بھیجے کہ اللہ کی عبادت کرو۔ تمہارا اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔

۔المؤمنون ۲۳: ۳۲۔

۲۶۔ اللہ نے کوئی اولاد نہیں پکڑی اور اس کے ساتھ کوئی معبود نہیں اگر ایسا ہوتا تو ضرور ہر ایک معبود اپنی مخلوق کو الگ لے بیٹھتا اور ان میں سے بعضے بعضوں پر ضرور چڑھائی کرتے۔

۔المؤمنون ۲۳: ۹۱۔

۲۷۔ کیا تم اس بات کی گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے ساتھ اور بھی معبود ہیں۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں یہ گواہی نہیں دیتا۔

۔الانعام ۶: ۱۹۔

۲۸۔ کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے؟

۔النمل ۲۷: ۶۰، ۶۱، ۶۲، ۶۳، ۶۴۔

۲۹۔ کیا ان کے لیے اللہ کے سوا کوئی اور معبود ہے۔

۔الطور ۵۲: ۴۳۔

۲۔ معبودِ حقیقی صرف ایک اللہ ہی ہے

۳۰۔ اور (لوگو!) تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۶۳۔

۳۱۔ صرف اللہ ہی ایک معبود ہے۔

۔النساء ۴: ۱۷۱۔

Marfat.com

۳۲۔ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ

۳۳۔ قُلْ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّاِنَّنِیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ۝۱۹

۳۴۔ هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ وَلِیُنْذَرُوْا بِهٖ وَلِیَعْلَمُوْٓا اَنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّلِیَذَّكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝۵۲

۳۵۔ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ

۳۶۔ وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَیْنِ اثْنَیْنِ ۚ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ

۳۷۔ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ یُوْحٰٓی اِلَیَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ

۳۸۔ قُلْ اِنَّمَا یُوْحٰٓی اِلَیَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ

۳۹۔ اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ یَعْقُوْبَ الْمَوْتُ ۙ اِذْ قَالَ لِبَنِیْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْۢ بَعْدِیْ ؕ قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ

۴۰۔ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِیَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ

۴۱۔ وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ

۴۲۔ وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۝۱ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝۲ فَالتّٰلِیٰتِ ذِكْرًا ۝۳ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝۴

۴۳۔ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا مُنْذِرٌ ۖ وَّمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝۶۵

۴۴۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝۱

۳۲۔ اور سوائے ایک معبود کے اور کوئی معبود نہیں ہے۔

۔المائدۃ ۵: ۷۳۔

۳۳۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ وہ تو بس ایک ہی معبود ہے اور میں تمہارے شرک سے بیزار ہوں۔

۔الانعام ۶: ۱۹۔

۳۴۔ یہ لوگوں کے لیے پیغام رسانی ہے اور (اس لیے ہے) تاکہ وہ اس سے ڈرائے جائیں اور تاکہ وہ جان لیں کہ وہ تو صرف ایک ہی معبود ہے اور تاکہ عقل والے نصیحت پکڑیں۔

۔ابراہیم ۱۴: ۵۲۔

۳۵۔ (لوگو!) تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے۔

۔النحل ۱۶: ۲۲۔

۳۶۔ اور اللہ نے فرمایا کہ دو معبود نہ بناؤ وہ تو فقط ایک ہی معبود ہے۔

۔النحل ۱۶: ۵۱۔

۳۷۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں تو تم ہی جیسا ایک آدمی ہوں۔ میری طرف یہ وحی کی جاتی ہے کہ تمہارا معبود فقط ایک ہی معبود ہے۔

۔الکہف ۱۸: ۱۱۰ و حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۶۔

۳۸۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میری طرف تو بس یہی وحی کی جاتی ہے کہ تمہارا معبود فقط ایک ہی معبود ہے۔

۔الانبیاء ۲۱: ۱۰۸۔

۳۹۔ کیا تم اس وقت موجود تھے جب یعقوب کے پاس موت آئی تھی۔ جب اس نے اپنے بیٹوں سے پوچھا تھا کہ تم میرے بعد کس کی عبادت کرو گے۔ انہوں نے کہا تھا کہ ہم تیرے معبود اور تیرے باپ دادوں ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحاق کے معبود، ایک ہی معبود کی عبادت کریں گے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۳۳۔

۴۰۔ اور ان کو حکم دیا گیا کہ وہ ایک ہی معبود کی عبادت کریں۔

۔التوبۃ ۹: ۳۱۔

۴۱۔ اور ہمارا معبود اور تمہارا معبود ایک ہی ہے۔

(العنکبوت ۲۹: ۴۶)

۴۲۔ قسم ہے قطار باندھنے والوں کی، پھر ڈانٹ دے کر جھڑکنے والوں کی، پھر یاد کرنے کے لیے پڑھنے والوں کی۔ بے شک تمہارا معبود ایک ہی ہے۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۱-۴۔

۴۳۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں تو محض ایک ڈرانے والا ہوں اور سوائے اللہ کے جو اکیلا زبردست ہے اور کوئی معبود نہیں ہے۔

۔صٓ ۳۸: ۶۵۔

۴۴۔ (اے نبی ﷺ) کہہ دے کہ وہ اللہ ایک ہے۔

۔الاخلاص ۱۱۲: ۱۔

۴۵۔لَاشَرِيْكَ لَهٗ ۚ

۴۶۔وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا ﴿۱۱۱﴾

۴۷۔وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ

۴۸۔وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾

۴۹۔ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِیُّ الْكَبِیْرُ ﴿۶۲﴾

۵۰۔مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ ۖ وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّیْنَ عَضُدًا ﴿۵۱﴾

۵۱۔وَهُوَ الَّذِیْ فِی السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَّفِی الْاَرْضِ اِلٰهٌ ؕ

۵۲۔شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًۢا بِالْقِسْطِ ؕ

۱۔قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ

۲۔سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۳۱﴾

۳۔ اللہ کا کوئی شریک نہیں

۴۵۔اس کا کوئی شریک نہیں ہے۔

۔الانعام ۶:۱۶۳۔

۴۶۔اور (اے نبی ﷺ!) کہہ کہ سب تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے نہ اولاد اختیار کی اور نہ اس کا بادشاہت میں کوئی شریک ہوا اور نہ ذلت سے بچانے کے لیے اس کا کوئی دوست ہوا اور اس کی بڑائی بیان کر۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۱۱۱۔

۴۷۔اور بادشاہت میں اس کا کوئی شریک نہیں ہوا۔

۔الفرقان ۲۵:۲۔

۴۔ اور اس کا ہمسر کوئی نہیں

۴۸۔اور اس کا ہمسر کوئی نہیں۔

۔الاخلاص ۱۱۲:۴۔

۵۔ صرف اللہ ہی حق ہے اس کے سوا سب باطل ہیں

۴۹۔یہ اس لیے ہے کہ اللہ جو ہے وہی حق ہے اور اس کے سوا جسے وہ پکارتے ہیں وہ باطل ہے اور اللہ جو ہے وہی عالی مرتبہ بڑا ہے۔

۔الحج ۲۲:۶۲۔

۶۔ آسمان و زمین وغیرہ کی پیدائش میں شیطانوں کا ساجھا نہیں

۵۰۔میں نے ان (شیاطین) کو نہ آسمانوں اور زمین کی پیدائش کے وقت (ساجھے کے لیے) موجود کیا تھا اور نہ خود ان کی پیدائش کے وقت اور میں گمراہ کرنے والوں کو قوتِ بازو بنانے والا نہیں ہوں۔

۔الکہف ۱۸:۵۱۔

۷۔ آسمان وزمین میں صرف ایک ہی معبود ہے

۵۔اور وہ (اللہ) وہ ہے جو آسمانوں میں بھی معبود ہے اور زمین میں بھی معبود ہے۔

۔الزخرف ۴۳:۸۴۔

۸۔ اللہ کی وحدانیت پر خود اللہ اور فرشتوں اور اہلِ علم کی شہادت

۵۲۔اللہ نے یہ گواہی دی کہ اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں، اور فرشتوں اور اہلِ علم نے بھی کھڑے ہو کر انصاف سے گواہی دی۔

۔آل عمران ۳:۱۸۔

تنزیہ باری تعالیٰ شانہٗ

۱۔ اللہ پاک ہے

۱۔فرشتوں نے کہا تو پاک ہے ہمیں اس سے زیادہ کچھ معلوم نہیں جتنا تو نے ہمیں بتلا دیا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۳۲۔

۲۔(اے اللہ) تو پاک ہے۔ ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔

۔آل عمران ۳:۱۹۱۔

Marfat.com

۳۔ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ ۗ بِحَقٍّ ۭ

۴۔ فَلَمَّآ اَفَاقَ قَالَ سُبْحٰنَكَ تُبْتُ اِلَيْكَ

۵۔ دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ

۶۔ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝۱۰۶

۷۔ سُبْحٰنَ الَّذِيْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِيْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِيَهٗ

۸۔ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ۝۹۳

۹۔ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ۝۱۰۸

۱۰۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۡ

۱۱۔ وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۡ سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ ۝۱۶

۱۲۔ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ لَنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ اَوْلِيَاۗءَ

۱۳۔ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ اَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ

۱۴۔ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۸

۱۵۔ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ۝۱۷

۳۔ (عیسیٰ علیہ السلام نے) کہا تو پاک ہے مجھ سے نہیں ہوسکتا کہ میں وہ بات کہوں جس (کے کہنے) کا مجھے حق نہیں ہے۔

۔المائدۃ ۵:۱۱۶۔

۴۔ پھر جب (موسیٰ علیہ السلام) ہوش میں آیا تو کہا کہ تو پاک ہے، میں نے تیری طرف رجوع کیا۔

۔الاعراف ۷:۱۴۳۔

۵۔ ان بہشتیوں کا قول بہشت میں یہ ہوگا کہ اے اللہ تو پاک ہے۔

۔یونس ۱۰:۱۰۔

۶۔ اور اللہ پاک ہے اور میں شرک کرنے والوں میں نہیں ہوں۔

۔یوسف ۱۲:۱۰۸۔

۷۔ پاک ہے وہ (اللہ) جو اپنے بندے (محمد ﷺ) کو رات میں مسجد الحرام سے مسجدِ اقصیٰ کی طرف جس کے گرد ہم نے برکت رکھی ہے، لے گیا۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۱۔

۸۔ (اے نبی ﷺ) کہہ دے کہ میرا پروردگار پاک ہے۔ میں تو محض اس کا بھیجا ہوا ایک آدمی ہوں۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۹۳۔

۹۔ ہمارا پروردگار پاک ہے۔ بے شک ہمارے پروردگار کا وعدہ ضرور پورا ہو کر رہتا ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۱۰۸۔

۱۰۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے۔

۔الانبیاء ۲۱:۸۷۔

۱۱۔ اور جب تم نے اس کو سنا تھا تو کیوں نہیں کہہ دیا کہ ہمیں زیب نہیں دیتا کہ ایسی (نامعقول) بات کو زبان پر لائیں۔ (اے اللہ) تو پاک ہے یہ تو بڑا بھاری بہتان ہے۔

۔النور ۲۴:۱۶۔

۱۲۔ (قیامت کے دن جھوٹے معبود) کہیں گے کہ تو پاک ہے ہمیں لائق نہیں کہ ہم تیرے سوا دوسرے کارساز پکڑیں۔

۔الفرقان ۲۵:۱۸۔

۱۳۔ (قیامت کو فرشتے) کہیں گے کہ تو پاک ہے تو ہی ہمارا کارساز ہے، وہ نہیں ہیں۔

۔سبا ۳۴:۴۱۔

۱۴۔ اور پاک ہے اللہ سارے جہان کا پروردگار۔

۔النحل ۲۷:۸۔

۱۵۔ سو تم اللہ کی پاکی بیان کرو جب تم شام کرو اور جب تم صبح کرو۔

۔الروم ۳۰:۱۷۔

Marfat.com

۱۶۔ سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾

۱۷۔ فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾

۱۸۔ سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ ﴿۱۳﴾

۱۹۔ قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِیْنَ ﴿۲۹﴾

۲۰۔ وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ

۲۱۔ سُبْحٰنَهٗۤ اَنْ یَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ

۲۲۔ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُوْا لَهٗ بَنِیْنَ وَبَنٰتٍۢ بِغَیْرِ عِلْمٍ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا یَصِفُوْنَ ﴿۱۰۰﴾

۲۳۔ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنّٰى یَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ وَخَلَقَ كُلَّ شَیْءٍ

۲۴۔ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ هُوَ الْغَنِیُّ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ اِنْ عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍۭ بِهٰذَا اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۸﴾

۲۵۔ وَیَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ وَلَهُمْ مَّا یَشْتَهُوْنَ ﴿۵۷﴾

۲۶۔ مَا كَانَ لِلّٰهِ اَنْ یَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ سُبْحٰنَهٗ

۱۶۔ پاک ہے وہ جس نے تمام قسموں کو پیدا کیا۔ ان چیزوں سے بھی جو زمین اگاتی ہے اور ان کی جانوں سے بھی اور اس چیز سے بھی جو وہ نہیں جانتے۔

۔یٰسٓ ۳۶:۳۶۔

۱۷۔ پس پاک ہے وہ جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی بادشاہت ہے اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۔یٰسٓ ۳۶:۸۳۔

۱۸۔ پاک ہے وہ جس نے اس (سواری) کو ہمارے بس میں کر دیا۔ اور ہم اس کو بس میں کرنے والے نہیں تھے۔

۔الزخرف ۴۳:۱۳۔

۱۹۔ وہ بولے کہ ہمارا پروردگار پاک ہے۔ بے شک ہم ظالم تھے۔

۔القلم ۶۸:۲۹۔

۲۔ اللہ اولاد سے پاک ہے

۲۰۔ اور انہوں نے کہا کہ اللہ نے اولاد اختیار کی ہے۔

۔البقرۃ ۲:۱۱۶۔

۲۱۔ وہ اس بات سے پاک ہے کہ اس کے اولاد ہو۔

۔النساء ۴:۱۷۱۔

۲۲۔ اور مشرکوں نے اللہ کے لیے جنوں میں شریک ٹھہرائے حالانکہ اسی نے انہیں پیدا کیا۔ اور بے علمی سے اس کے لیے بیٹے اور بیٹیاں گھڑ لیں اور تو ان وصفوں سے جو بیان کرتے ہیں پاک اور بالاتر ہے۔

۔الانعام ۶:۱۰۰۔

۲۳۔ آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے اس کے اولاد کہاں سے ہو اس کے تو بیوی تک بھی نہیں اور اس نے ہر شے کو پیدا کیا ہے۔

۔الانعام ۶:۱۰۱۔

۲۴۔ انہوں نے کہا کہ اللہ نے اولاد اختیار کی ہے وہ تو اس سے پاک ہے۔ وہ تو بے پروا ہے۔ اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے۔ تمہارے پاس اس کی کوئی سند نہیں ہے۔ کیا تم اللہ کے ذمہ وہ بات لگاتے ہو جس کا تمہیں علم نہیں؟

۔یونس ۱۰:۶۸۔

۲۵۔ اور وہ اللہ کے لیے بیٹیاں ٹھہراتے ہیں اور ان کے لیے جو وہ چاہیں۔ (سبحان اللہ) وہ تو پاک ہے۔

۔النحل ۱۶:۵۷۔

۲۶۔ اللہ کی یہ شان نہیں کہ اولاد اختیار کرے وہ تو (اس سے) پاک ہے۔

۔مریم ۱۹:۳۵۔

Marfat.com

۲۷۔ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ﴿۸۸﴾ لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا إِدًّا ﴿۸۹﴾ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْأَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ﴿۹۰﴾ أَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ﴿۹۱﴾

۲۸۔ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهُ ۚ بَلْ عِبَادٌ مُكْرَمُونَ ﴿۲۶﴾

۲۹۔ لَوْ أَرَادَ اللّٰهُ أَنْ يَتَّخِذَ وَلَدًا لَاصْطَفٰى مِمَّا يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ ۙ سُبْحٰنَهُ ۚ هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۴﴾

۳۰۔ قُلْ إِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ۖ فَأَنَا أَوَّلُ الْعٰبِدِينَ ﴿۸۱﴾ سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُونَ ﴿۸۲﴾

۳۱۔ وَأَنَّهُ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَلَا وَلَدًا ﴿۳﴾

۳۲۔ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُولَدْ ﴿۳﴾

۳۳۔ سُبْحٰنَهُ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿۴۳﴾

۳۴۔ سُبْحٰنَهُ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿۱۸﴾

۳۵۔ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿۵﴾

۳۶۔ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿۶۳﴾

۳۷۔ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿۶۸﴾

۳۸۔ أَمْ لَهُمْ إِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ ۚ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿۴۳﴾

۲۷۔ اور انہوں نے کہا کہ رحمٰن نے اولاد اختیار کی ہے۔ کچھ شک نہیں کہ تم ایک ایسی نامعقول بات لائے ہو، قریب ہے کہ آسمان اس سے پھٹ جائیں اور زمین شق ہو جائے اور پہاڑ چورا چورا ہو کر گر پڑیں، اس سے کہ انہوں نے رحمٰن کے لیے اولاد کا دعویٰ کیا اور رحمٰن کی شان کے لائق نہیں کہ وہ اولاد رکھے۔

-مریم ۱۹: ۸۸-۹۲-

۲۸۔ اور انہوں نے کہا کہ رحمٰن نے اولاد اختیار کی ہے وہ اس سے پاک ہے بلکہ (فرشتے تو) عزت والے بندے ہیں۔

-الانبیاء ۲۱: ۲۶-

۲۹۔ اگر وہ اللہ اولاد اختیار کرنا چاہتا تو اپنی مخلوق میں سے جسے چاہتا چن لیتا۔ وہ تو پاک ہے وہ اللہ ایک ہے، زبردست۔

-الزمر ۳۹: ۴-

۳۰۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر رحمٰن کے اولاد ہوتی تو میں (اس کا) سب سے پہلے پوجنے والا ہوتا۔ آسمانوں اور زمین اور عرش والا ان باتوں سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔

-الزخرف ۴۳: ۸۱-۸۲-

۳۔ اللہ نے اولاد اور بیوی اختیار نہیں کی

۳۱۔ اور یہ کہ ہمارے پروردگار کی عزت بہت بلند ہے۔ اس نے نہ بیوی اختیار کی اور نہ اولاد۔

-الجن ۷۲-۳

۴۔ اللہ تو الد و تناسل کے بکھیڑے سے پاک ہے

۳۲۔ نہ اس نے جنا اور نہ خود جنا گیا۔

-الاخلاص ۱۱۲: ۳-

۵۔ اللہ شرک سے پاک ہے

۳۳۔ وہ ان کے شرک سے پاک ہے۔

-التوبۃ ۹: ۳۱-

۳۴۔ وہ ان کے شرک سے پاک اور بالاتر ہے۔

-یونس ۱۰: ۱۸ والنحل ۱۶: ۱ والروم ۳۰: ۴ و الزمر ۳۹: ۶۷-

۳۵۔ اس نے آسمانوں اور زمین کو برحق پیدا کیا وہ ان کے شرک سے بالاتر ہے۔

-النحل ۱۶: ۳-

۳۶۔ اللہ ان کے شرک سے بالاتر ہے۔

-النمل ۲۷: ۶۳-

۳۷۔ اللہ ان کے شرک سے پاک اور بالاتر ہے۔

-القصص ۲۸: ۶۸-

۳۸۔ کیا ان کے لیے اللہ کے سوا معبود ہیں؟ اللہ تو ان کے شرک سے پاک ہے۔

-الطور ۵۲: ۴۳-

Marfat.com

۳۹۔اللہ ان کے شرک سے پاک ہے۔

۔الحشر ۵۹:۲۳۔

۶۔ اللہ ان اوصاف سے پاک ہے جو مشرک بیان کرتے ہیں

۴۰۔وہ ان باتوں سے جو وہ (اس کی نسبت) کہتے ہیں، پاک اور بالاتر ہے بڑی اونچائی پر۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۴۳۔

۴۱۔پس اللہ عرش کا مالک ان باتوں سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔

۔الانبیاء ۲۱:۲۲۔

۴۲۔اللہ ان وصفوں سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔

۔المؤمنون ۲۳:۹۱ والصّٰفّٰت ۳۷:۱۵۹۔

۴۳۔(اے نبی ﷺ!) تیرا پروردگار عزت والا ان وصفوں سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷:۱۸۰۔

۷۔ فرشتے اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں

۴۴۔بے شک وہ (فرشتے) جو تیرے پروردگار کے پاس ہیں، اس کی عبادت سے غرور نہیں کرتے اور اس کی پاکی بیان کرتے ہیں اور اسی کو سجدہ کرتے ہیں۔

۔الاعراف ۷:۲۰۶۔

۴۵۔اور گرج اس کی تعریف کے ساتھ (اس کی) پاکی بیان کرتی ہے اور سب فرشتے بھی اس کے ڈر سے۔

۔الرعد ۱۳:۱۳۔

۴۶۔فرشتے رات دن اس کی پاکی بیان کرتے سستی نہیں کرتے۔

۔الانبیاء ۲۱:۲۰۔

۴۷۔اور تو (قیامت کو) فرشتوں کو عرش کا گرد گھیرے ہوئے دیکھے گا۔ وہ اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ

۳۹۔سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۴۳﴾

۴۰۔ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا ﴿۴۳﴾

۴۱۔ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۴۳﴾

۴۲۔سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۴۱﴾

۴۳۔سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾

۴۴۔اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ ﴿۲۰۶﴾

۴۵۔ وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۚ

۴۶۔يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ ﴿۲۰﴾

۴۷۔وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ

۴۸۔اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ

۴۹۔فَاِنِ اسْتَكْبَرُوْا فَالَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا يَسْـَٔمُوْنَ ﴿۳۸﴾

۵۰۔وَالْمَلٰٓئِكَةُ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ

۵۱۔وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۚ

اس کی پاکی بیان کرتے ہوں گے۔

۔الزمر ۳۹:۷۵۔

۴۸۔وہ فرشتے جو عرش کو اٹھائے ہوئے ہیں اور وہ جو اس کے گرد ہیں، اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کرتے ہیں۔

۔المؤمن ۴۰:۷۔

۴۹۔پھر اگر وہ لوگ غرور کریں تو وہ فرشتے جو تیرے پروردگار کے پاس ہیں، رات دن اس کی پاکی بیان کرتے ہیں اور وہ تھکتے نہیں۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱:۳۸۔

۵۰۔اور فرشتے اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کرتے ہیں۔

۔الشوریٰ ۴۲:۵۔

۸۔ گرج اللہ کی پاکی بیان کرتی ہے

۵۱۔اور گرج اس کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کرتی ہے اور فرشتے بھی اس کے ڈر سے۔

۔الرعد ۱۳:۱۳۔

Marfat.com

۵۲۔ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ ؕ

۵۳۔ تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ؕ وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ ؕ

۵۴۔ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ

۵۵۔ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ

۵۶۔ سَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ

۵۷۔ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ

۵۸۔ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ۪

۵۹۔ قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ

۶۰۔ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

۶۱۔ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ۝ لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ ۖ اِنْ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ۝

۶۲۔ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝

۹۔ آسمان وزمین کی تمام چیزیں اللہ کی پاکی بیان کرتی ہیں

۵۲۔(اے نبی ﷺ!) کیا تو نے اس پر نظر نہیں کی کہ اللہ جو ہے اس کی پاکی بیان کرتے ہیں وہ جو آسمانوں اور زمین میں ہیں اور پرندے صف باندھے ہوئے۔ ہر ایک نے اپنی اپنی نماز اور تسبیح معلوم کر لی ہے۔

-النور ۲۴۔ ۴۱۔

۵۳۔ ساتوں آسمان اور زمین اور جو ان میں ہیں، سب اس کی پاکی بیان کرتے ہیں اور کوئی چیز ایسی نہیں جو اس کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان نہ کرتی ہو لیکن تم ان کے پاکی بیان کرنے کو نہیں سمجھتے۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۴۴۔

۵۴۔ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں۔

-الحدید ۵۷: ۱۔

۵۵۔ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے سب اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں۔

-الحشر ۵۹: ۱ والصف ۶۱: ۱۔

۵۶۔ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اس کی پاکی بیان کرتے ہیں۔

-الحشر ۵۹: ۲۴۔

۵۷۔ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے سب اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں۔

-الجمعة ۶۲: ۱ والتغابن۔ ۶۴: ۱۔

۱۰۔ اللہ کے سب نام اچھے ہی اچھے ہیں

۵۸۔ اور اللہ کے لیے اچھے اچھے نام ہیں۔ تو تم اس کو ان ناموں سے پکارو۔

-الاعراف ۷: ۱۸۰۔

۵۹۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تم اللہ کو پکارو یا تم رحمٰن کو پکارو۔ جس کو بھی پکارو گے تو اسی کے نام اچھے اچھے ہیں۔ اسی کے لیے اچھے اچھے نام ہیں۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۱۱۰۔

۶۰۔ وہ اللہ ہے پیدا کرنے والا، درست کرنے والا، صورتیں بنانے والا۔ اسی کے لیے اچھے اچھے نام ہیں۔ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اس کی پاکی بیان کرتے ہیں اور وہی غالب، حکمت والا ہے۔

-الحشر ۵۹: ۲۴۔

۱۱۔ اللہ لہو ولعب اور عبث سے بری ہے

۶۱۔ اور ہم نے آسمان اور زمین اور ان کے درمیان کی چیزوں کو دل لگی کرتے ہوئے پیدا نہیں کیا۔ اگر ہم اپنے لیے کھلونا بنانا چاہتے تو ہم اس کو اپنے پاس سے بنا لیتے اگر ہم ایسا کرنے والے ہوتے۔

-الانبیاء ۲۱: ۱۶۔ ۱۷۔

۶۲۔ تو کیا تم نے یہ خیال کیا ہے کہ ہم نے تمہیں بے فائدہ پیدا کیا ہے اور یہ کہ تم ہماری طرف لوٹ کر نہیں آؤ گے۔

-المؤمنون ۲۳: ۱۱۵۔

Marfat.com

۶۳۔اور ہم نے آسمان اور زمین اور ان کے درمیان کی چیزوں کو رائیگاں پیدا نہیں کیا۔

۔صٓ ۳۸:۲۷۔

۶۴۔اور ہم نے آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان کی چیزوں کو دل لگی کرتے ہوئے پیدا نہیں کیا۔ان کو کسی بڑے مقصد کے لیے پیدا کیا ہے لیکن ان میں سے اکثر اس بات کو نہیں جانتے۔

۔الدخان ۴۴:۳۸۔۳۹۔

۱۲۔ اللہ اونگھ اور نیند سے بری ہے

۶۵۔نہ اس کو اونگھ آتی ہے نہ نیند۔

۔البقرۃ ۲:۲۵۵۔

۱۳۔ اللہ تکان سے بری ہے

۶۶۔اور آسمانوں اور زمین کی حفاظت اس کو تھکاتی نہیں اور وہ بلند مرتبہ ہے، عظمت والا۔

۔البقرۃ ۲:۲۵۵۔

۶۷۔اور بے شک ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور ان کے درمیان کی چیزوں کو چھ دن میں پیدا کیا اور کسی قسم کے تکان نے ہمیں نہیں چھوا۔

۔قٓ ۵۰۔۳۸۔

۱۴۔ اللہ کا وعدہ سچا ہے

۶۸۔اللہ کا وعدہ سچا ہے۔

۔النساء ۴:۱۲۲ ویونس۔ ۱۰:۴ ولقمان۔ ۳۱:۹۔

۶۹۔اور میرے پروردگار کا وعدہ سچا ہے۔

۔الکہف ۱۸:۹۸۔

۷۰۔خبردار ہو جا۔ بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے لیکن ان میں سے اکثر اس بات کو نہیں جانتے۔

۔یونس ۱۰:۵۵۔

۶۳۔وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ؕ

۶۴۔وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿۳۸﴾ مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾

۶۵۔لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ

۶۶۔وَلَا يَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿۲۵۵﴾

۶۷۔وَلَقَدْ خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖ وَّمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ﴿۳۸﴾

۶۸۔وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ

۶۹۔وَكَانَ وَعْدُ رَبِّيْ حَقًّا ﴿۱۰۹﴾ ؕ

۷۰۔اَلَآ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾

۷۱۔فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿۶۰﴾

۷۲۔اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۪ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۳۳﴾

۷۳۔يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۪ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۵﴾

۷۴۔فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ

۷۱۔پس (اے نبی ﷺ) تو صبر کر۔ بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے اور وہ لوگ جو یقین نہیں لاتے کہیں تجھے چھچھورا نہ بنا دیں۔

۔الروم ۳۰۔۶۰۔

۔المؤمن ۴۰: ۲۰۔

۵۴۔ اور وہی سننے والا، دیکھنے والا ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۱۱۔

۴۶۔ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ﴿۶۳﴾

۴۷۔ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۸﴾

۴۸۔ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۸﴾

۴۹۔ الٓرٰ ۟ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ﴿۱﴾

۵۰۔ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿۱﴾

۵۱۔ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۶۱﴾

۵۲۔ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۷۵﴾

۵۳۔ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿۲۰﴾

۵۴۔ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿۱۱﴾

۵۵۔ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍۭ بَصِيْرٌ ﴿۱۹﴾

۵۶۔ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا ﴿۱۳۴﴾

۵۷۔ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا ﴿۵۸﴾

۵۸۔ اِنَّكَ كُنْتَ بِنَا بَصِيْرًا ﴿۳۵﴾

۵۹۔ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ﴿۲۰﴾

۵۵۔ بے شک وہ ہر شے کا دیکھنے والا ہے۔

۔الملک ۶۷: ۱۹۔

۵۶۔ اور اللہ سننے والا، دیکھنے والا ہے۔

۔النساء ۴: ۱۳۴۔

۵۷۔ بے شک اللہ سننے والا، دیکھنے والا ہے۔

۔النساء ۴: ۵۸۔

۵۸۔ (اے اللہ!) بے شک تو ہمیں دیکھتا ہے۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۳۵۔

۵۹۔ اور (اے نبی ﷺ!) بے شک تیرا پروردگار دیکھنے والا ہے۔

۔الفرقان ۲۵: ۲۰۔

Marfat.com

علمِ غیبِ باری تعالیٰ شانہٗ

۱۔ اللہ عالم الغیب ہے

۱۔ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۱۰۹﴾

۲۔ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۷۸﴾

۳۔ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَقْذِفُ بِالْحَقِّ ۚ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۴۸﴾

۴۔ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿۷۳﴾

۵۔ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

۶۔ وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

۷۔ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ﴿۹﴾

۸۔ عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۹۲﴾

۹۔ ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۶﴾

۱۰۔ قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

۱۱۔ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾

۱۲۔ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۸﴾

۱۳۔ عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۶﴾

۱۴۔ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۳۲﴾

۱۵۔ وَمَا يَعْلَمُ تَاْوِيْلَهٗٓ اِلَّا اللّٰهُ

۱۔ (اے اللہ!) بے شک تو چھپی باتوں کا جاننے والا ہے۔
۔المائدۃ ۵: ۱۰۹، ۱۱۶۔

۲۔ کیا انہیں یہ معلوم نہیں کہ اللہ ان کی چھپی باتوں کو اور ان کی سرگوشیوں کو جانتا ہے اور یہ کہ اللہ چھپی باتوں کا جاننے والا ہے۔
۔التوبۃ ۹: ۷۸۔

۳۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ بے شک میرا پروردگار حق کو پھیلاتا ہے اور وہ چھپی باتوں کا جاننے والا ہے۔
۔سبا ۳۴: ۴۸۔

۴۔ وہ چھپے اور کھلے کا جاننے والا ہے اور وہی ہے حکمت والا، خبردار۔
۔الانعام ۶: ۷۳۔

۵۔ پھر تم چھپے اور کھلے کے جاننے والے کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔
۔التوبۃ ۹: ۹۴ و الجمعۃ ۶۲: ۸

۶۔ اور عنقریب ہی تم چھپے اور کھلے کے جاننے والے کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔
۔التوبۃ ۹: ۱۰۵۔

۷۔ وہ چھپے اور کھلے کا جاننے والا ہے بلند مرتبہ، عالی قدر۔
۔الرعد ۱۳: ۹۔

۸۔ وہ چھپے اور کھلے کا جاننے والا ہے۔ تو وہ ان کے شرک سے بالاتر ہے۔
۔المؤمنون ۲۳: ۹۲۔

۹۔ یہ (اللہ) چھپے اور کھلے کا جاننے والا ہے غالب، مہربان۔
۔السجدۃ ۳۲: ۶۔

۱۰۔ (اے نبی ﷺ!) یوں کہا کر کہ اے اللہ آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے، چھپے اور کھلے کے جاننے والے۔
۔الزمر ۳۹: ۴۶۔

۱۱۔ وہ چھپے اور کھلے کا جاننے والا ہے۔ وہی ہے مہربان، رحم والا۔
۔الحشر ۵۹: ۲۲۔

۱۲۔ وہ چھپے اور کھلے کا جاننے والا، غالب، حکمت والا ہے۔
۔التغابن ۶۴: ۱۸۔

۱۳۔ وہ غیب کا جاننے والا ہے۔ سو وہ اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا۔
۔الجن ۷۲: ۲۶۔

۱۴۔ (فرشتوں نے) کہا کہ تو پاک ہے ہمیں اس کے سوا جتنا تو نے ہمیں بتلا دیا اور کچھ علم نہیں۔ بے شک تو ہی جاننے والا، حکمت والا ہے۔
۔البقرۃ ۲: ۳۲۔

۱۵۔ اور اس کی حقیقت سوائے اللہ کے اور کوئی نہیں جانتا۔
۔آل عمران ۳: ۷۔

Marfat.com

۱۶۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور میں غیب نہیں جانتا اور نہ میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں۔

-الانعام ۶: ۵۰۔

۱۷۔اور غیب کی کنجیاں اسی کے پاس ہیں انہیں اس کے سوا اور کوئی نہیں جانتا اور وہ جانتا ہے جو کچھ جنگل اور دریا میں ہے اور (درخت سے) کوئی پتہ بغیر اس کے علم کے نہیں گرتا۔اور زمین کی تاریکیوں میں نہ کوئی دانہ ہے اور نہ کوئی تر چیز اور نہ کوئی خشک مگر سب ہی ایک کھلی کتاب میں مندرج ہے۔

-الانعام ۶: ۵۹۔

۱۸۔(اے نبی ﷺ!) وہ تجھ سے قیامت کی بابت پوچھتے ہیں کہ اس کے قائم ہونے کا وقت کیا ہے؟ کہہ دے کہ اس کا علم تو بس میرے پروردگار ہی کے پاس ہے وہی اس کو اس کے وقت پر ظاہر کر دے گا۔وہ آسمانوں اور زمین میں ایک بھاری چیز ہے، وہ تم پر یک لخت ہی آجائے گی وہ تجھ سے اس طرح پوچھتے ہیں کہ گویا تو اس کی ٹوہ میں لگا ہوا ہے۔کہہ دے کہ بس اس کا علم تو اللہ ہی کے پاس ہے لیکن (اس بات کو) بہت سے آدمی نہیں جانتے۔کہہ دے کہ میں تو اپنی جان کے نفع اور نقصان کا بھی اختیار نہیں رکھتا مگر جس قدر اللہ چاہے۔اور اگر میں غیب جانتا ہوتا تو میں (اپنے لیے) بہت سی بھلائی اکٹھی کر لیتا اور مجھے (کبھی کوئی) تکلیف نہ پہنچتی۔میں تو ان لوگوں کو جو ایمان لاتے ہیں صرف ڈرانے والا اور بشارت دینے والا ہوں۔

-الاعراف ۷: ۱۸۷-۱۸۸۔

۱۹۔اور میں تم سے نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے

۱۶۔قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ

۱۷۔ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ؕ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۵۹﴾

۱۸۔ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ ۚ لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ ؕ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً ؕ يَسْـَٔلُوْنَكَ كَاَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۚۛ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ؕ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۸﴾

۱۹۔ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ اِنِّيْ مَلَكٌ وَّلَآ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِيْٓ اَعْيُنُكُمْ لَنْ يُّؤْتِيَهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا ؕ

۲۰۔ وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۘ لَا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا اللّٰهُ ؕ

۲۱۔ قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ فِيْ كِتٰبٍ ۚ

۲۲۔ قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَمَا

خزانے ہیں اور میں غیب بھی جانتا ہوں اور نہ میں یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں اور نہ ان لوگوں کے بارے میں جنہیں تمہاری آنکھیں حقارت سے دیکھتی ہیں، یہ کہتا ہوں کہ اللہ ہرگز انہیں کوئی خوبی نہیں دے گا۔

-ھود ۱۱: ۳۱۔

۲۰۔اور (کیا تمہیں ان کی خبر نہیں پہنچی) جو ان (اقوامِ نوح و عاد و ثمود) کے بعد ہوئے۔جنہیں سوائے اللہ کے کوئی نہیں جانتا۔

-ابراہیم ۱۴: ۹۔

۲۱۔موسیٰ نے کہا کہ ان (پہلی قوموں) کا علم میرے پروردگار کے پاس ایک کتاب میں ہے۔

-طٰہٰ ۲۰: ۵۲۔

۲۲۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ جو آسمانوں اور زمین میں ہے،

Marfat.com

يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۶۵﴾

۲۳۔ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ ؕ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ؕ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿۳۴﴾

۲۴۔ يَسْئَلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ

۲۵۔ فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِي الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ؕ ﴿۱۴﴾

۲۶۔ وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ

۲۷۔ قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۖ

۲۸۔ اَعِنْدَهٗ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرٰى ﴿۴۵﴾

۲۹۔ قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۖ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲۶﴾

۳۰۔ يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰهَا ﴿۴۲﴾ فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰهَا ﴿۴۳﴾ اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰهَا ﴿۴۴﴾

۳۱۔ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ﴿۳۱﴾

۳۲۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ﴿۵﴾

ان میں اللہ کے سوا کوئی غیب نہیں جانتا اور انہیں یہ بھی خبر نہیں کہ وہ کب (قبروں سے) اٹھائے جائیں گے۔

۔النمل ۲۷:۶۵۔

۲۳۔ بے شک اللہ ہی کے پاس قیامت کا علم ہے اور وہی مینہ اتارتا ہے اور وہی جانتا ہے جو کچھ رحموں میں ہے اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ کل اسے کیا پیش آئے گا اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ کس زمین میں مرے گا۔ بے شک اللہ ہی جاننے والا، خبردار ہے۔

۔لقمٰن۔ ۳۱:۳۴۔

۲۴۔ (اے نبی ﷺ!) لوگ تجھ سے قیامت کی بابت پوچھتے ہیں۔ کہہ دے کہ اس کا علم تو بس اللہ ہی کے پاس ہے۔

۔الاحزاب ۳۳:۶۳۔

۲۵۔ پھر جب وہ (عصا) گر پڑا تو جنوں نے جان لیا کہ اگر وہ غیب جانتے ہوتے تو (اتنی مدت) ذلت کے عذاب میں نہ رہتے۔

۔سبا ۳۴:۱۴۔

۲۶۔ اور اسی کے پاس قیامت کا علم ہے۔

۔الدخان ۴۴:۸۵۔

۲۷۔ (ہود علیہ السلام نے) کہا کہ علم تو بس اللہ ہی کے پاس ہے۔

۔الاحقاف ۴۶:۲۳۔

۲۸۔ کیا اس کے پاس غیب کا علم ہے کہ وہ دیکھ رہا ہے۔

۔النجم ۵۳:۳۵۔

۲۹۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ علم تو بس اللہ ہی کے پاس ہے اور میں تو صرف کھول کر ڈرانے والا ہوں اور بس۔

۔الملک ۶۷:۲۶۔

۳۰۔ (اے نبی ﷺ) وہ تجھ سے قیامت کی بابت پوچھتے ہیں کہ اس کے قائم ہونے کا وقت کونسا ہے۔ تو اس کے ذکر سے کس خیال میں ہے۔ اس کی اخیر حد تیرے پروردگار ہی کی طرف ہے۔

۔النازعات ۷۹:۴۲۔۴۴۔

۳۔ اللہ زمین و آسمان کی تمام چیزیں اور ان کے اسرار جانتا ہے

۳۱۔ بے شک میں آسمانوں اور زمین کی چھپی ہوئی چیزوں کو جانتا ہوں اور اس کو بھی جانتا ہوں جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہو۔

۔البقرۃ ۲:۳۳۔

۳۲۔ بے شک اللہ پر کوئی بات چھپی ہوئی نہیں ہے، نہ زمین میں اور نہ آسمان میں۔

۔آل عمران ۳:۵۔

۳۳۔ وَيَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

۳۳۔اور وہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور اللہ ہر شے پر قادر ہے۔

-آل عمران ۳:۲۹-

۳۴۔ ذٰلِكَ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝

۳۴۔یہ اس لیے ہے تا کہ تم جان لو کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور یہ کہ اللہ ہر شے کو جانتا ہے۔

-المائدۃ ۵:۹۷-

۳۵۔ وَمَا تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ وَّمَا تَتْلُوْا مِنْهُ مِنْ قُرْاٰنٍ وَّلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوْدًا اِذْ تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ۭ وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاۗءِ وَلَآ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرَ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝

۳۵۔اور (اے نبی ﷺ!) تو جس حال میں بھی ہوتا ہے اور اس (اللہ) کی طرف سے قرآن میں سے جو کچھ بھی پڑھتا ہے اور تم لوگ جو کوئی کام بھی کرتے ہو، ہم ہر وقت تمہارے اوپر موجود رہتے ہیں۔ جب تم اس میں پڑتے ہو اور تیرے پروردگار سے ذرہ بھر چیز بھی چھپی ہوئی نہیں ہے نہ زمین میں اور نہ آسمان میں اور نہ اس سے چھوٹی اور نہ بڑی۔ سب ہی کچھ کھول کر بیان کرنے والی کتاب میں موجود ہے۔

-یونس ۱۰:۶۱-

۳۶۔ وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ۭ

۳۶۔اور آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ چیزیں اللہ ہی کے لیے ہیں اور سب کام اسی کی طرف لوٹایا جاتا ہے تو تو اس کی عبادت کر اور اس پر توکل کر۔

-ھود ۱۱:۱۲۳-

۳۷۔ وَمَا مِنْ دَاۗبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَي اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ۭ كُلٌّ فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝

۳۷۔اور زمین میں جو جان دار بھی ہے اس کی روزی اللہ ہی کے ذمے ہے اور وہی اس کے ٹھہرنے اور اس کے سونپے جانے کی جگہ جانتا ہے۔ سب کچھ ایک کھلی کتاب میں مندرج ہے۔

-ھود ۱۱:۶-

۳۸۔ رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ ۭ وَمَا يَخْفٰى عَلَي اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاۗءِ ۝

۳۸۔اے ہمارے پروردگار! بے شک تو جانتا ہے جو کچھ ہم چھپاتے ہیں اور جو کچھ ہم ظاہر کرتے ہیں اور اللہ پر کوئی چیز چھپی ہوئی نہیں ہے۔ نہ زمین میں اور نہ آسمان میں۔

-ابراہیم ۱۴:۳۸-

۳۹۔ وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

۳۹۔اور آسمانوں اور زمین کی چھپی چیزیں اللہ ہی کے لیے ہیں اور قیامت کا ہونا تو ایک پلک جھپکنے کی مانند ہے یا وہ اس سے زیادہ قریب ہے۔ بے شک اللہ ہر شے پر قادر ہے۔

-النحل ۱۶:۷۷-

۴۰۔ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِمَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ

۴۰۔اور (اے نبی ﷺ!) انہیں جو آسمانوں اور زمین میں ہیں تیرا پروردگار ہی خوب جانتا ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷:۵۵-

۴۱۔ لَهٗ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَبْصِرْ بِهٖ وَاَسْمِعْ ؕ

۴۲۔ قُلْ رَّبِّيْ يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۖ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

۴۳۔ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ فِيْ كِتٰبٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝

۴۴۔ قُلْ اَنْزَلَهُ الَّذِيْ يَعْلَمُ السِّرَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

۴۵۔ وَمَا مِنْ غَآئِبَةٍ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝

۴۶۔ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

۴۷۔ يٰبُنَيَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ۝

۴۸۔ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ؕ وَهُوَ الرَّحِيْمُ الْغَفُوْرُ ۝

۴۹۔ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا السَّاعَةُ ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ ۙ عٰلِمِ الْغَيْبِ ۚ لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَلَآ اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرُ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝ۙ

۵۰۔ اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَيْبِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

۴۱۔ اسی کے لیے آسمانوں اور زمین کی چھپی ہوئی چیزیں ہیں وہ ان کو کیسا کچھ دیکھنے والا اور سننے والا ہے؟

۔الکھف ۱۸: ۲۶۔

۴۲۔ (رسول اللہ ﷺ نے) کہا میرا پروردگار اس بات کو جو آسمان اور زمین میں ہے جانتا ہے اور وہی سننے والا، جاننے والا ہے۔

۔الانبیاء ۲۱: ۴۔

۴۳۔ کیا تو نے یہ معلوم نہیں کیا کہ جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے، اللہ جانتا ہے۔ بے شک کتاب میں مندرج ہے، بے شک یہ (بات) اللہ پر آسان ہے۔

۔الحج ۲۲: ۷۰۔

۴۴۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اس (قرآن) کو اس نے اتارا ہے جو آسمانوں اور زمین میں چھپی باتوں کو جانتا ہے۔ بے شک وہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔الفرقان ۲۵: ۶۔

۴۵۔ اور آسمان اور زمین میں کوئی چھپی ہوئی چیز ایسی نہیں ہے جو کھول کر بیان کرنے والی کتاب میں مندرج نہ ہو۔

۔النمل ۲۷: ۷۵۔

۴۶۔ وہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۵۲۔

۴۷۔ بیٹا اگر وہ چھپی چیز ایک رائی کے دانے کے برابر بھی ہو پھر وہ کسی پتھر میں (چھپی) ہو یا آسمانوں میں یا زمین میں، اللہ اس کو نکال لاتا ہے۔ بے شک اللہ باریک بین، خبردار ہے۔

۔لقمٰن ۳۱: ۱۶۔

۴۸۔ وہ جانتا ہے جو کچھ زمین کے اندر داخل ہوتا ہے اور جو کچھ اس سے نکلتا ہے اور جو کچھ آسمان سے نیچے اترتا ہے اور جو کچھ اس پر چڑھتا ہے اور وہی مہربان، بخشنے والا ہے۔

۔سبا ۳۴: ۲۔

۴۹۔ اور جو لوگ کافر ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم پر قیامت نہیں آئے گی۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کیوں نہیں! مجھے اپنے پروردگار کی قسم، وہ تم پر ضرور آئے گی۔ وہ غیب دان ہے اس سے ایک ذرہ بھر چیز بھی چھپی ہوئی نہیں ہے۔ نہ آسمانوں میں اور نہ زمین میں اور نہ اس سے چھوٹی اور نہ بڑی، سب ہی کچھ کھلی کتاب میں مندرج ہے۔

۔سبا ۳۴: ۳۔

۵۰۔ بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کی چھپی باتوں کا جاننے والا ہے۔

۔فاطر ۳۵: ۳۸۔

Marfat.com

۵۱۔اور اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور اللہ ہر شے کو جانتا ہے۔

۔الحجرات ۴۹:۱۶۔

۵۲۔بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کی چھپی باتوں کو جانتا ہے اور اللہ دیکھتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔

۔الحجرات: ۴۹:۱۸۔

۵۳۔وہ جانتا ہے جو کچھ زمین میں داخل ہوتا اور جو کچھ اس سے نکلتا ہے اور جو کچھ آسمان سے اترتا ہے اور جو کچھ اس میں چڑھتا ہے اور وہ تمہارے ساتھ ہے جہاں کہیں بھی تم ہو۔

۔الحدید۔۵۷:۴۔

۵۴۔(اے مخاطب!) کیا تجھے یہ معلوم نہیں کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے۔ جب کبھی تین آدمیوں میں کوئی سرگوشی ہوتی ہے تو ضرور چوتھا ان میں وہ ہوتا ہے اور پانچ میں ہوتی ہے تو چھٹا ان میں وہ ہوتا ہے اور اس سے کم میں ہو تو اور زیادہ میں ہو تو، وہ ضرور ان کے ساتھ ہوتا ہے جہاں کہیں بھی وہ ہوں۔

۔المجادلۃ ۵۸:۷۔

۵۱۔وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ⑪

۵۲۔اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ⑱

۵۳۔يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاۗءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ۭ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ۭ

۵۴۔اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَآ اَدْنٰى مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْثَرَ اِلَّا هُوَ مَعَهُمْ اَيْنَ مَا كَانُوْا ۚ

۵۵۔وَاَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ㉓

۵۶۔اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ㉗

۵۷۔قُلْ اِنْ تُخْفُوْا مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ اَوْ تُبْدُوْهُ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ ۭ

۵۸۔وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُوْنَ ۚ ㉖

۵۹۔وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ㉙

۶۰۔وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَفِي الْاَرْضِ ۭ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ③

۶۱۔اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۚ ⑱

۵۷۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر تم اس بات کو چھپاؤ جو تمہارے سینوں میں ہے یا اس کو ظاہر کرو اللہ اس کو جانتا ہے۔

۔آل عمران ۳:۲۹۔

۵۸۔اور اللہ خوب جانتا ہے جو وہ چھپاتے ہیں۔

۔آل عمران ۳:۱۶۷۔

۵۹۔اور اللہ جانتا ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہو۔

۔المائدۃ ۵:۹۹ والنور ۲۴:۲۹۔

۶۰۔اور آسمانوں اور زمین میں وہی معبود ہے۔ وہ تمہارے بھیدوں اور آشکارا باتوں کو جانتا ہے اور اسے بھی جانتا ہے جو تم کماتے ہو۔

۔الانعام ۶:۳۔

۶۱۔کیا انہوں نے یہ نہیں جانا کہ اللہ ان کی چھپی باتوں اور ان کی سرگوشیوں کو جانتا ہے اور یہ کہ اللہ چھپی باتوں کا جاننے والا ہے۔

۔التوبۃ ۹:۷۸۔

۴۔ اللہ ان سب باتوں کو جانتا ہے جو بندے ظاہر کرتے یا چھپاتے ہیں

۵۵۔اور میں جانتا ہوں جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہو۔

۔البقرۃ ۲:۳۳۔

۵۶۔کیا وہ یہ بات نہیں جانتے کہ اللہ جانتا ہے جو وہ چھپاتے ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں۔

۔البقرۃ ۲:۷۷۔

Marfat.com

٦٢۔ اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ؕ اَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ ۙ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۚ
٦٣۔ سَوَآءٌ مِّنْكُمْ مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَنْ جَهَرَ بِهٖ وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍۢ بِالَّيْلِ وَسَارِبٌۢ بِالنَّهَارِ ⑩
٦٤۔ رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ ؕ
٦٥۔ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ⑲
٦٦۔ لَا جَرَمَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ؕ
٦٧۔ وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفَى ⑦
٦٨۔ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَيَعْلَمُ مَا تَكْتُمُوْنَ ⑩
٦٩۔ اَلَّا يَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ㉕
٧٠۔ اِنْ تُبْدُوْا شَيْـًٔا اَوْ تُخْفُوْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ㉔
٧١۔ فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ㉑
٧٢۔ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ ㉖
٧٣۔ وَاَنَا اَعْلَمُ بِمَآ اَخْفَيْتُمْ وَمَآ اَعْلَنْتُمْ ؕ

٦٢۔ خبردار ہو جاوہ اپنے سینوں کو لپیٹتے ہیں تا کہ اس سے چھپ جائیں۔ خبردار ہو جا کہ وہ اپنے کپڑے (اپنے اوپر) لپیٹتے ہیں۔ وہ جانتا ہے جو وہ چھپاتے ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں۔

-ھود ۱۱: ۵-

٦٣۔ تم میں سے جو شخص بات کو چھپائے اور جو اس کو پکار کر کہے اور وہ جو رات کو چھپنے والا ہے اور دن کو راہ چلنے والا سب برابر ہیں۔

-الرعد ۱۳: ۱۰-

٦٤۔ اے ہمارے پروردگار! بے شک تو جانتا ہے جو ہم چھپاتے ہیں جو ہم ظاہر کرتے ہیں۔

-ابراہیم ۱۴: ۳۸-

٦٥۔ اور اللہ جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو۔

-النحل ۱۶: ۱۹-

٦٦۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ جانتا ہے جو وہ چھپاتے ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں۔

-النحل ۱۶: ۲۳-

٦٧۔ اور اگر تو پکار کر بات کہے تو۔ بے شک وہ بھید اور چھپی بات کو جانتا ہے۔

-طٰہٰ ۲۰: ۷-

٦٨۔ بے شک وہ پکار کر کہی ہوئی بات کو بھی جانتا ہے اور جو بات تم چھپاتے ہو اسے بھی جانتا ہے۔

-الانبیاء ۲۱: ۱۱۰-

٦٩۔ کیوں نہ اس اللہ کو سجدہ کریں جو آسمانوں اور زمین میں چھپی ہوئی چیزوں کو نکالتا ہے اور جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو۔

-النمل ۲۷: ۲۵-

۷۰۔ اگر تم کسی بات کو ظاہر کرو یا اسے چھپاؤ تو کچھ شک نہیں کہ اللہ تو ہر بات کو جانتا ہے۔

-الاحزاب ۳۳: ۵۴-

۷۱۔ سو (اے نبی ﷺ!) ان کا قول تجھے غم میں نہ ڈالے بے شک ہم جانتے ہیں جو وہ چھپاتے ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں۔

-یٰسٓ ۳۶: ۷۶-

۷۲۔ اور اللہ ان کے چھپا کر بات کرنے کو جانتا ہے۔

-محمد ۴۷: ۲۶-

۷۳۔ اور میں خوب جانتا ہوں جو تم چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو۔

-الممتحنة ۶۰: ۱-

Marfat.com

۷۴۔ یَعْلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَیَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ؕ

۷۵۔ اِنَّهٗ یَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا یَخْفٰی ۝

۷۶۔ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ مَا فِیْٓ اَنْفُسِكُمْ فَاحْذَرُوْهُ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِیْمٌ ۝۲۳۵

۷۷۔ قُلْ اِنْ تُخْفُوْا مَا فِیْ صُدُوْرِكُمْ اَوْ تُبْدُوْهُ یَعْلَمْهُ اللّٰهُ ؕ

۷۸۔ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۵۴

۷۹۔ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۵۳

۸۰۔ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ یَعْلَمُ اللّٰهُ مَا فِیْ قُلُوْبِهِمْ ۙ

۸۱۔ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ؕ تَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ وَلَآ اَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِكَ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ۝۱۱۶

۸۲۔ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۲۳

۸۳۔ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ ۚ

۸۴۔ وَاِنَّ رَبَّكَ لَیَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا یُعْلِنُوْنَ ۝

۸۵۔ وَرَبُّكَ یَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا یُعْلِنُوْنَ ۝۶۹

۸۶۔ اَوَلَیْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِمَا فِیْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِیْنَ ۝۱۰

۷۴۔ وہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اور وہ جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو۔

۔التغابن ۶۴: ۴۔

۷۵۔ بے شک وہ کھلی بات کو اور جو چھپی ہوئی ہے اس کو جانتا ہے۔

۔الاعلیٰ ۸۷: ۷۔

۵۔ اللہ لوگوں کے دلوں اور سینوں کے حالات سے واقف ہے

۷۶۔ اور جان لو کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے۔ تو تم اس سے ڈرو اور جان لو کہ بے شک اللہ بخشنے والا، بردبار ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۳۵۔

۷۷۔ (اے نبی ﷺ) کہہ دے کہ اگر تم اس بات کو چھپاؤ جو تمہارے سینوں میں ہے یا اس کو ظاہر کرو، اللہ اس کو جان لے گا۔

۔آل عمران ۳: ۲۹۔

۷۸۔ بے شک اللہ جانتا ہے جو کچھ سینوں میں (چھپا) ہے۔

۔آل عمران ۳: ۱۱۹ والمائدۃ ۵: ۷ ولقمٰن ۳۱: ۲۳۔

۷۹۔ اور اللہ جانتا ہے جو کچھ سینوں میں (چھپا) ہے۔

۔آل عمران ۳: ۱۵۴۔

۸۰۔ یہی وہ لوگ ہیں کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ ان کے دلوں میں ہے۔

۔النساء ۴: ۶۳۔

۸۱۔ اگر میں نے یہ بات کہی ہے تو بے شک تو اسے جانتا ہے۔ تو جانتا ہے جو میرے دل میں ہے اور میں نہیں جانتا جو تیرے دل میں ہے۔ بے شک تو ہی چھپی باتوں کا جاننے والا ہے۔

۔المائدۃ ۵: ۱۱۶۔

۸۲۔ بے شک وہ سینوں کی (چھپی) باتوں کو جانتا ہے۔

۔الانفال ۸: ۴۳ وھود ۱۱: ۵ وفاطر ۳۵: ۳۸ والزمر ۳۹: ۷ والشوریٰ ۴۲: ۲۴۔

۸۳۔ اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ ان کے دلوں میں ہے۔

۔ھود ۱۱: ۳۱۔

۸۴۔ اور (اے نبی ﷺ!) تیرا پروردگار ان باتوں کو جانتا ہے جو ان کے سینوں میں چھپی ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں۔

۔النمل ۲۷: ۷۴۔

۸۵۔ اور (اے نبی ﷺ!) تیرا پروردگار جانتا ہے جو کچھ ان کے سینوں میں چھپا ہے اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں۔

۔القصص ۲۸: ۶۹۔

۸۶۔ کیا اللہ ان باتوں کو بہتر جاننے والا نہیں ہے جو جہان والوں کے سینوں میں (چھپی) ہیں۔

۔العنکبوت ۲۹: ۱۰۔

Marfat.com

۸۷۔اور اللہ جانتا ہے جو تمہارے دلوں میں ہے۔

۔الاحزاب ۳۳: ۵۱۔

۸۸۔وہ آنکھوں کی خیانت کو اور جو کچھ سینے چھپاتے ہیں اس کو جانتا ہے۔

۔المؤمن ۴۰: ۱۹۔

۸۹۔(اے نبی ﷺ!) بے شک اللہ مومنوں سے جس وقت وہ تجھ سے درخت کے نیچے بیعت کر رہے تھے راضی ہوا اور اس نے جو کچھ ان کے دلوں میں تھا معلوم کر لیا۔

۔الفتح ۴۸: ۱۸۔

۹۰۔اور بے شک ہم نے انسان کو پیدا کیا اور ہم جانتے ہیں جو جو وسوسے اس کے دل میں پیدا ہوتے ہیں اور ہم اس کے جان کی رگ سے بھی زیادہ قریب ہیں۔

۔ق ۵۰: ۱۶۔

۹۱۔اور وہ سینوں کی (چھپی) باتوں کو جانتا ہے۔

۔الحدید ۵۷: ۶۔

۹۲۔اور وہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اور جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو۔اور اللہ سینوں کی (چھپی) باتوں کو جانتا ہے۔

۔التغابن ۶۴: ۴۔

۹۳۔اور (خواہ) تم اپنی بات آہستہ کہو یا اسے پکار کر کہو بے شک وہ سینوں کی (چھپی) باتوں کو جانتا ہے۔

۔الملک ۶۷: ۱۳۔

۸۷۔وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ

۸۸۔يَعْلَمُ خَاۗىِٕنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ ⑲

۸۹۔لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ

۹۰۔وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ ۚ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ ⑯

۹۱۔وَهُوَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ⑦

۹۲۔يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ④

۹۳۔وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ⑬

۱۔اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ۭ

۲۔اَلَا لَهُ الْحُكْمُ ۣ وَهُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِيْنَ ⑫

۳۔وَّلَا يُشْرِكُ فِيْ حُكْمِهٖٓ اَحَدًا ⑯

۴۔لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ⑦⓪

۵۔فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيْرِ ⑫

حکومتِ باری تعالیٰ شانہٗ

۱۔ حکومت اللہ کے سوا کسی کی نہیں

۱۔حکومت سوائے اللہ کے کسی کی نہیں۔

۔الانعام ۶: ۵۷ و یوسف ۱۲: ۴۰، ۶۷۔

۲۔خبردار ہو کہ حکم اس کا ہے اور وہ بہت جلد حساب لینے والا ہے۔

۔الانعام ۶: ۶۲۔

۳۔اور (اے نبی ﷺ!) وہ اپنے حکم میں کسی کو شریک نہیں رکھتا۔

۔الکہف ۱۸: ۲۶۔

۴۔اسی کا حکم ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔

۔القصص ۲۸: ۷۰، ۸۸۔

۵۔پس حکم اللہ ہی کا ہے جو عالی مرتبہ، بڑا ہے۔

۔المؤمن ۴۰: ۱۲۔

Marfat.com

۲۔ ہر جان دار اللہ کے بس میں ہے

۶۔ مَامِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ؕ

۶۔کوئی زمین پر چلنے والا ایسا نہیں ہے جس کی چوٹی وہ پکڑے ہوئے نہ ہو۔

-ھود ۱۱: ۵۶۔

۳۔ فرشتے اللہ کے حکم کے بغیر نہیں اترتے

۷۔ وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ ۚ

۷۔اور (اے نبی ﷺ!) ہم (فرشتے) بغیر تیرے پروردگار کے حکم کے نہیں اترتے۔

-مریم ۱۹: ۶۴۔

۴۔ سب کام اللہ ہی کے ہاتھ میں ہیں

۸۔ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ

۸۔خبردار ہو جاؤ کہ پیدا کرنا اور حکم کرنا اسی کے لیے مخصوص ہے۔

-الاعراف ۷: ۵۴۔

۹۔ بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا ؕ

۹۔بلکہ تمام کام اللہ ہی کے قبضے میں ہے۔

-الرعد ۱۳: ۳۱۔

۱۰۔ لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْۢ بَعْدُ ؕ

۱۰۔سب سے پہلے اور سب کے بعد اللہ ہی کا حکم ہے۔

-الروم ۳۰: ۴۔

۱۱۔ وَالْاَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ۝

۱۱۔اور حکم اس دن اللہ ہی کا ہے۔

-الانفطار ۸۲: ۱۹۔

۵۔ اللہ جو چاہتا ہے حکم دیتا ہے

۱۲۔ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ ۝

۱۲۔بے شک اللہ جو چاہتا ہے حکم دیتا ہے۔

-المائدۃ ۵: ۱۔

۶۔ اللہ کا حکم کوئی نہیں ہٹا سکتا

۱۳۔ وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ؕ

۱۳۔اور اللہ حکم دیتا ہے کوئی اس کے حکم کو پیچھے ڈالنے والا نہیں ہے۔

-الرعد ۱۳: ۴۱۔

۷۔ اللہ سب حاکموں سے بہتر حاکم ہے

۱۴۔ وَاَنْتَ اَحْكَمُ الْحٰكِمِيْنَ ۝

۱۴۔اور (اے اللہ!) تو ہی سب حاکموں سے بڑھ کر حاکم ہے۔

-ھود ۱۱: ۴۵۔

۱۵۔ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ۝

۱۵۔اور وہ سب سے بہتر حاکم ہے

-الاعراف ۷: ۸۷ ویونس ۱۰: ۱۰۹ ویوسف ۱۲: ۸۰۔

۱۶۔ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝

۱۶۔کیا اللہ سب حاکموں پر حاکم نہیں ہے؟

-التین ۹۵: ۸۔

۸۔ اللہ قیامت کو ان میں فیصلہ کرے گا

۱۷۔ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝

۱۷۔سو اللہ قیامت کے دن ان کے درمیان ان باتوں کا فیصلہ کر دے گا جن میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے۔

-البقرۃ ۲: ۱۱۳۔

۱۸۔ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ۝

۱۸۔سو اللہ قیامت کے دن تمہارے درمیان فیصلہ کر دے گا۔ اور اللہ کافروں کو ایمان داروں پر ہرگز الزام کی راہ نہیں دے گا۔

-النساء ۴: ۱۴۱۔

۱۹۔ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ؕ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ؕ

۱۹۔ملک اس دن اللہ ہی کا ہے۔ وہی ان کے درمیان فیصلہ کرے گا۔

-الحج ۲۲: ۵۶۔

Marfat.com

۲۰۔ اَللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۶۹﴾

۲۱۔ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِـُٔوْنَ وَالنَّصٰرٰى وَالْمَجُوْسَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا ۖ اِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ

۲۲۔ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۷﴾

۲۳۔ لَنْ تَنْفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ ۚ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ۭ

۲۴۔ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿۳﴾

۲۵۔ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۴۸﴾

۲۶۔ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۵﴾

۲۷۔ ثُمَّ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۶۰﴾

۲۸۔ كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۠ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۸﴾

۲۹۔ اِنَّ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِيْ شَيْءٍ ۭ اِنَّمَآ اَمْرُهُمْ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾

۲۰۔ اللہ قیامت کے دن تمہارے درمیان ان باتوں کا فیصلہ کرے گا جن میں تم اختلاف کیا کرتے تھے۔

۔الحج ۲۲:۶۹۔

۲۱۔ کچھ شک نہیں کہ جو لوگ ایمان لائے اور جو یہودی ہیں اور بے دین اور نصاریٰ اور مجوس اور جنہوں نے شرک کیا، بے شک اللہ قیامت کے دن ان کے درمیان فیصلہ کرے گا۔

۔الحج ۲۲:۱۷۔

۲۲۔ (اے نبی ﷺ!) بے شک تیرا پروردگار ہی قیامت کے دن ان کے درمیان ان باتوں کا فیصلہ کرے گا جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں۔

۔السجدۃ ۳۲:۲۵۔

۲۳۔ (لوگو!) قیامت کے دن نہ تمہارے رشتے ہی تمہیں کچھ نفع دیں گے اور نہ تمہاری اولاد ہی۔ وہی (اللہ) تمہارے درمیان فیصلہ کرے گا۔

۔الممتحنۃ ۶۰:۳۔

۹۔ اللہ قیامت کے دن اعمال سے آگاہ کرے گا

۲۴۔ اور عنقریب ہی اللہ انہیں ان کے وہ اعمال جتلا دے گا جو وہ کرتے رہتے ہیں۔

۔المائدۃ ۵:۱۴۔

۲۵۔ تم سب کو اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ سو وہ تمہیں تمہارے وہ اعمال جتلا دے گا جن میں تم اختلاف کرتے رہتے ہو۔

۔المائدۃ ۵:۴۸۔

۲۶۔ اللہ ہی کی طرف تم سب کو لوٹ کر جانا ہے۔ سو وہ تمہیں (تمہارے وہ اعمال) جتا دے گا جو تم (دنیا میں) کیا کرتے تھے۔

۔المائدۃ ۵:۱۰۵۔

۲۷۔ پھر اسی کی طرف تمہیں لوٹ کر جانا ہے۔ پھر وہ تمہیں (تمہارے اعمال) جتا دے گا جو تم (دنیا میں) کیا کرتے تھے۔

۔الانعام ۶:۶۰۔

۲۸۔ اسی طرح ہم نے ہر ایک امت کو اس کے اعمال اچھے کر دکھلائے ہیں۔ پھر انہیں اپنے پروردگار ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ سو وہ انہیں (ان کے اعمال) جتا دے گا جو وہ (دنیا میں) کیا کرتے تھے۔

۔الانعام ۶:۱۰۸۔

۲۹۔ بے شک جنہوں نے دین میں تفرقہ ڈالا اور کئی فریق ہو گئے۔ (اے نبی ﷺ!) تجھے ان سے کچھ لگاؤ نہیں ان کا معاملہ اللہ کے سپرد ہے پھر وہ انہیں (ان کے وہ اعمال) جتا دے گا جو وہ (دنیا میں) کیا کرتے تھے۔

۔الانعام ۶:۱۵۹۔

Marfat.com

۳۰۔ ثُمَّ اِلٰی رَبِّکُمۡ مَّرۡجِعُکُمۡ فَیُنَبِّئُکُمۡ بِمَا کُنۡتُمۡ فِیۡہِ تَخۡتَلِفُوۡنَ ﴿۴﴾

۳۱۔ ثُمَّ تُرَدُّوۡنَ اِلٰی عٰلِمِ الۡغَیۡبِ وَ الشَّہَادَۃِ فَیُنَبِّئُکُمۡ بِمَا کُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۵﴾

۳۲۔ وَسَتُرَدُّوۡنَ اِلٰی عٰلِمِ الۡغَیۡبِ وَ الشَّہَادَۃِ فَیُنَبِّئُکُمۡ بِمَا کُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۶﴾

۳۳۔ ثُمَّ اِلَیۡنَا مَرۡجِعُکُمۡ فَنُنَبِّئُکُمۡ بِمَا کُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۷﴾

۳۴۔ وَیَوۡمَ یُرۡجَعُوۡنَ اِلَیۡہِ فَیُنَبِّئُہُمۡ بِمَا عَمِلُوۡا ؕ

۳۵۔ اِلَیَّ مَرۡجِعُکُمۡ فَاُنَبِّئُکُمۡ بِمَا کُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۸﴾

۳۶۔ ثُمَّ اِلَیَّ مَرۡجِعُکُمۡ فَاُنَبِّئُکُمۡ بِمَا کُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۹﴾

۳۷۔ اِلَیۡنَا مَرۡجِعُہُمۡ فَنُنَبِّئُہُمۡ بِمَا عَمِلُوۡا ؕ

۳۸۔ ثُمَّ اِلٰی رَبِّکُمۡ مَّرۡجِعُکُمۡ فَیُنَبِّئُکُمۡ بِمَا کُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ؕ

۳۹۔ فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا بِمَا عَمِلُوۡا ۫

۴۰۔ یَوۡمَ یَبۡعَثُہُمُ اللّٰہُ جَمِیۡعًا فَیُنَبِّئُہُمۡ بِمَا عَمِلُوۡا ؕ

۴۱۔ ثُمَّ یُنَبِّئُہُمۡ بِمَا عَمِلُوۡا یَوۡمَ الۡقِیٰمَۃِ ؕ

۴۲۔ اِنَّ رَبَّکَ یَقۡضِیۡ بَیۡنَہُمۡ یَوۡمَ الۡقِیٰمَۃِ فِیۡمَا کَانُوۡا فِیۡہِ یَخۡتَلِفُوۡنَ ﴿۱۷﴾

۳۰۔ پھر تمہیں اپنے پروردگار ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ سو وہ تمہیں تمہاری ان باتوں کو جتا دے گا جن میں تم (دنیا میں) اختلاف کیا کرتے تھے۔

۔الانعام ۶:۱۶۴۔

۳۱۔ پھر تم اس کی طرف لوٹائے جاؤ گے جو چھپے اور کھلے کا جاننے والا ہے۔ سو وہ تمہیں (تمہارے وہ اعمال) جتا دے گا جو تم (دنیا میں) کیا کرتے تھے۔

۔التوبۃ ۹:۹۴۔

۳۲۔ اور عنقریب ہی تم اس کی طرف لوٹائے جاؤ گے جو چھپے اور کھلے کا جاننے والا ہے۔ سو وہ تمہیں (تمہارے وہ اعمال) جتا دے گا جو تم (دنیا میں) کیا کرتے تھے۔

۔التوبۃ ۹:۱۰۵۔

۳۳۔ پھر تمہیں ہماری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے سو ہم تمہیں (تمہارے وہ اعمال) جتا دیں گے جو تم (دنیا میں) کیا کرتے تھے۔

۔یونس ۱۰:۲۳۔

۳۴۔ اور جس دن وہ اس کی طرف لوٹائے جائیں گے وہ انہیں جتلا دے گا جو جو انہوں نے کیا ہے۔

۔النور ۲۴:۶۴۔

۳۵۔ تمہیں میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے۔ سو میں تمہیں (تمہارے وہ اعمال) جتلا دوں گا جو تم (دنیا میں) کیا کرتے تھے۔

۔العنکبوت ۲۹:۸۔

۳۶۔ پھر تمہیں میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے۔ سو میں تمہیں (تمہارے وہ اعمال) جتلا دوں گا جو تم (دنیا میں) کیا کرتے تھے۔

۔لقمٰن ۳۱:۱۵۔

۳۷۔ ہماری ہی طرف انہیں لوٹ کر آنا ہے۔ سو ہم انہیں جتلا دیں گے جو جو کچھ انہوں نے کیا ہے۔

۔لقمٰن ۳۱:۲۳۔

۳۸۔ پھر تمہیں اپنے پروردگار ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ سو وہ تمہیں (تمہارے وہ اعمال) جتلا دے گا جو تم کرتے رہتے ہو۔

۔الزمر ۳۹:۷۔

۳۹۔ سو ہم ضرور ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا ہے جتلا دیں گے۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱:۵۰۔

۴۰۔ جس دن اللہ ان سب کو اکٹھا کرے گا تو انہیں جتلا دے گا جو جو کچھ انہوں نے کیا ہے۔

۔المجادلۃ ۵۸:۶۔

۴۱۔ پھر وہ قیامت کے دن انہیں جتلا دے گا جو جو کچھ انہوں نے کیا ہے۔

۔المجادلۃ ۵۸:۷۔

۴۲۔ (اے نبی ﷺ!) بے شک تیرا پروردگار قیامت کے دن ان کے درمیان ان باتوں کا فیصلہ کرے گا جن میں وہ اختلاف کرتے رہتے ہیں۔

۔یونس ۱۰:۹۳ والجاثیۃ ۴۵:۱۷۔

Marfat.com

۴۳۔ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ بِحُكْمِهٖ ۚ

۴۴۔ وَاللّٰهُ يَقْضِيْ بِالْحَقِّ ۭ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَقْضُوْنَ بِشَيْءٍ ۭ

۴۵۔ قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ ۭ وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ ۝

۴۶۔ وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيْهِ مِنْ شَيْءٍ فَحُكْمُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبِّيْ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۭ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ۝

۴۷۔ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ۝

۴۸۔ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ

۴۹۔ وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ۝

۵۰۔ وَيَمْكُرُوْنَ وَيَمْكُرُ اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ۝

۵۱۔ وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّنْۢ بَعْدِ ضَرَّاۗءَ مَسَّتْهُمْ اِذَا لَهُمْ مَّكْرٌ فِيْٓ اٰيَاتِنَا ۭ قُلِ اللّٰهُ اَسْرَعُ مَكْرًا ۭ اِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ ۝

۵۲۔ وَقَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلّٰهِ الْمَكْرُ جَمِيْعًا ۭ

۵۳۔ وَقَدْ مَكَرُوْا مَكْرَهُمْ وَعِنْدَ اللّٰهِ مَكْرُهُمْ ۭ وَاِنْ كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُوْلَ مِنْهُ الْجِبَالُ ۝

۴۳۔ (اے نبی ﷺ!) بے شک تیرا پروردگار اپنے حکم سے ان کے درمیان فیصلہ کرے گا۔

-النمل ۲۷: ۷۸-

۴۴۔ اور اللہ حق حکم کرتا ہے اور جنہیں وہ اس کے سوا پکارتے ہیں وہ کچھ حکم نہیں کرتے۔

-المؤمن ۴۰: ۲۰-

۴۵۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ ہمارا پروردگار ہم سب کو جمع کرے گا پھر ہمارے درمیان حق کے مطابق فیصلہ کرے گا اور وہی فیصلہ کرنے والا، جاننے والا ہے۔

-سبا ۳۴: ۲۶-

۴۶۔ اور (لوگو!) جس بات میں تم نے اختلاف کیا ہے اس کا فیصلہ اللہ ہی کی طرف ہے۔ یہی اللہ میرا پروردگار ہے۔ میں نے اسی پر بھروسہ کیا ہے اور اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں۔

-الشوریٰ ۴۲: ۱۰-

۱۰۔ اللہ بہترین فیصلہ کرنے والا ہے

۴۷۔ اے ہمارے پروردگار! ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان حق حق فیصلہ کر دے اور تو سب فیصلہ کرنے والوں سے بہتر ہے۔

-الاعراف ۷: ۸۹-

۱۱۔ اللہ استہزا کی جزا دیتا ہے

۴۸۔ اللہ ان کے ساتھ ٹھٹھا کرتا ہے۔

-البقرۃ ۲: ۱۵-

۱۲۔ اللہ مکر کی جزا دیتا ہے

۴۹۔ اور وہ ایک چال چلے اور اللہ بھی ایک چال چلا۔ اور اللہ سب چال چلنے والوں سے بہتر ہے۔

-آل عمران ۳: ۵۴-

۵۰۔ اور وہ چال چلتے ہیں اور اللہ بھی چال چلتا ہے اور اللہ سب چال چلنے والوں سے بہتر ہے۔

-الانفال ۸: ۳۰-

۵۱۔ اور جب ہم لوگوں کو کسی تکلیف کے بعد جو انہیں پہنچتی ہو، اپنی رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں تو اسی دم وہ ہماری آیتوں میں چالیں چلنے لگتے ہیں (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اللہ کی چال بڑی تیزی سے چلتی ہے۔ بے شک ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) لکھتے رہتے ہیں، تم جو جو چالیں چلتے ہو۔

-یونس ۱۰: ۲۱-

۵۲۔ اور بے شک وہ لوگ بھی جو ان سے پہلے ہوئے ہیں چال چلے تھے سو سب چال اللہ ہی کے لیے ہے۔

-الرعد ۱۳: ۴۲-

۵۳۔ اور بے شک انہوں نے اپنا داؤ چلایا اور ان کا داؤ اللہ کے ہاں (لکھا) ہے اور ان کا داؤ ایسا ہے کہ اس سے پہاڑ (اپنی جگہ سے) ٹل جائیں۔

-ابراہیم ۱۴: ۴۶-

۵۴۔ قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتَى اللّٰهُ بُنْيَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ مِنْ فَوْقِهِمْ

۵۵۔ وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝

۵۶۔ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝

۵۷۔ سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ

۱۔ يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَيَتُوْبَ عَلَيْكُمْ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْكُمْ ۖ وَيُرِيْدُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوٰتِ اَنْ تَمِيْلُوْا مَيْلًا عَظِيْمًا ۝

۲۔ اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ۝

۳۔ يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ

۴۔ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى ۗ قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ ۗ وَاِنْ تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ ۗ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ ۗ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَعْنَتَكُمْ ۗ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝

۵۔ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۗ

۵۴۔ بے شک ان سے پہلے لوگوں نے بھی داؤ کھیلا تھا۔ سو اللہ کا عذاب ان کی عمارتوں پر نیووں کی طرف سے آیا تو ان کے اوپر سے ان پر چھت گر پڑی۔

۔النحل ۱۶: ۲۶۔

۵۵۔ اور وہ ایک چال چلے اور ہم بھی ایک چال چلے اور انہیں خبر تک بھی نہ ہوئی۔

۔النمل ۲۷: ۵۰۔

۵۶۔ بے شک وہ ایک داؤ کھیلتے ہیں اور میں بھی ایک داؤ کھیلتا ہوں۔

۔الطارق ۸۶: ۱۵۔۱۶۔

۱۳۔ اللہ تمسخر کی جزا دیتا ہے

۵۷۔ اللہ ان سے تمسخر کرتا ہے۔

۔التوبۃ ۹: ۷۹۔

رحمت و رأفت

۱۔ اللہ نیک راہ بتلاتا ہے

۱۔ اللہ چاہتا ہے کہ تم سے (احکام) بیان کر دے اور تمہیں ان لوگوں کی راہ پر لگا دے جو تم سے پہلے ہو گزرے ہیں۔ اور تم پر مہربان ہو اور اللہ علم والا، حکمت والا ہے۔ اور اللہ چاہتا ہے کہ تم پر مہربان ہو اور جو لوگ خواہشاتِ نفسانی کے پیچھے پڑے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ تم (راہِ حق سے) بہت دور جا پڑو۔

۔النساء ۴۔ ۲۶۔۲۷۔

۲۔ بے شک (نیک) راہ دکھلانا ہمارا ذمہ ہے۔

۔اللیل ۹۲: ۱۲۔

۲۔ اللہ بندوں پر آسانی چاہتا ہے

۳۔ اللہ تم پر آسانی چاہتا ہے اور وہ تم پر سختی نہیں چاہتا۔

۔البقرۃ ۲: ۱۸۵۔

۴۔ اور (اے نبی ﷺ!) لوگ تجھ سے یتیموں کے بارے میں پوچھتے ہیں۔ کہہ دے کہ ان کی اصلاح بہتر ہے اور اگر تم ان میں مل کر رہو تو وہ تمہارے بھائی ہیں۔ اور اللہ مفسد اور اصلاح کرنے والے کو جانتا ہے اور اگر چاہتا تو تم پر دشواری ڈال دیتا۔ بے شک اللہ غالب ہے حکمت والا۔

۔البقرۃ۔ ۲: ۲۲۰۔

۳۔ اللہ بندوں کا بوجھ ہلکا کرنا چاہتا ہے

۵۔ یہ (دیت کا) حکم تمہارے پروردگار کی طرف سے بوجھ ہلکا اور اس کی رحمت ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۷۸۔

٦۔ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ﴿۲۸﴾

٧۔ مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۶﴾

٨۔ وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ؕ

٩۔ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ

١٠۔ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۚ

١١۔ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا مَآ اٰتٰىهَا ؕ

١٢۔ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ ۚ

١٣۔ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ؕ

١٤۔ يَدْعُوْكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ

١٥۔ وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا ؕ

١٦۔ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلٰى ظُلْمِهِمْ ۚ

١٧۔ نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۹﴾

٦۔ اللہ چاہتا ہے کہ تمہارا بوجھ ہلکا کرے اور انسان کمزور پیدا کیا گیا ہے۔

۔النساء ۴:۲۸۔

۴۔ اللہ نے دین میں تنگی نہیں رکھی

٧۔ اللہ یہ نہیں چاہتا کہ تم پر تنگی ڈالے لیکن وہ چاہتا ہے کہ تمہیں پاک کرے اور (یہ اس لیے) تا کہ وہ تم پر اپنی نعمت پوری کرے تا کہ تم (اس کا) شکر و کرو۔

۔المائدۃ ۵:۶۔

٨۔ اور اللہ کی راہ میں جہاد کرو جیسا اس کی راہ میں جہاد کرنے کا حق ہے۔ اس نے تمہیں برگزیدہ کیا اور دین میں تم پر کچھ تنگی نہیں کی۔

۔الحج ۲۲:۷۸۔

۵۔ اللہ کسی جان کو اس کی گنجائش سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا

٩۔ اللہ کسی جان کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا۔ اس کے فائدے کے لیے ہے جو وہ اچھے کام کرے اور اس پر وبال ہے جو وہ برے کام کرے۔

۔البقرۃ ۲:۲۸۶۔

١٠۔ ہم کسی جان کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے۔

۔الانعام ۶:۱۵۲ والاعراف ۷:۴۲ والمؤمنون ۲۳:۶۲۔

١١۔ اللہ کسی جان کو اس سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا جتنا اختیار اس نے اسے دیا ہے۔

۔الطلاق ۶۵:۷۔

۶۔ اللہ جنت اور مغفرت اور سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے

١٢۔ اور اللہ اپنے حکم سے جنت اور مغفرت کی طرف بلاتا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۲۲۱۔

١٣۔ اور اللہ سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے۔

۔یونس ۱۰:۲۵۔

١٤۔ وہ تمہیں اس لیے بلاتا ہے تا کہ تمہیں تمہارے گناہ بخش دے۔

۔ابراہیم ۱۴:۱۰۔

۷۔ اللہ مغفرت و فضل کا وعدہ فرماتا ہے

١٥۔ اور اللہ اپنی طرف سے تمہیں مغفرت اور فضل کا وعدہ دیتا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۲۶۸۔

۸۔ اللہ گناہ بخشنے والا ہے

١٦۔ اور (اے نبی ﷺ!) بے شک تیرا پروردگار لوگوں کے لیے باوجود ان کے ظلم کے بخشش کرنے والا ہے۔

۔الرعد ۱۳:۶۔

١٧۔ (اے نبی ﷺ!) میرے بندوں کو خبر دے دے کہ میں ہی بخشنے والا، مہربان ہوں۔

۔الحجر ۱۵:۴۹۔

Marfat.com

۱۸۔ بے شک اللہ تمام گناہ بخش دیتا ہے۔ بے شک وہی بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔الزمر ۳۹:۵۳۔

۱۹۔ وہ گناہ بخشنے والا اور توبہ قبول کرنے والا ہے۔

۔المؤمن ۴۰:۳۔

۲۰۔ (اے نبی ﷺ!) تجھ سے صرف وہی بات کہی جاتی ہے جو تجھ سے پہلے رسولوں سے کہی گئی تھی۔ بے شک تیرا پروردگار مغفرت والا اور دردناک عذاب والا ہے۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱:۴۳۔

۲۱۔ (اے نبی ﷺ!) جو لوگ بڑے بڑے گناہوں اور بدکاریوں سے بچتے ہیں مگر چھوٹے چھوٹے گناہ ان سے ہو جاتے ہیں، بے شک تیرا پروردگار وسیع مغفرت والا ہے۔

۔النجم ۵۳:۳۲۔

۲۲۔ وہ تمہیں اپنی رحمت سے دہرا حصہ دے گا اور تمہارے لیے روشنی کر دے گا جس میں چلو گے اور تمہارے گناہ بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔الحدید ۵۷:۲۸۔

۲۴۔ وہ (اللہ) اس کا حق دار ہے کہ اس کا خوف کیا جائے اور وہ بخشش والا ہے۔

۔المدثر ۷۴:۵۶۔

۹۔ اللہ کے سوا کوئی گناہ بخشنے والا نہیں ہے

۲۴۔ اور اللہ کے سوا اور کون گناہ بخشتا ہے۔

۔آل عمران ۳:۱۳۵۔

۱۰۔ اللہ خطائیں معاف فرماتا ہے

۲۵۔ اور وہ (اللہ) وہ ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور خطائیں معاف فرماتا ہے اور جو تم کرتے ہو، جانتا ہے۔

۔الشوریٰ۔ ۴۲:۲۵۔

۱۸۔ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۵۳﴾

۱۹۔ غَافِرِ الذَّنْۢبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ

۲۰۔ مَا يُقَالُ لَكَ اِلَّا مَا قَدْ قِيْلَ لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ وَّذُوْ عِقَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۴۳﴾

۲۱۔ اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ؕ

۲۲۔ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ بِهٖ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۸﴾

۲۳۔ هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ﴿۵۶﴾

۲۴۔ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۫

۲۵۔ وَهُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَعْفُوْا عَنِ السَّيِّاٰتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۲۵﴾

۲۶۔ وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ﴿۳۰﴾

۲۷۔ وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۰۲﴾

۲۸۔ وَهُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَعْفُوْا عَنِ السَّيِّاٰتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۲۵﴾

۲۶۔ اور تمہیں جو مصیبت بھی پہنچتی ہے وہ ان اعمال کا بدلہ ہے جو تمہارے ہاتھوں نے کئے ہیں اور بہت سی خطائیں وہ معاف کر دیتا ہے۔

۔الشوریٰ۔ ۴۲:۳۰۔

۱۱۔ اللہ بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے

۲۷۔ اور کچھ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے گناہوں کا اقرار کر لیا۔ انہوں نے ملے جلے عمل کئے، ایک عمل اچھا اور دوسرا برا۔ امید ہے کہ اللہ ان کی توبہ قبول فرمائے۔ بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔التوبۃ ۹:۱۰۲۔

۲۸۔ اور وہ (اللہ) وہ ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور خطائیں معاف فرماتا ہے اور جو تم کرتے ہو، جانتا ہے۔

۔الشوریٰ۔ ۴۲:۲۵۔

Marfat.com

۲۹۔وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ؕ

۳۰۔وَيَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

۳۱۔مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ؕ

۳۲۔ قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً ۚ لَئِنْ اَنْجٰنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۶۳﴾ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿۶۴﴾

۳۳۔وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ

۳۴۔وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ

۳۵۔ كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ؕ

۳۶۔فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ رَّبُّكُمْ ذُوْ رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ۚ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۴۷﴾

۳۷۔وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ ؕ

۳۸۔رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا

۳۹۔قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ﴿۵۶﴾

۱۲۔ اللہ بندوں کی دعا قبول فرماتا ہے

۲۹۔اور تمہارے پروردگار نے فرمایا کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری دعا قبول کروں گا۔

۔المؤمن ۴۰:۶۰۔

۳۰۔اور وہ ان کی دعا قبول کرتا ہے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے۔

۔الشوریٰ ۴۲:۲۶۔

۱۳۔ اللہ جو شریعت منسوخ کرتا ہے اس سے بہتر شریعت دیتا ہے

۳۱۔جو آیت ہم منسوخ کرتے ہیں یا اسے (تیرے دل سے) بھلا دیتے ہیں تو ہم اس کی جگہ اس سے بہتر یا اس کی مانند لاتے ہیں۔

۔البقرۃ ۲:۱۰۶۔

۱۴۔ اللہ مصیبتوں اور سختیوں سے نجات دیتا ہے

۳۲۔(اے نبی ﷺ!) پوچھ کہ تمہیں جنگل اور دریا کی تاریکیوں سے کون نجات دیتا ہے۔ جسے تم گڑگڑا گڑگڑا اور چپکے چپکے پکارتے ہو کہ اگر اس نے ہمیں اس سختی سے نجات دے دی تو ہم ضرور ہی اس کے شکر گزار ہوں گے۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اللہ ہی تمہیں اس سے اور ہر ایک سختی سے نجات دیتا ہے۔ پھر بھی تم اس کے شریک ٹھہراتے ہو۔

۔الانعام ۶:۶۳۔۶۴۔

۱۵۔ اللہ رحمت والا ہے

۳۳۔اور (اے نبی ﷺ!) تیرا پروردگار بے پروا ہے، رحمت والا۔

۔الانعام ۶:۱۳۳۔

۳۴۔اور (اے نبی ﷺ!) تیرا پروردگار بخشنے والا، رحمت والا ہے۔

۔الکہف ۱۸:۵۸۔

۱۶۔ اللہ نے رحمت اپنے اوپر لکھ لی ہے

۳۵۔اس نے اپنے اوپر رحمت لازم کر لی ہے۔۔

۔الانعام ۶:۱۲۔

۱۷۔ اللہ کی رحمت وسیع ہے

۳۶۔پھر (اے نبی ﷺ!) اگر وہ تجھے جھٹلائیں تو کہہ دے کہ تمہارا پروردگار بڑی رحمت والا ہے اور گنہگار لوگوں سے اس کا عذاب ہٹایا نہیں جاتا۔

۔الانعام ۶:۱۴۷۔

۳۷۔اور میری رحمت ہر شے کو اپنے اندر سما لیتی ہے۔

۔الاعراف ۷:۱۵۶۔

۳۸۔ہمارا پروردگار رحمت اور علم کے لحاظ سے ہر شے پر حاوی ہے۔

۔المؤمن ۴۰:۷۔

۱۸۔ اللہ کی رحمت سے ناامید نہیں ہونا چاہیے

۳۹۔(ابراہیم علیہ السلام نے) کہا کہ اپنے پروردگار کی رحمت سے

Marfat.com

سوائے گمراہوں کے اور کون ناامید ہوتا ہے۔

-الحجر ۱۵:۵۶-

۴۰۔(اے نبی ﷺ! میری طرف سے) کہہ دے کہ اے میرے بندو جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتیاں کی ہیں، اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو۔

-الزمر ۳۹:۵۳-

۱۹۔ اللہ نے رحمت سے دن اور رات بنائے

۴۱۔اور اس نے اپنی رحمت سے تمہارے لیے رات اور دن بنائے تاکہ تم رات میں آرام کرو اور تاکہ دن میں اس کا فضل (روزی) تلاش کرو اور تاکہ تم شکر کرو۔

-القصص ۲۸:۷۳-

۲۰۔ کشتیوں اور جہازوں کا غرق نہ ہونا اللہ کی رحمت سے ہے

۴۲۔اور اگر ہم چاہیں تو انہیں (دریا میں) غرق کر دیں پھر نہ ان کا کوئی مددگار ہو اور نہ وہ چھڑائے جائیں مگر یہ ہماری رحمت ہے اور ہم نے انہیں ایک وقت تک فائدہ پہنچایا ہے۔

-یٰسٓ ۳۶:۴۳-

۲۱۔ اگر اللہ لوگوں کو ان کے اعمال اور ظلموں پر پکڑتا تو روئے زمین پر کوئی جان دار جیتا نہ چھوڑتا اور بہت جلد انہیں عذاب دیتا

۴۳۔اور اگر اللہ لوگوں کو ان کے ظلم کی وجہ سے پکڑے تو روئے زمین پر کوئی چلنے والا نہ چھوڑے لیکن وہ انہیں ایک مقرر وقت تک مہلت دیتا ہے۔

-النحل ۱۶:۶۱-

۴۴۔اور (اے نبی ﷺ!) تیرا پروردگار بخشنے والا، رحمت والا ہے اگر وہ ان کی کرتوتوں کے سبب انہیں پکڑے تو جلد ہی ان پر عذاب بھیج دے۔ مگر ان کے لیے

۴۔قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ

۴۱۔وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾

۴۲۔وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ﴿۴۳﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿۴۴﴾

۴۳۔وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ

۴۴۔وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ لَوْ يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ ؕ بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ مَوْئِلًا ﴿۵۸﴾

۴۵۔وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوْا مَا تَرَكَ عَلٰى ظَهْرِهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِيْرًا ﴿۴۵﴾

۴۶۔هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ﴿۴۳﴾

۴۷۔وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ﴿۱۴﴾

ایک وعدہ ہے کہ اس سے بچ کر وہ کہیں پناہ نہیں پائیں گے۔

-الکہف ۱۸:۵۸-

۴۵۔اور اگر اللہ لوگوں کو ان کے اعمال کی سزا میں پکڑے تو روئے زمین پر کوئی چلنے والا نہ چھوڑے مگر وہ انہیں ایک خاص وقت تک مہلت دیتا ہے۔ پھر جب ان کا وقت آجائے گا تو بے شک اللہ اپنے بندوں کو دیکھتا ہے۔

-فاطر ۳۵:۴۵-

۲۲۔ مومنوں پر اللہ کی خاص رحمت

۴۶۔وہ (اللہ) وہ ہے جو تم پر رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے بھی۔ تاکہ وہ تمہیں (کفر کی) تاریکیوں سے نکال کر (ایمان کی) روشنی میں لائے۔ اور وہ مومنوں پر مہربان ہے۔

-الاحزاب ۳۳:۴۳-

۲۳۔ اللہ محبت کرنے والا ہے

۴۷۔اور وہ بخشنے والا، محبت کرنے والا ہے۔

-البروج ۸۵:۱۴-

Marfat.com

۴۸۔اور وہ ان لوگوں کی دعا قبول کرتا ہے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے اور اپنے فضل سے زیادہ دیتا ہے اور جو کافر ہیں ان کے لیے سخت عذاب ہے۔

-الشوریٰ- ۴۲: ۲۶-

۲۴۔ اللہ لوگوں پر فضل رکھتا ہے

۴۹۔بے شک اللہ لوگوں پر فضل کرنے والا ہے لیکن اکثر آدمی شکر نہیں کرتے۔

-البقرۃ ۲: ۲۴۳ والمؤمن ۴۰: ۶۱-

۵۰۔بے شک اللہ لوگوں پر فضل کرنے والا ہے لیکن اکثر ان میں سے اس کا شکر نہیں کرتے۔

-یونس ۱۰: ۶۰-

۵۱۔اور (اے نبی ﷺ!) بے شک تیرا پروردگار لوگوں پر فضل کرنے والا ہے لیکن ان میں سے اکثر اس کا شکر نہیں کرتے۔

-النمل ۲۷: ۷۳-

۲۵۔ اللہ جہاں والوں پر فضل رکھتا ہے

۵۲۔لیکن اللہ جہان والوں پر فضل کرنے والا ہے۔

-البقرۃ ۲: ۲۵۱-

۲۶۔ اللہ مومنوں پر فضل رکھتا ہے

۵۳۔اور اللہ مومنوں پر فضل کرنے والا ہے۔

-آل عمران ۳: ۱۵۲-

۲۷۔ اللہ بڑے فضل والا ہے

۵۴۔اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

-البقرۃ ۲: ۱۰۵ وآل عمران ۳: ۷۴ والانفال- ۸: ۲۹ والجمعۃ ۶۲: ۴ والحدید ۵۷: ۲۱، ۲۹-

۲۸۔ اللہ نے علم سکھلایا

۵۵۔(اے نبی ﷺ!) پڑھ اور تیرا پروردگار کرم کرنے والا ہے۔ جس نے قلم کے ذریعہ علم سکھلایا۔ انسان کو وہ کچھ سکھلایا جو وہ نہیں جانتا تھا۔

-العلق ۹۶: ۳-۵-

۴۸۔ وَيَسْتَجِيبُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَيَزِيدُهُم مِّن فَضْلِهِ ۗ وَالْكَافِرُونَ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ﴿٢٦﴾

۴۹۔ إِنَّ اللَّهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُونَ ﴿٣٧﴾

۵۰۔ إِنَّ اللَّهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُونَ ﴿٦٠﴾

۵۱۔ وَإِنَّ رَبَّكَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُونَ ﴿٧٣﴾

۵۲۔ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ ذُو فَضْلٍ عَلَى الْعَالَمِينَ ﴿٢٥١﴾

۵۳۔ وَاللَّهُ ذُو فَضْلٍ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ ﴿١٥٢﴾

۵۴۔ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ﴿٢٩﴾

۵۵۔ اقْرَأْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ ﴿٣﴾ الَّذِي عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ﴿٤﴾ عَلَّمَ الْإِنسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ﴿٥﴾

۵۶۔ وَآمَنَهُم مِّنْ خَوْفٍ ﴿٤﴾

۵۷۔ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ۖ حَتَّىٰ إِذَا جَاءَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُونَ ﴿٦١﴾

۵۸۔ لَهُ مُعَقِّبَاتٌ مِّن بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ يَحْفَظُونَهُ مِنْ أَمْرِ اللَّهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتَّىٰ يُغَيِّرُوا مَا بِأَنفُسِهِمْ ۗ وَإِذَا أَرَادَ اللَّهُ بِقَوْمٍ سُوءًا فَلَا مَرَدَّ لَهُ ۚ وَمَا لَهُم مِّن دُونِهِ مِن وَالٍ ﴿١١﴾

۲۹۔ اللہ نے خوف سے امن دیا

۵۶۔اور اللہ نے انہیں خوف سے امن دیا۔

-قریش ۱۰۶: ۴-

۳۰۔ اللہ کی طرف سے بندوں پر نگہبان مقرر ہیں

۵۷۔اور اللہ تم پر نگہبان بھیجتا ہے یہاں تک کہ جب تم میں سے کسی کو موت آتی ہے تو ہمارے بھیجے فرشتے اس کو مار ڈالتے ہیں اور وہ کوتاہی نہیں کرتے۔

-الانعام ۶: ۶۱-

۵۸۔اس (آدمی) کے لیے چوکیدار ہیں اس کے آگے سے اور اس کے پیچھے کی طرف سے، اللہ کے حکم سے اس کی حفاظت کرتے ہیں۔ بے شک اللہ کسی قوم کی حالت نہیں بدلتا جب تک وہ اپنے دلوں کی حالت نہیں بدلتے اور جب اللہ کسی قوم کے ساتھ برائی کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو اس کے لیے ٹلتا نہیں اور ان کے لیے اس کے سوا کوئی کارساز نہیں ہے۔

-الرعد ۱۳: ۱۱-

Marfat.com

۵۹۔جس وقت دو لینے والے لے لیتے ہیں، ایک دہنی طرف اور ایک بائیں طرف بیٹھا ہے۔آدمی جو بات بھی بولتا ہے اس کے پاس ایک چوکیدار تیار ہے۔

۔قٓ ۵۰: ۱۷۔۱۸۔

جائیں گے۔تو پیشانی کے بالوں اور پاؤں سے پکڑ لیے جائیں گے۔تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو نہ مانو گے؟ یہی وہ دوزخ ہے جسے گنہگار لوگ جھوٹ سمجھتے تھے۔وہ کھولتے پانی کے درمیان دوڑتے پھریں گے۔تو تم اپنے پرودگار کی کون کون سی نعمت کو نہ مانو گے؟ اور جو شخص اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرا اس کے لیے دو باغ ہیں۔تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو نہ مانو گے؟ وہ باغ بہت سی ٹہنیوں والے ہوں گے۔تو تم اپنے پرودگار کی کون کون سی نعمت کو نہ مانو گے؟ ان میں دو چشمے بھی بہ رہے ہوں گے۔تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو نہ مانو گے؟ ان میں سب میوے دو دو قسم کے ہوں گے۔تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو نہ مانو گے؟ (اہلِ جنت) ایسے فرشوں پر جن کے بستر اطلس کے ہیں تکیے لگائے ہوئے ہوں گے۔اور دونوں باغوں کے میوے جھک رہے ہوں گے۔تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو نہ مانو گے؟ ان میں نیچی نظر رکھنے والی عورتیں ہوں گی جن کو ان سے پہلے نہ کسی انسان نے چھوا ہوگا نہ کسی جن نے۔تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو نہ مانو گے؟ گویا وہ یاقوت اور مرجان ہیں تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو نہ مانو گے؟ بھلا نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا کچھ اور بھی ہے؟ تو تم اپنے پرودگار کی کون کون سی نعمت کو نہ مانو گے؟ اور ان دو باغوں کے علاوہ دو باغ اور ہیں۔تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو نہ مانو گے؟ دونوں نہایت سرسبز و شاداب ہیں۔تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو نہ مانو گے؟ ان میں دو چشمے ابل رہے ہوں گے۔تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو نہ مانو گے؟ ان میں میوے اور کھجوریں اور انار کے درخت ہوں گے۔تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو نہ مانو گے؟ اس میں نیک سیرت اور خوب صورت عورتیں ہوں گی۔تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو نہ مانو گے؟ اور وہ حوریں خیموں کے اندر علیحدہ بیٹھی ہوں گی۔تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو نہ مانو گے؟ ان کو اہلِ جنت سے پہلے نہ کسی انسان نے چھوا ہوگا اور نہ کسی جن نے۔تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو نہ مانو گے؟ سبز قالینوں اور نفیس مسندوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے۔تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو نہ مانو گے؟ (اے پیغمبر ﷺ!) تیرا پروردگار جو صاحبِ جلال و عظمت ہے اس کا نام بڑا بابرکت ہے۔

-الرحمٰن ۵۵: ۱-۷۸-۰

Marfat.com

مشیتِ باری تعالیٰ شانہٗ

۱۔ ہدایت اور گمراہی سب اللہ ہی کی طرف سے ہے

۱۔ اللہ اس (مثال) سے بہتوں کو گمراہ کرتا ہے اور بہتوں کو اس سے ہدایت کرتا ہے۔

-البقرۃ ۲: ۲۶-

۲۔ اور (اے نبی ﷺ!) ان میں سے بعض وہ ہیں جو تیری طرف کان لگاتے ہیں۔ تو کیا تو بہروں کو سنادے گا اگرچہ وہ کچھ نہ سمجھتے ہوں۔

-یونس ۱۰: ۴۲-

۳۔ اور ان میں سے بعض وہ ہیں جو تیری طرف دیکھتے ہیں تو کیا تو اندھوں کو دکھادے گا اگرچہ انہیں نظر نہ آتا ہو۔

-یونس ۱۰: ۴۳-

۴۔ اور (اے نبی ﷺ!) بے شک ہم نے تجھ سے پہلے پہلے، پیغمبروں کی امتوں میں بھی رسول بھیجے تھے اور جو رسول بھی ان کے پاس آتا تھا اسی کی وہ ہنسی اڑاتے تھے۔ اسی طرح کا انکار ہم گنہگاروں کے دلوں میں داخل کر دیتے ہیں کہ وہ اس پر ایمان نہیں لاتے اور پہلوں کی روش پڑ چکی ہے۔

-الحجر ۱۵: ۱۰-۱۳-

۵۔ (اے نبی ﷺ!) اگر تو ان کی ہدایت پر حریص ہو تو کچھ شک نہیں کہ اللہ اس کو ہدایت نہیں کرتا جو دوسروں کو گمراہ کرتا ہے اور ان کے لیے کوئی مددگار نہیں ہے۔

-النحل ۱۶: ۳۷-

۶۔ اور اللہ حق کہتا ہے اور وہی راہ دکھلاتا ہے۔

-الاحزاب ۳۳: ۴-

۲۔ اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے

۷۔ وہ جسے چاہتا ہے سیدھی راہ پر لگا دیتا ہے۔

-البقرۃ ۲: ۱۴۲-

۱۔ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا ۙ وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ۭ

۲۔ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ ۭ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوْا لَا يَعْقِلُوْنَ ۝۴۲

۳۔ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْظُرُ اِلَيْكَ ۭ اَفَاَنْتَ تَهْدِي الْعُمْيَ وَلَوْ كَانُوْا لَا يُبْصِرُوْنَ ۝۴۳

۴۔ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ شِيَعِ الْاَوَّلِيْنَ ۝۱۰ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۱۱ كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝۱۲ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ ۝۱۳

۵۔ اِنْ تَحْرِصْ عَلٰي هُدٰىهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ يُّضِلُّ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝۳۷

۶۔ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ ۝۴

۷۔ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۲۱۳

۸۔ لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ

۹۔ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۲۵

۱۰۔ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۭ

۱۱۔ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ۭ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۲۵

۱۲۔ وَاَنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ ۝۱۶

۸۔ (اے نبی ﷺ!) ان کو ہدایت پر لانا تیرا کام نہیں ہے لیکن اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے۔

-البقرۃ ۲: ۲۷۲-

۹۔ اور اللہ جسے چاہتا ہے سیدھی راہ پر لگا دیتا ہے۔

-البقرۃ ۲: ۲۱۳-

۱۰۔ یہ اللہ کی ہدایت ہے وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے یہ ہدایت دیتا ہے۔

-الانعام ۶: ۸۸-

۱۱۔ اور اللہ سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے اور جسے چاہتا ہے سیدھی راہ پر لگاتا ہے۔

-یونس ۱۰: ۲۵-

۱۲۔ اور بے شک اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے۔

-الحج ۲۲: ۱۶-

Marfat.com

۱۳۔ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

۱۴۔ اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾

۱۵۔ وَمَا يَسْتَوِي الْاَحْيَآءُ وَلَا الْاَمْوَاتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ ﴿۲۲﴾ اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِيْرٌ ﴿۲۳﴾

۱۶۔ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

۱۷۔ نَهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ؕ

۱۸۔ مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ ؕ وَمَنْ يَّشَاْ يَجْعَلْهُ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۳۹﴾

۱۹۔ تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَآءُ وَتَهْدِيْ مَنْ تَشَآءُ ؕ

۲۰۔ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ ﴿۲۷﴾

۲۱۔ فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

۲۲۔ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾

۲۳۔ اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا ؕ فَاِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۫ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرٰتٍ ؕ

۲۴۔ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

۱۳۔ اللہ جسے چاہتا ہے اپنے نور کی طرف ہدایت کرتا ہے۔

۔النور ۲۴:۳۵۔

۱۴۔ (اے نبی ﷺ!) اس میں ذرا بھی شک نہیں کہ تو جسے چاہے ہدایت نہیں کر سکتا۔ لیکن اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے اور وہی ان لوگوں کو خوب طرح جانتا ہے جو ہدایت پر ہیں۔

۔القصص۔ ۲۸:۵۶۔

۱۵۔ اور زندے اور مردے برابر نہیں ہیں۔ بے شک اللہ جسے چاہتا ہے سنا دیتا ہے اور تو انہیں نہیں سنا سکتا جو قبروں میں (گڑے) ہیں۔ تو تو صرف ایک ڈرانے والا ہے۔

۔فاطر ۳۵:۲۲۔۲۳۔

۱۶۔ یہ اللہ کی ہدایت ہے وہ جسے چاہتا ہے یہ ہدایت دیتا ہے۔

۔الزمر ۳۹:۲۳۔

۱۷۔ ہم اپنے بندوں میں سے جسے چاہتے ہیں اس (قرآن) سے ہدایت کرتے ہیں۔

۔الشوریٰ۔ ۴۲:۵۲۔

۳۔ اللہ جسے چاہے گمراہ کرے جسے چاہے ہدایت دے

۱۸۔ اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے سیدھی راہ پر لگا دیتا ہے۔

۔الانعام ۶:۳۹۔

۱۹۔ (اے اللہ!) تو اس (فتنے) سے جسے چاہے گمراہ کرے اور جسے چاہے ہدایت کرے۔

۔الاعراف ۷:۱۵۵۔

۲۰۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ بے شک اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جو اس کی طرف رجوع ہوتا ہے اسے اپنی طرف لگاتا ہے۔

۔الرعد۔ ۱۳:۲۷۔

۲۱۔ سو اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے۔

۔ابراہیم۔ ۱۴:۴۔

۲۲۔ اور اگر اللہ چاہتا تو وہ ضرور تم سب کو ایک ہی فریق کر دیتا لیکن وہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے اور تم سے ان عملوں کی بابت ضرور پوچھا جائے گا جو (دنیا میں) کیا کرتے تھے۔

۔النحل ۱۶:۹۳۔

۲۳۔ تو کیا وہ شخص جس کو اس کے برے عمل اچھے کر کے دکھلائے گئے اور اس نے ان کو اچھا سمجھا (ہدایت پا سکتا ہے؟) بے شک اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے۔ تو ان پر حسرت کھا کھا کر کہیں تیری جان ہی نہ نکل جائے۔

۔فاطر ۳۵:۸۔

۲۴۔ یوں ہی اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے۔

۔المدثر ۷۴:۳۱۔

۴۔ جسے اللہ گمراہ کرے اسے کوئی ہدایت کرنے والا نہیں

۲۵۔کیا تم یہ چاہتے ہو کہ جسے اللہ نے گمراہ کیا ہے اسے ہدایت کرو اور (اے نبی ﷺ!) جسے اللہ گمراہ کرے اس کے لیے تو ہرگز کوئی راہ ہدایت نہ پائے گا۔

۔النساء ۴:۸۸۔

۲۶۔اور جسے اللہ گمراہ کرے اس کے لیے تو ہرگز کوئی راہ نہ پائے گا۔

۔النساء۔ ۴:۱۴۳۔

۲۷۔اور جسے اللہ گمراہ کرنا چاہے اس کے لیے تو اللہ کی طرف سے کچھ اختیار نہیں رکھتا۔ یہ وہ لوگ ہیں کہ اللہ ہی کو یہ منظور نہیں کہ ان کے دلوں کو پاک کرے۔

۔المائدۃ ۵: ۴۱۔

۲۸۔جسے اللہ ہدایت کرے وہی ہدایت پر ہے اور جسے گمراہ کرے وہی لوگ گھاٹے میں ہیں۔

۔الاعراف ۷:۱۷۸۔

۲۹۔جسے اللہ گمراہ کرے اسے کوئی ہدایت کرنے والا نہیں ہے۔

۔الاعراف ۷:۱۸۶۔

۳۰۔اور جسے اللہ گمراہ کرے اسے کوئی ہدایت کرنے والا نہیں ہے۔

۔الرعد ۱۳: ۳۳ والزمر ۳۹: ۲۳، ۳۶ والمؤمن ۴۰: ۳۳۔

۳۱۔اور جسے اللہ ہدایت کرے وہی ہدایت پر ہے اور جسے وہ گمراہ کرے ان کے لیے تو اس کے سوا ہرگز دوست نہ پائے گا۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۹۷۔

۲۵۔ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿۸۸﴾

۲۶۔ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿۴۳﴾

۲۷۔ وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ يُّطَهِّرَ قُلُوْبَهُمْ ؕ

۲۸۔ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۷۸﴾

۲۹۔ مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ ؕ

۳۰۔ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۶﴾

۳۱۔ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ

۳۲۔ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ﴿۱۷﴾

۳۳۔ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿۴۰﴾

۳۴۔ بَلِ اتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ فَمَنْ يَّهْدِيْ مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۹﴾

۳۵۔ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ وَّلِيٍّ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ

۳۲۔ جسے اللہ ہدایت کرے وہی ہدایت پر ہے اور جسے وہ گمراہ کرے اس کے لیے تو ہرگز کوئی راہ بتانے والا دوست نہ پائے گا۔

۔الکہف ۱۸: ۱۷۔

۳۳۔اور جسے اللہ نے روشنی نہیں دی اس کے لیے کوئی روشنی نہیں ہے۔

۔النور۔ ۲۴: ۴۰۔

۳۴۔ بلکہ ظالم بغیر علم کے اپنی خواہشاتِ نفسانی پر چلتے ہیں۔ سو جسے اللہ گمراہ کرے اسے کون ہدایت کر سکتا ہے اور ان کا کوئی مدد گار نہیں ہے۔

۔الروم۔ ۳۰: ۲۹۔

۳۵۔اور جسے اللہ گم راہ کرے تو اس کے گمراہ کرنے کے بعد اس کا کوئی کارساز نہیں ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۴۴۔

Marfat.com

۳۶۔اور جسے اللہ گم راہ کرے اس کے لیے کوئی راہ ہدایت نہیں ہے۔

-الشوریٰ ۴۲:۴۶۔

۳۷۔سو اللہ کے گمراہ کرنے کے بعد اسے کون ہدایت کرے۔تو کیا تم نصیحت نہیں پکڑتے؟

-الجاثیۃ ۴۵:۲۳۔

۵۔ جسے اللہ ہدایت کر دے اسے کوئی گمراہ کرنے والا نہیں

۳۸۔اور جسے اللہ ہدایت کرے اس کو کوئی گمراہ کرنے والا نہیں۔

-الزمر ۳۹:۳۷۔

۶۔ اللہ مومنوں کو سیدھی راہ پر لگاتا ہے

۳۹۔اور بے شک اللہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں، سیدھی راہ پر لگانے والا ہے۔

-الحج ۲۲:۵۴۔

۴۰۔اور جو رجوع ہوتا ہے، اسے وہ اپنی طرف لگاتا ہے۔

-الشوریٰ ۴۲:۱۳۔

۷۔ اللہ بدکاروں کو ہدایت نہیں کرتا

۴۱۔اور اللہ بدکاروں کو ہدایت نہیں کرتا۔

-المائدۃ ۵:۱۰۸ والتوبۃ ۹:۲۴، ۸۰ والصف ۶۱:۵۔

۴۲۔بے شک اللہ بدکار لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

-المنافقون ۶۳:۶۔

۸۔ اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں کرتا

۴۳۔اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

-البقرۃ ۲:۲۵۸ وآل عمران ۳:۸۶ والتوبۃ ۹:۱۹ والصف ۶۱:۷ والجمعۃ ۶۲:۵۔

۴۴۔بے شک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

-المائدۃ ۵: ۵۱ والانعام ۶:۱۴۴ و القصص ۲۸: ۵۰ و الاحقاف ۴۶:۱۰۔

۳۶۔وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ﴿۳۶﴾

۳۷۔فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۳۷﴾

۳۸۔وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ

۳۹۔وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۴﴾

۴۰۔وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ﴿۱۳﴾

۴۱۔وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۶﴾

۴۲۔اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۱﴾

۴۳۔وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾

۴۴۔اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾

۴۵۔وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۶﴾

۴۶۔اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۶۷﴾

۴۷۔وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۶﴾

۴۸۔اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ كٰذِبٌ كَفَّارٌ ﴿۳﴾

۴۹۔اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ﴿۲۸﴾

۹۔ اللہ کافروں کو ہدایت نہیں کرتا

۴۵۔اور اللہ کافر لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

-البقرۃ ۲:۲۶۴ والتوبۃ ۹:۳۷۔

۴۶۔بے شک اللہ کافر لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

-المائدۃ ۵:۶۷۔

۴۷۔اور یہ کہ اللہ کافر لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

-النحل ۱۶:۱۰۷۔

۱۰۔ اللہ جھوٹوں کو ہدایت نہیں کرتا

۴۸۔بے شک اللہ کسی جھوٹے ناشکر گزار کو ہدایت نہیں کرتا۔

-الزمر ۳۹:۳۔

۴۹۔بے شک اللہ کسی جھوٹے حد سے نکل جانے والے کو ہدایت نہیں کرتا۔

-المؤمن ۴۰:۲۸۔

Marfat.com

۵۰۔فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ

۵۱۔وَيَمُدُّهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ﴿۱۵﴾

۵۲۔وَنُقَلِّبُ أَفْئِدَتَهُمْ وَأَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوا بِهِ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَنَذَرُهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ﴿۱۱۰﴾

۵۳۔وَيَذَرُهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ﴿۱۸۶﴾

۵۴۔فَنَذَرُ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَنَا فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ﴿۱۱﴾

۵۵۔وَمَا يُضِلُّ بِهِ إِلَّا الْفَاسِقِينَ ﴿۲۶﴾ الَّذِينَ يَنْقُضُونَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مِيثَاقِهِ ۠ وَيَقْطَعُونَ مَا أَمَرَ اللّٰهُ بِهِ أَنْ يُوصَلَ وَيُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ ۚ أُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ﴿۲۷﴾

۵۶۔كَذَٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ الْكَافِرِينَ ﴿۷۴﴾

۵۷۔وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظَّالِمِينَ ۖ

۵۸۔كَذَٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ مُرْتَابٌ ﴿۳۴﴾

۵۹۔سَأَصْرِفُ عَنْ آيَاتِيَ الَّذِينَ يَتَكَبَّرُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۚ وَإِنْ يَرَوْا كُلَّ آيَةٍ لَا يُؤْمِنُوا بِهَا ۖ وَإِنْ يَرَوْا سَبِيلَ الرُّشْدِ لَا يَتَّخِذُوهُ سَبِيلًا ۖ وَإِنْ يَرَوْا سَبِيلَ الْغَيِّ يَتَّخِذُوهُ سَبِيلًا ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَكَانُوا عَنْهَا غَافِلِينَ ﴿۱۴۶﴾

۱۱۔ اللہ نے منافقوں کا مرض بڑھایا

۵۰۔سو اللہ نے ان کا مرض (نفاق) اور بڑھا دیا۔

۔البقرۃ ۲:۱۰۔

۱۲۔ اللہ منافقوں اور کافروں کی گمراہی بڑھاتا ہے

۵۱۔اور اللہ انہیں انہیں کی گمراہی میں بڑھاتا ہے کہ بھٹکتے رہیں۔

۔البقرۃ ۲:۱۵۔

۵۲۔اور ہم ان کے دلوں اور ان کی آنکھوں کو (حق کی طرف سے) پھیر دیں گے جیسا کہ وہ اس پر پہلی دفعہ ایمان نہیں لائے تھے اور ہم انہیں ان کی گمراہی میں بھٹکتا چھوڑ دیں گے۔

۔الانعام ۶:۱۱۰۔

۵۳۔اور وہ انہیں ان کی گمراہی میں بھٹکتا چھوڑتا ہے۔

۔الاعراف ۷:۱۸۶۔

۵۴۔سو جو لوگ ہم سے ملنے کی توقع نہیں رکھتے ہم انہیں ان کی گمراہی میں بھٹکتا چھوڑ دیتے ہیں۔

۔یونس ۱۰:۱۱۔

۱۳۔ اللہ بدکاروں کو گمراہ کرتا ہے

۵۵۔اور اس (مثال) سے اللہ بدکاروں ہی کو گمراہ کرتا ہے۔ جو اللہ کے عہد کو اس کے پکا کرنے کے بعد توڑ ڈالتے ہیں۔اور جس رشتہ کے ملائے رکھنے کا اللہ نے حکم دیا ہے اس کو کاٹ ڈالتے ہیں اور ملک میں فساد ڈالتے ہیں وہی لوگ گھاٹے میں ہیں۔

۔البقرۃ ۲:۲۶۔۲۷۔

۱۴۔ اللہ کافروں کو گمراہ کرتا ہے

۵۶۔اسی طرح اللہ کافروں کو گمراہ کرتا ہے۔

۔المؤمن ۴۰:۷۴۔

۱۵۔ اللہ ظالموں کو گمراہ کرتا ہے

۵۷۔اور اللہ ظالموں کو گمراہ کرتا ہے۔

۔ابراہیم ۱۴:۲۷۔

۱۶۔ اللہ زیادتی کرنے والوں کو گمراہ کرتا ہے

۵۸۔یوں اللہ اس شخص کو گمراہ کرتا ہے جو حد سے باہر نکل جانے والا، (دین میں) شک کرنے والا ہے۔

۔المؤمن ۴۰:۳۴۔

۱۷۔ اللہ متکبروں کو اپنی آیتوں سے پھیرتا ہے

۵۹۔میں اپنی آیتوں سے ان لوگوں کو پھیر دوں گا جو زمین میں ناحق اکڑتے ہیں اور اگر وہ ساری نشانیاں بھی دیکھ لیں تو ان پر ایمان نہ لائیں اور اگر نیکی کی راہ دیکھیں تو اسے اپنی راہ نہ بنائیں۔اور اگر گمراہی کی راہ دیکھیں تو اسے اپنی راہ بنائیں۔ یہ اس لیے ہے کہ انہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور وہ ان سے غافل رہے۔

۔الاعراف ۷:۱۴۶۔

Marfat.com

۶۰۔ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًا بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَّا يَتَّقُوْنَ ؕ

۶۱۔ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ؕ وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ۖ

۶۲۔ بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۵۵﴾

۶۳۔ وَنَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۱۰۰﴾

۶۴۔ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۱﴾

۶۵۔ وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۹۳﴾

۶۶۔ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۷۴﴾

۶۷۔ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿۱۰۸﴾

۶۸۔ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۹﴾

۶۹۔ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ؕ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ﴿۳۵﴾

۷۰۔ اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ؕ فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۳﴾

۱۸۔ اللہ نیک راہ بیان کئے بغیر کسی کو گمراہ نہیں کرتا

۶۰۔ اور اللہ کی یہ شان نہیں کہ وہ کسی قوم کو بعد اس کے کہ وہ انہیں ہدایت کر چکا ہے جب تک کہ ان کے لیے وہ باتیں بیان نہ کر دے جس سے وہ بچیں، گمراہ کر دے۔

۔التوبۃ ۹:۱۱۵۔

۱۹۔ اللہ کافروں کے دلوں میں پر مہر کرتا ہے

۶۱۔ اللہ نے ان کے دلوں پر اور ان کے کانوں پر مہر لگا دی ہے۔ اور ان کی آنکھوں پر پردہ ہے۔

۔البقرۃ ۲:۷۔

۶۲۔ بلکہ اللہ نے ان کے کفر کے سبب ان کے دلوں پر مہر لگا دی ہے۔ سو وہ بہت تھوڑا ایمان لاتے ہیں۔

۔النساء ۴:۱۵۵۔

۶۳۔ اور ہم ان کے دلوں پر مہر لگا دیتے ہیں سو وہ نہیں سنتے۔

۔الاعراف ۷:۱۰۰۔

۶۴۔ اور اللہ کافروں کے دلوں پر اسی طرح مہر لگا دیا کرتا ہے۔

۔الاعراف ۷:۱۰۱۔

۶۵۔ اور اللہ نے ان کے دلوں پر مہر لگا دی ہے۔ سو وہ کچھ نہیں جانتے۔

۔التوبۃ ۹:۹۳۔

۶۶۔ یوں ہم حد سے باہر نکل جانے والوں کے دلوں پر مہر لگا دیتے ہیں۔

۔یونس ۱۰:۷۴۔

۶۷۔ یہی وہ لوگ ہیں کہ اللہ نے ان کے دلوں اور ان کے کانوں اور ان کی آنکھوں پر مہر لگا دی ہے اور یہی لوگ غافل ہیں۔

۔النحل ۱۶:۱۰۸۔

۶۸۔ یوں اللہ ان لوگوں کے دلوں پر جو علم نہیں رکھتے، مہر لگا دیتا ہے۔

۔الروم ۳۰:۵۹۔

۶۹۔ جو لوگ اللہ کی آیتوں میں بغیر سند کے جو (اللہ کی طرف سے) ان کے پاس آئی ہو، جھگڑتے ہیں، اللہ کے نزدیک اور ان لوگوں کے نزدیک جو ایمان لائے ہیں بڑی بیزاری کی بات ہے۔ یوں اللہ تکبر کرنے والے سرکش کے دل پر مہر کر دیتا ہے۔

۔المؤمن ۴۰:۳۵۔

۷۰۔ (اے نبی ﷺ!) بھلا تو نے اس شخص کو بھی دیکھا جس نے اپنی نفسانی خواہش کو اپنا معبود بنا لیا اور اللہ نے اس کو علم ہوتے ساتے گمراہ کر دیا اور اس کے کانوں اور دل پر مہر لگا دی اور اس کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا۔ تو اللہ کے گمراہ کرنے کے بعد اسے کون ہدایت کرے تو کیا تم نصیحت نہیں پکڑتے؟

۔الجاثیۃ ۴۵:۲۳۔

Marfat.com

۷۱۔یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں پر اللہ نے مہر لگا دی ہے اور وہ اپنی خواہشاتِ نفسانی کے پیچھے پڑے ہیں۔

۔محمد ۴۷: ۱۶۔

۲۰۔ اللہ چاہتا تو سب کو ہدایت پر کر دیتا

۷۲۔اور اگر اللہ چاہتا تو انہیں ہدایت پر اکٹھا کر دیتا۔

۔الانعام ۶: ۳۵۔

۷۳۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ کامل دلیل اللہ ہی کی ہے۔وہ اگر چاہتا تو تم سب کو ہدایت پر کر دیتا ہے۔

۔الانعام۔ ۶: ۱۴۹

۷۴۔تو ان لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں صبر نہیں آیا کہ اگر اللہ چاہتا تو سب آدمیوں کو ہدایت پر کر دیتا۔

۔الرعد۔ ۱۳: ۳۱۔

۷۵۔اور سیدھا رستہ اللہ ہی تک پہنچتا ہے اور کوئی ان میں ٹیڑھا ہے اور اگر وہ چاہتا تو ضرور تم سب کو ہدایت پر کر دیتا۔

۔النحل ۱۶: ۹۔

۷۶۔اور اگر ہم چاہتے تو ضرور ہر شخص کو اس کی ہدایت دے دیتے لیکن میری بات پوری ہوئی کہ میں ضرور جنوں اور آدمیوں، سب سے دوزخ کو بھر دوں گا۔

۔السجدۃ ۳۲: ۱۳۔

۲۱۔ اللہ چاہتا تو سب کو ایک ہی مذہب پر کر دیتا

۷۷۔اور اگر اللہ چاہتا تو تم سب کو ایک ہی فریق کر دیتا لیکن اس لیے نہیں کیا تا کہ وہ تمہیں ان چیزوں میں جو اس نے تمہیں دی ہیں آزمائے۔تو تم نیکیوں کی طرف لپکو۔

۔المائدۃ ۵: ۴۸۔

۷۸۔اور (اے نبی ﷺ!) اگر تیرا پروردگار چاہتا تو

۷۱۔اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ۝

۷۲۔وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى

۷۳۔قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۚ فَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝

۷۴۔اَفَلَمْ يَايْـَٔسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ

۷۵۔وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ ؕ وَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝

۷۶۔وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۝

۷۷۔وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ

۷۸۔وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ۝ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ؕ وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ؕ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۝

۷۹۔وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً

۸۰۔وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَهُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً

۸۱۔وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكُوْا ؕ وَمَا جَعَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ۝

ضرور سب آدمیوں کو ایک ہی فریق کر دیتا لیکن وہ ہمیشہ اختلاف کرتے رہیں گے۔مگر ہاں وہ جس پر تیرا پروردگار رحم فرمائے۔اور اسی اختلاف کے لیے اس نے انہیں پیدا کیا ہے اور تیرے پروردگار کی بات پوری ہوئی کہ میں ضرور دوزخ کو جنوں اور آدمیوں، سب ہی سے بھروں گا۔

۔ھود ۱۱: ۱۱۸۔۱۱۹۔

۷۹۔اور اگر اللہ چاہتا تو وہ ضرور تمہیں ایک ہی فریق کر دیتا ہے۔

۔النحل ۱۶: ۹۳۔

۸۰۔اور اگر اللہ چاہتا تو وہ ضرور انہیں ایک ہی فریق کر دیتا۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۸۔

۲۲۔ اللہ چاہتا تو شرک نہ ہوتا

۸۱۔اور اگر اللہ چاہتا تو وہ شرک نہ کرتے اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے تجھے ان پر نگہبان مقرر نہیں کیا اور تو ان پر داروغہ نہیں ہے۔

۔الانعام ۶: ۱۰۷۔

۸۲۔ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ؕ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

۸۳۔ وَكَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ لِيُرْدُوْهُمْ وَلِيَلْبِسُوْا عَلَيْهِمْ دِيْنَهُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۷﴾

۸۴۔ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ وَلٰكِنِ اخْتَلَفُوْا فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ وَمِنْهُمْ مَّنْ كَفَرَ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلُوْا ۫

۸۵۔ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ﴿۴۹﴾

۸۶۔ اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿۵۰﴾

۸۷۔ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

۸۸۔ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵﴾

۸۹۔ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

۹۰۔ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ

۲۳۔ اللہ چاہتا تو شیاطین اور جنات کا فریب نہ چلتا

۸۲۔ اور (اے نبی ﷺ جس طرح یہ لوگ تیرے دشمن ہو رہے ہیں) اسی طرح ہم نے انسانوں اور جنوں کے شیطانوں کو ہر ایک نبی کا دشمن بنا دیا تھا کہ ان کے بعض بعض کی طرف فریب دینے کے لیے ملمع کی ہوئی باتیں ڈالتے رہتے ہیں۔ اور اگر تیرا رب چاہتا تو وہ ایسا نہ کر سکتے تو تو انہیں اور ان کے افترا کو چھوڑ۔

۔الانعام ۶:۱۱۲۔

۲۴۔ اللہ چاہتا تو مشرک اپنی اولاد کو قتل نہ کرتے

۸۳۔ اور اسی طرح بہت سے مشرکین کی نظر میں ان کے ٹھہرائے ہوئے شریکوں نے ان کی اولاد کا قتل کرنا اچھا کر دکھلایا ہے تا کہ وہ ان کو ہلاک کریں اور تا کہ ان پر ان کا دین مشتبہ کر دیں۔ اور اگر اللہ چاہتا تو وہ کام نہ کرتے تو (نبی ﷺ) تو انہیں اور ان کے افترا کو چھوڑ۔

۔الانعام ۶:۱۳۷۔

۲۵۔ اللہ چاہتا تو لوگ آپس میں قتال نہ کرتے

۸۴۔ اور اگر اللہ چاہتا تو وہ لوگ جو ان سے پیچھے ہوئے اس بات کے بعد کہ ان کے پاس کھلی دلیلیں آ چکی تھیں، آپس میں نہ لڑتے۔ لیکن انہوں نے باہم اختلاف کیا۔ سو کوئی ان میں سے ایمان لایا اور کسی نے ان میں سے کفر کیا۔ اور اگر اللہ چاہتا تو وہ آپس میں نہ لڑتے۔

۔البقرۃ ۲:۲۵۳۔

۲۶۔ اللہ جسے چاہے لڑکا لڑکی دیتا ہے

۸۵۔ وہ جو چاہتا پیدا کرتا ہے۔ جسے چاہتا ہے لڑکی دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے لڑکے دیتا ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲:۴۹۔

۲۷۔ جسے چاہے دونوں دیتا ہے

۸۶۔ یا انہیں لڑکے اور لڑکیاں دونوں دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے بانجھ کر دیتا ہے۔ بے شک وہ جاننے والا، قدرت والا ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲:۵۰۔

۲۸۔ اللہ جسے چاہے معاف کرے جسے چاہے عذاب دے

۸۷۔ پھر جسے چاہتا ہے بخشتا ہے اور جسے چاہتا ہے عذاب دیتا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۲۸۴۔

۸۸۔ جسے چاہتا ہے بخشتا ہے اور جسے چاہتا ہے عذاب دیتا ہے اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔آل عمران ۳:۱۲۹۔

۸۹۔ وہ جسے چاہتا ہے بخش دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے عذاب دیتا ہے۔

۔المائدۃ ۵:۱۸۔

۹۰۔ وہ جسے چاہتا ہے عذاب دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے بخشتا ہے۔

۔المائدۃ ۵:۴۰۔

Marfat.com

۹۱۔(اللہ نے) فرمایا میرا عذاب جو ہے جسے میں چاہتا ہوں پہنچاتا ہوں۔

۔الاعراف۷:۱۵۶۔

۹۲۔وہ جسے چاہتا ہے بخشتا ہے اور جسے چاہتا ہے عذاب دیتا ہے اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔الفتح۴۸:۱۴۔

۲۹۔ اللہ جس پر چاہے رحم کرے جسے چاہے عذاب دے

۹۳۔تمہارا پروردگار تمہیں خوب جانتا ہے۔اگر وہ چاہے تم پر رحم کرے یا اگر چاہے تو تمہیں عذاب دے۔

۔بنی اسرائیل۱۷:۵۴۔

۹۴۔وہ جسے چاہتا ہے عذاب دیتا ہے اور جس پر چاہتا ہے رحم کرتا ہے۔

۔العنکبوت۲۹:۲۱۔

۳۰۔ اللہ جسے چاہے ملک دیتا ہے

۹۵۔اور اللہ اپنا ملک جسے چاہتا ہے دیتا ہے۔

۔البقرۃ۲:۲۴۷۔

۳۱۔ اللہ جس سے چاہے ملک چھین لے

۹۶۔(اے نبی ﷺ! یوں) کہا کر کہ اے میرے اللہ! ملک کے مالک تو جسے چاہے ملک دے اور جس سے چاہے ملک نکال لے۔

۔آل عمران۳:۲۶۔

۳۲۔ اللہ جسے چاہے دوچند دے

۹۷۔اور اللہ جسے چاہتا ہے، دوچند دیتا ہے۔

۔البقرۃ۲:۲۶۱۔

۳۳۔ اللہ جس طرح چاہے خرچ کرتا ہے

۹۸۔بلکہ اس کے دونوں ہاتھ کشادہ ہیں۔جس طرح چاہتا ہے خرچ کرتا ہے۔

۔المائدۃ۵:۶۴۔

۳۴۔ اللہ جس کی چاہے توبہ قبول کرتا ہے

۹۹۔اور اللہ جس پر چاہتا ہے مہربان ہوتا ہے۔

۔التوبۃ۹:۱۵۔

۱۰۰۔پھر اس کے بعد اللہ جس پر چاہتا ہے مہربان ہوتا ہے۔

۔التوبۃ۹:۲۷۔

۳۵۔ اللہ جسے چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلت

۱۰۱۔(اے نبی ﷺ! یوں) کہا کر کہ اے میرے اللہ، ملک کے مالک! تو جسے چاہے ملک دے اور جس سے چاہے ملک چھین لے اور جسے چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلت دے۔تیرے ہی ہاتھ میں بھلائی ہے۔بے شک تو ہر شے پر قادر ہے۔

۔آل عمران۳:۲۶۔

۹۱۔قَالَ عَذَابِیْٓ اُصِیْبُ بِهٖ مَنْ اَشَآءُ ۚ

۹۲۔یَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَ یُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَ کَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ۝۱۳

۹۳۔رَبُّکُمْ اَعْلَمُ بِکُمْ ؕ اِنْ یَّشَاْ یَرْحَمْکُمْ اَوْ اِنْ یَّشَاْ یُعَذِّبْکُمْ ؕ

۹۴۔یُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ وَ یَرْحَمُ مَنْ یَّشَآءُ ۚ

۹۵۔وَ اللّٰهُ یُؤْتِیْ مُلْکَهٗ مَنْ یَّشَآءُ ؕ

۹۶۔قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۫

۹۷۔وَ اللّٰهُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُ ؕ

۹۸۔بَلْ یَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ یُنْفِقُ کَیْفَ یَشَآءُ ؕ

۹۹۔وَ یَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰی مَنْ یَّشَآءُ ؕ

۱۰۰۔ثُمَّ یَتُوْبُ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَلٰی مَنْ یَّشَآءُ ؕ

۱۰۱۔قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۫ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِیَدِكَ الْخَیْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝۲۶

Marfat.com

۱۰۲۔ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ مُّقِیْتًا ﴿۸۵﴾

۱۰۳۔ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ یُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى مَنْ یَّشَآءُ ؕ

۱۰۴۔ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِیْنَ یُزَكُّوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ بَلِ اللّٰهُ یُزَكِّیْ مَنْ یَّشَآءُ وَ لَا یُظْلَمُوْنَ فَتِیْلًا ﴿۴۹﴾

۱۰۵۔ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ یُزَكِّیْ مَنْ یَّشَآءُ ؕ

۱۰۶۔ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ یَمُنُّ عَلٰى مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ

۱۰۷۔ وَ مَا كَانَ اللّٰهُ لِیُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَیْبِ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ یَجْتَبِیْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ۪

۱۰۸۔ اَللّٰهُ یَجْتَبِیْۤ اِلَیْهِ مَنْ یَّشَآءُ وَ یَهْدِیْۤ اِلَیْهِ مَنْ یُّنِیْبُ ﴿۱۳﴾

۱۰۹۔ رَفِیْعُ الدَّرَجٰتِ ذُو الْعَرْشِ ۚ یُلْقِی الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ لِیُنْذِرَ یَوْمَ التَّلَاقِ ﴿۱۵﴾

۱۱۰۔ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ

۱۱۱۔ یُؤْتِی الْحِكْمَةَ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَ مَنْ یُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِیَ خَیْرًا كَثِیْرًا ؕ وَ مَا یَذَّكَّرُ اِلَّاۤ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۲۶۹﴾

۱۱۲۔ وَ اللّٰهُ یَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ؕ

۳۶۔ اللہ ہر چیز کا حصہ دیتا ہے

۱۰۲۔ اور اللہ ہر شے پر نگہبان ہے۔

۔النساء ۴:۸۵۔

۳۷۔ اللہ جس پر چاہے اپنے رسولوں کو مسلط کرتا ہے

۱۰۳۔ لیکن اللہ اپنے رسولوں کو جس پر چاہتا ہے، غلبہ دیتا ہے۔

۔الحشر ۵۹:۶۔

۳۸۔ اللہ جسے چاہے پاک کرے

۱۰۴۔ (اے نبی ﷺ) کیا تو نے ان کی طرف نہیں دیکھا جو اپنے آپ کو پاک بتلاتے ہیں بلکہ اللہ جس کو چاہے پاک کرے اور ان پر تاگہ برابر بھی ظلم نہ کیا جائے گا۔

۔النساء ۴:۴۹۔

۱۰۵۔ لیکن اللہ جسے چاہتا ہے پاک کرتا ہے۔

النور ۲۴:۲۱

۳۹۔ اللہ جس پر چاہے احسان کرے

۱۰۶۔ لیکن اللہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے احسان کرتا ہے۔

۔ابراہیم ۱۴:۱۱۔

۴۰۔ اللہ رسالت کے لیے جسے چاہے چن لے

۱۰۷۔ اور اللہ ایسا نہیں ہے کہ وہ تمہیں غیب پر مطلع کر دے لیکن اللہ اپنے رسولوں میں سے جسے چاہتا ہے چنتا ہے۔

۔آل عمران ۳:۱۷۹۔

۱۰۸۔ اللہ جسے چاہتا ہے اپنی طرف چن لیتا ہے اور جو اس کی طرف رجوع ہوتا ہے اسے اپنی طرف ہدایت کرتا ہے۔

۔الشوریٰ۔ ۴۲:۱۳۔

۴۱۔ اللہ جس پر چاہے اپنے حکم سے روح کا القا کرے

۱۰۹۔ وہ اونچے درجے والا ہے، عرش کا مالک۔ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے اپنے حکم سے روح کا القا کرتا ہے تا کہ انہیں قیامت کے دن سے ڈرائے۔

۔المؤمن ۴۰:۱۵۔

۴۲۔ اللہ جس کے چاہے درجے بلند کرے

۱۱۰۔ ہم جس کے چاہتے ہیں درجے بلند کرتے ہیں۔

۔الانعام ۶:۸۳ ویوسف ۱۲:۷۶۔

۴۳۔ اللہ جسے چاہے حکمت دے

۱۱۱۔ وہ جسے چاہتا ہے حکمت دیتا ہے اور جسے حکمت دی گئی اسے بڑی خیر دی گئی اور نصیحت تو عقل مند ہی پکڑتے ہیں۔

۔البقرۃ ۲:۲۶۹۔

۴۴۔ اللہ جسے چاہے اپنی رحمت سے خاص کرے

۱۱۲۔ اور اللہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ مخصوص کر لیتا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۱۰۵۔

Marfat.com

۱۱۳۔ یَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ؕ

۱۱۴۔ نُصِیْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ

۱۱۵۔ وَّلٰكِنْ یُّدْخِلُ مَنْ یَّشَآءُ فِیْ رَحْمَتِهٖ ؕ

۱۱۶۔ لِیُدْخِلَ اللّٰهُ فِیْ رَحْمَتِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ۚ

۱۱۷۔ یُّدْخِلُ مَنْ یَّشَآءُ فِیْ رَحْمَتِهٖ ؕ

۱۱۸۔ قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰهِ ۚ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ ؕ

۱۱۹۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ ؕ

۱۲۰۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ﴿۲۱﴾

۱۲۱۔ وَاَنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ﴿۲۹﴾

۱۔ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۵۴﴾

۲۔ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِیْنَ ﴿۱۴﴾ ؕ

۳۔ تَبٰرَكَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِهٖ لِیَكُوْنَ لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرَا ﴿۱﴾ ۙ

۴۔ تَبٰرَكَ الَّذِیْۤ اِنْ شَآءَ جَعَلَ لَكَ خَیْرًا مِّنْ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ وَیَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا ﴿۱۰﴾

۱۱۳۔ وہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ مخصوص کر لیتا ہے۔

۔آل عمران ۳:۷۴۔

۱۱۴۔ ہم جسے چاہتے ہیں اپنی رحمت سے حصہ دیتے ہیں۔

۔یوسف ۱۲:۵۶۔

۱۱۵۔ لیکن اللہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت میں داخل کرتا ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲:۸۔

۱۱۶۔ یہ کہ اللہ جسے چاہے اپنی رحمت میں داخل کرے۔

۔الفتح ۴۸:۲۵۔

۱۱۷۔ وہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت میں داخل کرتا ہے۔

۔الدھر ۷۶:۳۱۔

۱۱۸۔ (اے نبی ﷺ) کہہ دے کہ بے شک فضل اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے۔ جسے چاہتا ہے، دیتا ہے۔

۔آل عمران ۳:۷۳۔

۱۱۹۔ یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے، دیتا ہے۔

۔المائدۃ ۵:۵۴ والجمعۃ ۶۲:۴۔

۱۲۰۔ یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے دیتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

۔الحدید ۵۷:۲۱۔

۱۲۱۔ اور یہ کہ فضل اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ جسے چاہتا ہے دیتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

۔(الحدید ۵۷:۲۹۔

برکتِ جلال وعلوِّ شان

۱۔ اللہ بڑی برکت والا ہے

۱۔ برکت والا ہے اللہ، جہانوں کا پروردگار۔

۔الاعراف ۷:۵۴۔

۲۔ سو برکت والا ہے اللہ، جو سب سے اچھا پیدا کرنے والا ہے۔

۔المؤمنون ۲۳:۱۴۔

۳۔ برکت والا ہے وہ جس نے اپنے بندے پر (حق و باطل میں) فرق کرنے والا قرآن اتارا تاکہ وہ جہان والوں کو ڈرانے والا ہو۔

۔الفرقان ۲۵:۱۔

۴۔ برکت والا ہے وہ کہ اگر چاہے تو تیرے لیے اس سے بہتر سامان پیدا کر دے (یعنی) باغ، جن کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہوں اور تیرے لیے محل بنا دے۔

۔الفرقان ۲۵:۱۰۔

Marfat.com

۵۔ تَبٰرَكَ الَّذِیْ جَعَلَ فِی السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّ جَعَلَ فِیْهَا سِرٰجًا وَّ قَمَرًا مُّنِیْرًا ﴿۶۱﴾

۶۔ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۳﴾

۷۔ وَتَبٰرَكَ الَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا ۚ

۸۔ تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِی الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿۷۸﴾

۹۔ تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ ۙ

۱۰۔ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّیْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾

۱۱۔ وَلَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ یَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿۲۷﴾

۱۲۔ وَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِیَ الْعُلْیَا ؕ

۱۳۔ وَمَا یَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ ؕ وَمَا هِیَ اِلَّا ذِكْرٰی لِلْبَشَرِ ﴿۳۱﴾

۱۴۔ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

۱۵۔ لَیْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ ۚ

۱۶۔ هَلْ تَعْلَمُ لَهٗ سَمِیًّا ﴿۶۵﴾

۵۔ برکت والا ہے وہ جس نے آسمان میں برج بنائے اور اس میں (سورج کا) ایک چراغ اور روشنی دینے والا چاند رکھا۔

۔الفرقان ۲۵: ۶۱۔

۶۔ سو برکت والا ہے اللہ، جہانوں کا پروردگار۔

۔المؤمن ۴۰: ۶۴۔

۷۔ اور برکت والا ہے وہ جس کے لیے آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان کی بادشاہت ہے۔

۔الزخرف ۴۳: ۸۵۔

۸۔ برکت والا ہے تیرے پروردگار کا نام، جو بزرگی اور عزت والا ہے۔

۔الرحمٰن ۵۵: ۷۸۔

۹۔ برکت والا ہے وہ جس کے ہاتھ میں ملک ہے۔

۔الملک ۶۷: ۱۔

۲۔ اللہ کے کلمات تمام دریاؤں کی سیاہی اور تمام درختوں کے قلموں سے لکھے جائیں تب بھی ختم نہ ہوں

۱۰۔ (اے نبی ﷺ) کہہ دے کہ اگر میرے پروردگار کے کلمات (حکمت لکھنے) کے لیے سمندر سیاہی بن جائے تو ضرور سمندر اس سے پہلے ہی نبڑ جائے کہ میرے پروردگار کے کلمات (حکمت) ختم ہوں اگرچہ ہم اتنی ہی مدد اور لائیں۔

۔الکہف ۱۸: ۱۰۹۔

۱۱۔ اور اگر وہ تمام درخت جو زمین میں ہیں قلم بن جائیں اور سمندر ان کی سیاہی۔ اس کے بعد سات سمندر اور تو بھی اللہ کی باتیں ختم نہ ہوں۔ بے شک اللہ غالب ہے، حکمت والا۔

۔لقمٰن ۳۱: ۲۷۔

۳۔ اللہ کا بول بالا ہے

۱۲۔ اور اللہ کی بات جو ہے، وہی اونچی ہے۔

۔التوبۃ ۹: ۴۰۔

۴۔ اللہ کے لشکر کو سوائے اس کے کوئی نہیں جانتا

۱۳۔ اور (اے نبی ﷺ) تیرے پروردگار کے لشکروں کو سوائے اس کے اور کوئی نہیں جانتا اور وہ قیامت تو لوگوں کے لیے یاددہانی ہے اور بس۔

۔المدثر ۷۴: ۳۱۔

۵۔ اللہ آسمان اور زمین کا نور ہے

۱۴۔ اللہ آسمانوں اور زمین کی روشنی ہے۔

۔النور ۲۴: ۳۵۔

۶۔ اللہ کی مثل کوئی چیز نہیں

۱۵۔ اس کی مثل کوئی چیز نہیں۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۱۱۔

۷۔ اللہ کا ہم نام کوئی نہیں

۱۶۔ (اے نبی ﷺ!) کیا تو اس کا کوئی ہم نام جانتا ہے؟

۔مریم ۱۹: ۶۵۔

Marfat.com

۱۷۔وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝۳

۱۸۔فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ

۱۹۔وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ۭ

۲۰ وَلَهُ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۲۷

۲۱۔وَلَهُ الْكِبْرِيَاۗءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۠ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۲۷

۲۲۔وَيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ۝۲۷ ۚ

۲۳۔تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ۝۷۸

۲۴۔اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ۝۵

۲۵۔وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝۱۲۹

۲۶ ع ۔فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝۹۱

۲۷۔لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝۱۱۶

۲۸۔اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝۱۲۹

۲۹۔سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝۸۲

۳۰۔ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ۝۱۵

۸۔ اللہ کی شان عالی ہے

۱۷۔اور یہ کہ ہمارے پروردگار کی شان اونچی ہے۔نہ اس نے بیوی اختیار کی نہ اولاد۔

۔الجن ۷۲:۳۔

۹۔ اللہ بڑے درجے والا ہے

۱۸۔سو اونچا ہے اللہ، سچا بادشاہ۔

۔طٰہٰ ۲۰:۱۱۴ والمؤمنون ۲۳:۱۱۶۔

۱۰۔ اللہ کی مثل اعلیٰ ہے

۱۹۔اور اللہ ہی کی کہاوت اعلیٰ ہے۔

النحل ۱۶:۶۰۔

۲۰۔اور آسمانوں اور زمین میں اسی کی کہاوت اعلیٰ ہے اور وہی غالب، حکمت والا ہے۔

۔الروم ۳۰:۲۷۔

۱۱۔ آسمانوں اور زمین میں بڑائی اللہ ہی کو ہے

۲۱۔اور آسمانوں اور زمین میں اسی کے لیے بڑائی ہے اور وہی غالب ہے، حکمت والا۔

۔الجاثیۃ ۴۵:۳۷۔

۱۲۔ اللہ صاحب جلال واکرام ہے

۲۲۔اور (اے نبی ﷺ!) تیرے پروردگار کی بزرگی اور عزت والی ذات ہی باقی رہے گی۔

۔الرحمٰن ۵۵:۲۷۔

۲۳۔(اے نبی ﷺ!) تیرے پروردگار کا نام جو بزرگی اور عزت والا ہے برکت والا ہے۔

۔الرحمن ۵۵:۷۸۔

۱۳۔ اللہ عرش پر ہے

۲۴۔(خدائے) رحمٰن عرش پر قائم ہے۔

۔طٰہٰ ۲۰:۵۔

۱۴۔ اللہ عرش کا مالک ہے

۲۵۔اور وہ عرشِ عظیم کا مالک ہے۔

۔التوبۃ ۹:۱۲۹۔

۲۶۔سو اللہ عرش کا مالک ہے۔ان اوصاف سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔

۔الانبیاء ۲۱:۲۲۔

۲۷۔اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔وہ عرشِ کریم کا مالک ہے۔

۔المؤمنون ۲۳:۱۱۶۔

۲۸۔اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی عرشِ عظیم کا مالک ہے۔

۔النمل ۲۷:۲۶۔

۲۹۔آسمانوں اور زمین کا پروردگار، عرش کا مالک ان اوصاف سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔

۔الزخرف ۴۳:۸۲۔

۳۰۔وہ عرشِ بزرگ کا مالک ہے۔

۔البروج ۸۵:۱۵۔

Marfat.com

۱۵۔ اللہ کی کرسی آسمان اور زمین کی وسعت رکھتی ہے

۳۱۔اس کی کرسی آسمانوں اورزمین کوسمائے ہوئے ہے۔
۔البقرۃ۲:۲۵۵۔

۱۶۔ اللہ سے کوئی پوچھ نہیں

۳۲۔اس سے نہیں پوچھا جاتا جو وہ کرتا ہے اور ان سے پوچھا جائے گا۔
۔الانبیاء ۲۱:۲۳۔

۱۷۔ اللہ سے سب اہلِ آسمان وزمین سوال کرتے ہیں

۳۳۔جوآسمانوں اورزمین میں ہیں سب اس سے مانگتے ہیں۔
۔الرحمٰن ۵۵:۲۹۔

۱۸۔ اللہ روزنئی شان میں ہے

۳۴۔ہردن ایک نئی شان میں ہے۔
۔الرحمٰن ۵۵:۲۹۔

۱۹۔ قیامت کواللہ کے آگے کوئی نہ بول سکے گا

۳۵۔آسمانوں اورزمین اوران کے درمیان کی چیزوں کا پروردگار، رحمٰن۔ وہ اس سے ایک بات کرنے کا بھی اختیار نہیں رکھتے۔جس دن روح (جبریل علیہ السلام) اورسب فرشتے صف باندھ کرکھڑے ہوں گےتو وہ کچھ نہ بولیں گے مگر وہ جسے رحمٰن اجازت دے اور وہ درست بات کہے گا۔یہ دن حق ہے۔پس جوچاہے اپنے پروردگار کی طرف رجوع ہونے کی راہ پکڑے۔
۔النباء ۷۸:۳۷۔۳۹۔

۲۰۔ اللہ کے ہاں اس کی اجازت بغیر کوئی سفارش نہیں کرسکتا

۳۶۔وہ کون ہے جوبغیراس کی اجازت کے سفارش کرے۔
۔البقرۃ۲:۲۵۵۔

۳۱۔وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ
۳۲۔لَا يُسْـَٔلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْـَٔلُوْنَ ۝۲۳
۳۳۔يَسْـَٔلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ
۳۴۔كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ ۝۲۹ۚ
۳۵۔رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ۝۳۷ۚ يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ صَفًّا ۭ لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ۝۳۸ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ شَاۗءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ۝۳۹
۳۶۔مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ
۳۷۔مَا مِنْ شَفِيْعٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ ۭ
۳۸۔وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَاۗيِٕ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَاۗءُ ۭ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ۝۵۱
۱۔وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۭ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۱۷

۳۷۔کوئی سفارش کرنے والانہیں مگراس کی اجازت کے بعد۔
۔یونس ۱۰:۳۔

۲۱۔ اللہ کسی سے منہ درمنہ بغیر واسطہ بات نہیں کرتا

۳۸۔اورکسی بشر کی یہ شان نہیں کہ اللہ اس سے روبرو ہوکر کلام کرے مگر ہاں وحی بھیج کر یا پردے کے پیچھے سے یا یہ کہ وہ کوئی فرشتہ بھیجے اور وہ اس کے حکم سے جووہ چاہے وحی کرے۔بے شک وہ بلند مرتبہ، حکمت والا ہے۔
۔الشوریٰ ۴۲:۵۱۔

سطوت وجبروت

۱۔ اللہ کی برائی بھلائی کوئی نہیں روک سکتا

۱۔اوراگراللہ تجھے کوئی تکلیف پہنچائے تو اس تکلیف کا سوائے اس کے اورکوئی دورکرنے والانہیں اوراگر وہ تجھے کوئی بھلائی پہنچائے تو وہ ہر شے پرقادر ہے۔
۔الانعام ۶:۱۷۔

Marfat.com

۲۔ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ۭ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝

۳۔ وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْۗءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ۝

۴۔ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ۭ وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ۭ

۵۔ قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْۗءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ۭ

۶۔ مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ وَمَا يُمْسِكْ ۙ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

۷۔ وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ۭ

۸۔ مَا لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ

۹۔ قُلْ اِنِّىْ لَنْ يُّجِيْرَنِيْ مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ۙ وَّلَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ۝

۱۰۔ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝

۱۱۔ وَلَىِٕنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَاۗءَهُمْ بَعْدَ الَّذِيْ جَاۗءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝

۲۔ اور اگر اللہ تجھے کوئی تکلیف پہنچائے تو اس تکلیف کا سوائے اس کے اور کوئی دور کرنے والا نہیں اور اگر وہ تجھے کوئی بھلائی پہنچانے کا ارادہ کرے تو کوئی اس کے فضل کا ہٹانے والا نہیں۔ اپنے بندوں میں سے جسے چاہے پہنچائے اور وہی بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔یونس ۱۰:۱۰۷۔

۳۔ اور جب اللہ کسی قوم کے ساتھ برائی کا ارادہ کرتا ہے تو کوئی اس کا دفع کرنے والا نہیں ہے اور اس کے سوا کوئی ان کا کارساز نہیں ہے۔

۔الرعد ۱۳:۱۱۔

۴۔ کیا انہوں نے اس پر نظر نہیں کی کہ ہم زمین (کفر) کو اس کی ہر طرف سے گھٹاتے چلے جاتے ہیں اور اللہ حکم کرتا ہے کوئی اس کے حکم کو ہٹانے والا نہیں ہے۔

۔الرعد ۱۳:۴۱۔

۵۔ (اے نبی ﷺ!) پوچھ کہ بھلا وہ کون ہے جو تمہیں اللہ سے جب وہ تمہارے ساتھ برائی کا ارادہ کرے یا تم پر رحمت کرنا چاہے بچا سکے۔

۔الاحزاب ۳۳:۱۷۔

۶۔ اللہ بندوں کے لیے جو رحمت کھول دیتا ہے اس کا کوئی روکنے والا نہیں ہے اور جسے وہ روک لیتا ہے تو اس کے بعد کوئی اس کا چھوڑنے والا نہیں ہے۔ اور وہی غالب، حکمت والا ہے۔

۔فاطر ۳۵:۲۔

۲۔ اللہ جس کی اہانت کرے اس کا کوئی اکرام کرنے والا نہیں

۷۔ اور جس کی اللہ اہانت کرے اس کو کوئی عزت دینے والا نہیں ہے۔

۔الحج ۲۲:۱۸۔

۳۔ اللہ سے بچانے والا کوئی نہیں

۸۔ تمہارے لیے کوئی اللہ سے بچانے والا نہیں ہے۔

۔المؤمن ۴۰:۳۳۔

۹۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ مجھے اللہ سے ہرگز کوئی پناہ نہیں دے گا اور میں اس کے سوا ہرگز کوئی جائے پناہ نہیں پاؤں گا۔

۔الجن ۷۲:۲۲۔

۴۔ اللہ کے سوا کوئی حمایتی نہیں

۱۰۔ اور تمہارے لیے اللہ کے سوا نہ کوئی دوست ہے اور نہ کوئی مددگار۔

۔البقرۃ ۲:۱۰۷ والتوبۃ ۹:۱۱۶ والعنکبوت ۲۹:۲۲ والشوریٰ ۴۲:۳۱۔

۱۱۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر تو بعد اس کے بھی کہ تیرے پاس علم آچکا ہے ان کی خواہشوں پر چلا تو تیرے لیے اللہ کی طرف سے نہ کوئی دوست ہوگا اور نہ کوئی مددگار۔

۔البقرۃ ۲:۱۲۰۔

Marfat.com

۱۲۔ مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ ۙ وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۲۳﴾

۱۳۔ وَّلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۲۳﴾

۱۴۔ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ

۱۵۔ وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ ۙ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ ۚ

۱۶۔ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا وَاقٍ ﴿۳۷﴾

۱۷۔ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ ۠

۱۸۔ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ؕ

۱۹۔ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ وَّلِيٍّ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ

۲۰۔ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۱۰۶﴾

۲۱۔ اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ

۲۲۔ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ؕ اِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِيْ غُرُوْرٍ ﴿۲۰﴾

۱۲۔ جو برا کام کرے گا اس کو اس کا عوض دیا جائے گا اور وہ اپنے لیے اللہ کے سوا نہ کوئی دوست پائے گا اور نہ کوئی مددگار۔

۔النساء ۴: ۱۲۳۔

۱۳۔ اور وہ اپنے لیے اللہ کے سوا نہ کوئی دوست پائیں گے اور نہ کوئی مددگار۔

۔النساء ۴: ۱۷۳۔

۱۴۔ ان کے لیے اس کے سوا نہ کوئی دوست ہے اور نہ کوئی سفارش کرنے والا۔

۔الانعام ۶: ۵۱۔

۱۵۔ اور (اے نبی ﷺ!) تو اس قرآن کے ساتھ نصیحت کر۔ مبادا کوئی شخص اپنے کیے کی سزا میں مبتلائے مصیبت ہو جائے اس کے لیے اللہ کے سوا نہ کوئی دوست ہے اور نہ کوئی سفارش کرنے والا ہے۔

۔الانعام ۶: ۷۰۔

۱۶۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر تو اس کے بعد بھی کہ تیرے پاس علم آچکا، ان کی خواہشوں پر چلا تو اللہ کی طرف سے تیرے لیے نہ کوئی دوست ہے اور نہ کوئی حفاظت کرنے والا۔

۔الرعد ۱۳: ۳۷۔

۱۷۔ ان کے لیے اس کے سوا کوئی دوست نہیں ہے۔

۔الکہف ۱۸: ۲۶۔

۱۸۔ تمہارے لیے اس کے سوا نہ کوئی دوست ہے اور نہ کوئی سفارش کرنے والا۔

۔السجدۃ ۳۲: ۴۔

۱۹۔ اور جسے اللہ گمراہ کرے اس کے بعد اس کے لیے کوئی دوست نہیں ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۴۴۔

۵۔ اللہ کے سوا کوئی مددگار نہیں

۲۰۔ اور تمہارے لیے اللہ کے سوا نہ کوئی دوست ہے اور نہ کوئی مددگار۔

۔البقرۃ ۲: ۱۰۷ والتوبۃ ۹: ۱۱۶ والعنکبوت ۲۹: ۲۲ والاحزاب ۳۳: ۱۷ والشوریٰ ۴۲: ۳۱۔

۲۱۔ اگر اللہ تمہاری مدد کرے تو تم پر کوئی غالب آنے والا نہیں ہے اور اگر وہ تمہاری مدد چھوڑ دے تو وہ کون ہے جو اس کے بعد تمہاری مدد کرے؟

۔آل عمران ۳: ۱۶۰۔

۲۲۔ بھلا وہ کون ہے جو تمہارے لیے لشکر ہو کر خدائے رحمٰن کے سوا تم کو مدد دے؟ کافر تو محض دھوکے میں (پڑے) ہیں۔

۔الملک ۶۷: ۲۰۔

Marfat.com

۲۳۔وَهُوَالْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ؕ

۲۴۔يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۲۴﴾

۲۵۔وَّهُوَالْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۲۱﴾

۲۶۔وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۲۱﴾

۲۷۔وَّمَامِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۱۶﴾

۲۸۔هُوَاللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۴﴾

۲۹۔لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ؕ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۱۶﴾

۳۰۔وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۱﴾

۳۱۔كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِيْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۲۱﴾

۳۲۔اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ﴿۱۶۵﴾

۳۳۔اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۵۲﴾

۳۴۔اِنَّ رَبَّكَ هُوَالْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿۶۶﴾

۳۵۔اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۷۴﴾

۳۶۔وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيْزًا ﴿۲۵﴾

۳۷۔اِنَّهٗ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۲﴾

۳۸۔وَهُوَالْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿۱۹﴾

۶۔ اللہ قہر والا ہے

۲۳۔اور وہی اپنے بندوں کے اوپر غالب ہے۔

۔الانعام ۶:۱۸۔۶۱

۲۴۔اے میرے قید خانے کے دو ساتھیو! بھلا متفرق پروردگار بہتر ہیں یا ایک زبردست اللہ۔

۔یوسف ۱۲:۳۹۔

۲۵۔اور وہ اکیلا ہے، زبردست۔

۔الرعد ۱۳:۱۶۔

۲۶۔وہ اکیلے زبردست اللہ کے سامنے ہوں گے۔

۔ابراہیم ۱۴:۴۸۔

۲۷۔اور نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے جو اکیلا ہے زبردست۔

۔صٓ ۳۸:۶۵۔

۲۸۔وہ اللہ اکیلا ہے، زبردست۔

۔الزمر ۳۹:۴۔

۲۹۔آج ملک کس کا ہے؟ اللہ کا جو اکیلا ہے، زبردست۔

۔المؤمن ۴۰:۱۶۔

۷۔ اللہ غالب ہے

۳۰۔اور اللہ اپنے کام پر غالب ہے۔ لیکن اکثر آدمی (اس بات کو) نہیں جانتے۔

۔یوسف ۱۲:۲۱۔

۳۱۔اللہ نے لکھ لیا ہے کہ ضرور میں اور میرے رسول ہی غالب رہیں گے۔ بے شک اللہ قوت والا ہے، غالب۔

۔المجادلۃ ۵۸۔۲۱۔

۸۔ قوت اللہ ہی کو ہے

۳۲۔بے شک سب قوت اللہ ہی کے لیے ہے اور اللہ سخت عذاب والا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۱۶۵۔

۳۳۔بے شک اللہ قوت والا، سخت عذاب والا ہے۔

۔الانفال ۸:۵۲۔

۳۴۔(اے نبی ﷺ) بے شک تیرا پروردگار وہی ہے قوت والا، غالب۔

۔ھود ۱۱:۶۶۔

۳۵۔بے شک اللہ قوت والا ہے، غالب۔

۔الحج ۲۲:۴۰، ۷۴۔

۳۶۔اور اللہ قوت والا ہے، غالب۔

۔الاحزاب ۳۳:۲۵۔

۳۷۔بے شک وہ قوی ہے، سخت عذاب والا۔

۔المؤمن ۴۰:۲۲۔

۳۸۔اور وہی ہے قوت والا، غالب۔

۔الشوریٰ ۴۲:۱۹۔

Marfat.com

۳۹۔ بے شک اللہ ہی روزی دینے والا، مضبوط قوت والا ہے۔

۔الذّٰریٰت ۵۱:۵۸۔

۴۰۔ بے شک اللہ قوت والا ہے، زبردست۔

۔الحدید ۵۷:۲۵ والمجادلة ۵۸:۲۱۔

۹۔ عزت اللہ ہی کو ہے

۴۱۔ کیا وہ ان کے پاس عزت ڈھونڈتے ہیں۔ تو عزت تو ساری اللہ ہی کے لیے ہے۔

۔النساء ۴:۱۳۹۔

۴۲۔ اور (اے نبی ﷺ!) تجھے ان کا قول غم میں نہ ڈالے۔ بے شک عزت ساری اللہ ہی کے لیے ہے۔

۔یونس ۱۰:۶۵۔

۴۳۔ جو شخص عزت چاہتا ہے تو عزت تو ساری اللہ ہی کے لیے ہے۔

۔فاطر ۳۵:۱۰۔

۴۴۔ (اے نبی ﷺ!) تیرا پروردگار جو عزت کا مالک ہے ان باتوں سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷:۱۸۰۔

۴۵۔ اور اللہ ہی کے لیے عزت ہے اور اس کے رسول کے لیے اور مومنوں کے لیے۔ لیکن منافق (اس بات کو) نہیں جانتے۔

۔المنافقون ۶۳:۸۔

۱۰۔ اللہ غالب ہے، بدلہ لینے والا

۴۶۔ اور اللہ غالب ہے، بدلہ لینے والا۔

۔آل عمران ۳:۴ والمائدة ۵:۹۵۔

۴۷۔ بے شک اللہ غالب ہے، بدلہ لینے والا۔

۔ابراہیم ۱۴:۴۷۔

۴۸۔ کیا اللہ غالب، بدلہ لینے والا نہیں ہے؟

۔الزمر ۳۹:۳۷۔

۳۹۔ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ﴿۵۸﴾

۴۰۔ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۲۵﴾

۴۱۔ اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ﴿۱۳۹﴾

۴۲۔ وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ؕ

۴۳۔ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِيْعًا ؕ

۴۴۔ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾

۴۵۔ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۸﴾

۴۶۔ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿۴﴾

۴۷۔ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿۴۷﴾

۴۸۔ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِي انْتِقَامٍ ﴿۳۷﴾

۴۹۔ اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ ﴿۱۳﴾

۵۰۔ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۲۰۲﴾

۵۱۔ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۹﴾

۵۲۔ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۹﴾

۵۳۔ وَهُوَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۴۱﴾

۱۱۔ اللہ کی پکڑ سخت ہے

۴۹۔ بے شک تیرے پروردگار کی پکڑ سخت ہے۔ بے شک وہی پہلی دفعہ پیدا کرتا ہے اور دوبارہ کرے گا۔

۔البروج ۸۵:۱۲۔۱۳۔

۱۲۔ اللہ جلد حساب لینے والا

۵۰۔ اور اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔

۔البقرة ۲:۲۰۲ والنور ۲۴:۳۹۔

۵۱۔ سو بے شک اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔

۔آل عمران ۳:۱۹۔

۵۲۔ بے شک اللہ جلدی حساب لینے والا ہے۔

۔آل عمران ۳:۱۹۹ والمائدة ۵:۴ وابراہیم ۱۴:۵۱ والمؤمن ۴۰:۱۷۔

۵۳۔ اور وہ جلد حساب لینے والا ہے۔

۔الرعد ۱۳:۴۱۔

Marfat.com

۵۴۔ اِنَّ رَبَّكَ سَرِيْعُ الْعِقَابِ ۚ

۵۵۔ اِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيْعُ الْعِقَابِ ۚ

۵۶۔ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۹۶﴾

۵۷۔ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۱﴾

۵۸۔ وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۱۱﴾

۵۹۔ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲﴾

۶۰۔ اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ

۶۱۔ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۵۲﴾

۶۲۔ وَاِنَّ رَبَّكَ لَشَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۶﴾

۶۳۔ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ۙ

۶۴۔ اِنَّهٗ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۲﴾

۶۵۔ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ﴿۹۸﴾

۶۶۔ اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ﴿۷﴾

۶۷۔ وَلَكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ﴿۲﴾

۶۸۔ وَاَنَّ عَذَابِيْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِيْمُ ﴿۵۰﴾

۶۹۔ اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ وَّذُوْ عِقَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۴۳﴾

۱۳۔ اللہ جلد عذاب کرنے والا ہے

۵۴۔ بے شک تیرا پروردگار جلد عذاب کرنے والا ہے۔

۔الانعام ۶:۱۶۵۔

۵۵۔ بے شک تیرا پروردگار جلد عذاب کرنے والا ہے۔

۔الاعراف ۷:۱۶۷۔

۱۴۔ اللہ سخت عذاب والا ہے

۵۶۔ اور جان لو کہ اللہ سخت عذاب والا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۱۹۶ والانفال ۸:۲۵۔

۵۷۔ پس بے شک اللہ سخت عذاب والا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۲۱۱ والانفال ۸:۱۳ والحشر ۵۹:۴۔

۵۸۔ اور اللہ سخت عذاب والا ہے۔

۔آل عمران ۳:۱۱ والانفال ۸:۴۸۔

۵۹۔ بے شک اللہ سخت عذاب والا ہے۔

۔المائدۃ ۵:۲ والحشر ۵۹:۷۔

۶۰۔ جان لو کہ بے شک اللہ سخت عذاب والا ہے۔

۔المائدۃ ۵:۹۸۔

۶۱۔ بے شک اللہ زبردست، سخت عذاب والا ہے۔

۔الانفال ۸:۵۲۔

۶۲۔ اور بے شک تیرا پروردگار سخت عذاب والا ہے۔

۔الرعد ۱۳:۶۔

۶۳۔ سخت عذاب والا۔

۔المؤمن ۴۰:۳۔

۶۴۔ بے شک وہ قوت والا، سخت عذاب والا ہے۔

۔المؤمن ۴۰:۲۲۔

۶۵۔ اور یہ کہ اللہ سخت عذاب والا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۱۶۵۔

۱۵۔ اللہ کا عذاب سخت ہے

۶۶۔ بے شک میرا عذاب سخت ہے۔

۔ابراہیم ۱۴:۷۔

۶۷۔ لیکن اللہ کا عذاب سخت ہے۔

۔الحج ۲۲:۲۔

۱۶۔ اللہ کا عذاب دردناک ہے

۶۸۔ اور یہ کہ جو میرا عذاب ہے وہی دردناک عذاب ہے۔

۔الحجر ۱۵:۵۰۔

۶۹۔ (اے نبی ﷺ!) بے شک تیرا پروردگار مغفرت والا اور وہ دردناک عذاب والا ہے۔

۔حٰمٓ السجدۃ۔ ۴۱:۴۳۔

۷۰۔وَ اِلَی اللّٰہِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۲۱۰﴾

۷۱۔وَ لِلّٰہِ عَاقِبَۃُ الْاُمُوْرِ ﴿۴۱﴾

۷۲۔وَ اِلَی اللّٰہِ عَاقِبَۃُ الْاُمُوْرِ ﴿۲۲﴾

۷۳۔اَلَآ اِلَی اللّٰہِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ ﴿۵۳﴾

۱۔کُلٌّ لَّہٗ قٰنِتُوْنَ ﴿۲۶﴾

۲۔اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰہِ یَبْغُوْنَ وَ لَہٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ طَوْعًا وَّ کَرْہًا وَّ اِلَیْہِ یُرْجَعُوْنَ ﴿۳۲﴾

۳۔اِنْ کُلُّ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ اِلَّآ اٰتِی الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ﴿۹۳﴾ لَقَدْ اَحْصٰىہُمْ وَ عَدَّہُمْ عَدًّا ﴿۹۴﴾

۴۔وَ عَنَتِ الْوُجُوْہُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ ؕ

۵۔ثُمَّ اسْتَوٰٓی اِلَی السَّمَآءِ وَ ہِیَ دُخَانٌ فَقَالَ لَہَا وَ لِلْاَرْضِ ائْتِیَا طَوْعًا اَوْ کَرْہًا ؕ قَالَتَآ اَتَیْنَا طَآئِعِیْنَ ﴿۱۱﴾

۶۔وَ لِلّٰہِ یَسْجُدُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ طَوْعًا وَّ کَرْہًا وَّ ظِلٰلُہُمْ بِالْغُدُوِّ وَ الْاٰصَالِ ﴿۱۵﴾

۱۷۔ ہر چیز کا انجام اللہ ہی کی طرف ہے

۷۰۔اور سب کام اللہ ہی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں۔

۔البقرۃ۲:۲۱۰ وآل عمران۳:۱۰۹ والانفال۸:۴۴ والحج۲۲:۷۶ وفاطر۳۵:۴ والحدید۵۷:۵۔

۷۱۔اور سب کاموں کا انجام اللہ ہی کی طرف ہے۔

۔الحج۲۲:۴۱۔

۷۲۔اور سب کاموں کا انجام اللہ ہی کی طرف ہے۔

۔لقمٰن۳۱:۲۲۔

۷۳۔سن لو کہ سب کام اللہ ہی کی طرف رجوع ہوتے ہیں۔

۔الشوریٰ۴۲:۵۳۔

ہر چیز کا اللہ کے مطیع ہونا

۱۔ ہر چیز اللہ کی مطیع ہے

۱۔سب اس کے فرماں بردار ہے۔

۔البقرۃ۲:۱۱۶ والروم۳۰:۲۶۔

۲۔تو کیا وہ اللہ کے دین کے سوا (اور کوئی دین) ڈھونڈتے ہیں۔ حال آنکہ جو آسمانوں اور زمین میں ہیں خوشی سے اور ناخوشی سے سب اسی کے فرماں بردار ہیں اور وہ اسی کی طرف لوٹائے جائیں گے۔

۔آل عمران۳:۸۲۔

۳۔آسمانوں اور زمین میں جو کوئی بھی ہے رحمٰن کے پاس سب ہی بندہ بن کر حاضر ہوں گے۔ بے شک اس نے ان سب کو گھیر رکھا ہے اور ان کی گنتی گن رکھی ہے۔

۔مریم۱۹:۹۳۔۹۴۔

۴۔اور اس زندہ، قائم رہنے والے کے آگے چہرے جھکے ہوئے ہوں گے۔

۔طٰہٰ۲۰:۱۱۱۔

۱۲۔پس تو اسی کی طرف بلا اور جس طرح تجھے حکم دیا گیا ہے قائم رہ اور ان کی خواہشوں پر نہ چل اور کہہ کہ میں اس کتاب پر جو اللہ نے اتاری ہے ایمان لایا اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں تمہارے درمیان انصاف کروں۔ اللہ ہمارا پروردگار ہے اور تمہارا پروردگار بھی۔ ہمارے لیے ہمارے اعمال اور تمہارے لیے تمہارے اعمال۔ ہمارے درمیان اور تمہارے درمیان کچھ جھگڑا نہیں ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲:۱۵۔

۱۳۔پھر ہم نے تجھے دین کی ایک راہ پر لگا دیا ہے تو تو اسی پر چل اور ان لوگوں کی خواہشوں پر نہ چل جو کچھ نہیں جانتے۔ وہ اللہ کے مقابلے میں تیرے کچھ کام نہ آئیں گے اور بے شک ظالم ایک دوسرے کے دوست ہیں اور اللہ متقیوں کا دوست ہے۔

۔الجاثیہ ۴۵:۱۸۔۱۹۔

۴۔ اسلام لانے سے کسی پر احسان نہیں بلکہ خود اسلام لانے والے پر اللہ کا احسان ہے

۱۴۔کہہ دے کیا تم اللہ کو اپنی دین داری جتلاتے ہو حالانکہ اللہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور اللہ ہر شے کو جانتا ہے۔ وہ تجھ پر یہ احسان رکھتے ہیں کہ وہ اسلام لائے۔ تو کہہ دے کہ مجھ پر اپنے اسلام کا احسان نہ دھرو بلکہ اللہ تم پر احسان رکھتا ہے کہ اس نے تم کو ایمان کی طرف لگا دیا اگر تم سچے ہو۔

۔الحجرات ۴۹:۱۶۔۱۷۔

لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۳۷﴾

۹۔وَاُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۲﴾

۱۰۔فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ؕ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ﴿۱۱۲﴾

۱۱۔وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِیَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

۱۲۔فَلِذٰلِكَ فَادْعُ ۚ وَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ ۚ وَقُلْ اٰمَنْتُ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ كِتٰبٍ ۚ وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَیْنَكُمْ ؕ اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ؕ لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ؕ لَا حُجَّةَ بَیْنَنَا وَبَیْنَكُمْ ؕ اَللّٰهُ یَجْمَعُ بَیْنَنَا ۚ وَاِلَیْهِ الْمَصِیْرُ ﴿۱۵﴾

۱۳۔ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِیْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸﴾ اِنَّهُمْ لَنْ یُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَیْـًٔا ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِیْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِیُّ الْمُتَّقِیْنَ ﴿۱۹﴾

۱۴۔قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِیْنِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ یَعْلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۱۶﴾ یَمُنُّوْنَ عَلَیْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ؕ قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَیَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ بَلِ اللّٰهُ یَمُنُّ عَلَیْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِیْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۱۷﴾

Marfat.com

۱۵۔ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾

۱۶۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْٓا اَنْصَارَ اللّٰهِ

۱۷۔ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ

۱۸۔ فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ فِيْ شِقَاقٍ ۚ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۳۷﴾

۱۹۔ فَاِنْ حَآجُّوْكَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ ۗ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْاُمِّيّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ ۚ فَاِنْ اَسْلَمُوْا فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ ۗ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۲۰﴾

۲۰۔ فَمَنْ اَسْلَمَ فَاُولٰٓئِكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ﴿۴۱﴾

۲۱۔ وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۸۵﴾

۲۲۔ فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ فِيْ شِقَاقٍ ۚ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۳۷﴾

۲۳۔ وَهٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيْمًا ۗ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۲۶﴾

۲۴۔ قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا ۖ وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۚ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ۗ نَحْنُ

۵۔ اسلام ہی پر مرو

۱۵۔ پس تم مسلمان ہی ہو کر مرو۔

۔البقرۃ ۲:۱۳۲۔

۶۔ اللہ کے دین کی مدد کرو

۱۶۔ مسلمانو! اللہ کے (دین کے) مددگار بن جاؤ۔

الصف ۶۱:۱۴۔

۷۔ دین تو اللہ کے نزدیک صرف اسلام ہی ہے

۱۷۔ بے شک دین اللہ کے نزدیک اسلام ہی ہے۔

۔آل عمران ۳:۱۹۔

۱۸۔ پھر اگر وہ بھی تمہاری طرح ایمان لے آئیں تو بے شک انہوں نے ہدایت پائی اور اگر وہ منہ موڑیں تو بے شک وہ اختلاف میں ہیں۔ سو تجھے اللہ ان کے شر سے کافی ہے اور وہی سننے والا، جاننے والا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۱۳۷۔

۸۔ ہدایت صرف اسلام ہی میں منحصر ہے

۱۹۔ پھر اگر وہ تجھ سے جھگڑا کریں تو کہہ دے کہ میں نے اپنا رخ اللہ کے تابع کر دیا اور انہوں نے بھی جنہوں نے میرا اتباع کیا ہے اور ان لوگوں سے جن کو کتاب دی گئی ہے اور عرب کے ان پڑھوں سے پوچھ کہ تم بھی اسلام لے آئے۔ پھر اگر وہ اسلام لے آئیں تو بے شک وہ ہدایت پر ہو گئے اور اگر وہ منہ موڑیں تو تیرا ذمہ صرف پیغام پہنچا دینا ہے اور اللہ بندوں کو دیکھتا ہے۔

۔آل عمران ۳:۲۰۔

۲۰۔ سو جو اسلام لایا تو ایسے ہی لوگ ہیں جنہوں نے راہ راست کا قصد کیا۔

۔الجن ۷۲:۱۴۔

۹۔ اسلام کے سوا کوئی دین مقبول نہیں

۲۱۔ اور جو شخص اسلام کے سوا اور کوئی دین تلاش کرے گا تو وہ دین اس سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا اور آخرت میں وہ گھاٹا اٹھانے والوں میں ہوگا۔

۔آل عمران ۳:۸۵۔

۲۲۔ پھر اگر وہ بھی تمہاری طرح ایمان لے آئیں تو بے شک انہوں نے ہدایت پائی اور اگر وہ منہ موڑیں تو بے شک وہ اختلاف میں ہیں۔ سو تجھے اللہ ان کے شر سے کافی ہے اور وہی سننے والا، جاننے والا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۱۳۷۔

۱۰۔ دین اسلام اللہ کا سیدھا رستہ ہے

۲۳۔ اور یہ تیرے پروردگار کی سیدھی راہ ہے۔ ہم نے ان لوگوں کے لیے تفصیل سے نشانیاں بیان کر دی ہیں جو نصیحت پکڑتے ہیں۔

۔الانعام ۶:۱۲۶۔

۲۴۔ کہہ دے آؤ میں پڑھ کر سناؤں جو تمہارے پروردگار نے تم پر حرام کیا ہے۔ حکم دیا ہے کہ اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کرو اور

ماں باپ کے ساتھ احسان کرو اور محتاجی کی وجہ سے
اپنی اولاد کو قتل نہ کرو ہم تم کو روزی دیتے ہیں اور ان کو
بھی اور بے حیائی کی باتوں کے قریب بھی نہ جاؤ جو اُن
میں ظاہر ہیں، اس کے بھی اور جو چھپی ہیں اس کے
بھی۔ اور اس جان کو ناحق نہ مارو جس کا اللہ نے
احترام کیا ہے۔ یہ ہے جس کے ساتھ اس نے تم کو
وصیت کی ہے شاید تم سمجھو اور یتیم کے مال کے پاس بھی
نہ جاؤ مگر ایسے طریق پر کہ وہ بہت ہی اچھا ہو یہاں
تک کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچ جائے اور ماپ اور تول کو
انصاف کے ساتھ پورا رکھو۔ ہم کسی جان کو اس کی
گنجایش سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے۔ اور جب تم
بات کہو تو انصاف کو مدنظر رکھو اگرچہ کوئی رشتہ دار ہی ہو
اور اللہ کے عہد کو پورا کرو۔ یہ ہے جس کی اس نے
تمہیں وصیت کی ہے تاکہ تم نصیحت پکڑو۔ اور یہ کہ یہ
میرا رستہ ہے سیدھا۔ تو تم اسی پر چلو اور دوسرے
رستوں پر نہ چلو کہ وہ رستے تمہیں اس کے رستے سے
جدا کر دیں۔ یہ ہے جس کی اس نے تمہیں وصیت کی
ہے تاکہ تم پرہیزگار ہو جاؤ۔

۔الانعام۶: ۱۵۱۔۱۵۳۔

۲۵۔ اور اس سے اچھا کس کا دین جس نے اپنے رُخ کو
اللہ کا فرماں بردار بنایا اور وہ نیکوکار ہے اور اس نے ایک
خدا کا ہو کر دینِ ابراہیم کی پیروی کی ہے؟

۔النساء۴: ۱۲۵۔

۱۱۔ دینِ اسلام سے بہتر کوئی دین نہیں

۲۶۔ اور اس سے اچھا کس کا قول جس نے (لوگوں کو)
اللہ کی طرف بلایا اور نیک کام کئے اور کہا کہ میں فرماں

نَرْزُقُكُمْ وَإِيَّاهُمْ ۚ وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۚ
وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ ۚ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُمْ بِهِ
لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ﴿۱۵۱﴾ وَلَا تَقْرَبُوا مَالَ الْيَتِيمِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ
حَتَّىٰ يَبْلُغَ أَشُدَّهُ ۚ وَأَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيزَانَ بِالْقِسْطِ ۖ لَا نُكَلِّفُ
نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ۖ وَإِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَىٰ ۖ وَبِعَهْدِ
اللَّهِ أَوْفُوا ۚ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُمْ بِهِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ﴿۱۵۲﴾ وَأَنَّ هَٰذَا
صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا فَاتَّبِعُوهُ ۖ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَن
سَبِيلِهِ ۚ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُم بِهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ﴿۱۵۳﴾

۲۵۔ وَمَنْ أَحْسَنُ دِينًا مِّمَّنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلَّهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَاتَّبَعَ مِلَّةَ
إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا ۚ

۲۶۔ وَمَنْ أَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّن دَعَا إِلَى اللَّهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَقَالَ إِنَّنِي مِنَ
الْمُسْلِمِينَ ﴿۳۳﴾

۲۷۔ يُرِيدُ اللَّهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ ۖ

۲۸۔ مَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُم مِّنْ حَرَجٍ وَلَٰكِن يُرِيدُ
لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿۶﴾

۲۹۔ وَجَاهِدُوا فِي اللَّهِ حَقَّ جِهَادِهِ ۚ هُوَ اجْتَبَاكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي

برداروں میں ہوں؟

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۳۳۔

۱۲۔ دینِ اسلام میں اللہ نے آسانی رکھی ہے سختی نہیں رکھی

۲۷۔ اللہ تم پر آسانی کرنا چاہتا ہے اور وہ تم پر سختی کرنا نہیں چاہتا۔

۔البقرۃ ۲: ۱۸۵۔

۲۸۔ اللہ نہیں چاہتا کہ تم پر تنگی ڈالے لیکن وہ چاہتا ہے کہ تم کو پاک کرے
اور تم پر اپنی نعمت پوری کرے تاکہ تم شکر کرو۔

۔المائدۃ ۵: ۶۔

۲۹۔ اور اللہ کی راہ مین جہاد کرو جیسا کہ اس کی راہ میں جہاد کرنے کا
حق ہے۔ اسی نے تم کو برگزیدہ کیا اور دین میں تم پر کچھ تنگی نہیں رکھی۔
تمہارے باپ ابراہیم کا دین مشروع کیا۔ اسی نے تمہارا مسلمان نام

Marfat.com

الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ؕ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ؕ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۙ

۳۰۔ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ

۳۱۔ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا مَآ اٰتٰىهَا ؕ

۳۲۔ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ

۳۳۔ لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۱﴾ وَّلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَآ اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَآ اَجِدُ مَآ اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ ۖ تَوَلَّوْا وَّاَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ ﴿۹۲﴾

۳۴۔ لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ

۳۵۔ وَمَنْ يُّسْلِمْ وَجْهَهٗٓ اِلَى اللّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ؕ وَاِلَى اللّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿۲۲﴾

۳۶۔ اَلْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ؕ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ

رکھا ہے۔

۔الحج ۲۲: ۷۸۔

۱۳۔ اللہ کسی کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا

۳۰۔ اللہ کسی جان کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا۔ اس کے نفع کے لیے ہے جو اس نے اچھا کیا اور اس پر وبال ہے جو اس نے بُرا کیا۔

البقرۃ ۲: ۲۸۶۔

۳۱۔ اور کسی جان کو اس سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا جو اس نے اس کو دیا ہے۔

۔الطلاق ۶۵: ۷۔

۳۲۔ ہم کسی جان کو اس کی گنجائش سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے۔

۔الانعام ۶: ۱۵۲ والاعراف ۷: ۴۲ والمومنون ۔ ۲۳: ۶۲۔

۱۴۔ ضعیفوں، لنگڑوں، اندھوں اور مریضوں وغیرہ معذورین پر جمعہ جماعات اور جہاد وغیرہ کی تکلیف نہیں ہے

۳۳۔ نہیں ہے کمزوروں پر اور نہ بیماروں پر اور نہ ان پر جو شے نہیں پاتے جس کو وہ خرچ کریں، کوئی گناہ۔ جب اللہ اور اس کے رسول کی خیر خواہی کریں، نیکو کاروں پر کوئی الزام نہیں ہے اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔ اور نہ ان پر گناہ ہے کہ جب وہ تیرے پاس آتے ہیں کہ تو ان کو سوار کردے تو تو کہتا کہ میں وہ (سواری) نہیں پاتا جس پر میں تم کو سوار کردوں۔ تب وہ واپس ہوتے ہیں اور اُن کی آنکھوں سے آنسو بہتے ہیں اس غم میں کہ وہ نہیں پاتے جو وہ خرچ کریں۔

۔التوبۃ ۹: ۹۱۔۹۲۔

۳۴۔ نہ اندھے پر گناہ ہے اور نہ لنگڑے پر گناہ ہے اور نہ بیمار پر گناہ ہے۔

۔النور ۔ ۲۴: ۶۱ والفتح ۔ ۴۸: ۱۷۔

۱۵۔ اسلام بڑا محکم کڑا ہے

۳۵۔ اور جو اپنے رخ کو اللہ کا فرماں بردار بنادے اور وہ نیکو کار ہو، اس نے بے شک مضبوط دستے کو پکڑ لیا اور سب کاموں کا انجام اللہ ہی کی طرف ہے۔

۔لقمن ۳۱: ۲۲

۱۶۔ اللہ دینِ اسلام سے راضی ہے

۳۶۔ آج کافر تمہارے دین سے مایوس ہو گئے تو تم اُن سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو۔ آج میں نے تمہارے لیے تمہارے دین کو کامل کر دیا اور

تم پر اپنی نعمت تمام کر دی اور تمہارے لیے دین اسلام سے راضی ہوا۔

-المائدۃ ۵: ۳-

۱۷۔ دینِ اسلام نوح، ابراہیم، موسیٰ، عیسیٰ علیہم السلام وغیرہ کا ایک ہی ہے

۳۷۔ (اے نبی ﷺ! وہ وقت یاد کر) جب ابراہیم سے اس کے پروردگار نے کہا کہ اسلام لا۔ تو اس نے کہا کہ میں جہانوں کے پروردگار کے لیے اسلام لایا۔ اور اسی کی وصیت ابراہیم اور یعقوب نے اپنے اپنے بیٹوں کو کی کہ بیٹو اللہ نے تمہارے لیے یہ دین منتخب کیا ہے، تو تم مسلمان ہی مرنا۔ (منکرو!) کیا تم اس وقت موجود تھے جب یعقوب کو موت آئی تھی۔ جب اس نے اپنے بیٹوں سے کہا تھا کہ تم میرے بعد کس کو پوجو گے؟ تو انہوں نے کہا کہ ہم تیرے معبود اور تیرے باپ دادوں ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق کے معبود کو (یعنی) ایک ہی معبود کو پوجیں گے اور اسی کے نافرماں بردار ہیں۔

-البقرۃ ۲: ۱۳۱-۱۳۳-

۳۸۔ اللہ نے تمہارے لیے وہ دین جاری کیا ہے جس کی اُس نے نوح کو وصیت کی تھی اور جس کی ہم نے تیری طرف وحی کی اور جس کی ہم نے ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ کو وصیت کی تھی۔ یہ کہ دین کو قائم رکھو اور اس میں تفرقہ نہ ڈالو۔ مشرکین کو وہ دین ناگوار ہے جس کی طرف تو انہیں بلاتا ہے۔

-الشوریٰ ۴۲: ۱۳-

۳۹۔ اور ان کو بجز اس کے اور کچھ حکم نہیں دیا کہ ایک طرف کے ہو کر خالص اللہ ہی کی فرمان برداری کرتے ہوئے اللہ کی عبادت کریں اور نماز کو قائم رکھیں اور زکوٰۃ دیتے رہیں اور یہی سیدھا دین ہے۔

-البینۃ ۹۸: ۵-

الْاِسْلَامَ دِيْنًا ؕ

۳۷۔ اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗۤ اَسْلِمْ ۙ قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۷﴾ وَوَصّٰى بِهَاۤ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ ؕ يٰبَنِيَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۳۸﴾ اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ ۙ اِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْۢ بَعْدِيْ ؕ قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۳۹﴾

۳۸۔ شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا وَّالَّذِيْۤ اَوْحَيْنَاۤ اِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهٖۤ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰۤى اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ ؕ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ ؕ

۳۹۔ وَمَاۤ اُمِرُوْۤا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۙ۬ حُنَفَآءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ﴿۵﴾

۴۰۔ فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۰۹﴾

۴۱۔ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّاۤ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۲۱۰﴾

۴۲۔ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿۸۱﴾

۱۸۔ اسلام سے لغزش کی ممانعت

۴۰۔ پھر اگر تم اس کے بعد بھی کہ تمہارے پاس کھلی دلیلیں آ چکی ہیں ڈگمگا گئے تو جان لو کہ بے شک اللہ غالب، حکمت والا ہے۔

-البقرۃ ۲: ۲۰۹-

۴۱۔ کیا یہ (کافر) اسی کے منتظر ہیں کہ اُن کے پاس بادلوں کے سائبانوں میں خدا اور فرشتے آ موجود ہوں اور معاملہ طے ہو جائے اور سب کام اللہ ہی کی طرف لوٹائے جائیں گے۔

-البقرۃ ۲: ۲۱۰-

۱۹۔ غلبۂ اسلام کی پیش گوئیاں

۴۲۔ اور (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ حق آ گیا اور باطل پاش پاش ہو گیا۔ بے شک باطل پاش پاش ہونے والا ہی تھا۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۸۱-

Marfat.com

۴۳۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ رات اور دن میں رحمٰن سے تمہاری حفاظت کون کرتا ہے؟ (کوئی نہیں) بلکہ وہ اپنے پروردگار کی یاد سے منہ پھیرے ہوئے ہیں۔ کیا ان کے ایسے معبود ہیں جو ہمارے سوا ان کو بچا سکیں؟ وہ نہ خود اپنی ہی مدد کر سکتے ہیں اور نہ ہمارے مقابلے میں کوئی اُن کا ساتھی ہے۔ بلکہ ہم نے اُن کو اور اُن کے باپ دادوں کو دنیا میں برومند کیا۔ یہاں تک کہ ان پر عمریں طویل ہو گئیں۔ تو کیا یہ لوگ یہ نہیں دیکھتے کہ ہم زمین (کفر) کو اس کی چاروں طرف سے گھٹاتے چلے آتے ہیں، تو کیا وہ غالب آئیں گے؟

۔الانبیاء ۲۱: ۴۲۔۴۴۔

۴۴۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میرا پروردگار چھپی باتوں کا جاننے والا حق کو پھیلا رہا ہے۔ کہہ دے کہ حق آ گیا اور (آئندہ) باطل نہ ابتدا کرے گا اور نہ لوٹ کر آئے گا۔

۔سبا ۳۴: ۴۸۔۴۹۔

۴۵۔اس کی طرف پاکیزہ کلام چڑھتے ہیں اور نیک کاموں کو وہ اپنی طرف اٹھا لیتا ہے اور جو لوگ بُری بُری تجویزیں سوچتے رہتے ہیں ان کے لیے سخت عذاب ہے اور ان لوگوں کا فریب تباہ ہوگا۔

۔فاطر ۳۵: ۱۰۔

۴۶۔کافر چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور (دین اسلام) کو اپنے مونہوں سے (پھونک مار کر) بجھا دیں اور اللہ اپنے نور کو پورا کرنے والا ہے۔ وہ (خدا) وہی ہے جس نے اپنا رسول ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تا کہ وہ اس دین کو تمام دینوں پر غالب کرے اگرچہ مشرکوں کو برا معلوم ہو۔

۔الصف ۶۱: ۸۔۹

۴۳۔قُلْ مَنْ يَّكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ ؕ بَلْ هُمْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۲﴾ اَمْ لَهُمْ اٰلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ مِّنْ دُوْنِنَا ؕ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَ اَنْفُسِهِمْ وَلَا هُمْ مِّنَّا يُصْحَبُوْنَ ﴿۴۳﴾ بَلْ مَتَّعْنَا هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ؕ اَفَلَا يَرَوْنَ اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ اَفَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۴۴﴾

۴۴۔قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَقْذِفُ بِالْحَقِّ ۚ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۴۸﴾ قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ ﴿۴۹﴾

۴۵۔اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ ؕ وَالَّذِيْنَ يَمْكُرُوْنَ السَّيِّاٰتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ؕ وَمَكْرُ اُولٰٓئِكَ هُوَ يَبُوْرُ ﴿۱۰﴾

۴۶۔يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ﴿۹﴾

۴۷۔بَلٰى ۚ مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهٗٓ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۪ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

۴۸۔مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ؕ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۙ

۴۹۔صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۪ وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ﴿۱۳۸﴾

۲۰۔مسلمان نیکوکار بے خوف و بے غم ہیں

۴۷۔ہاں جس نے اپنا رخ اللہ کے سپرد کر دیا اور وہ نیکوکار ہے، اس کے لیے اُس کے پروردگار کے ہاں اس کا ثواب ہے اور نہ اُن پر کچھ خوف ہی ہے اور وہ غمگین ہی ہوں گے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۱۲۔

۲۱۔مسلمان نام ابراہیم علیہ السلام نے رکھا ہے

۴۸۔(اسلام) تمہارے باپ ابراہیم کا دین (ہے) اُسی نے تمہارا نام مسلمان رکھا ہے۔

۔الحج ۲۲: ۷۸۔

۲۲۔مسلمان اللہ کے رنگ میں رنگے ہوئے ہیں

۴۹۔(مسلمانو! کہو کہ) ہم اللہ کے رنگ میں رنگ گئے اور اللہ سے اچھا رنگنے والا کون ہے اور ہم صرف اِسی کو پوجتے ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۱۳۸۔

Marfat.com

۵۰۔ لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۷﴾

۵۱۔ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ ﴿۱۰۶﴾

۵۲۔ اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ

۵۳۔ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۰﴾

۵۴۔ نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ ﴿۳۱﴾ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ ﴿۳۲﴾

۵۵۔ اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ كَالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۳۵﴾ مَا لَكُمْ ۟ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۶﴾ اَمْ لَكُمْ كِتٰبٌ فِيْهِ تَدْرُسُوْنَ ﴿۳۷﴾ اِنَّ لَكُمْ فِيْهِ لَمَا تَخَيَّرُوْنَ ﴿۳۸﴾ اَمْ لَكُمْ اَيْمَانٌ عَلَيْنَا بَالِغَةٌ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۙ اِنَّ لَكُمْ لَمَا تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۹﴾ سَلْهُمْ اَيُّهُمْ بِذٰلِكَ زَعِيْمٌ ﴿۴۰﴾ اَمْ لَهُمْ شُرَكَآءُ ۚ فَلْيَاْتُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿۴۱﴾

۱۔ يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۭ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا

۲۳۔ مسلمانوں کا اللہ کارساز ہے

۵۰۔ ان کے لیے پروردگار کے ہاں سلامتی کا گھر ہے اور وہی اُن کا کارساز ہے، بدلہ اس کا جو وہ کرتے تھے۔

۔الانعام ۶:۱۲۷۔

۲۴۔ مسلمانوں کی سلطنت کی نسبت زبور کی پیش گوئی

۵۱۔ اور کچھ شک نہیں کہ ہم نے تورات کے بعد زبور میں لکھ دیا تھا کہ ملک (شام) کے وارث میرے نیک بندے ہوں گے۔ بے شک اس میں عبادت گزار لوگوں کے لیے پیغام پہنچا دینا ہے۔

۔الانبیاء ۲۱:۱۰۵۔

۲۵۔ مسلمان اللہ کے نور پر ہیں

۵۲۔ تو کیا وہ شخص جس کا سینہ اللہ نے اسلام کے لیے کھول دیا ہے اور وہ اپنے پروردگار کی طرف سے روشنی پر ہے (کافروں جیسا ہو سکتا ہے؟)۔

۔الزمر ۳۹:۲۲۔

۲۶۔ مسلمانوں پر فرشتوں کا نزول جنت کی بشارت کے ساتھ

۵۳۔ بے شک جنہوں نے کہا اللہ ہمارا پروردگار ہے پھر وہ اس پر قائم رہے، اُن پر فرشتے اترتے ہیں کہ تم نہ خوف کرو اور نہ غم کرو۔ اور اُس جنت کی بشارت پاؤ جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱:۳۰۔

۵۴۔ ہم تمہارے دنیا کی زندگی اور آخرت میں کارساز ہیں اور تمہارے لیے اس (جنت) میں وہ چیز ہے جس کو تمہارا جی چاہے گا اور (نیز) تمہارے لیے اس میں وہ چیز ہے جو تم مانگو گے۔ بخشنے والے، مہربان کی طرف سے مہمانی ہے۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱:۳۱۔۳۲

۲۷۔ مسلمان اور مجرم برابر نہیں ہیں

۵۵۔ تو کیا ہم مسلمانوں کو گنہگاروں کی برابر کر دیں گے۔ تمہیں کیا ہوا کیسا فیصلہ کرتے ہو؟ کیا تمہارے پاس کوئی کتاب ہے جس میں تم پڑھتے ہو؟ کیا تمہارے لیے اس میں وہ چیز ہے جو تم پسند کرو یا تمہارے لیے ہم پر قسمیں ہیں جو قیامت کے دن تک پہنچنے والی ہیں کہ تمہارے لیے وہ ہے جو تم حکم لگاؤ؟ (اے نبی ﷺ!) ان سے پوچھ کہ اس بات کا ان میں سے کون ٹھیکے دار ہے۔ یا ان کے لیے شریک ہیں؟ اگر وہ سچے ہیں تو اپنے شریکوں کو لائیں۔

۔القلم ۶۸:۳۵۔۴۱۔

دعوتِ اسلام، تبلیغ

۱۔ تبلیغ کا حکم

۱۔ اے رسول! اُس پیغام کو (لوگوں تک) پہنچا دے جو تیرے

بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ؕ

۲۔ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۴﴾

۳۔ اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۲۵﴾

۴۔ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْاَمْرِ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ ؕ اِنَّكَ لَعَلٰى هُدًى مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۶۷﴾

۵۔ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۸۷﴾

۶۔ فَلِذٰلِكَ فَادْعُ ۚ وَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ ۚ

۷۔ وَمَا عَلَى الَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّلٰكِنْ ذِكْرٰى لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۶۹﴾ وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌ بِمَا كَسَبَتْ ۚ

۸۔ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ ﴿۴۵﴾

۹۔ وَّذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۵﴾

۱۰۔ فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّلَا مَجْنُوْنٌ ﴿۲۹﴾

۱۱۔ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ﴿۹﴾ سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ﴿۱۰﴾

۱۲۔ فَذَكِّرْ ؕ اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَكِّرٌ ﴿۲۱﴾

پروردگار کی طرف سے تجھ پر اتارا گیا ہے اور اگر تو نے ایسا نہ کیا تو تو نے اس کا پیغام نہیں پہنچایا۔

۔المائدۃ ۵:۶۷۔

۲۔ پس جو تجھے حکم دیا جاتا ہے ظاہر کر اور مشرکوں سے کنارہ کشی اختیار کر۔

۔الحجر ۱۵:۹۴۔

۳۔ اپنے پروردگار کے رستے کی طرف حکمت اور عمدہ نصیحت کے ساتھ بلا اور اُن سے ایسے طور پر جھگڑا کر کہ وہ بہت ہی اچھا ہو۔ بے شک تیرا پروردگار خوب جانتا ہے جو اُس کی راہ سے پھرا ہوا ہے اور وہی ان کو بھی خوب جانتا ہے جو ہدایت پر ہیں۔

۔النحل۔ ۱۶:۱۲۵۔

۴۔ سو وہ اس بارے میں تجھ سے جھگڑا نہ کریں اور تو (اُن کو) اپنے پروردگار کی طرف بلا بے شک تو سیدھے رستے پر ہے۔

۔الحج ۲۲:۶۷۔

۵۔ اور اپنے پروردگار کی طرف بلا اور مشرکوں میں مت ہو۔

۔القصص ۲۸:۸۷۔

۶۔ پس تو اسی کے لیے بلا اور (اس پر) قائم رہ جیسا کہ تجھے حکم دیا گیا ہے اور ان کی خواہشوں پر نہ چل۔

۔الشوریٰ ۴۲:۱۵۔

۲۔ لوگوں کو سمجھانے کا حکم

۷۔ اور جو لوگ (اللہ سے) ڈرتے ہیں ان پر کافروں کے متعلق کوئی مؤاخذہ نہیں لیکن (اُن کا فرض) نصیحت کرنا ہے۔ شاید وہ ڈریں اور (اے پیغمبر ﷺ!) اُن کو چھوڑ جنہوں نے اپنا دین کھیل اور ٹھٹھا بنا رکھا ہے اور دنیا کی زندگی نے اُن کو دھوکا دے رکھا ہے اور تو اس قرآن سے نصیحت کر۔ کہیں کوئی جان اپنے کیے کی وجہ سے مبتلائے مصیبت نہ ہو جائے۔

۔الانعام ۶:۶۹۔۷۰۔

۸۔ پس قرآن سے اس کو سمجھا جو میرے ڈرانے سے ڈرتا ہے۔

۔قٓ۔ ۵۰:۴۵۔

۹۔ اور نصیحت کر۔ بے شک نصیحت مومنوں کو نفع دیتی ہے۔

۔الذّٰریٰت۔ ۵۱:۵۵

۱۰۔ پس تو نصیحت کر۔ تو اپنے پروردگار کے فضل سے نہ جنوں (کو تابع کرنے) والا ہے اور نہ دیوانہ۔

۔الطور ۵۲:۲۹۔

۱۱۔ پس تو نصیحت نہ کر اگر نصیحت نفع دے۔ جو ڈرتا ہے وہ نصیحت پکڑے گا۔

۔الاعلیٰ ۸۷:۹۔۱۰۔

۱۲۔ پس تو نصیحت کر۔ تو تو نصیحت ہی کرنے والا ہے۔

۔الغاشیۃ ۸۸:۲۱۔

Marfat.com

۳۔ اللہ کے بندے نصیحت کو بغور سنتے ہیں

۱۳۔اور وہ (اللہ کے بندے ہیں) کہ جب اُن کو اُن کے پروردگار کی آیتوں سے نصیحت کی جاتی ہے تو وہ ان پر بہرے اور اندھے ہو کر نہیں گرتے۔

۔الشعراء ۲۵: ۷۳۔

۴۔ اچھی باتوں کی حمایت کرنا اور بری باتوں سے منع مسلمانوں کا فرض ہے

۱۴۔اور تم میں ایک جماعت ہو جو لوگوں کو خیر کی طرف بلائے اور اچھی بات کا حکم دے اور بری بات سے روکے اور ایسے ہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

۔آل عمران ۳: ۱۰۴۔

۱۵۔(مسلمانو!) تم بہتر اُمت ہو جو لوگوں کے (سمجھانے کے) لیے نکالی گئی ہے تم اچھی بات کا حکم دیتے ہو اور بری بات سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو۔

۔آل عمران ۳: ۱۱۰۔

۱۶۔(مسلمان) اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہیں اور اچھی بات کا حکم دیتے ہیں اور بری بات سے روکتے ہیں اور نیکی کے کاموں کی طرف جلدی کرتے ہیں اور وہی نیک بختوں میں ہیں۔

۔آل عمران ۳: ۱۱۴۔

۱۷۔ان کی اکثر سرگوشیوں میں خیر نہیں ہے مگر (اس کی) جس نے خیرات کا حکم دیا یا کسی نیک کام کا یا لوگوں میں اصلاح کا اور جو یہ کام اللہ کی رضامندی چاہنے کے لیے کرے گا ہم عنقریب ہی اُس کو بڑا

۱۳۔وَالَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوْا عَلَيْهَا صُمًّا وَّعُمْيَانًا ﴿۷۳﴾

۱۴ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾

۱۵۔ كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ

۱۶۔ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

۱۷۔ لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍ بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۱۴﴾

۱۸۔ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ

۱۹۔ خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۱۹۹﴾

۲۰۔ وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

۲۱۔ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ

ثواب دیں گے۔

۔النساء ۴: ۱۱۴۔

۱۸۔(پیغمبر ﷺ) اُن کو اچھی باتوں کا حکم دیتا ہے اور ان کو بُری باتوں سے روکتا ہے۔

۔الاعراف ۷: ۱۵۷۔

۱۹۔(اے پیغمبر ﷺ!) معافی کو لازم پکڑ اور نیک بات کا حکم دے اور جاہلوں سے کنارہ کش رہ

۔الاعراف ۷: ۱۹۹۔

۲۰۔اور مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں ایک دوسرے کے رفیق ہیں وہ اچھی باتوں کا حکم دیتے ہیں اور بری باتوں سے روکتے ہیں۔

۔التوبۃ ۹: ۷۱۔

۲۱۔اور اچھی بات کا حکم دے اور بری بات سے منع کر۔

۔لقمٰن ۳۱: ۱۷ أ۔

۵۔ بنی اسرائیل لوگوں کو برے کاموں سے منع نہ کرنے پر داوٗد اور عیسیٰ علیہما السلام کی زبانی ملعون قرار دیے گئے

۲۲۔ بنی اسرائیل میں سے جنہوں نے کفر اختیار کیا وہ داوٗد اور عیسیٰ بن مریم کی زبان پر ملعون قرار دیے گئے۔ یہ اس لیے کہ انہوں نے نافرمانی کی اور حد سے باہر نکل جاتے تھے۔ بری بات سے جو وہ کیا کرتے تھے، کسی کو نہیں روکتے تھے البتہ بُرا کام ہے جو وہ کرتے تھے۔

-المائدۃ۵: ۷۸-۷۹-

۶۔ اپنی اصلاح کے بعد کسی کی گمراہی سے ضرر نہیں

۲۳۔ مسلمانو! اپنے اوپر اپنی جانوں کی اصلاح لازم پکڑو۔ جب تم خود ہدایت پر ہو گئے تو جو گمراہ ہو گا اس کا گمراہ ہونا تمہیں کچھ نقصان نہیں پہنچائے گا۔

-المائدۃ۵: ۱۰۵-

۷۔ لوگوں کو عذاب سے ڈراؤ

۲۴۔ اور اس قرآن کے ذریعے ان لوگوں کو ڈرا جو اس سے ڈرتے ہیں کہ وہ اپنے پروردگار کے ہاں اکٹھے کیے جائیں گے۔ اُن کے لیے اس کے سوا نہ کوئی دوست ہے اور نہ کوئی سفارش کرنے والا۔

-الانعام۶: ۵۱-

۲۵۔ کیا لوگوں کو اس بات سے تعجب ہوا کہ ہم نے اُن ہی میں سے ایک شخص کی طرف وحی بھیجی کہ لوگوں کو (عذاب سے) ڈرا اور مسلمانوں کو بشارت دے کہ ان کے لیے

۲۲۔ لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ۝ كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ۝

۲۳۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ ؕ

۲۴۔ وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ

۲۵۔ اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ

۲۶۔ وَاَنْذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَاْتِيْهِمُ الْعَذَابُ

۲۷۔ يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اَنْ اَنْذِرُوْٓا اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ۝

۲۸۔ وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ

راستی کا قدم (بلند مرتبہ) ہے۔

-یونس۱۰: ۲-

۲۶۔ اور لوگوں کو اس دن سے ڈرا جس دن ان پر عذاب آئے گا۔

-ابراہیم۱۴: ۴۴-

۲۷۔ خدا فرشتوں کو وحی کے ساتھ اپنے حکم سے اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے اتارتا ہے کہ لوگوں کو اس بات سے ڈراؤ کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں ہے، تو مجھی سے ڈرو۔

-النحل۱۶: ۲-

۲۸۔ اور اُن کو حسرت کے دن سے ڈرا جب (ہر بات کا) فیصلہ کیا جائے گا۔

-مریم۱۹: ۳۹-

Marfat.com

۲۹۔اور اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرا۔

۔الشعراء ۲۶: ۲۱۴۔

۳۰۔اور اُن کو قیامت کے دن سے ڈرا جب دل (مارے خوف کے) حلق کے قریب ہوں گے، غم سے بھرے ہوئے۔

۔المؤمن ۴۰: ۱۸۔

۳۱۔ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا کہ اپنی قوم کو ڈرا اس سے پہلے کہ ان پر دردناک عذاب آ جائے۔

نوح ۷۱: ۱

۳۲۔اے جھرمٹ مارنے والے، اُٹھ اور ڈرا۔

۔المدثر ۷۴: ۱۔۲

۲۹۔وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ﴿۲۱۴﴾

۳۰۔وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كٰظِمِيْنَ ۘ

۳۱۔اِنَّاۤ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖۤ اَنْ اَنْذِرْ قَوْمَكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱﴾

۳۲۔يٰۤاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ﴿۱﴾ قُمْ فَاَنْذِرْ ﴿۲﴾

۱۔وَمَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ

۲۔وَلِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ رَسُوْلُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۴۷﴾

۳۔وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾

۴۔وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۲﴾ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ؕ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿۱۸۳﴾

۵۔وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ؕ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۷﴾

اللہ اور رسول کی اطاعت کا حکم

۱۔ رسول اس غرض سے بھیجے گئے ہیں کہ لوگ ان کی اطاعت کریں

۱۔اور ہم نے جو رسول بھی بھیجا وہ اسی لیے بھیجا کہ اللہ کے حکم سے اس کی اطاعت کی جائے۔

۔النساء ۴: ۶۴۔

۲۔ رسولوں کے آنے سے اعمالِ بد کی سزا ملتی ہے

۲۔اور ہر ایک اُمت کے لیے رسول ہوتا ہے پھر جب ان کا رسول آ جاتا ہے تو ان کے درمیان انصاف سے فیصلہ کر دیا جاتا ہے اور ان پر ظلم نہیں کیا جاتا۔

۔یونس ۱۰: ۴۷۔

۳۔اور ہم (کسی کو) عذاب دینے والے نہیں جب تک کہ ایک رسول نہ بھیج دیں۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۱۵۔

۳۔ رسولوں کے جھٹلانے والوں کو اللہ ڈھیل دیتا ہے

۴۔اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا انہیں ہم درجہ بدرجہ (گمراہی میں) کھینچیں گے ایسی طرح کہ انہیں خبر بھی نہ ہو گی اور میں انہیں ڈھیل دوں گا۔ بے شک میرا داؤ مضبوط ہے۔

۔الاعراف ۷: ۱۸۲۔۱۸۳۔

۴۔ رسولوں کے جھٹلانے والوں کے اعمال اکارت ہیں

۵۔اور جنہوں نے ہماری آیتوں اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا اُن کے عمل اکارت گئے۔ انہیں صرف اسی طرح کا بدلہ دیا جائے گا جو وہ (دنیا میں) کیا کرتے تھے۔

۔الاعراف ۷: ۱۴۷۔

Marfat.com

۵۔ رسولوں کے جھٹلانے والے دوزخی ہیں

۶۔ اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور اُن سے غرور کیا وہی دوزخی ہیں۔ وہ ہمیشہ (دوزخ) میں رہیں گے۔ سو اس سے بڑھ کر ظالم کون جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا یا اس کی آیتوں کو جھٹلایا؟ یہی وہ ہیں جنہیں (تقدیر کے) لکھے ہوئے سے اُن کا حصہ پہنچے گا یہاں تک کہ جب ان کے پاس ہمارے بھیجے (فرشتے) انہیں وفات دینے آئیں گے تو پوچھیں گے کہ وہ کہاں ہیں جنہیں تم اللہ کے سوا پکارا کرتے تھے۔ وہ جواب دیں گے کہ وہ ہم سے کھوئے گئے اور وہ اپنی جانوں پر گواہی دیں گے کہ وہ کافر تھے۔ (اللہ) فرمائے گا کہ تم جنوں اور انسانوں کی اُن جماعتوں میں داخل ہو جاؤ جو تم سے پہلے ہو گزرے ہیں۔ جب (اُس میں) کوئی امت داخل ہو گی وہ اپنی ساتھ والی پر لعنت بھیجے گی۔ یہاں تک کہ جب وہ سب اس میں رل مل جائیں گے تو ان کی پچھلی جماعت پہلی کے بارے میں کہے گی کہ ہمارے رب! یہی ہیں جنہوں نے ہمیں گمراہ کیا تھا۔ تو تو انہیں آگ کا دہرا عذاب دے۔ (اللہ) فرمائے گا کہ ہر ایک کو دہرا ہے لیکن تمہیں معلوم نہیں۔ اور ان کی پہلی جماعت پچھلی جماعت سے کہے گی تمہیں ہم پر کچھ فوقیت نہیں تو تم عذاب (کا مزہ) چکھو، بدلہ اس کا جو تم کمایا کرتے تھے۔ بے شک جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور اُن (کے قبول کرنے) سے غرور کیا، ان کے لیے آسمان کے دروازے نہیں کھولے جائیں گے تاوقتیکہ اونٹ سوئی کے ناکے میں سے نہ نکل جائے۔ وہ جنت

۶۔ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ۭ اُولٰٓئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيْبُهُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ ۙ قَالُوْٓا اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ۝ قَالَ ادْخُلُوْا فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ فِي النَّارِ ۭ كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا ۭ حَتّٰٓى اِذَا ادَّارَكُوْا فِيْهَا جَمِيْعًا ۙ قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ رَبَّنَا هٰٓؤُلَاۗءِ اَضَلُّوْنَا فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ۭ قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَقَالَتْ اُوْلٰىهُمْ لِاُخْرٰىهُمْ فَمَا كَانَ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ۝ۧ اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَاۗءِ وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُجْرِمِيْنَ ۝ لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ۝

۷۔ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۚ لَا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا اللّٰهُ ۭ جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرَدُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فِيْٓ اَفْوَاهِهِمْ وَقَالُوْٓا اِنَّا كَفَرْنَا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ وَاِنَّا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَنَآ

میں داخل نہیں ہوں گے اور گنہگاروں کو ہم اسی طرح کی سزا دیا کرتے ہیں۔ اُن کے لیے دوزخ سے فرش ہے اور (اسی کا) ان کے اوپر اوڑھنا ہے اور ہم ظالموں کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں۔

۔الاعراف ۷: ۳۶۔ ۴۱۔

۷۔ کیا تمہارے پاس اُن لوگوں کی خبر نہیں آئی جو تم سے پہلے ہو گذرے ہیں (یعنی) قومِ نوح اور عاد اور ثمود کی اور اُن کی جو اُن کے بعد ہوئے انہیں سوائے اللہ کے کوئی نہیں جانتا۔ اُن کے رسول اُن کے پاس کھلی دلیلیں لے کر آئے تو انہوں نے اُن کے مونہوں کو اپنے ہاتھوں سے بند کر دیا اور کہا کہ جس چیز کے ساتھ تم بھیجے گئے ہو ہم تو اس کو نہیں مانتے ہیں اور بے شک ہم اس (اللہ) کی طرف سے جس کی طرف تم ہمیں بلاتے ہو شک میں ہیں۔ اُن کے رسولوں نے کہا کیا آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے اللہ کے بارے میں بھی

Marfat.com

اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ۝۹ قَالَتْ رُسُلُهُمْ اَفِي اللّٰهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ
يَدْعُوْكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرَكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ قَالُوْٓا اِنْ
اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ؕ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَصُدُّوْنَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا فَاْتُوْنَا
بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝۱۰ قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ
يَمُنُّ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَمَا كَانَ لَنَآ اَنْ نَّاْتِيَكُمْ بِسُلْطٰنٍ اِلَّا بِاِذْنِ
اللّٰهِ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱۱ وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ
هَدٰىنَا سُبُلَنَا ؕ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ
الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۝۱۲ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِّنْ اَرْضِنَآ اَوْ
لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ؕ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ ۝۱۳ وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ
الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِيْ وَخَافَ وَعِيْدِ ۝۱۴
وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ۝۱۵ مِّنْ وَّرَآئِهٖ جَهَنَّمُ وَيُسْقٰى مِنْ مَّآءٍ
صَدِيْدٍ ۝۱۶ يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ وَيَاْتِيْهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا
هُوَ بِمَيِّتٍ ؕ وَمِنْ وَّرَآئِهٖ عَذَابٌ غَلِيْظٌ ۝۱۷

۸۔ اِنَّا قَدْ اُوْحِيَ اِلَيْنَآ اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰى مَنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝۲۰

۹۔ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ ذُو الْاَوْتَادِ ۝۱۲ وَثَمُوْدُ وَقَوْمُ لُوْطٍ وَّاَصْحٰبُ
لْئَيْكَةِ ؕ اُولٰٓئِكَ الْاَحْزَابُ ۝۱۳ اِنْ كُلٌّ اِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ۝۱۴

تمہیں شک ہے؟ وہ تمہیں اپنی طرف اس لیے بلاتا ہے تاکہ تمہارے گناہ بخش دے اور ایک ٹھہری ہوئی میعاد تک تمہیں مہلت دے۔ انہوں نے کہا کہ تم تو ہماری ہی طرح کے آدمی ہو۔ تم یہ چاہتے ہو کہ ہم کو اُن (معبودوں سے) روک دو جنہیں ہمارے باپ دادا پوجتے چلے آئے ہیں۔ تو تم ہمارے پاس کوئی کھلی سند لاؤ۔ اُن کے رسولوں نے اُن سے کہا کہ ہم بھی تمہاری ہی طرح کے آدمی ہیں لیکن اللہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے احسان کرے اور ہماری طاقت میں نہیں کہ بغیر اللہ کے حکم کے ہم تمہارے پاس کوئی سند لے آئیں اور مومنوں کو اللہ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہیے۔ اور ہمیں کیا ہوا کہ ہم اللہ پر بھروسہ نہ رکھیں حال آنکہ ہماری راہوں پر اس نے ہمیں لگا دیا اور جو ایذا تم ہمیں دیتے ہو اس پر ہم ضرور صبر کریں گے اور بھروسہ رکھنے والوں کو اللہ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہیے۔ اور جو لوگ کافر ہوئے انہوں نے اپنے رسولوں سے کہا کہ ہم ضرور تمہیں اپنے ملک سے نکال دیں گے یا تم ضرور ہمارے مذہب میں واپس آ جاؤ گے۔ تب اُن کے پروردگار نے اُن کی طرف وحی کی کہ ہم ضرور اُن ظالموں کو ہلاک کر کے رہیں گے اور اُن کے (ہلاک کرنے کے) بعد ضرور تمہیں اسی ملک میں بسائیں گے۔ یہ (وعدہ) اس لیے ہے جو میرے آگے کھڑے ہونے سے ڈرا اور میرے ڈراوے سے ڈرا اور انہوں نے (اللہ سے) فتح مانگی اور ہر ایک سرکش دشمن ناکامیاب رہا۔ اس کے آگے دوزخ ہے اور وہ پانی پلایا جائے گا جو پیپ ہے۔ اُسے وہ گھونٹ گھونٹ پیئے گا اور حلق سے نہ اتار سکے گا اور ہر طرف سے اُسے موت گھیرے ہوئے ہوگی اور وہ مرے گا نہیں اور اس کے آگے (پیچھے) سخت عذاب ہوگا۔

-ابراہیم ۱۴: ۹-۱۷۔

۸۔ بے شک ہماری طرف یہ وحی کی گئی ہے کہ عذاب اس پر ہوگا جس نے (دینِ حق کو) جھٹلایا اور (اُس سے) مونہہ موڑا۔

-طٰہٰ ۲۰: ۴۸۔

۹۔ اُن سے پہلے نوح کی قوم اور عاد اور میخوں والے فرعون نے جھٹلایا اور ثمود اور لوط کی قوم اور بن والوں نے۔ یہی (مکذبین کی) جماعتیں ہیں۔ سب ہی نے رسولوں کو جھٹلایا تو میرا عذاب حق ثابت ہوگیا۔

-صٓ ۳۸: ۱۲-۱۴۔

Marfat.com

۱۰۔ فَاِمَّا یَاْتِیَنَّكُمْ مِّنِّیْ هُدًی فَمَنْ تَبِعَ هُدَایَ فَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ﴿۳۵﴾

۱۱۔ یٰبَنِیْۤ اٰدَمَ اِمَّا یَاْتِیَنَّكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ یَقُصُّوْنَ عَلَیْكُمْ اٰیٰتِیْ ۙ فَمَنِ اتَّقٰی وَ اَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَ لَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ﴿۳۵﴾

۱۲۔ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَ یَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۳۱﴾

۱۳۔ قُلْ اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَ الرَّسُوْلَ ۚ

۱۴۔ وَ اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَ الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ ۚ

۱۵۔ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُولِی الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِیْ شَیْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَی اللّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكَ خَیْرٌ وَّ اَحْسَنُ تَاْوِیْلًا ﴿۵۹﴾

۱۶۔ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا خَیْرًا لَّكُمْ ؕ وَ اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلِیْمًا حَكِیْمًا ﴿۱۷۰﴾

۱۷۔ وَ اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَ احْذَرُوْا ۚ فَاِنْ تَوَلَّیْتُمْ فَاعْلَمُوْۤا اَنَّمَا عَلٰی رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِیْنُ ﴿۹۲﴾

۶۔ رسولوں کا اتباع کرنے والے قیامت کو بے خوف و بے غم ہوں گے

۱۰۔ پھر اگر تمہارے پاس میری طرف سے ہدایت آئے تو جو میری ہدایت پر چلا ان پر نہ خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہی ہوں گے۔

۔البقرۃ ۲: ۳۸۔

۱۱۔ اے اولادِ آدم! اگر تمہارے پاس تم ہی میں سے رسول آئیں جو تم پر میری آیتیں پڑھیں تو (اُن کو سن کر) جو ڈرا اور اصلاح پر آ گیا اُن پر نہ کچھ خوف ہی ہے اور نہ وہ غمگین ہی ہوں گے۔

۔الاعراف ۷: ۳۵۔

۷۔ اللہ سے محبت کرنے والوں کو اتباعِ رسول کا حکم

۱۲۔ کہہ دے اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری پیروی کرو۔ اللہ تم سے محبت کرے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا، رحیم ہے۔

۔آل عمران ۳: ۳۱۔

۸۔ اللہ اور اس کے رسول محمد ﷺ کی اطاعت کا حکم

۱۳۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اللہ اور رسول کی اطاعت کرو۔

۔آل عمران ۳: ۳۲۔

۱۴۔ اور اللہ اور رسول کی اطاعت کرو تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔

۔آل عمران ۳: ۱۳۲۔

۱۵۔ مسلمانو! اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور جو تم میں سے حاکم ہیں اُن کی بھی۔ پھر اگر تم (اور احکام) کسی بات میں جھگڑ پڑو تو اس (کے فیصلے) کو اللہ اور رسول کی طرف لوٹا دو اگر تم اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہو (تمہارے حق میں) بہتر ہے اور انجام کے لحاظ سے بہت اچھا۔

۔النساء ۴: ۵۹۔

۱۶۔ لوگو! تمہارے پاس رسول تمہارے پروردگار کی طرف سے دین حق لے کر آ چکا ہے تو تم (اُس پر) ایمان لاؤ تمہارے حق میں بہتر ہو گا۔ اور اگر تم کفر کرو گے تو جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اللہ ہی کا ہے اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

۔النساء ۴: ۱۷۰۔

۱۷۔ اور اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور ڈرو۔ پھر اگر تم مونہہ موڑو گے تو جان لو کہ ہمارے رسول کا ذمہ صرف پیغام پہنچا دینا ہے اور بس۔

۔المائدۃ ۵: ۹۲۔

Marfat.com

۱۸۔(اے نبی ﷺ!) لوگ تجھ سے مالِ غنیمت کی بابت پوچھتے ہیں۔ کہہ دے کہ مالِ غنیمت اللہ کے لیے ہے اور رسول کے لیے تو تم اللہ سے ڈرو اور اپنے درمیان (کے معاملات) کو درست کرو اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اگر تم ایمان دار ہو۔

-الانفال ۸: ۱-

۱۹۔مسلمانو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اور اُس سے روگردانی نہ کرو اور تم تو سنتے ہو اور اُن لوگوں کی مانند نہ ہو جنہوں نے کہا کہ ہم نے سنا حال آنکہ وہ سنتے نہیں۔

-الانفال ۸: ۲۰-۲۱-

۲۰۔مسلمانو اللہ اور رسول کی بات قبول کرو جب رسول تمہیں اُس بات کی طرف بلائے جس میں تمہاری زندگی ہے اور جان لو کہ اللہ انسان اور اس کے دل کے درمیان آڑے آجاتا ہے اور یہ (بات بھی جان لو) کہ تم اُسی کی طرف) اکٹھے کیے جاؤ گے۔

-الانفال ۸: ۲۴-

۲۱۔اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اور آپس میں جھگڑا نہ کرو کہ تم بزدل ہو جاؤ اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے اور صبر کرو۔ بے شک اللہ صابروں کے ساتھ ہے۔

-الانفال ۸: ۴۶-

۲۲۔اور انہوں نے اللہ کی سخت قسمیں کھائیں کہ اگر تو انہیں حکم دے گا تو وہ ضرور نکل جائیں گے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تم قسمیں نہ کھاؤ معقول طریقہ پر فرماں برداری (مقصود) ہے۔ بے شک اللہ تمہارے عملوں سے خبردار ہے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اللہ کی اطاعت کرو۔ اور رسول کی اطاعت کرو پھر اگر تم مونہہ پھیرو تو اس (رسول) کے ذمے وہ ہے

۱۸۔ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ
اَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ ۪ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ①
۱۹۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَوَلَّوْا عَنْهُ وَاَنْتُمْ
تَسْمَعُوْنَ ۞ ۲۰ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ②
۲۰۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ ۚ وَ
اعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ وَاَنَّهٗۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ㉔
۲۱۔ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ
وَاصْبِرُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ㉖
۲۲۔ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ؕ قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا ۚ
طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ㉙ قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا
الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ؕ وَاِنْ
تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ㉚
۲۳۔ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ㉛
۲۴۔ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَ
الْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا ㉑
۲۵۔ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ

جو اُس پر بوجھ ڈالا گیا ہے اور تمہارے ذمے وہ ہے جو تم پر بوجھ ڈالا گیا ہے اور اگر تم اس کی اطاعت کرو گے تو تم ہدایت پا جاؤ گے اور رسول کا ذمہ تو صرف کھول کر پیغام پہنچا دینا ہے اور بس۔

-النور ۲۴: ۵۳-۵۴-

۲۳۔اور رسول کی اطاعت کرو تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔

-النور ۴: ۵۶-

۲۴۔(لوگو!) تمہارے لیے رسول اللہ کے اندر ایک اچھا نمونہ موجود ہے (یعنی) اس کے لیے جو اللہ اور قیامت کے ہونے کی امید رکھتا ہے اور کثرت سے اللہ کو یاد کرے۔

-الاحزاب ۳۳: ۲۱-

۲۵۔اور (اے نبی ﷺ! کی بیبیو) اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو۔

-الاحزاب ۳۳: ۳۳-

Marfat.com

۲۶۔(لوگو!) اپنے پروردگار کی بات قبول کرو اس سے پہلے کہ وہ آ موجود ہو جس کو اللہ کی طرف سے ٹلنا نہیں ہے۔ اس دن نہ تمہارے لیے کوئی جائے پناہ ہے اور نہ تمہارے لیے انکار (کی گنجایش) ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲:۴۷۔

۲۷۔مسلمانو اللہ کی اطاعت اور رسول کی اطاعت کرو اور اپنے عملوں کو اکارت نہ کرو۔

۔محمد ۴۷:۳۳۔

۲۸۔اور اللہ اور اُس کے رسول کی اطاعت کرو۔

۔المجادلۃ ۵۸:۱۳۔

۲۹۔اور اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو پھر تم منہ موڑو تو ہمارے رسول کا ذمہ تو صرف کھول کر پیغام پہنچا دینا ہے اور بس۔

۔التغابن ۶۴:۱۲۔

۹۔ اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت میں ہدایت اور بڑا بھاری اجر ہے

۳۰۔اور اگر ہم اُن پر یہ بات فرض کر دیتے کہ تم اپنے آپ کو مار ڈالو یا اپنے گھروں سے نکل جاؤ تو ان میں چند آدمیوں کے سوا یہ بات کوئی نہ کرتا اور اگر وہ اس بات کو کرتے جس کی انہیں نصیحت کی جاتی ہے تو وہ ان کے لیے بہتر اور زیادہ ثابت قدمی کا باعث ہوتا اور اس وقت ہم ان کو اپنے ہاں سے ضرور بڑا بھاری ثواب دیتے اور ضرور انہیں سیدھی راہ پر لگا دیتے۔

۔النساء ۴:۶۶۔۶۸۔

۱۰۔ رسول کی اطاعت بعینہٖ خدا کی اطاعت ہے

۳۱۔جو کوئی رسول کی اطاعت کرے گا اس نے بے شک اللہ کی اطاعت کی۔

۔النساء ۴:۸۰۔

۲۶۔اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ مَا لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ يَّوْمَئِذٍ وَّمَا لَكُمْ مِّنْ نَّكِيْرٍ ﴿۴۷﴾

۲۷۔يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْۤا اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۳﴾

۲۸۔وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ

۲۹۔وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۲﴾

۳۰۔وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ اَنِ اقْتُلُوْۤا اَنْفُسَكُمْ اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِيْلٌ مِّنْهُمْ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَشَدَّ تَثْبِيْتًا ﴿۶۶﴾ وَّاِذًا لَّاٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّاۤ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۶۷﴾ وَّلَهَدَيْنٰهُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۶۸﴾

۳۱۔مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ

۳۲۔وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ؕ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ﴿۳۶﴾

۳۳۔وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَخْشَ اللّٰهَ وَيَتَّقْهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۵۲﴾

۱۱۔ اللہ اور رسول کا حکم رد کرنے کا کسی مسلمان کو مرد ہو یا عورت اختیار نہیں ہے

۳۲۔اور کسی مسلمان مرد اور مسلمان عورت کو جب اللہ اور اُس کا رسول کسی بات کا فیصلہ کر دے یہ حق حاصل نہیں ہے کہ اُن کو اپنے کام کے بارے میں اختیار ہو اور جو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے گا تو بے شک وہ کھلی گمراہی میں جا پڑا۔

۔الاحزاب ۳۳:۳۶۔

۱۲۔ اللہ اور رسول کے تابع دار اپنی مراد کو پہنچیں گے

۳۳۔اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے اور اللہ سے ڈرے گا اور پرہیز گاری اختیار کرے گا تو ایسے ہی لوگ کامیاب ہیں۔

۔النور ۲۴:۵۲۔

Marfat.com

۳۴۔ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝

۳۵۔ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ۝ ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ۝

۳۶۔ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

۳۷۔ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ

۳۸۔ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا مُّبِيْنًا ۝

۳۹۔ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَاۗدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ۚ

۴۰۔ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَاۗدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ اُولٰٓئِكَ فِي الْاَذَلِّيْنَ ۝

۴۱۔ يَوْمَىِٕذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ ۭ وَلَا يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ حَدِيْثًا ۝

۳۴۔ اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے گا اس نے بے شک بڑی کامیابی حاصل کی۔

-الاحزاب ۳۳: ۷۱۔

۱۳۔ قیامت کو اللہ اور رسول کے تابع دار نبیوں، صدیقوں، شہداء اور صالحین کے ساتھ ہوں گے

۳۵۔ اور جو اللہ اور رسول کی اطاعت کرے گا تو وہ اُن کے ساتھ ہیں جن پر اللہ نے انعام کیا ہے (یعنی) نبیوں اور صدیقوں اور شہیدوں اور نیک بختوں کے اور یہی اچھے رفیق ہیں۔ یہ فضیلت اللہ کی طرف سے ہے اور اللہ کافی جاننے والا ہے۔

-النساء ۴: ۶۹-۷۰۔

۱۴۔ اللہ اور رسول کے تابع داروں کو جنت

۳۶۔ یہ اللہ کی (مقرر کی ہوئی) حدیں ہیں اور جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے گا اللہ اس کو ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں۔ وہ ہمیشہ اُن ہی (باغوں) میں رہیں گے اور یہی بڑی کامیابی ہے۔

-النساء ۴: ۱۳۔

۳۷۔ اور جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے گا اللہ اُس کو ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے درختوں کے نیچے نہریں جاری ہیں۔

-الفتح ۴۸: ۱۷۔

۱۵۔ اللہ اور رسول کے نافرمان گمراہ ہیں

۳۸۔ اور جس نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی بے شک وہ کھلی گمراہی میں جا پڑا۔

-الاحزاب ۳۳: ۳۶۔

۱۶۔ اللہ اور رسول کے مخالف رد ہیں

۳۹۔ بے شک وہ لوگ جو اللہ اور اس کے رسول کا مقابلہ کرتے ہیں ہلاک کیے گئے جیسا کہ وہ لوگ ہلاک کیے گئے جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں اور بے شک ہم نے کھلی آیتیں اُتاری ہیں اور کافروں کے لیے ذلت کی مار ہے۔

-المجادلہ ۵۸: ۵۔

۱۷۔ اللہ اور رسول کے مخالف ذلیل ہوں گے

۴۰۔ بے شک وہ لوگ جو اللہ اور اس کے رسول کا مقابلہ کرتے ہیں وہی ذلیلوں میں ہیں۔

-المجادلہ ۵۸: ۲۰۔

۱۸۔ قیامت کو رسول کے نافرمان زمین کا پیوند ہونے کی تمنا کریں گے

۴۱۔ اُس دن وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور رسول کی نافرمانی کی یہ تمنا کریں گے کہ کاش وہ زمین کا پیوند کر دیے جائیں اور وہ اللہ سے کوئی بات نہ چھپائیں گے۔

-النساء ۴: ۴۲۔

۱۹۔ اللہ اور رسول کے نافرمانوں کو عذابِ دوزخ ہوگا

۴۲۔ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيْهَا ۪ وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ⑭

۴۳۔ وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ۭ وَسَاۗءَتْ مَصِيْرًا ⑮

۴۴۔ وَمَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ⑬

۴۵۔ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّهٗ مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيْهَا ۭ ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ ⑬

۴۶۔ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ⑭

۱۔ وَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ⑳

۲۔ وَاِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ ⑳

۳۔ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِيْ ۤ

۴۔ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ⑲

۵۔ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ⑲

۶۔ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ⑲

۷۔ وَاتَّقُوْنِ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ ⑲

۴۲۔ اور جو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے گا اور اس کی (مقرر کی ہوئی) حدوں سے باہر ہو جائے گا، اللہ اُسے آگ میں داخل کرے گا جس میں وہ ہمیشہ رہنے والا ہے اور اس کے لیے ذلیل کرنے والا عذاب ہے۔

۔النساء ۴:۱۴۔

۴۳۔ اور جو اس کے بعد بھی کہ اُس پر راہِ ہدایت کھل گیا ہے رسول کی مخالفت کرے گا اور مومنوں کی راہ چھوڑ کر دوسری راہ چلے گا ہم بھی اُسے اسی طرف پھیر دیں گے جس طرف وہ خود پھرا ہے اور اُسے دوزخ میں داخل کریں گے اور وہ بری جگہ ہے۔

۔النساء ۴:۱۱۵۔

۴۴۔ اور جو اللہ اور اُس کے رسول کی مخالفت کرے گا تو بے شک اللہ (اس کو) سخت عذاب (دینے) والا ہے۔

۔الانفال ۸:۱۳۔

۴۵۔ کیا انہوں نے یہ معلوم نہیں کیا کہ جو اللہ اور اُس کے رسول کی مخالفت کرے گا اس کے لیے دوزخ کی آگ ہے۔ وہ ہمیشہ اسی میں رہے گا۔ یہی تو بڑی رسوائی ہے۔

۔التوبۃ ۹:۶۳۔

۴۶۔ اور جو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے گا بے شک اُس کے لیے دوزخ کی آگ (تیار) ہے۔ ایسے لوگ ہمیشہ ہمیشہ اُسی میں رہیں گے۔

۔الجن ۷۲:۲۳۔

۱۔ اور مجھی سے ڈرو

۔البقرۃ ۲:۴۰۔

۲۔ اور مجھی سے ڈرو۔

۔البقرۃ ۲:۴۱۔

۳۔ پس اُن (کافروں) سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو۔

۔البقرۃ ۲:۱۵۰۔

۴۔ اور اللہ سے ڈرو تا کہ تم فلاح پاؤ۔

۔البقرۃ ۲:۸۹ و آل عمران ۳:۱۳۰، ۲۰۰۔

۵۔ اور اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ اللہ متقیوں کے ساتھ ہے۔

۔البقرۃ ۴:۱۹۴۔

۶۔ اور اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ اللہ سخت عذاب والا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۱۹۶۔

۷۔ اور اے عقل والو! مجھ سے ڈرو۔

۔البقرۃ ۲:۱۹۷۔
۱۲۶۔ وَّيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝۳۹

۱۲۷۔ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۛ يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ ۚ وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ ؕ

۱۲۸۔ لِيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ وَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝۴۰

۱۲۹۔ وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ

راہ سے بھٹکا دیں (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تم فائدہ اٹھالو۔ بے شک تمہارا رجوع آگ کی طرف ہے۔

۔ابراہیم ۱۴: ۲۸۔ ۳۰

۱۲۳۔ اور اللہ کے لیے وہ چیز ٹھہراتے ہیں جسے خود ناپسند کرتے ہیں اور ان کی زبانیں جھوٹ بیان کرتی ہیں کہ ان کے لیے بھلائی ہے۔ لازم ہے کہ ان کے لیے آگ ہے اور وہ حد سے باہر نکلے ہوئے ہیں۔

۔النحل ۱۶: ۶۲۔

۱۲۴۔ جنہوں نے ظلم کیا ہے انہیں اور ان کی بیویوں کو اور جنہیں وہ اللہ کے سوا پوجتے تھے جمع کرو اور انہیں دوزخ کا راستہ دکھلاؤ۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۲۲۔ ۲۳۔

۱۲۵۔ سو ہم پر ہمارے پروردگار کی بات پوری ہوئی۔ بے شک ہم (عذاب) چکھنے والے ہیں۔ ہم نے تمہیں گمراہ کیا، بے شک ہم خود ہی گمراہ تھے سو اس دن وہ سب عذاب میں شریک ہوں گے..... بے شک تم دردناک عذاب چکھنے والے ہو۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۳۱۔ ۳۳..... ۳۸۔

۱۲۶۔ اور اللہ منافق مردوں اور منافق عورتوں کو مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو جو اللہ کی نسبت بدگمانی رکھتے ہیں، عذاب دے۔ انہیں بری گردش ہے اور اللہ کا ان پر غضب نازل ہوا اور اس نے ان پر لعنت کی اور ان کے لیے دوزخ تیار کیا ہے اور وہ بری جگہ ہے۔

۔الفتح ۴۸: ۶۔

۳۳۔ مشرکوں کو عذاب

۱۲۷۔ اور ان لوگوں میں سے جنہوں نے شرک کیا ہے ہر ایک یہی چاہتا ہے کہ کاش وہ ہزار برس کی عمر دیا جائے اور یہ بات کہ وہ اتنی عمر دیا جائے، اس کو عذاب سے دور کرنے والی نہیں ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۹۶۔

۱۲۸۔ تاکہ اللہ منافق مردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو عذاب دے اور اللہ ایمان دار مردوں اور ایمان دار عورتوں پر مہربان ہو اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔الاحزاب ۳۳: ۷۳۔

۱۲۹۔ اور اللہ منافق مردوں اور منافق عورتوں کو مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو جو اللہ کی نسبت بدگمانی رکھتے ہیں، عذاب دے۔ انہیں بری گردش ہے اور اللہ کا ان پر غضب نازل ہوا اور اس نے ان پر لعنت کی اور ان کے لیے دوزخ تیار کیا ہے اور وہ

Marfat.com

بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَ لَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝۶

۱۳۰۔ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَخْرُصُوْنَ ۝۱۴۸

۱۳۱۔ وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ۝۱۱۶

۱۳۲۔ وَقَالُوْا لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ مَا عَبَدْنٰهُمْ ؕ مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ۝۲۰

۱۳۳۔ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى الْاَنْفُسُ ۚ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنْ رَّبِّهِمُ الْهُدٰى ۝۲۳

۱۳۴۔ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ ۚ وَاِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ۝۲۸

۱۳۵۔ وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَاَزَّتْ قُلُوْبُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ ۚ وَاِذَا ذُكِرَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝۴۵

۱۳۶۔ ذٰلِكُمْ بِاَنَّهٗۤ اِذَا دُعِيَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ كَفَرْتُمْ ۚ وَاِنْ يُّشْرَكْ بِهٖ تُؤْمِنُوْا ؕ فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيْرِ ۝۱۲

۱۳۷۔ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ

۱۳۸۔ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ

بری جگہ ہے۔

-الفتح ۴۸: ۶-

۳۴۔ مشرک محض اٹکل پر چلتے ہیں

۱۳۰۔ تم صرف گمان پر چلتے ہو، اور صرف اٹکلیں دوڑاتے ہو۔

-الانعام ۶: ۱۴۸-

۱۳۱۔ اور جو لوگ اللہ کے سوا دوسرے شریکوں کو پکارتے ہیں وہ کس طریق پر چلتے ہیں وہ تو صرف گمان پر چلتے ہیں اور صرف اٹکلیں دوڑاتے ہیں۔

-یونس ۱۰: ۶۶-

۱۳۲۔ اور انہوں نے کہا کہ اگر رحمٰن چاہتا تو ہم انہیں نہ پوجتے انہیں اس کا کچھ علم نہیں ہے وہ تو صرف اٹکلیں دوڑاتے ہیں۔

-الزخرف ۴۳: ۲۰-

۱۳۳۔ وہ تو محض گمان پر چلتے ہیں اور جس بات کو ان کا جی چاہتا ہے۔ حالانکہ ان کے پاس ان کے پروردگار کی طرف سے ہدایت آچکی ہے۔

-النجم ۵۳: ۲۳-

۱۳۴۔ وہ تو صرف گمان پر چلتے ہیں اور بے شک گمان حق کے مقابلے میں کچھ کام نہیں آتا۔

-النجم ۵۳: ۲۸-

۳۵۔ مشرک اللہ کے ذکر سے نفرت کرتے اور غیر اللہ کے ذکر سے خوش ہوتے ہیں

۱۳۵۔ اور جب اکیلے اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان لوگوں کے دل بھچتے ہیں جو آخرت پر یقین نہیں رکھتے اور جب ان کا ذکر کیا جاتا ہے جو اس کے سوا ہیں تو اسی دم وہ خوش ہو جاتے ہیں۔

-الزمر ۳۹: ۴۵-

۳۶۔ مشرک اکیلے اللہ پر ایمان نہ لاتے جب اس کے شریک ٹھیرائے جاتے تو ایمان لاتے ہیں

۱۳۶۔ یہ اس لیے ہے کہ جب تنہا اللہ ہی کو پکارا جاتا ہے تو تم کفر کرتے ہو اور اگر اس کے ساتھ شرک کیا جاتا ہے تو تم ایمان لاتے ہو۔ سو حکم اللہ کے لیے ہے جو عالی مرتبہ بڑا ہے۔

-المومن ۴۰: ۱۲-

۳۷۔ مشرک اللہ کی نسبت برا گمان رکھتے ہیں

۱۳۷۔ اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو جو اللہ کی نسبت بدگمانی کرتے ہیں (عذاب دے)۔

-الفتح ۴۸: ۶-

۳۸۔ مشرک مصیبت کے وقت صرف اللہ ہی کو پکارتے ہیں

۱۳۸۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے مجھے بتلاؤ کہ اگر تم پر اللہ کا عذاب

Marfat.com

آجائے یا تم پر قیامت آجائے تو کیا تم غیر اللہ کو پکارو گے اگر تم سچے ہو تو پکارو۔ نہیں بلکہ تم تو اسی کو پکارتے ہو۔ پھر وہ اس مصیبت کو جس کے لیے تم اسے پکارتے ہو اگر چاہتا ہے دور کر دیتا۔ اور اس وقت تم اس کو بھول جاتے ہو، جسے شریک ٹھہراتے ہو۔

-الانعام ۶: ۴۰-۴۱-

۱۳۹-اور تمہارے پاس جو نعمت بھی ہے وہ اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ پھر جب تمہیں تکلیف پہنچتی ہے تو تم اسی کی طرف گڑگڑاتے ہو۔ پھر جب وہ تم سے اس تکلیف کو دور کر دیتا ہے تو اسی وقت ایک فریق تم میں سے اپنے پروردگار کے ساتھ شریک ٹھہراتے لگتا ہے تا کہ وہ اس کی جو ہم نے انہیں دیا ہے ناشکری کریں۔ سو تم فائدہ اٹھالو عنقریب ہی تم معلوم کرلو گے۔

-النحل ۱۶: ۵۳-۵۵-

۱۴۰-پھر جب وہ کشتی میں سوار ہوتے ہیں تو اللہ ہی کو خالص اسی کی اطاعت کرتے ہوئے پکارتے ہیں۔ پھر وہ انہیں بچا کر خشکی کی طرف لاتا ہے تو اسی دم وہ شرک کرنے لگتے ہیں۔ تا کہ اس کی ناشکری کریں جو ہم نے انہیں دیا ہے اور تا کہ وہ فائدہ اٹھائیں سو وہ عنقریب جان لیں گے۔

-العنکبوت ۲۹: ۶۵-۶۶-

۱۴۱-اور جب لوگوں کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اپنے پروردگار کو اسی کی طرف رجوع ہو کر پکارتے ہیں۔ پھر جب وہ انہیں اپنی رحمت کا مزہ چکھاتا ہے تو اسی دم ان میں سے ایک فریق اپنے پروردگار کے ساتھ شریک ٹھہراتا ہے تا کہ وہ اس کی ناشکری کریں جو ہم نے انہیں دیا ہے۔ سو تم فائدہ اٹھالو۔ عنقریب ہی تم جان لو گے۔

-الروم ۳۰: ۳۳-۳۴-

تَدْعُوْنَ ۚ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ۝

۱۳۹- وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَيْهِ تَجْـَٔرُوْنَ ۝ ثُمَّ اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ۝ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۭ فَتَمَتَّعُوْا ۣ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝

۱۴۰- فَاِذَا رَكِبُوْا فِي الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ يُشْرِكُوْنَ ۝ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۭ وَلِيَتَمَتَّعُوْا ۣ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝

۱۴۱- وَاِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا رَبَّهُمْ مُّنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَآ اَذَاقَهُمْ مِّنْهُ رَحْمَةً اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ۝ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۭ فَتَمَتَّعُوْا ۣ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝

۱۴۲- وَاِذَا غَشِيَهُمْ مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ۭ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ ۝

۱۴۳- وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِيْبًا اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَا خَوَّلَهٗ نِعْمَةً مِّنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُوْٓا اِلَيْهِ مِنْ قَبْلُ وَجَعَلَ لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۭ قُلْ تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ قَلِيْلًا ۣ اِنَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۝

۱۴۲-اور جب سائبانوں کی طرح ان پر موج مار کر چھا جاتی ہے تو وہ اللہ ہی کو خالص اسی کی اطاعت کرتے ہوئے پکارتے ہیں۔ پھر جب وہ انہیں خشکی کی طرف بچا لاتا ہے تو کوئی ان میں میانہ رو ہوتا ہے اور ہماری آیتوں کا انکار تو صرف وہی کرتا ہے جو بدعہد، ناشکرا ہے۔

-لقمٰن ۳۱: ۳۲-

۱۴۳-اور جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اپنے پروردگار کو اسی کی طرف رجوع ہو کر پکارتا ہے۔ پھر جب وہ اسے اپنی طرف سے نعمت عطا فرماتا ہے تو جسے وہ پہلے پکارا کرتا تھا اسے بھول جاتا ہے اور اللہ کے لیے شریک ٹھہراتا ہے تا کہ (لوگوں کو) اس کی راہ سے گمراہ کرے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اپنے کفر کے ساتھ تھوڑا سا فائدہ اٹھالے بے شک تو دوزخی ہے۔

-الزمر ۳۹: ۸-

Marfat.com

۱۴۴۔ پھر جب انہوں نے ہمارے عذاب کو دیکھا تو کہنے لگے کہ ہم صرف اکیلے اللہ پر ایمان لائے اور جن کو ہم شریک ٹھہراتے تھے ان کا ہم انکار کرتے ہیں۔

۔المؤمن ۴۰: ۸۴۔

۳۹۔ مشرکوں کو دین اسلام ناگوار گزرتا ہے

۱۴۵۔ مشرکوں کو وہ (دین) ناگوار ہے جس کی طرف تو انہیں بلاتا ہے۔

۔الشوریٰ۔ ۴۲: ۱۳۔

کفر

۱۔ تو تم مجھے یاد کیا کرو میں تمہیں یاد رکھوں گا اور میرا شکر ادا کرتے رہو اور میری ناشکری نہ کرو۔

۔البقرۃ ۲: ۱۵۲۔

۲۔ اور تم کیونکر کفر کرو گے حالانکہ تم پر اللہ کی آیتیں پڑھی جاتی ہیں اور تم میں اس کا رسول ہے اور جس نے اللہ کو مضبوط پکڑا وہ بے شبہ سیدھی راہ پر لگایا گیا۔

۔آل عمران ۳: ۱۰۱۔

۲۔ کفر اللہ کے ہاں بڑا گناہ ہے

۳۔ اور اللہ کی راہ سے روکنا اور اس کو نہ ماننا اور ادب والی مسجد سے روکنا اور اس کے رہنے والوں کو اس میں سے نکالنا، اللہ کے نزدیک بڑا گناہ ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۱۷۔

۳۔ کفر کے وقت کافروں کے پاس نہ بیٹھو

۴۔ اور اللہ تم پر کتاب میں اتار چکا ہے کہ جب تم سنو کہ اللہ کی آیتوں کا انکار کیا جا رہا ہے اور ان کی ہنسی اڑائی جا رہی ہے تو تم ان کے پاس نہ بیٹھو جب تک کہ وہ کسی دوسری بات میں نہ لگ جائیں ورنہ تم بھی ان ہی کی مانند ہو جاؤ گے۔

۔النساء ۴: ۱۴۰۔

۴۔ اللہ کفر کو پسند نہیں کرتا

۵۔ اور خدا اپنے بندوں کے لیے کفر سے راضی نہیں ہے۔

۔الزمر ۳۹: ۷۔

۵۔ اہلِ کتاب کی طرح سخت دل اور فاسق نہیں ہونا چاہیے

۶۔ کیا ایمان داروں کے لیے وہ وقت نہیں آیا کہ اللہ کی یاد سے ان کے دل تھرا جائیں اور اس سے جو خدا کی طرف سے اترا ہے اور ان لوگوں کی مانند نہ ہوں جن کو پہلے کتاب (تورات) دی گئی پھر ان پر ایک لمبی

۱۴۴۔ فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ مُشْرِكِيْنَ ﴿۸۴﴾

۱۴۵۔ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ ؕ

۱۔ فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ﴿۱۵۲﴾

۲۔ وَكَيْفَ تَكْفُرُوْنَ وَاَنْتُمْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَفِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ ؕ وَمَنْ يَّعْتَصِمْ بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾

۳۔ وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَكُفْرٌۢ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۙ وَاِخْرَاجُ اَهْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ

۴۔ وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖٓ ۚ اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ؕ

۵۔ وَلَا يَرْضٰى لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ ۚ

۶۔ اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ ۙ وَلَا يَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ

Marfat.com

مدت گزر گئی اور ان کے دل سخت ہو گئے اور اکثر ان میں بدکار ہیں۔

-الحدید ۵۷:۱۶-

موالات با لکفار

۱۔ کافروں سے دوستی کرنے کی ممانعت

۱۔مومن مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست نہ بنائیں اور جو یہ کام کرے گا اور وہ اللہ کے ہاں کسی شمار میں نہیں مگر یہ کہ تم ان سے اپنا بچاؤ کرو۔

-آل عمران ۳:۲۸-

۲۔مسلمانو اپنے غیروں کو اپنا بھیدی نہ بناؤ وہ تمہارے اندر فساد ڈلوانے میں کمی نہیں کرتے۔تمہاری تکلیف چاہتے ہیں، عداوت ان کے مونہوں کے لفظوں سے ظاہر ہے اور جو ان کے دلوں میں چھپی ہے وہ اس سے بھی بڑھ کر ہے اگر تم سمجھتے ہو، تو ہم نے تم پر نشانیاں کھول دیں۔سنو تم وہ لوگ ہو کہ تم ان سے محبت رکھتے ہو اور وہ تم سے محبت نہیں رکھتے اور تم تمام کتابوں پر ایمان رکھتے ہو۔اور جب تم سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم بھی ایمان لائے ہیں اور جب خلوت میں ہوتے ہیں تو غصے کے مارے تم پر انگلیاں کاٹتے ہیں۔کہہ دے کہ تم اپنے غصے میں مرجاؤ۔بے شک اللہ جانتا ہے جو کچھ سینوں میں چھپا ہوا ہے۔اگر تم کو کوئی بھلائی پہنچتی ہے تو اس سے ان کو رنج ہوتا ہے۔اور اگر تم کو کوئی تکلیف پہنچے تو اس سے وہ خوش ہوں اور اگر تم صبر کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو تو ان کا مکر تم کو کچھ نقصان

الْاَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَ كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝۱۶

۱۔ لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ فِيْ شَيْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰىةً ؕ

۲۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا يَاْلُوْنَكُمْ خَبَالًا ؕ وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْ ۚ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَآءُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۖۚ وَمَا تُخْفِيْ صُدُوْرُهُمْ اَكْبَرُ ؕ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝۱۱۸ هٰۤاَنْتُمْ اُولَآءِ تُحِبُّوْنَهُمْ وَلَا يُحِبُّوْنَكُمْ وَتُؤْمِنُوْنَ بِالْكِتٰبِ كُلِّهٖ ۚ وَاِذَا لَقُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۖۚ وَاِذَا خَلَوْا عَضُّوْا عَلَيْكُمُ الْاَنَامِلَ مِنَ الْغَيْظِ ؕ قُلْ مُوْتُوْا بِغَيْظِكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۱۱۹ اِنْ تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۫ وَاِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَّفْرَحُوْا بِهَا ؕ وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ۝۱۲۰

۳۔ وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ كَمَا كَفَرُوْا فَتَكُوْنُوْنَ سَوَآءً فَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ اَوْلِيَآءَ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ ۪ وَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝۸۹ ۙ

۴۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ۝۱۴۴

نہیں پہنچائے گا۔ بے شک اللہ ان کے عملوں کو گھیرے ہوئے ہے۔

-آل عمران ۳:۱۱۸-۱۲۰-

۳۔وہ چاہتے ہیں کہ جیسے وہ خود کافر ہیں تم بھی کافر ہو جاؤ کہ تم اور وہ دونوں برابر ہو جائیں۔تو تم ان کو جب تک وہ ہجرت اللہ کی راہ میں نہ کریں دوست نہ بناؤ پھر اگر وہ مونہہ موڑیں تو ان کو پکڑو اور ان کو جہاں پاؤ قتل کرو۔اور ان کو اپنا دوست نہ بناؤ اور نہ مددگار۔

-النساء ۴:۸۹-

۴۔مسلمانو! مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا دوست نہ بناؤ۔کیا تم یہ چاہتے ہو کہ اپنے اوپر اللہ کی کھلی حجت قائم کرو۔

-النساء ۴:۱۴۴-

۵۔ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْیَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰٓی اَوْلِیَآءَ ۘ بَعْضُهُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ ؕ وَمَنْ یَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۵۱﴾

۵۔ مسلمانو! یہود اور نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ۔ وہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں اور تم میں سے جو ان کو دوست بنائے گا تو وہ ان ہی میں سے ہوگا بے شک اللہ ظالم کو ہدایت نہیں کرتا۔

۔المائدۃ۵: ۵۱۔

۶۔ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا دِیْنَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ اَوْلِیَآءَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۵۷﴾ وَاِذَا نَادَیْتُمْ اِلَی الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا یَعْقِلُوْنَ ﴿۵۸﴾

۶۔ مسلمانو! ان لوگوں کو دوست نہ بناؤ جنہوں نے تمہارے دین کو ہنسی اور کھیل بنا رکھا ہے۔ وہ ان میں سے ہیں جن کو تم سے پہلے کتاب دی گئی ہے اور کافر ہیں اور اگر تم ایمان دار ہو تو اللہ سے ڈرو اور جب تم نماز کی طرف بلاتے ہو تو وہ اس کو ہنسی اور کھیل بنا لیتے ہیں۔ یہ اس لیے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو عقل نہیں رکھتے۔

۔المائدۃ۵: ۵۷۔۵۸۔

۷۔ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِیَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَی الْاِیْمَانِ ؕ وَمَنْ یَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۳﴾ قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِیْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ ِۨاقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَیْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِیْ سَبِیْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰی یَاْتِیَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ وَاللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الْفٰسِقِیْنَ ﴿۲۴﴾

۷۔ مسلمانو! اپنے باپوں اور بھائیوں کو اگر وہ ایمان سے کفر کو اچھا جانیں، دوست نہ بناؤ۔ اور جو تم میں سے ان کو دوست بنائے گا تو ایسے ہی لوگ ظالم ہیں۔ کہہ دے اگر تمہیں تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری بیویاں اور تمہارے رشتہ دار اور مال جو تم نے کمائے ہیں اور تجارت جس کے مندا پڑ جانے سے تم ڈرتے ہو اور گھر جو تم کو پسند ہیں، اللہ اور اس کے رسول اور اس کی راہ میں جہاد کرنے سے زیادہ پیارے ہیں تو انتظار کرو یہاں تک کہ خدا اپنا حکم لائے اور اللہ بدکار لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

۔التوبۃ۹: ۲۳۔۲۴۔

۸۔ لَا تَجِدُ قَوْمًا یُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ یُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِیْرَتَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِیْ قُلُوْبِهِمُ الْاِیْمَانَ وَاَیَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ؕ وَیُدْخِلُهُمْ

۸۔ تو کسی قوم کو جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہوں ان لوگوں سے دوستی رکھتا نہ پائے گا جو اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں۔ خواہ وہ ان کے باپ ہوں یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی یا ان کے کنبے والے۔ یہی لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان لکھ دیا ہے اور اپنی روح (قرآن) سے ان کی تائید کی ہے اور وہ ان کو ایسے باغوں

Marfat.com

جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ؕ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَ رَضُوْا عَنْهُ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۲۲﴾

میں داخل کرے گا جن کے درختوں کے نیچے نہریں جاری ہیں، ہمیشہ ان ہی میں رہیں گے۔ اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ خدا سے راضی ہوئے۔ یہی اللہ کی جماعت ہے۔ خبردار ہو بے شک اللہ ہی کی جماعت فلاح پانے والی ہے۔

۔المجادلة ۵۸: ۲۲۔

۹۔ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّیْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِیَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَیْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ ۚ یُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَاِیَّاكُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ ؕ اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِیْ سَبِیْلِیْ وَابْتِغَآءَ مَرْضَاتِیْ ۚ تُسِرُّوْنَ اِلَیْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ ۚ وَاَنَا اَعْلَمُ بِمَآ اَخْفَیْتُمْ وَمَآ اَعْلَنْتُمْ ؕ وَمَنْ یَّفْعَلْهُ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِیْلِ ﴿۱﴾ اِنْ یَّثْقَفُوْكُمْ یَكُوْنُوْا لَكُمْ اَعْدَآءً وَّیَبْسُطُوْٓا اِلَیْكُمْ اَیْدِیَهُمْ وَاَلْسِنَتَهُمْ بِالسُّوْٓءِ وَوَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۲﴾

۹۔ مسلمانو! میرے دشمنوں اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ تم ان کی طرف دوستی کے پیغام ڈالتے ہو اور انہوں نے اس حق کو نہ مانا جو تمہارے پاس آیا ہے۔ رسول کو اور تم کو گھروں سے نکال رہے ہیں اسی بنا پر کہ تم اپنے پروردگار اللہ پر ایمان لائے ہو۔ اگر تم میری راہ میں جہاد کرنے اور میری رضا چاہنے کے لیے نکلے ہو، تم ان کی طرف خفیہ خفیہ دوستی کے پیغام بھیجتے ہو حالانکہ میں جانتا ہوں جو تم چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو اور جس نے تم میں سے یہ کام کیا وہ بے شک سیدھے رستے سے بہک گیا۔ اگر وہ تم کو پائیں تو تمہارے دشمن ہو جائیں اور تمہاری طرف اپنے ہاتھ بڑھائیں اور اپنی زبانیں برائی کے ساتھ اور چاہتے ہیں کہ کاش تم بھی کافر ہو جاؤ۔

۔الممتحنة ۶۰: ۱۔۲۔

۱۰۔ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ قَدْ یَئِسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا یَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ﴿۱۳﴾

۱۰۔ مسلمانو! ان لوگوں سے دوستی نہ کرو جن پر اللہ کا غصہ ہوا وہ آخرت سے ویسے ہی ناامید ہیں جس طرح کفار قبروں والوں (کے زندہ ہونے) سے ناامید ہے۔

۔الممتحنة ۶۰: ۱۳۔

۱۱۔ لَا یَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِیْنَ لَمْ یُقَاتِلُوْكُمْ فِی الدِّیْنِ وَلَمْ یُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِیَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَیْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُقْسِطِیْنَ ﴿۸﴾ اِنَّمَا یَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِیْنَ قٰتَلُوْكُمْ فِی الدِّیْنِ وَاَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِیَارِكُمْ وَظٰهَرُوْا عَلٰٓى اِخْرَاجِكُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَمَنْ یَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۹﴾

۱۲۔ فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِیْرًا لِّلْكٰفِرِیْنَ ﴿۵۶﴾

میں نہیں لڑے اور تم کو تمہارے گھروں سے نہیں نکالا، اس بات سے نہیں روکتا کہ تم ان سے نیک سلوک کرو اور ان سے منصفانہ برتاؤ کرو۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ انصاف کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ اللہ تم کو صرف ان لوگوں کے ساتھ دوستی رکھنے سے روکتا ہے جو تم سے تمہارے دین پر لڑے اور تم کو تمہارے گھروں سے نکالا اور تمہارے نکالنے پر ایک دوسرے کی مدد کی اور جو ان سے دوستی رکھے گا تو ایسے ہی لوگ ظالم ہیں۔

۔الممتحنة ۶۰: ۸۔۹۔

۲۔ دوستی اور سلوک صرف ان ہی کافروں کے ساتھ ناجائز ہے جو مسلمانوں کے دینی امور میں حارج ہوں۔ جو دینی امور میں حارج نہیں ان سے دوستی کا سلوک کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں

۱۱۔ اللہ تمہیں ان لوگوں کے بارے میں جو تم سے دین

۳۔ کافروں کی مدد کرنے کی ممانعت

۱۲۔ پس تو کافروں کا مددگار ہرگز نہ ہو۔

۔القصص ۲۸: ۸۶۔

Marfat.com

۴۔ کافروں کی اطاعت کرنے اور ان کی خوشی پر چلنے کی ممانعت

۱۳۔ اور ہم نے تیری طرف حق کے ساتھ کتاب اتاری جو ان کتابوں کی جو اس کے پہلے ہیں تصدیق کرتی ہے اور ان کی محافظ ہے تو تو ان کے درمیان اس کے مطابق فیصلہ کر جو اللہ نے اتارا ہے اور ان کی خواہشوں کی پیروی نہ کر اس حق سے منحرف ہو کر جو تیرے پاس آیا ہے۔ ہم نے ہر قوم کے لیے شریعت اور رستہ مقرر کیا ہے

۔المائدۃ۵: ۴۸۔

۱۴۔ اور ان کے درمیان اس کے مطابق فیصلہ کر جو اللہ نے اتارا ہے اور ان کی خواہشوں پر نہ چل اور ان سے ڈر کہ وہ تجھے بعض ان باتوں سے جو اللہ نے تیری طرف اتاری ہیں، ہٹا کر فتنے میں نہ ڈال دیں۔

۔المائدۃ۵: ۴۹۔

۱۵۔ اور ان لوگوں کی خواہشوں پر نہ چل جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور اپنے پروردگار کا شریک کرتے ہیں۔

۔الانعام۶: ۱۵۰۔

۱۶۔ اور اس کی اطاعت نہ کر جس کے دل کو ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا ہے اور وہ اپنی خواہشوں کے پیچھے پڑ گیا اور اس کا کام حد سے بڑھا ہوا ہے۔

۔الکہف۱۸: ۲۸۔

۱۷۔ تو تو کافروں کا کہا نہ مان اور اس قرآن کے ساتھ ان سے کوشش کے ساتھ لڑ۔

۔الفرقان۲۵: ۵۲۔

۱۸۔ اے نبی! اللہ سے ڈر اور کافروں اور منافقوں کا کہا نہ مان۔ بے شک اللہ علم و حکمت والا ہے۔

۔الاحزاب۳۳: ۱۔

۱۹۔ اور کافروں اور منافقوں کا کہا نہ مان اور ان کی ایذا رسانی کو چھوڑ اور اللہ پر بھروسہ رکھ اور اللہ کافی کارساز ہے۔

۔الاحزاب۳۳: ۴۸۔

۲۰۔ اور ان کی خواہشوں پر نہ چل۔

۔الشوریٰ۴۲: ۱۵۔

۲۱۔ پھر ہم نے تجھے دین کے ایک طریق پر کر دیا ہے تو تو اسی پر چل اور ان کی خواہشوں پر نہ چل جو علم نہیں رکھتے۔ بے شک وہ اللہ کے ہاں

۱۳۔ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَ مُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ الْحَقِّ ؕ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ؕ

۱۴۔ وَاَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْۢ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكَ ؕ

۱۵۔ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَهُمْ بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ۝۱۵۰

۱۶۔ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ۝۲۸

۱۷۔ فَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا كَبِيْرًا ۝۵۲

۱۸۔ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝۱

۱۹۔ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝۴۸

۲۰۔ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ ۚ

۲۱۔ ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۱۸ اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ

Marfat.com

تیرے کچھ کام نہیں آئیں گے اور بے شک ظالم ایک ایک کے دوست ہیں اور اللہ متقیوں کا دوست ہے۔

-الجاثیۃ ۴۵:۱۸:۱۹-

۲۲-تو تو جھٹلانے والوں کا کہانہ مان۔ وہ چاہتے ہیں کہ تو ڈھیلا پڑے تو وہ بھی ڈھیلے پڑیں اور ہر ایک قسمیں کھانے والے ذلیل کا کہانہ مان۔ آوازے کسنے والے، چغل خور کا، نیکی سے روکنے والے حد سے بڑھنے والے، گنہگار کا، اکھڑ کا اس کے بعد بداصل کا۔ اس لیے کہ وہ مال اور اولاد والا ہے۔ جب اس پر ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو کہتا ہے کہ اگلے لوگوں کی کہانیاں ہیں۔ ہم اس کی ناک پر داغ لگائیں گے۔

-القلم ۶۸:۸-۱۶-

۲۳-اور تو ان میں سے کسی گنہگار یا ناشکرے کا کہا نہ مان۔

-الدھر ۷۶:۲۴-

۲۴-ہرگز نہیں تو اس کی اطاعت نہ کر اور سجدہ کر اور قربت حاصل کر۔

-العلق ۹۶:۱۹-

۵۔ کافروں کی اطاعت کرنے میں کافر ہو جانے کا اندیشہ ہے

۲۵-مسلمانو! اگر تم ان لوگوں میں جن کو کتاب دی گئی ہے، کسی فریق کا بھی کہا مانو گے تو وہ تم کو تمہارے ایمان لانے کے بعد پھر کفر کی طرف لوٹا دیں گے۔

-آل عمران ۳:۱۰۰-

۲۶-مسلمانو! اگر تم ان کی اطاعت کرو گے جنہوں نے کفر کیا تو وہ تم کو تمہاری ایڑیوں پر کفر کی طرف لوٹا دیں

بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹﴾

۲۲۔ فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۸﴾ وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ ﴿۹﴾ وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ ﴿۱۰﴾ هَمَّازٍ مَّشَّآءٍۭ بِنَمِيْمٍ ﴿۱۱﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ﴿۱۲﴾ عُتُلٍّۭ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ ﴿۱۳﴾ اَنْ كَانَ ذَا مَالٍ وَّبَنِيْنَ ﴿۱۴﴾ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۵﴾ سَنَسِمُهٗ عَلَى الْخُرْطُوْمِ ﴿۱۶﴾

۲۳۔ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا ﴿۲۴﴾

۲۴۔ كَلَّا ۫ لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ﴿۱۹﴾

۲۵۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۰﴾

۲۶۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَرُدُّوْكُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾

۲۷۔ وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِى الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿۱۱۶﴾

۲۸۔ وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ ۚ

۲۹۔ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰي بَشَرٍ مِّنْ شَيْءٍ ۭ

گے پھر تم گھاٹے میں جا پڑو گے۔

-آل عمران ۳:۱۴۹-

۲۷-اور اگر تو اکثر کی ان لوگوں میں سے جو زمین میں ہیں اطاعت کرے گا تو وہ تجھے اللہ کے رستے سے بہکا دیں گے۔ وہ تو صرف گمان کی پیروی کرتے ہیں اور وہ محض اٹکلیں دوڑاتے ہیں۔

-الانعام ۶:۱۱۶-

۶۔ کافروں کو ان کے حال پر چھوڑ دینا چاہیے

۲۸-اور ان لوگوں کو چھوڑ جنہوں نے دین کو ہنسی کھیل بنا رکھا ہے اور دنیا کی زندگی نے انہیں دھوکا دے رکھا ہے اور اس قرآن کے ساتھ انہیں نصیحت کر۔ کہیں کوئی جان اپنے کیے کی وجہ سے مصیبت میں نہ پڑ جائے۔

-الانعام ۶:۷۰-

۲۹-اور انہوں نے اللہ کی ویسی قدر نہیں کی جیسا اس کی قدر کا حق

ہے۔ جب انہوں نے کہا کہ اللہ نے کبھی کسی بشر پر کچھ نہیں اتارا تو کہہ وہ کتاب کس نے اتاری جسے موسیٰ لائے تھے کہ لوگوں کے لیے نور اور ہدایت ہے۔ تم اس کے پارے پارے کرتے ہو۔ کچھ اس کو ظاہر کرتے ہو اور بہت کچھ چھپاتے ہو۔ اور اسی کے ذریعے تم کو وہ کچھ سکھایا گیا جو نہ تم جانتے تھے اور نہ باپ دادا تمہارے۔ تو کہہ کہ اللہ ہی نے اتاری پھر ان کی بکواس میں ان کو چھوڑ دے کہ کھیلتے رہیں۔

-الانعام۶: ۹۱-

۳۰۔ اور اسی طرح ہم نے شیطان جنوں کو ہر نبی کا دشمن ٹھہرایا کہ وہ ایک دوسرے کی طرف دھوکے کی ملمع باتوں کی وحی کرتے ہیں۔ اور اگر تیرا پروردگار چاہتا تو وہ یہ کام نہ کرتے۔ تو تو ان کو ان کے بہتان کے ساتھ چھوڑ دے۔

-الانعام۶: ۱۱۲-

۳۱۔ اور اسی طرح اکثر مشرکوں کی نظر میں ان کے شریکوں نے ان کی اولاد کا قتل اچھا کر دکھایا ہے تاکہ ان کو ہلاک کریں اور ان کے دین کو ان پر مشتبہ کریں اور اگر اللہ چاہتا تو وہ یہ کام نہ کرتے۔ تو تو ان کو ان کے بہتان میں چھوڑے رکھ۔

-الانعام۶: ۱۳۷-

۳۲۔ اور اچھے اچھے نام اللہ ہی کے ہیں۔ تو تم اس کو ان ہی کے ساتھ پکارو اور ان کو چھوڑو جو اس کے ناموں میں ٹیڑھے چلتے ہیں۔ ان کو اس کا بدلہ دیا جائے گا جو وہ کرتے ہیں۔

-الاعراف۷: ۱۸۰-

قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِیْ جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّهُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِیْسَ تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ كَثِیْرًا ۚ وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنْتُمْ وَلَاۤ اٰبَآؤُكُمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِیْ خَوْضِهِمْ یَلْعَبُوْنَ ﴿۹۱﴾

۳۰۔ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِیٍّ عَدُوًّا شَیٰطِیْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ یُوْحِیْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ؕ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا یَفْتَرُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

۳۱۔ وَكَذٰلِكَ زَیَّنَ لِكَثِیْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِیْنَ قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ لِیُرْدُوْهُمْ وَلِیَلْبِسُوْا عَلَیْهِمْ دِیْنَهُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا یَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۷﴾

۳۲۔ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ۪ وَذَرُوا الَّذِیْنَ یُلْحِدُوْنَ فِیْۤ اَسْمَآىِٕهٖ ؕ سَیُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸۰﴾

۳۳۔ ذَرْهُمْ یَاْكُلُوْا وَیَتَمَتَّعُوْا وَیُلْهِهِمُ الْاَمَلُ فَسَوْفَ یَعْلَمُوْنَ ﴿۳﴾

۳۴۔ فَذَرْهُمْ فِیْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِیْنٍ ﴿۵۴﴾

۳۵۔ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِیْنٍ ﴿۱۷۴﴾

۳۶۔ وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِیْنٍ ﴿۱۷۸﴾

۳۷۔ فَذَرْهُمْ یَخُوْضُوْا وَیَلْعَبُوْا حَتّٰى یُلٰقُوْا یَوْمَهُمُ الَّذِیْ یُوْعَدُوْنَ ﴿۸۳﴾

۳۳۔ ان کو چھوڑ کہ کھائیں اور نفع اٹھائیں اور امید ان کو غفلت میں ڈالے رکھے، وہ عنقریب معلوم کرلیں گے۔

-الحجر ۱۵: ۳-

۳۴۔ پھر ان کو ایک وقت تک ان کی غفلت میں رہنے دے۔

-المؤمنون ۲۳: ۵۴-

۳۵۔ پس ایک وقت تک ان سے منہ پھیرے رکھ۔

-الصّٰفّٰت ۳۷: ۱۷۴-

۳۶۔ اور ایک وقت تک ان سے منہ پھیرے رکھ۔

-الصّٰفّٰت ۳۷: ۱۷۸-

۳۷۔ اور ان کو چھوڑ کہ بکواس کریں اور کھیلیں یہاں تک کہ اپنے اس دن سے جا ملیں جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔

-الزخرف ۴۳: ۸۳-

Marfat.com

۳۸۔ وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾ فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ ۭ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۹﴾

۳۸۔اور رسول کے اس کہنے کی قسم کہ اے رب! بے شک یہی وہ لوگ ہیں جو ایمان نہیں لاتے تو تو ان سے درگزر کر اور کہہ کہ سلام۔ وہ عنقریب جان لیں گے۔

۳۹۔ قُلْ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَغْفِرُوْا لِلَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ اَيَّامَ اللّٰهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًۢا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۴﴾

۳۹۔مومنوں سے کہہ دے کہ ان لوگوں کو معاف کریں جو اللہ کے دنوں (وعدوں) کی امید نہیں رکھتے تا کہ اللہ لوگوں کو ان کے کئے کا بدلہ دے۔

۴۰۔ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَآ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ ﴿۵۴﴾

۴۰۔تو ان سے منہ پھیر لے، تجھ پر کچھ ملامت نہیں ہے۔

۴۱۔ فَذَرْهُمْ حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ فِيْهِ يُصْعَقُوْنَ ﴿۴۵﴾

۴۱۔تو ان کو چھوڑ یہاں تک کہ وہ اپنے اس دن سے ملیں جس میں بے ہوش کئے جائیں گے۔

۴۲۔ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ اِلٰى شَيْءٍ نُّكُرٍ ﴿۶﴾

۴۲۔تو تو ان سے منہ پھیر جس روز بلانے والا ایک نامانوس شے کی طرف بلائے گا۔

۴۳۔ فَذَرْنِيْ وَمَنْ يُّكَذِّبُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ ۭ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۴﴾

۴۳۔تو مجھے اور اس کو چھوڑ جو اس بات کو جھٹلاتا ہے۔ ہم ان کو ایسی طرح پر کہ ان کو خبر بھی نہیں ہوتی، مہلت دیتے ہیں۔

۴۴۔ فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۴۲﴾

۴۴۔ان کو چھوڑ کہ بکواس کریں اور کھیلیں یہاں تک کہ وہ اپنے اس دن سے جا ملیں جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔

۴۵۔ وَاصْبِرْ عَلٰي مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ﴿۱۰﴾ وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ﴿۱۱﴾

۴۵۔اور جو وہ کہتے ہیں اس پر صبر کر اور خوب صورتی کے ساتھ ان کو چھوڑے رکھ اور مجھے اور اہلِ نعمت کے جھٹلانے والوں کو چھوڑ اور ان کو تھوڑی سی مہلت دے۔

۴۶۔ ذَرْنِيْ وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيْدًا ﴿۱۱﴾ وَّجَعَلْتُ لَهٗ مَالًا مَّمْدُوْدًا ﴿۱۲﴾ وَّبَنِيْنَ شُهُوْدًا ﴿۱۳﴾ وَّمَهَّدْتُّ لَهٗ تَمْهِيْدًا ﴿۱۴﴾ ثُمَّ يَطْمَعُ اَنْ اَزِيْدَ ﴿۱۵﴾ كَلَّا ۭ اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا عَنِيْدًا ﴿۱۶﴾

۴۶۔چھوڑ مجھے اور اس کو جسے میں نے تنہا پیدا کیا۔ اور اس کو بہت سا مال دیا۔ اور بیٹے دیے جو موجود ہیں۔ اور اس کے لیے ایک سامان مہیا کیا پھر وہ طمع کرتا ہے کہ میں اور زیادہ دوں۔ ہرگز نہیں وہ ہماری آیتوں کا مخالف تھا۔

۴۷۔ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴿۱۷﴾

۴۷۔تو کافروں کو مہلت دے، تھوڑی سی مہلت۔

۴۸۔ قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱﴾ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۲﴾ وَلَآ اَنْتُمْ

۴۸۔کہہ دے اے کافرو! میں اسے نہیں پوجتا جسے تم پوجتے ہو۔ اور نہ تم اس اللہ کو پوجنے والے ہو جسے میں پوجتا ہوں اور نہ میں اس کو

-الصّٰفّٰت ۳۷: ۸۸۔۸۹۔

-الجاثیۃ ۴۵: ۱۴۔

-الذّٰریٰت ۵۱: ۵۴۔

-الطور ۵۲: ۴۵۔ ع

-القمر ۵۴: ۶۔

-القلم ۶۸: ۴۴۔

-المزمل ۷۳: ۱۰۔۱۱۔

-المدثر ۷۴: ۱۱۔۱۶

-الطارق ۸۶: ۱۷۔

-المعارج ۷۰: ۴۲۔

Marfat.com

پوجنے والا ہوں جسے تم پوجتے ہو۔ اور نہ تم اس (اللہ) کو پوجنے والے ہو جسے میں پوجتا ہوں۔ تمہارے لیے تمہارا دین ہے اور میرے لیے میرا دین۔

۔الکفرون ۱۰۹: ۱-۶۔

ارتداد

۱۔ مرتدوں کے عمل رائیگاں ہیں

۱۔ اور جو تم میں سے اپنے دین سے پھرے اور وہ کفر ہی کی حالت میں مرجائے تو یہی وہ ہیں جن کے اعمال دنیا اور آخرت میں اکارت گئے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۱۷۔

۲۔ اور جو شخص بھی ایمان کا انکار کر دے گا اس کے اعمال اکارت جائیں گے اور آخرت میں وہ گھاٹا اٹھانے والوں میں ہوگا۔

۔المائدۃ ۵: ۵۔

۲۔ مرتدوں کی مغفرت نہیں

۳۔ کچھ شک نہیں کہ جو لوگ ایمان لائے پھر کافر ہو گئے پھر (اس کے بعد دوبارہ) ایمان لائے اور پھر کافر ہو گئے پھر کفر ہی میں بڑھتے گئے، تو اللہ ایسا نہیں ہے کہ ان کو بخش دے اور نہ ایسا ہی ہے کہ ان کو راہ پر لگا دے۔

۔النساء ۴: ۱۳۷۔

۳۔ کفر بڑھانے والے مرتدوں کی توبہ قبول نہیں

۴۔ بے شک جو لوگ اپنے ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے پھر کفر ہی میں بڑھتے گئے، ان کی توبہ ہرگز قبول نہیں کی جائے گی اور وہی لوگ گمراہ ہیں۔

۔آل عمران ۳: ۹۰۔

۱۔ وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَاُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ

۲۔ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ ۖ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝

۳۔ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلًا ۝

۴۔ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الضَّآلُّوْنَ ۝

۵۔ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

۶۔ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ ۖ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝

۱۔ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ

عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

۴۔ مرتد ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے

۵۔ اور وہی لوگ دوزخی ہیں وہ ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۱۷۔

۵۔ مرتد آخرت میں زیاں کار ہیں

۶۔ اور جو شخص بھی ایمان کا انکار کر دے گا اس کے اعمال اکارت جائیں گے اور آخرت میں وہ گھاٹا اٹھانے والوں میں ہوگا۔

۔المائدۃ ۵: ۵۔

عبادت

۱۔ ایک اللہ کی عبادت کا حکم

۱۔ لوگو اپنے پروردگار کی عبادت کرو جس نے تم کو پیدا کیا اور (نیز) ان

Marfat.com

کو جو تم سے پہلے گزرے ہیں تا کہ تم پرہیز گار بن جاؤ۔

-البقرۃ۲: ۲۱۔

۲۔اور اللہ کی عبادت کرو اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کرو۔

-النساء۴: ۳۶۔

۳۔پس اسی کی عبادت کرو۔

-الانعام۶: ۱۰۲۔

۴۔اپنے پروردگار کو گڑگڑا کر اور دل ہی دل میں پکارو۔

-الاعراف۷: ۵۵۔

۵۔یہ اللہ ہے تمہارا پروردگار۔پس تم اسی کی عبادت کرو۔

-یونس۱۰: ۳۔

۶۔پس تو اسی کی عبادت کر اور اسی پر بھروسہ رکھ۔

-ھود۱۱: ۱۲۳۔

۷۔پس تو اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کر اور سجدہ کرنے والوں میں ہو، اور اپنے پروردگار کی عبادت کر یہاں تک کہ تجھ کو موت آجائے۔

-الحجر۱۵: ۹۹۔

۸۔اور بے شک ہم نے ہر امت میں ایک پیغمبر بھیجا کہ اللہ کی عبادت کرو اور بتوں سے بچو۔

-النحل۱۶: ۳۶۔

۹۔اور تیرے پروردگار نے فیصلہ کر دیا ہے کہ اس کے سوا کسی کو نہ پوجو۔

-بنی اسرائیل۱۷: ۲۳۔

۱۰۔بے شک اللہ ہی میرا پروردگار اور تمہارا پروردگار ہے سو تم اسی کو پوجو۔یہی سیدھا راستہ ہے۔

-آل عمران۳: ۵۱ و مریم۱۹: ۳۶۔

تَتَّقُوْنَ ﴿۲۱﴾

۲۔وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا

۳۔فَاعْبُدُوْهُ ۚ

۴۔اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ

۵۔ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۚ

۶۔فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ۚ

۷۔فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۹۸﴾ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿۹۹﴾

۸۔وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ ۚ

۹۔وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ

۱۰۔اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۚ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۵۱﴾

۱۱۔رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهٖ ۚ

۱۲۔فَاعْبُدْنِيْ ۙ

۱۳۔وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ﴿۲۵﴾

۱۴۔اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ﴿۹۲﴾

۱۱۔(وہ) آسمانوں اور زمین کا اور جو ان کے درمیان ہے، کا پروردگار ہے۔پس تو اسی کو پوج اور اسی کی عبادت پر جمارہ۔

-مریم۱۹: ۶۵۔

۱۲۔پس تو میری ہی عبادت کر۔

-طٰہٰ۲۰: ۱۴۔

۱۳۔اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے تجھ سے پہلے جو رسول بھی بھیجا اسی کی طرف ہم یہ پیغام بھیجتے رہے کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں تو تم میری ہی عبادت کرو۔

-الانبیاء۲۱: ۲۵۔

۱۴۔بے شک یہ تمہاری جماعت ہے۔تم اور وہ ایک ہی جماعت میں ہو اور میں تمہارا پروردگار ہوں۔پس تم میری ہی عبادت کرو۔

-الانبیاء۲۱: ۹۲۔

Marfat.com

۱۵۔ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَیْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۷۷﴾

۱۶۔ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِیْ حَرَّمَهَا وَلَهٗ كُلُّ شَیْءٍ ۫ وَّاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۹۱﴾

۱۷۔ اعْبُدُوا اللّٰهَ

۱۸۔ وَاعْبُدُوْهُ

۱۹۔ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ اَرْضِیْ وَاسِعَةٌ فَاِیَّایَ فَاعْبُدُوْنِ ﴿۵۶﴾

۲۰۔ وَاَنِ اعْبُدُوْنِیْ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ ﴿۶۱﴾

۲۱۔ فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّیْنَ ﴿۲﴾ اَلَا لِلّٰهِ الدِّیْنُ الْخَالِصُ ؕ

۲۲۔ قُلْ اِنِّیْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّیْنَ ﴿۱۱﴾

۲۳۔ قُلِ اللّٰهَ اَعْبُدُ مُخْلِصًا لَّهٗ دِیْنِیْ ﴿۱۴﴾

۲۴۔ بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِیْنَ ﴿۶۶﴾

۲۵۔ فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾

۲۶۔ هُوَ الْحَیُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۶۵﴾

۲۷۔ فَاعْبُدُوْهُ ؕ

۱۵۔ مسلمانو! رکوع کرو اور سجدہ کرو اور اپنے پروردگار کی عبادت کرو اور نیک کام کرو تا کہ تم فلاح پاؤ۔

۔الحج ۲۲: ۷۷۔

۱۶۔ مجھے تو بس یہی حکم دیا گیا ہے کہ میں اس شہر (مکے) کے پروردگار کی، جس نے اسے حرمت دی ہے، عبادت کروں اور ہر چیز اسی کی ہے اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں فرماں برداروں میں رہوں۔

۔النمل ۲۷: ۹۱۔

۱۷۔ اللہ کی عبادت کرو۔

۔العنکبوت ۲۹: ۱۶، ۳۶۔

۱۸۔ اور اسی کی عبادت کرو۔

۔العنکبوت ۲۹: ۱۷۔

۱۹۔ اے میرے مسلمان بندو! کچھ شک نہیں کہ میری زمین فراخ ہے، تو میری ہی عبادت کرو۔

۔العنکبوت ۲۹: ۵۶۔

۲۰۔ اور یہ کہ میری ہی عبادت کرو یہ ہی سیدھا راستہ ہے۔

۔یٰس ۳۶: ۶۱۔

۲۱۔ پس تو اللہ کو خالص اسی کی اطاعت کرتا ہوا پوج۔ سن لو کہ خالص اطاعت اللہ ہی کے لیے ہے۔

۔الزمر ۳۹: ۲۔ ۳

۲۲۔ کہہ دے کہ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ کو خالص اسی کی اطاعت کرتے ہوئے پوجوں۔

۔الزمر ۳۹: ۱۱۔

۲۳۔ کہہ دے کہ میں اللہ کو خالص اسی کی اطاعت کرتا ہوا پوجتا ہوں۔

۔الزمر ۳۹: ۱۴۔

۲۴۔ بلکہ تو اللہ ہی کی عبادت کر اور شکر گزاروں میں ہو۔

۔الزمر ۳۹: ۶۶۔

۲۵۔ پس تم اللہ کو خالص اسی کی اطاعت کرتے ہوئے پکارو اگرچہ کافر برا مانیں۔

۔المؤمن ۴۰: ۱۴۔

۲۶۔ وہ زندہ ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں پس تم اسی کو خاص اسی کی اطاعت کرتے ہوئے پکارو۔ سب تعریف اللہ کے لیے ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے۔

۔المؤمن ۴۰: ۶۵۔

۲۷۔ پس اسی کی عبادت کرو۔

۔الزخرف ۴۳: ۶۴۔

Marfat.com

۲۸۔فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ﴿۶۲﴾

۲۹۔اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ

۳۰۔فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ﴿۳﴾ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ﴿۴﴾

۳۱۔قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّآ اَتَّبِعُ اَهْوَآءَكُمْ ۙ قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾

۳۲۔اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنَّنِيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ ﴿۲﴾

۳۳۔اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۰﴾

۳۴۔اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۶۰﴾

۳۵۔قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا الْجٰهِلُوْنَ ﴿۶۴﴾

۳۶۔لَا جَرَمَ اَنَّمَا تَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ لَيْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْاٰخِرَةِ

۳۷۔قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِيَ الْبَيِّنٰتُ مِنْ رَّبِّيْ ۖ وَاُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۶﴾

۳۸۔لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَهُنَّ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۳۷﴾

۲۸۔پس اللہ ہی کو سجدہ کرو اور اسی کو پوجو۔

۔النجم ۵۳:۶۲۔

۲۹۔یہ (حکم ہے) کہ تم اللہ ہی کی عبادت کرو۔

۔نوح ۷۱:۳۔

۳۰۔پس ان کو چاہیے کہ اس گھر (کعبہ) کے پروردگار کی عبادت کریں جس نے ان کو بھوک میں کھانا دیا۔

۔قریش ۱۰۶:۳۔۴۔

۲۔ غیر اللہ کی عبادت کی ممانعت

۳۱۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ مجھے اس بات کی ممانعت کی گئی ہے کہ میں ان کو پوجوں جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو۔ کہہ دے کہ میں تمہاری خواہشوں پر نہیں چلتا۔ بے شک ایسا کرنے کی صورت میں گمراہ ہو جاؤں گا اور میں ہدایت پانے والوں میں نہ رہوں گا۔

۔الانعام ۶:۵۶۔

۳۲۔یہ کہ سوائے اللہ کے کسی کی عبادت نہ کرو۔ بے شک میں تمہیں اس کی طرف سے ڈرانے والا اور بشارت دینے والا ہوں۔

۔ھود ۱۱:۲۔

۳۳۔اس نے حکم دیا ہے کہ اس کے سوا کسی کو نہ پوجو یہ سیدھا دین ہے لیکن اکثر آدمی اس بات کو نہیں جانتے۔

۔یوسف ۱۲:۴۰۔

۳۴۔اے اولاد آدم! کیا میں نے تم سے یہ عہد نہ لیا تھا کہ شیطان کو نہ پوجنا۔ بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔

۔یٰسٓ ۳۶:۶۰۔

۳۵۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اے جاہلو، کیا تم مجھے یہ حکم دیتے ہو کہ میں غیر اللہ کی عبادت کروں۔

۔الزمر ۳۹:۶۴۔

۳۶۔ضرور ہے کہ جس چیز کی (عبادت کی) طرف تم مجھے بلاتے ہو اس کو پکارنا نہ دنیا میں (صحیح) ہے اور نہ آخرت میں۔

۔المؤمن ۴۰:۴۳۔

۳۷۔کہہ دے کہ بے شک مجھے اس کی ممانعت کی گئی ہے کہ میں ان کو پوجوں جن کو اللہ کے سوا تم پکارتے ہو۔ جبکہ میرے پروردگار کی طرف سے میرے پاس اس بات کی کھلی دلیلیں بھی آ چکی ہیں کہ میں جہانوں کے پروردگار کا فرماں بردار رہوں۔

۔المؤمن ۴۰:۶۶۔

۳۸۔نہ سورج کو سجدہ کرو اور نہ چاند کو اور اللہ کو سجدہ کرو جس نے ان کو پیدا کیا ہے اگر تم اسی کو پوجتے ہو۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱:۳۷۔

Marfat.com

۳۹۔ وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ؕ اِنِّیْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ۝۵۱

۴۰۔ وَّاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ۝۱۸

۴۱۔ مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ یُّؤْتِیَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ یَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّیْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ كُوْنُوْا رَبّٰنِیّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَبِمَا كُنْتُمْ تَدْرُسُوْنَ ۝۷۹ وَلَا یَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ وَالنَّبِیّٖنَ اَرْبَابًا ؕ اَیَاْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝۸۰

۴۲۔ اِنَّ الَّذِیْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا یَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَیُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ یَسْجُدُوْنَ ۝۲۰۶

۴۳۔ وَلَهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا یَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا یَسْتَحْسِرُوْنَ ۝۱۹ یُسَبِّحُوْنَ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ لَا یَفْتُرُوْنَ ۝۲۰

۴۴۔ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ۝۲۶ لَا یَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِاَمْرِهٖ یَعْمَلُوْنَ ۝۲۷

۴۵۔ وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ؕ اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ سَیَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِیْنَ ۝۶۰

۳۹۔ اور اللہ کے ساتھ دوسرا معبود نہ ٹھہراؤ۔ بے شک میں تمہیں اس کی طرف سے کھول کر ڈرانے والا ہوں۔

۔الذّٰریٰت ۵۱: ۵۱۔

۴۰۔ اور یہ کہ مسجدیں اللہ کی ہیں تو تو اللہ کے ساتھ کسی کو نہ پکار۔

۔الجن ۷۲: ۱۸۔

۳۔ کسی نبی کا حق نہیں کہ وہ اپنی یا فرشتوں کی عبادت کا حکم دے

۴۱۔ کسی بشر کو لائق نہیں کہ اللہ اس کو کتاب اور دانائی اور نبوت دے۔ پھر وہ بشر لوگوں سے کہے کہ اللہ کو چھوڑ کر میرے بندے بنو لیکن وہ کہے گا کہ اللہ والے بن جاؤ اس لیے کہ تم کتاب لوگوں کو پڑھاتے ہو اور اس لیے کہ تم خود پڑھتے ہو اور وہ تمہیں یہ حکم نہیں دے گا کہ تم فرشتوں اور پیغمبروں کو رب بنا لو۔ کیا وہ تمہیں اس کے بعد کہ تم مسلمان ہو، کفر کا حکم دے گا؟

۔آل عمران ۳: ۷۹۔ ۸۰۔

۴۔ اللہ کے پاس والے اس کی عبادت سے تکبر نہیں کرتے

۴۲۔ بے شک جو (فرشتے) تیرے پروردگار کے پاس ہیں، وہ اس کی عبادت سے غرور نہیں کرتے اور اس کی پاکی بیان کرتے ہیں اور اسی کو سجدہ کرتے ہیں۔

۔الاعراف ۷: ۲۰۶۔

۴۳۔ اور اسی کے لیے ہے جو کوئی آسمانوں اور زمین میں ہے اور جو (فرشتے) اس کے پاس ہیں وہ اس کی عبادت سے نہ غرور کرتے ہیں اور نہ تھکتے ہیں۔ رات اور دن تسبیح کرتے ہیں اور سستی نہیں کرتے۔

۔الانبیاء ۲۱: ۱۹۔ ۲۰۔

۴۴۔ اور انہوں نے کہا کہ رحمٰن نے اولاد اختیار کی ہے تو وہ تو پاک ہے بلکہ وہ معزز بندے ہیں۔ بات کرنے میں ان سے سبقت نہیں کرتے اور وہ اس کے حکم کے مطابق کام کرتے ہیں۔

۔الانبیاء ۲۱: ۲۶۔ ۲۷۔

۵۔ اللہ کی عبادت سے تکبر کرنے والے ذلیل ہو کر جہنم میں داخل ہوں گے

۴۵۔ اور تمہارے پروردگار نے کہا کہ مجھے پکارو میں تمہیں جواب دوں گا۔ بے شک جو لوگ میری عبادت سے غرور کرتے ہیں وہ ذلیل و خوار دوزخ میں داخل ہوں گے۔

۔المؤمن ۴۰: ۶۰۔

Marfat.com

۶۔ خلقت کی پیدائش سے مقصود صرف عبادت کرانا ہے

۴۶۔اور میں نے جنوں اور انسانوں کو صرف اسی لیے پیدا کیا ہے کہ وہ میری عبادت کریں۔ میں نہ ان سے روزی چاہتا ہوں اور نہ یہ چاہتا ہوں کہ وہ مجھے کھانا کھلائیں۔

۔الذّٰریٰت ۵۱:۵۶۔۵۷۔

۴۶۔وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ﴿۵۶﴾ مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَآ اُرِيْدُ اَنْ يُّطْعِمُوْنِ ﴿۵۷﴾

کتاب العبادات

الصلوٰۃ۔نماز

انبیائے سابقین کو نماز پڑھنے کا حکم تمام انبیاء علیہم السلام نماز پڑھا کرتے تھے

۱۔ فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ

۲۔ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ ..... وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

۳۔ اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ۝

۴۔ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَآ

۵۔ وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا ۭ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى ۭ وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّاۗىِٕفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ۝

۶۔ رَبَّنَآ اِنِّىْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

۷۔ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۠ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاۗءِ ۝ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝

۸۔ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ ۘ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ۝ وَكَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ۠ وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا ۝

۱۔ زکریا علیہ السلام

۱۔ پس فرشتوں نے اس کو پکارا اور وہ (مسجد کی) محراب میں کھڑا ہوا نماز پڑھ رہا تھا۔

۔آل عمران ۳: ۳۹۔

۲۔ موسیٰ و ہارون علیہما السلام

۲۔ اور ہم نے موسیٰ اور اس کے بھائی کی طرف وحی کی کہ نماز کو قائم رکھو اور مومنوں کو بشارت دو۔

۔یونس ۱۰: ۸۷۔

۳۔ میں ہی اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں تو (اے موسیٰ علیہ السلام) میری ہی عبادت کر اور میری یاد کے لیے نماز کو قائم رکھ۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۱۴۔

۳۔ شعیب علیہ السلام

۴۔ انہوں نے کہا اے شعب کیا تجھے تیری نماز یہ حکم دیتی ہے کہ ہم ان (معبودوں) کو چھوڑ دیں جن کو ہمارے باپ دادا پوجتے چلے آتے ہیں۔

۔ھود ۱۱: ۸۷۔

۴۔ ابراہیم علیہ السلام

۵۔ اور وہ وقت یاد کر جب ہم نے خانہ کعبہ کو لوگوں کا مرجع اور امن کی جگہ بنایا اور تم لوگ مقامِ ابراہیم کو نماز کی جگہ بناؤ اور ہم نے ابراہیم اور اسمٰعیل سے عہد لیا کہ میرے گھر کو طواف کرنے والوں اور مجاوروں اور رکوع، سجدہ کرنے والوں کے لیے پاک رکھو۔

۔البقرۃ ۲: ۱۲۵۔

۶۔ اے ہمارے پروردگار! میں نے اپنی اولاد کو تیرے حرمت والے گھر کے پاس اس جنگل میں بسایا ہے جس میں کھیتی نہیں۔ اے پروردگار! یہ اس لیے ہے کہ وہ نماز پڑھتے رہیں۔

۔ابراہیم ۱۴: ۳۷۔

۷۔ اے ہمارے پروردگار! مجھے نماز پر قائم رکھ اور میری اولاد میں سے بھی اور میری دعا قبول فرما۔ اے ہمارے پروردگار! مجھے اور میرے ماں باپ اور مومنوں کو جس دن حساب قائم، ہو بخش دینا۔

۔ابراہیم ۱۴: ۴۰۔۴۱۔

۵۔ اسمٰعیل علیہ السلام

۸۔ اور کتاب میں اسماعیل کو یاد کر۔ بے شک وہ وعدہ کا سچا اور رسول نبی تھا۔ اور اپنے گھر والوں کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیتا تھا اور اپنے پروردگار کے ہاں پسندیدہ تھا۔

۔مریم ۱۹: ۵۴۔۵۵۔

Marfat.com

۹۔ وَجَعَلْنٰهُمْ اَىِٕمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَ اِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ۝

۱۰۔ اِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ ۖ اٰتٰنِيَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِيْ نَبِيًّا ۝ وَّجَعَلَنِيْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ ۪ وَاَوْصٰنِيْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا ۝

۱۱۔ فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ۝

۱۲۔ يٰبُنَيَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ اَصَابَكَ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۝

۱۳۔ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ ۡ ..... وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۭ

۱۴۔ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۙ حُنَفَآءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ۝

۱۵۔ وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۚ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا ۭ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ مَعَكُمْ ۭ لَىِٕنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ

۶۔ ابراہیم، اسحٰق، یعقوب اور لوط علیہم السلام کی طرف نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے کی وحی

۹۔ اور ہم نے ان کو پیشوا بنایا کہ ہمارے حکم سے (لوگوں کو) ہدایت کرتے تھے اور ہم نے ان کی طرف وحی کی نیکی کے کام کرنے اور نماز کے قائم رکھنے اور زکوٰۃ دینے کی اور وہ ہماری عبادت کرتے تھے۔

۔الانبیاء ۲۱: ۷۳۔

۷۔ عیسیٰ علیہ السلام

۱۰۔ میں اللہ کا بندہ ہوں۔ اس نے مجھے کتاب دی اور مجھے نبی بنایا اور مجھے برکت والا بنایا جہاں کہیں بھی رہوں اور جب تک میں زندہ ہوں مجھے نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیا۔

۔مریم ۱۹: ۳۰۔۳۱۔

۸۔ ادریس علیہ السلام کے بعد لوگوں نے نماز چھوڑ دی

۱۱۔ پھر ان کے بعد ایسے جانشین ہوئے جنہوں نے نماز کو کھو دیا اور اپنی خواہشوں کے پیچھے پڑ گئے تو عنقریب وہ گمراہی (کی سزا) سے ملیں گے۔

۔مریم ۱۹: ۵۹۔

۹۔ لقمان

۱۲۔ بیٹا نماز کو قائم رکھ اور نیکی کا حکم دے اور برے کاموں سے منع کر اور جو تکلیف (اس بارہ میں) تجھے پہنچے، اس پر صبر کر۔ بے شک یہ بڑی ہمت کا کام ہے۔

۔لقمٰن ۳۱: ۱۷۔

۱۰۔ بنی اسرائیل کو نماز کا حکم دیا گیا تھا

۱۳۔ اور وہ وقت یاد کر جب ہم نے بنی اسرائیل سے عہد لیا کہ اللہ کے سوا کسی کو نہ پوجنا..... اور لوگوں سے اچھی بات کہنا اور نماز کو قائم رکھنا اور زکوٰۃ دیتے رہنا۔

۔البقرۃ ۲: ۸۳۔

۱۴۔ اور ان کو ان کے سوا اور کچھ حکم نہیں دیا گیا تھا کہ اللہ ہی کی عبادت کریں خالص اسی کی اطاعت کرتے ہوئے، توحید پر قائم رہ کر اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہیں اور یہی درست دین ہے۔

۔البینۃ ۹۸: ۵۔

۱۱۔ بنی اسرائیل سے نماز کا عہد

۱۵۔ اور اللہ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا اور ہم نے ان میں بارہ سردار کھڑے کیے اور اللہ نے فرمایا میں تمہارے ساتھ ہوں اگر تم نے نماز کو قائم رکھا اور زکوٰۃ دیتے رہے اور میرے رسولوں پر ایمان لائے اور ان کی مدد کی اور اللہ کو قرضِ حسنہ دیتے رہے تو میں ضرور تمہارے گناہ دور کر دوں گا اور تمہیں ایسے باغوں میں داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں جاری ہیں۔

۔المائدۃ ۵: ۱۲۔

Marfat.com

۱۲۔ اصحابِ رسول اللہ نماز پڑھتے تھے

۱۶۔ یہ وہ ہیں کہ اگر ہم ملک میں ان کے پاؤں جما دیں تو وہ نماز پڑھیں اور زکوٰۃ دیں اور لوگوں کو نیکی کا حکم دیں اور برے کاموں سے روکیں۔

۔الحج ۲۲: ۴۱۔

نمازِ اسلام

۱۔ طہارتِ جامہ

۱۔اور اپنے کپڑوں کو پاک رکھ۔

۔المدثر ۷۴: ۴۔

۲۔ وضو

۲۔مسلمانو! جب تم نماز کی (ادائیگی کی) طرف کھڑے ہو، تو اپنے منہ اور اپنے دونوں ہاتھ کہنیوں تک دھولیا کرو اور اپنے سروں پر مسح کرلیا کرو اور اپنے پاؤں ٹخنوں تک دھولیا کرو۔

۔المائدۃ ۵: ۶۔

۳۔ غسل و تیمّم

۳۔مسلمانو! جب تم نشے میں ہو تو نماز کے قریب نہ جاؤ یہاں تک کہ تم اس کو سمجھنے لگو جو تم کہتے ہو اور نہ ناپاکی کی حالت میں جاؤ مگر رستہ چلتے ہوئے (مسجد سے گزر جاؤ تو مضائقہ نہیں) یہاں تک کہ تم غسل کر لو، اور اگر تم بیمار ہو یا مسافر یا کوئی تم میں سے جائے ضرور سے آیا ہو یا تم نے عورتوں کو چھوا ہو پھر تم پانی نہ پاؤ تو پاک مٹی کا قصد کرو۔ پس اپنے مونہوں اور اپنے ہاتھوں پر مسح کرلو۔ بے شک اللہ معاف

۱۶۔ اَلَّذِیْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِی الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَ اَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ

۱۔ وَثِیَابَكَ فَطَهِّرْ ۝

۱۔ اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّ بِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ؕ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ؕ

۲۔ وَالّٰتِيْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ

۳۔ فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ۝

۴۔ وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ۝

۵۔ وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْۢ بَعْلِهَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا ؕ وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ؕ وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ؕ وَاِنْ تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝

۶۔ وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَآءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ

اُن کو اُدھر میں لٹکا ہوا چھوڑ دو۔ اور اگر تم اصلاح کرو اور (اللہ سے) ڈرو تو بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔ اور اگر وہ دونوں ایک دوسرے سے جدا ہو جائیں تو اللہ اپنی کشائش سے ہر ایک کو (ایک دوسرے سے) بے پروا کر دے گا اور اللہ وسعت والا، حکمت والا ہے۔

۔النساء ۴: ۱۲۹۔۱۳۰۔

۷۔ تمہاری بیویاں تمہاری کھیتی ہیں

۷۔تمہاری عورتیں تمہاری کھیتی ہیں تو تم اپنی کھیتی میں جس طرح چاہو آؤ اور اپنی جانوں کے لیے اعمالِ صالحہ آگے بھیجو اور اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ تم اس سے ملنے والے ہو اور (اے نبی ﷺ!) مومنوں کو بشارت دے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۲۳۔

۸۔ حیض کیا ہے؟

۸۔اور لوگ تجھ سے حیض کی بابت پوچھتے ہیں۔ تو کہہ وہ ناپاکی ہے، تو حیض کے دنوں میں عورتوں سے الگ رہو اور ان کے قریب نہ جاؤ جب تک وہ پاک نہ ہو لیں۔ پھر جب وہ پاک ہو جائیں تو ان کے پاس آؤ جہاں سے اللہ نے تم کو حکم دیا ہے۔ بے شک اللہ توبہ کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے اور پاک لوگوں کو دوست رکھتا ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۲۲۔

۹۔ عورتیں مردوں کا اور مرد عورتوں کا لباس ہیں

۹۔وہ (عورتیں) تمہارا لباس ہیں اور تم ان کا لباس ہو۔

۔البقرۃ ۲: ۱۸۷۔

۱۰۔ عورتوں سے نیک برتاؤ کرو

۱۰۔اور ان کے ساتھ پسندیدہ طور پر رہو سہو۔ پھر اگر تم ان سے نفرت کرو تو شاید کہ تم ایک شے سے نفرت کرو اور اللہ

الْمَيْلِ فَتَذَرُوْهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ؕ وَاِنْ تُصْلِحُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۲۹﴾ وَاِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيْمًا ﴿۱۳۰﴾

۷۔نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ ۪ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ ۪ وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۲۳﴾

۸۔وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ؕ قُلْ هُوَ اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِي الْمَحِيْضِ ۙ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ﴿۲۲۲﴾

۹۔هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ؕ

۱۰۔وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ فَاِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا ﴿۱۹﴾

۱۱۔وَلَا تُضَآرُّوْهُنَّ لِتُضَيِّقُوْا عَلَيْهِنَّ ؕ

۱۔يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَهْلِهَا ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَاِنْ لَّمْ

اس میں بہت سی خوبی پیدا کر دے۔

۔النساء ۴: ۱۹۔

۱۱۔ عورتوں کو کسی قسم کی ایذا نہ دو

۱۱۔اور ان کو ضرر نہ پہنچاؤ کہ تم ان کو تنگ کرو۔

۔الطلاق ۶۵: ۶۔

پردہ

۱۔ کسی کے گھر میں بغیر اجازت مانگے داخل ہونا جائز نہیں

۱۔مسلمانو اپنے گھروں کے سوا دوسرے گھروں میں داخل نہ ہوا کرو یہاں تک کہ تم اجازت مانگ لو اور سلام کر لو ان کے رہنے والوں پر۔ یہ تمہارے حق میں بہتر ہے شاید کہ تم نصیحت پکڑو۔ پھر اگر تم ان میں کسی کو نہ پاؤ تو تاوقتیکہ تم کو اجازت نہ دی جائے اُن میں داخل نہ ہو اور اگر تم سے

Marfat.com

تَجِدُوْا فِيْهَآ اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ قِيْلَ لَكُمُ
ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ۝۲۸
۲۔ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ
لَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ۝۲۹
۳۔ قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ۭ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ۭ
اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝۳۰ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ
وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ
بِخُمُرِهِنَّ عَلٰي جُيُوْبِهِنَّ ۠ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ
اٰبَاۗىِٕهِنَّ اَوْ اٰبَاۗءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَاۗىِٕهِنَّ اَوْ اَبْنَاۗءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ
بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ اَوْ نِسَاۗىِٕهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ اَوِ
التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰي
عَوْرٰتِ النِّسَاۗءِ ۠ وَلَا يَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِيْنَ مِنْ
زِيْنَتِهِنَّ ۭ وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝۳۱
۴۔ وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى
۵۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِيْنَ مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ وَالَّذِيْنَ لَمْ

کہا جائے کہ لوٹ جاؤ تو لوٹ جاؤ۔ یہ تمہارے لیے زیادہ ستھرائی کا باعث ہے اور اللہ جو تم کرتے ہو جانتا ہے۔

۔النور ۲۴: ۲۷۔۲۸۔

۲۔ مکانِ غیر مسکونہ میں ضرورت کی وجہ سے داخل ہونا جائز ہے

۲۔ تم پر کچھ گناہ نہیں کہ تم ان گھروں میں جن میں کوئی نہیں رہتا اور ان میں تمہارا اسباب ہے (بغیر پوچھے) داخل ہو جاؤ اور اللہ جانتا ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہو۔

۔النور ۲۴: ۲۹۔

۳۔ مرد اور عورتیں نیچی نگاہ رکھیں، کھلے حصے کے سوا اپنی زینت ظاہر نہ کریں، کن کن کے سامنے اپنی زینت کا اظہار جائز ہے؟

۳۔ مومنوں سے کہہ دے کہ اپنی آنکھیں نیچی رکھیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں یہ ان کے لیے زیادہ پاکیزگی کا باعث ہے۔ بے شک اللہ خبردار ہے جو وہ کرتے ہیں۔ اور مسلمانوں عورتوں سے کہہ دے کہ اپنی آنکھیں نیچی رکھیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں اور اپنی زینت کو ظاہر نہ کریں مگر جو اس میں سے ظاہر ہے اور اپنی اوڑھنیاں اپنے گریبانوں پر ڈالے رکھیں اور اپنی زینت ظاہر نہ کریں مگر اپنے خاوندوں پر یا اپنے باپوں پر یا اپنے خاوندوں کے باپوں پر یا اپنے بیٹوں پر یا اپنے خاوندوں کے بیٹوں پر یا اپنے بھائیوں پر یا اپنے بھتیجوں پر یا اپنے بھانجوں پر یا اپنی عورتوں پر یا ان (لونڈی غلاموں) پر جو ان کے ہاتھ کا مال ہیں یا ساتھ رہنے والے مردوں پر جن کو (عورتوں کی) حاجت نہیں یا ان لڑکوں پر جو ابھی تک عورتوں کی شرم گاہوں سے واقف نہیں اور زمین پر اپنے پاؤں نہ ماریں تاکہ اپنی جو زینت وہ چھپاتی ہیں معلوم ہو جائے اور مسلمانو! سب ایک ساتھ اللہ کی طرف رجوع ہو تاکہ تم فلاح پاؤ۔

۔النور ۲۴: ۳۰۔۳۱۔

۴۔ ازواجِ نبی ﷺ کو گھر میں رہنے کا حکم

۴۔ اور (اے نبی ﷺ! کی بیویو!) اپنے گھروں میں بیٹھی رہو اور پہلے زمانۂ جاہلیت کی طرح بناؤ ظاہر کرتی نہ پھرو۔

۔الاحزاب ۳۳: ۳۳۔

۵۔ باندی، غلاموں اور نابالغوں کو صبح اور عشا اور دوپہر کے وقت اپنے مالکوں کے گھروں میں بغیر اجازت داخل ہونا جائز نہیں، باقی وقتوں میں اجازت کی ضرورت نہیں

۵۔ مسلمانو! تمہارے باندی غلام اور وہ جو حدِ بلوغت کو نہیں پہنچے تین

Marfat.com

وقت اندر آنے کی تم سے اجازت لیا کریں۔ فجر کی نماز سے پہلے اور جب تم دوپہر کو اپنے کپڑے اتار رکھتے ہو اور عشا کی نماز کے بعد۔ یہ تین وقت تمہارے پردے کے ہیں۔ اُن وقتوں کے بعد نہ تم پر گناہ ہے اور نہ ان پر کہ وہ تم پر آنے والے ہیں تم میں سے بعض بعض پر۔ یوں اللہ تم سے نشانیاں بیان کرتا ہے اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

-النور ۲۴:۵۸-

۶۔ بالغوں کو کسی وقت بھی گھر میں بلا اجازت داخل ہونا نہیں چاہیے

۶۔ اور جب تم میں سے لڑکے حدِ بلوغت کو پہنچ جائیں تو وہ اجازت لیں جیسا کہ وہ اجازت لیتے تھے جو ان سے پہلے تھے۔ یوں اللہ تم سے اپنی نشانیاں بیان کرتا ہے اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

-النور ۲۴:۵۹-

۷۔ بوڑھی عورتوں کو لباس کی کم تاکید مگر سنگھار بنا کر باہر پھرنا کہیں بھی درست نہیں

۷۔ اور بوڑھی عورتیں جو نکاح کی اُمید نہیں رکھتیں ان پر گناہ نہیں کہ اپنے کپڑے اُتار رکھیں۔ بشرطیکہ وہ زینت ظاہر کرنے والی نہ ہوں اور اگر وہ اس سے بچیں تو ان کے لیے بہتر ہے اور اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔

-النور ۲۴:۶۰-

۸۔ عورتوں سے کوئی چیز مانگنی ہو تو پردے کی اوٹ سے مانگ لو

۸۔ مسلمانو! نبی کے گھروں میں داخل نہ ہو مگر یہ کہ تم کو

يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ ؕ مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ مِّنَ الظَّهِيْرَةِ وَمِنْۢ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَآءِ ؕ ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌۢ بَعْدَهُنَّ ؕ طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۸﴾

۶۔ وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَاْذِنُوْا كَمَا اسْتَاْذَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۹﴾

۷۔ وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا يَرْجُوْنَ نِكَاحًا فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ يَّضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۭ بِزِيْنَةٍ ؕ وَاَنْ يَّسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ لَّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۶۰﴾

۸۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّاۤ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ ۫ وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْيٖ مِنَ الْحَقِّ ؕ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ؕ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ؕ وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَاۤ اَنْ تَنْكِحُوْۤا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖۤ اَبَدًا ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ﴿۵۳﴾

۹۔ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ

اجازت دی جائے، کھانے کی طرف پکنے کا انتظار نہ کرتے ہوئے لیکن جب تمہیں بلایا جائے تو داخل ہو۔ پھر جب تم کھا چکو تو متفرق ہو جاؤ اور باتوں میں نہ لگ جاؤ۔ یہ بات نبی کو ایذا دیتی ہے اور وہ تم سے شرماتا ہے اور اللہ حق کے اظہار سے نہیں شرماتا اور جب تم پیغمبر کی بیویوں سے کچھ اسباب مانگو تو ان سے پردے کے پیچھے سے مانگو۔ یہ بات تمہارے دلوں اور ان کے دلوں کو پاک کرنے والی ہے اور تمہارا حق نہیں کہ تم اللہ کے رسول کو ایذا دو اور نہ یہ کہ اس کے بعد کبھی اس کی بیویوں سے نکاح کرو۔ بے شک یہ بات اللہ کے نزدیک بڑا گناہ ہے۔

-الاحزاب ۳۳:۵۳-

۹۔ عورتوں کو سر پر چادر اوڑھنی چاہیے

۹۔ اے نبی اپنی بیبیوں اور اپنی بیٹیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے

Marfat.com

کہہ دے کہ اپنے اوپر اپنی چادریں لٹکائے رہیں۔ یہ اس کے زیادہ قریب ہے کہ وہ پہچانی جائیں اور ستائی نہ جائیں اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔الاحزاب ۳۳:۵۹۔

۱۰۔ جن لوگوں سے پردہ نہیں ہے

۱۰۔ان پر گناہ نہیں ہے کہ ان کے باپوں میں اور نہ ان کے بیٹوں میں اور نہ ان کے بھائیوں میں اور نہ ان کے بھتیجوں میں اور نہ ان کے بھانجوں میں اور نہ ان کی عورتوں میں اور نہ ان کے لونڈی غلاموں میں (کہ ان سے پردہ نہ کریں) اور اے عورتو! اللہ سے ڈرو۔ بے شک اللہ ہر شے پر موجود ہے۔

۔الاحزاب ۳۳:۵۵۔

وصیت

۱۔ وصیت مال چھوڑنے والوں پر فرض ہے

۱۔تم پر فرض کیا گیا ہے جب کہ تم میں سے کسی کے پاس موت آموجود ہو اگر وہ مال چھوڑے، وصیت کر جانا۔

۔البقرۃ ۲:۱۸۰۔

۲۔ وصیت والدین اور اقربا کے لیے

۲۔ماں باپ اور رشتہ داروں کے لیے پسندیدہ طور پر۔

۔البقرۃ ۲:۱۸۰۔

۳۔ وصیت متقیوں پر ایک حق ہے

۳۔یہ متقیوں پر لازم ہے۔

۔البقرۃ ۲:۱۸۰۔

۴۔ وصیت بدلنے والے گنہگار ہیں

۴۔پھر جو کوئی اس کو بدل دے اس کے بعد کہ اس نے اس کو سنا ہے تو اس کا گناہ انہیں پر ہے جو اس کو بدلتے

عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيبِهِنَّ ۚ ذَٰلِكَ أَدْنَىٰ أَنْ يُعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ۗ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿٥٩﴾

۱۰۔ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِي آبَائِهِنَّ وَلَا أَبْنَائِهِنَّ وَلَا إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاءِ إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاءِ أَخَوَاتِهِنَّ وَلَا نِسَائِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِينَ اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدًا ﴿٥٥﴾

۱۔ كُتِبَ عَلَيْكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ إِنْ تَرَكَ خَيْرًا ۖ الْوَصِيَّةُ

۲۔ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ بِالْمَعْرُوفِ ۖ

۳۔ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ ﴿١٨٠﴾

۴۔ فَمَنْ بَدَّلَهُ بَعْدَمَا سَمِعَهُ فَإِنَّمَا إِثْمُهُ عَلَى الَّذِينَ يُبَدِّلُونَهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿١٨١﴾

۵۔ فَمَنْ خَافَ مِنْ مُوصٍ جَنَفًا أَوْ إِثْمًا فَأَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٨٢﴾

۶۔ وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا ۖ وَصِيَّةً لِأَزْوَاجِهِمْ مَتَاعًا إِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ إِخْرَاجٍ ۚ فَإِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِي مَا

ہیں۔ بے شک اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۱۸۱۔

۵۔ وصیتِ ناحق کی اصالی کرنے میں گناہ نہیں

۵۔پھر جو وصیت کرنے والے کی طرف سے ظلم یا گناہ سے ڈرا اور اس نے ان کے درمیان اصلاح کر دی تو اس پر کچھ گناہ نہیں۔ بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔البقرۃ ۲:۱۸۲۔

۶۔ مرنے والوں کو اپنی جوروؤں کو ایک سال کی وصیت کرنی چاہیے

۶۔اور جو تم میں سے مر جائیں اور بیویاں چھوڑیں، وہ اپنی بیویوں کے لیے وصیت کر جائیں ایک سال تک فائدہ دینے کے، بغیر (گھر سے) نکالے۔ پھر اگر وہ خود نکل جائیں تو تم کو اس بات میں کچھ گناہ نہیں جو

Marfat.com

فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝

۷۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنٰنِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ اٰخَرٰنِ مِنْ غَيْرِكُمْ اِنْ اَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ ۭ تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْۢ بَعْدِ الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ اِنِ ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِيْ بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۙ وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ اللّٰهِ اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ ۝ فَاِنْ عُثِرَ عَلٰٓى اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّآ اِثْمًا فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْاَوْلَيٰنِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَآ اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَآ ۭ اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

۸۔ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ عَلٰي وَجْهِهَآ اَوْ يَخَافُوْٓا اَنْ تُرَدَّ اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاسْمَعُوْا ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝

۱۔ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ۠ وَلِلنِّسَاۗءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ اَوْ كَثُرَ ۭ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ۝

۲۔ وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنُ فَارْزُقُوْهُمْ مِّنْهُ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝

میراث

۱۔ والدین اور اقربا کے ترکہ میں مرد اور عورت دونوں کا حصہ

۱۔ مردوں کا اس (مال) میں حصہ ہے جو ماں باپ اور رشتہ دار چھوڑ مریں اور عورتوں کا (بھی) اس (مال) میں حصہ ہے جو ماں باپ اور رشتہ دار چھوڑ مریں۔ مال تھوڑا ہو یا بہت، اس میں ٹھہرایا ہوا حصہ ہے۔

۔النساء ۴:۷۔

۲۔ تقسیم ترکہ پر اگر غیر حق دار یتیم، مسکین اور اقربا آموجود ہوں تو انہیں بھی کچھ دو

۲۔ اور جب (ترکہ کی) تقسیم کے وقت رشتہ دار (جن کا حصہ مقرر نہیں ہے) اور یتیم اور مسکین آموجود ہوں تو اپنے طور پر ان کو اس میں سے کچھ دو اور ان سے معقول بات کہو۔

۔النساء۔ ۴:۸۔

وہ پسندیدہ طور پر اپنے لیے کریں اور اللہ غالب ہے، حکمت والا۔

۔البقرۃ ۲: ۲۴۰۔

۷۔ سفر میں وصیت پر گواہ کرنے چاہیں

۷۔ مسلمانو! تمہارے درمیان گواہی کا نصاب جب تم میں سے کسی کے پاس موت آموجود ہو، وصیت کے وقت دو معتبر آدمی ہیں جو تم میں سے ہوں یا دوسرے دو تمہارے غیروں میں سے اگر تم سفر میں ہو اور تم کو موت کی مصیبت آجائے۔ تم ان دونوں گواہوں کو نماز (عصر) کے بعد روک لو۔ اگر تم شک میں ہو، وہ دونوں اللہ کی قسم کھائیں کہ ہم اس قسم کے بدلے کچھ قیمت مول نہیں لیں گے اگر چہ وہ (جس کے نفع کے لیے ہم گواہی دیتے ہیں) رشتہ دار ہی ہو اور ہم اللہ کی گواہی کو چھپائیں گے نہیں، بے شک ہم اس صورت میں گنہگار ہوں گے۔ پھر اگر یہ معلوم ہو کہ (وہ جھوٹ بول کر) گناہ کے مرتکب ہوئے تو دوسرے دو آدمی ان کی جگہ ان میں سے کھڑے ہوں، جن پر پہلوں نے جھوٹ بول کر حق ثابت کیا ہے۔ پس وہ دونوں اللہ کی قسم کھا کر کہیں کہ ہماری گواہی ان کی گواہی سے زیادہ معتبر ہے، ہم نے زیادتی نہیں کی۔ بے شک ہم اس وقت ظالموں میں سے ہوں گے۔

۔المائدۃ ۵: ۱۰۶۔۱۰۷۔

۸۔ یہ بات اس کے زیادہ قریب ہے کہ وہ صحیح صحیح گواہی دیں یا اس بات سے ڈریں کہ ہماری قسمیں ان کی قسموں کے بعد رد کی جائیں گی اور اللہ سے ڈرو اور اس کا حکم سنو اور اللہ بدکار لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

۔المائدۃ ۵: ۱۰۸۔

Marfat.com

۳۔ وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُوْا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا خَافُوْا عَلَيْهِمْ ۠ فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ وَلْيَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ۝

۴۔ يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْٓ اَوْلَادِكُمْ ۗ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۚ

۵۔ فَاِنْ كُنَّ نِسَآءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۚ

۶۔ وَاِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ ۭ

۷۔ وَلِاَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ اِنْ كَانَ لَهٗ وَلَدٌ ۚ

۸۔ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلَدٌ وَّوَرِثَهٗٓ اَبَوٰهُ فَلِاُمِّهِ الثُّلُثُ ۚ

۹۔ فَاِنْ كَانَ لَهٗٓ اِخْوَةٌ فَلِاُمِّهِ السُّدُسُ

۱۰۔ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۭ ..... مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۭ

۱۱۔ مِّنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۭ ..... مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۙ

۱۲۔ اٰبَاۗؤُكُمْ وَاَبْنَاۗؤُكُمْ لَا تَدْرُوْنَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا ۭ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝

۱۳۔ وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ اَزْوَاجُكُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُنَّ وَلَدٌ ۚ

۳۔ اور ایسے لوگ ڈریں کہ اگر وہ اپنے پیچھے کمزور اولاد چھوڑ مریں تو ان کو اس کے بارے میں اندیشہ ہو تو ان کو چاہیے کہ اللہ سے ڈریں اور راہ کی بات کہیں۔

۔النساء۔۴: ۹۔

۳۔ لڑکے کا حصہ لڑکی سے دوچند

۴۔ اللہ تم کو تمہاری اولاد کے بارے میں وصیت کرتا ہے ایک لڑکے کا حصہ دو لڑکیوں کے برابر ہے۔

۔النساء۔۴: ۱۱۔

۴۔ دو لڑکیوں سے زیادہ ہوں تو ان کا حصہ دو تہائی

۵۔ پھر اگر لڑکیاں ہی ہوں (دو یا) دو سے زیادہ، تو ان کے لیے اس کا مال دو تہائی ہے جو وہ چھوڑا مرا ہے۔

۔النساء۔۴: ۱۱۔

۵۔ ایک ہی لڑکی ہو تو اس کا آدھا ہے

۶۔ اور اگر ایک ہی ہے تو اس کے لیے آدھا (مال) ہے۔

۔النساء۔۴: ۱۱۔

۶۔ اولاد ہو تو ماں باپ میں ہر ایک کا چھٹا حصہ

۷۔ اور میت کے ماں باپ کے لیے ان دونوں میں سے ہر ایک کے لیے چھٹا حصہ ہے اس مال میں سے جو وہ چھوڑ مرا ہے اگر اس کے اولاد ہے۔

۔النساء۔۴: ۱۱۔

۷۔ اولاد نہ ہو تو ماں کا حصہ ایک تہائی

۸۔ پھر اگر اس کے اولاد نہ ہو اور اس کے وارث اس کے ماں باپ ہی ہوں تو اس کی ماں کے لیے ایک تہائی ہے۔

۔النساء۔۴: ۱۱۔

۸۔ بھائی ہوں تو ماں کا چھٹا حصہ

۹۔ پھر اگر اس کے بھائی بھی ہوں تو اس کی ماں کے لیے چھٹا حصہ ہے۔

۔النساء۔۴: ۱۱۔

۹۔ میراث وصیت اور دین کے بعد ہے

۱۰۔ وصیت کے بعد جو وہ کر جائے یا قرض کے بعد ..... وصیت کے بعد جو وہ عورتیں کر جائیں یا قرض کے بعد۔

۔النساء۔۴: ۱۱۔۱۲

۱۱۔ وصیت کے بعد جو تم کر جاؤ یا قرض کے بعد ..... وصیت کے بعد جو کی جائے یا قرض کے بعد۔

۔النساء۴: ۱۱۔۱۲۔

۱۰۔ میراث اللہ کی طرف سے مقرر ہے

۱۲۔ تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے، تم نہیں جانتے کہ تمہارے لیے اُن میں سے کون نفع پہنچانے کے زیادہ قریب ہے۔ یہ اللہ کا مقرر کیا ہوا ہے۔ بے شک اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

۔النساء۴: ۱۱۔

۱۱۔ اولاد نہ ہو تو خاوند کا نصف

۱۳۔ اور تمہارے لیے اس (مال) کا آدھا ہے جو تمہاری بیویاں چھوڑ مریں اگر ان کے اولاد نہ ہو۔

۔النساء۴: ۱۲۔

Marfat.com

۱۲۔ اولاد ہوتو چوتھائی

۱۴۔پھر اگر ان کے اولاد ہے تو تمہارے لیے اس کا چوتھائی ہے جو وہ چھوڑ مریں۔

۔النساء۴: ۱۲۔

۱۳۔ اولاد نہ ہوتو بیوی کا چوتھائی حصہ ہے

۱۵۔اور ان کے لیے اس مال میں سے چوتھائی ہے جو تم چھوڑ مرو اگر تمہارے اولاد نہیں ہے۔

۔النساء۔۴: ۱۲۔

۱۴۔ اولاد ہوتو بیوی کا آٹھواں حصہ ہے

۱۶۔پھر اگر تمہارے اولاد ہے تو ان کے لیے اس مال میں سے آٹھواں حصہ ہے جو تم چھوڑ مرو۔

۔النساء۔۴: ۱۲۔

۱۵۔ اگر میت کلالہ (اوت نبوت) ہے اور اس کے ایک بھائی یا ایک بہن ہے تو ان میں سے ہر ایک کا چھٹا حصہ ہے

۱۷۔اور اگر مرد مردہ جس کی میراث لیتے ہیں کلالہ ہے یا مردہ عورت کلالہ ہے اور اس کے ایک بھائی یا ایک بہن ہے تو ان (بھائی بہنوں) میں سے ہر ایک کا چھٹا حصہ ہے۔

۔النساء۔۴: ۱۲۔

۱۶۔ ایک سے زیادہ بہن بھائی ہوں تو وہ سب تہائی میں شریک

۱۸۔پھر اگر وہ اس سے زیادہ ہوں تو وہ سب تہائی میں شریک ہیں وصیت کے بعد جو کی جائے یا (بعد ادائے) قرض کے۔

۔النساء۔۴: ۱۲۔

۱۷۔ وصیت میں کسی کو نقصان نہ پہنچایا جائے

۱۹۔بغیر اس کے کہ وہ (وصیت میں) کسی کو نقصان پہنچانے والا ہو۔ یہ اللہ کی طرف سے حکم ہے اور اللہ جاننے والا، بردبار ہے۔

۔النساء۴: ۱۲۔

۱۴۔فَاِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ

۱۵۔وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ ۚ

۱۶۔فَاِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ

۱۷۔وَاِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ كَلٰلَةً اَوِ امْرَاَةٌ وَّلَهٗۤ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ ۚ

۱۸۔فَاِنْ كَانُوْۤا اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَآءُ فِي الثُّلُثِ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَاۤ اَوْ دَيْنٍ ۙ

۱۹۔غَيْرَ مُضَآرٍّ ۚ وَصِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۲﴾

۲۰۔يَسْتَفْتُوْنَكَ ؕ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلٰلَةِ ؕ اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ لَيْسَ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَهٗۤ اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ وَهُوَ يَرِثُهَاۤ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ ؕ فَاِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ مِمَّا تَرَكَ ؕ وَاِنْ كَانُوْۤا اِخْوَةً رِّجَالًا وَّنِسَآءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اَنْ تَضِلُّوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۳﴾

۲۱۔وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ؕ وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ

۱۸۔ کلالہ کے اگر صرف ایک بہن ہے تو اس کا آدھا ہے اگر وہ دو ہیں تو دونوں کا دو تہائی اور اگر بھائی بہنیں دونوں ہیں تو مرد کا حصہ عورت سے دگنا

۲۰۔لوگ تجھ سے فتوی پوچھتے ہیں۔ کہہ دے کہ اللہ تم کو کلالہ کے بارہ میں فتوی دیتا ہے۔ اگر کوئی مرد مر جائے اور اس کے اولاد نہ ہو اور اس کے ایک بہن ہو تو اس بہن کے لیے اس مال کا نصف ہے جو وہ چھوڑ مرا اور وہ بھی اس بہن کا وارث ہے اگر اس کے اولاد نہیں ہے۔ پھر اگر دو بہنیں ہیں تو ان دونوں کے لیے اس مال کا دو تہائی ہے جو وہ چھوڑ مرے اور اگر وہ وارث جماعت ہو مرد اور عورتیں تو مرد کا حصہ دو عورتوں کے برابر ہے۔ اللہ تمہارے لیے بیان کرتا ہے کہ تم گمراہ نہ ہو اور اللہ ہر بات کو جانتا ہے۔

۔النساء۴: ۱۷۶۔

۱۹۔ میراث صرف اقربا کے لیے ہے دوستوں سے زندگی میں سلوک کرو

۲۱۔اور ہم نے اس مال میں جو ماں باپ اور رشتہ دار چھوڑ مریں ہر

ایک کے وارث ٹھہرا دیے ہیں اور جن سے تم نے (بھائی چارے کا) عہد کیا ہے ان کو (زندگی میں) ان کا حصہ دو۔ بے شک اللہ ہر شے پر حاضر ہے۔

-النساء ۴:۳۳-

۲۰۔ منہ بولا بیٹا حقیقی بیٹا نہیں ہو جاتا

۲۲۔ اللہ نے کسی مرد کے سینے میں دو دل نہیں رکھے اور تمہاری بیویوں کو جن کو تم ماں کہہ بیٹھتے ہو تمہاری ماں نہیں بنایا اور تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارا بیٹا نہیں بنایا۔ یہ صرف تمہارے منہ کی بات ہے اور اللہ حق کہتا ہے اور وہی سیدھا رستہ دکھلاتا ہے۔ ان کو ان کے باپوں کی طرف منسوب کر کے پکارو۔ یہی اللہ کے نزدیک انصاف کی بات ہے اور اگر تم ان کے باپوں کو نہیں جانتے تو وہ دین میں تمہارے بھائی اور تمہارے آزاد کئے ہوئے ہیں اور اس میں تم پر کوئی گناہ نہیں جو تم غلطی سے کہہ چکے ہو لیکن اس میں گناہ ہے جس کا تمہارے دل قصد کریں اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

-الاحزاب ۳۳:۴-۵-

قرض و رہن

۱۔ ہر ایک معاملے کو لکھنا اور اس پر گواہ کرنا

۱۔ مسلمانو! جب تم ایک مقررہ میعاد تک آپس میں قرض کا معاملہ کرلو تو اس کو لکھ لیا کرو اور چاہیے کہ تمہارے درمیان لکھنے والا انصاف سے لکھے اور لکھنے والا جیسا کہ اللہ نے اس کو سکھلایا ہے لکھنے سے انکار نہ کرے۔ پس چاہیے کہ وہ لکھے اور مضمون وہ بتلائے جس کے ذمے قرض ہے اور اپنے پروردگار خدا سے ڈرے اور اس قرض میں سے

شَيْءٍ شَهِيدًا ﴿۳۳﴾

۲۲۔ مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ ۚ وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓـِٔيْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ ۭ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ ﴿۴﴾ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ ۭ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَآ اَخْطَاْتُمْ بِهٖ ۙ وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۵﴾

۱۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ ۭ وَلْيَكْتُبْ بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌۢ بِالْعَدْلِ ۠ وَلَا يَاْبَ كَاتِبٌ اَنْ يَّكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللّٰهُ فَلْيَكْتُبْ ۚ وَلْيُمْلِلِ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ وَلَا يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْـــًٔا ۭ فَاِنْ كَانَ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيْهًا اَوْ ضَعِيْفًا اَوْ لَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يُّمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهٗ بِالْعَدْلِ ۭ وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَاَتٰنِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَاۗءِ اَنْ تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا فَتُذَكِّرَ اِحْدٰىهُمَا الْاُخْرٰى ۭ وَلَا يَاْبَ الشُّهَدَاۗءُ اِذَا مَا

(لکھنے میں) کچھ کم نہ کرے۔ پھر اگر وہ شخص جس کے ذمے قرض ہے کم عقل یا کمزور ہے یا وہ (صحیح مضمون) لکھوا نہیں سکتا تو اس کا سرپرست انصاف سے لکھوائے اور اپنے مردوں میں سے دو گواہ کر لیا کرے۔ پھر اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں ہوں، اُن میں سے جن کو تم گواہوں میں سے پسند کرو تا کہ اگر ایک عورت بھول جائے تو ان میں سے ایک دوسری کو یاد دلا دے اور گواہ جب وہ گواہی کے لیے بلائے جائیں تو انکار نہ کریں اور اس بات میں کاہلی نہ کرو کہ تم اس کو لکھوا لو چھوٹا معاملہ ہو یا بڑا، اس کی میعاد تک۔ یہ اللہ کے نزدیک زیادہ انصاف کی بات ہے اور گواہی کے لیے درست طریقہ اور اس کے زیادہ قریب ہے کہ تم شک نہ کرو مگر جبکہ وہ معاملہ ہاتھوں ہاتھ سوداگری ہو کہ اس کو تم اپنے درمیان دائر کرتے ہو تو تم پر کچھ گناہ نہیں کہ تم اس کو نہ لکھو اور جب تم سودا کرو تو اس پر گواہ کر لیا کرو اور نہ کاتب کو ایذا

Marfat.com

پہنچائی جائے اور نہ گواہ کو اور اگر تم یہ کام کرو تو یہ تمہاری گنہگاری ہے اور اللہ سے ڈرو اور اللہ تمہیں تعلیم دیتا ہے اور اللہ ہر شے کو جانتا ہے۔

-البقرۃ۲:۲۸۲-

۲۔ سفر میں رہن

۲-اور اگر تم مسافر ہو اور کوئی کاتب نہ پاؤ تو رہن اپنے قبضے میں رکھ لو۔

-البقرۃ۲:۲۸۳-

سود

۱۔ سود خوار قیامت کو شیطان کے چھوئے ہوئے شخص کی طرح مخبوط الحواس اٹھیں گے

۱-جو لوگ سود کھاتے ہیں وہ قبروں سے نہیں اُٹھیں گے مگر جس طرح وہ شخص اُٹھتا ہے جس کو شیطان نے آسیب پہنچا کر دیوانہ بنا دیا ہو۔ یہ اس لیے کہ انہوں نے کہا کہ بیع بھی سود ہی کی مانند ہے۔

-البقرۃ۲:۲۷۵-

۲۔ سود کو اللہ نے حرام کیا

۲-اور اللہ نے بیع کو حلال کیا ہے اور سود کو حرام کیا ہے۔

-البقرۃ۲:۲۷۵-

۳۔ ممانعت سے پہلے کا سود حلال

۳-سو جس کے پاس اس کے پروردگار کی طرف سے نصیحت آ گئی اور وہ اس سے باز رہا تو اس کے واسطے (حلال) ہے جو پہلے ہو چکا اور اس کا معاملہ اللہ کی طرف ہے۔

-البقرۃ۲:۲۷۵-

۴۔ حرام ہونے کے بعد جو سود کھائے

۴-اور جس نے پھر سود کھایا تو ایسے ہی لوگ دوزخی ہیں وہ

دُعُوْا ۭ وَلَا تَسْـَٔــمُوْٓا اَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِيْرًا اَوْ كَبِيْرًا اِلٰٓى اَجَلِهٖ ۭ ذٰلِكُمْ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ وَاَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَاَدْنٰٓى اَلَّا تَرْتَابُوْٓا اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَلَّا تَكْتُبُوْهَا ۭ وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ۠ وَلَا يُضَاۗرَّ كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ ۭ وَاِنْ تَفْعَلُوْا فَاِنَّهٗ فُسُوْقٌۢ بِكُمْ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝۲۸۲

۲-وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰي سَفَرٍ وَّلَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ ۭ

۱-اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْٓا اِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ

۲-وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا ۭ

۳-فَمَنْ جَاۗءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ فَانْتَهٰى فَلَهٗ مَا سَلَفَ ۭ وَاَمْرُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ

۴-وَمَنْ عَادَ فَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝۲۷۵

۵-يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِي الصَّدَقٰتِ ۭ

۶-وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَا۟ فِيْٓ اَمْوَالِ النَّاسِ فَلَا يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ ۚ

۷-يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰٓوا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝۲۷۸

ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔

-البقرۃ۲:۲۷۵-

۵۔ اللہ سود کو گھٹاتا ہے

۵-اللہ سود کو گھٹاتا ہے اور خیرات کی برکتوں کو زیادہ کرتا ہے۔

-البقرۃ۲:۲۷۶-

۶-اور جو سود تم دیتے ہو تا کہ لوگوں کے مالوں میں زیادتی ہو تو وہ اللہ کے نزدیک بڑھتا نہیں۔

-الروم۳۰:۳۹-

۶۔ باقی سود چھوڑ دو

۷-مسلمانو! اللہ سے ڈرو اور اگر تم ایمان دار ہو تو جو سود (لوگوں کے ذمے) باقی رہا ہے اس کو چھوڑ دو

-البقرۃ۲:۲۷۸-

Marfat.com

۸۔ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ ۚ لَا تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۲۷۹﴾ وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ ۭ وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸۰﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ ۡ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۸۱﴾

۹۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰٓوا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً ۠ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۳۰﴾

۱۔ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالْهُدٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا بَيَّنّٰهُ لِلنَّاسِ فِي الْكِتٰبِ ۙ اُولٰۗىِٕكَ يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ ﴿۱۵۹﴾

۲۔ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَشْتَرُوْنَ بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۙ اُولٰۗىِٕكَ مَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ اِلَّا النَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۴﴾ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ فَمَآ اَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ ﴿۱۷۵﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ نَزَّلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ ۭ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِي الْكِتٰبِ لَفِيْ شِقَاقٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۱۷۶﴾

۷۔ سود خواروں کی اللہ اور رسول سے لڑائی

۸۔ پھر اگر تم ایسا نہ کرو تو اللہ اور اس کے رسول سے لڑنے کے لیے تمہیں اطلاع دی جاتی ہے اور تم توبہ کرو تو تمہارے لیے تمہارے اصل مال ہیں۔ نہ تم کسی پر ظلم کرو اور نہ تم پر ظلم کیا جائے اور اگر مقروض محتاج ہے تو اس کو فراخی تک مہلت (دینا) ہے اور یہ بات کہ تم خیرات کے طور پر چھوڑ دو تمہارے حق میں بہتر ہے اگر تم جانتے ہو اور اس دن سے ڈرو جس میں تم اللہ کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ پھر ہر جان کو اس کی کمائی کا پورا عوض دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔البقرۃ ۲: ۲۷۹۔ ۲۸۱

۸۔ دگنے پر دگنا سود نہ کھاؤ

۹۔ مسلمانو! دگنے پر دگنا سود نہ کھاؤ اور اللہ سے ڈرو تا کہ تم فلاح پاؤ۔

۔آل عمران ۳: ۱۳۰۔

کتمانِ حق

۱۔ اللہ کا حکم چھپانے والوں پر اللہ کی پھٹکار

۱۔ بے شک جو لوگ چھپاتے ہیں اس بات کو جو ہم نے روشن دلیلوں اور ہدایت کی قسم سے اُتاری ہے اس کے بعد کہ ہم اس کتاب میں لوگوں کے لیے بیان کر چکے ہیں، اُن پر اللہ بھی لعنت کرتا ہے اور تمام لعنت کرنے والے بھی لعنت کرتے ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۱۵۹۔

۲۔ اللہ کا حکم چھپانے والوں کو دردناک عذاب

۲۔ بے شک وہ لوگ جو اس کو چھپاتے ہیں جو اللہ نے کتاب کی قسم سے اتارا ہے اور اس کے عوض تھوڑی قیمت مول لیتے ہیں، وہ اپنے پیٹوں میں سوائے آگ کے اور کچھ نہیں کھاتے اور قیامت کے دن اللہ ان سے کلام نہیں کرے گا اور نہ ان کو پاک کرے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔ وہی ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی مول لی اور مغفرت کے بدلے عذاب مول لیا۔ سو وہ آگ پر کیسے کچھ صابر ہیں۔ یہ اس لیے کہ اللہ نے سچی کتاب اتاری اور بے شک جنہوں نے کتاب میں اختلاف کیا وہ بڑے دور کے اختلاف میں ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۱۷۴۔ ۱۷۶

Marfat.com

شہادت

۱۔ سچی گواہی دینے کا حکم

۱۔ اور اللہ کے لیے درست گواہی دو۔

۔الطلاق۔۶۵:۲۔

۲۔ مسلمانو! اللہ کے لیے گواہ بن کر انصاف کے ساتھ کھڑے ہو جاؤ اگرچہ (وہ گواہی) خود تمہارے اپنے ہی خلاف ہو یا ماں باپ اور رشتہ داروں کے۔ اگر کوئی مال دار یا محتاج ہے تو ان دونوں سے اللہ زیادہ حق دار ہے۔ سو تم انصاف کے مقابلے میں خواہش کی پیروی نہ کرو اور اگر تم دبی زبان سے گواہی دو گے یا روگردانی کرو گے تو اللہ تمہارے عملوں سے خبردار ہے۔

۔النساء۴:۱۳۵۔

۳۔ مسلمانو! انصاف کے ساتھ گواہ بن کر اللہ کے لیے اُٹھ کھڑے ہو اور کسی قوم کی عداوت تم کو اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم انصاف نہ کرو۔

۔المائدۃ۵:۸۔

۲۔ گواہی نہ چھپاؤ جو چھپائے وہ گنہگار

۴۔ اور گواہی نہ چھپاؤ اور جو اس کو چھپائے گا تو بے شک اس کا دل گنہگار ہے۔

۔البقرۃ۲:۲۸۳۔

۳۔ گواہی چھپانے والے سے بڑھ کر ظالم کون؟

۵۔ اور اس سے بڑھ کر ظالم کون جس نے اس گواہی کو چھپایا جو اللہ کی طرف سے اس پر واجب تھی؟

۔البقرۃ۲:۱۴۰۔

۴۔ سچی گواہی دینے اور جھوٹی گواہی سے بچنے والوں کی مدح

۶۔ اور وہ (خدا کے بندے ہیں) جو جھوٹی گواہی نہیں دیتے۔

۔الفرقان۲۵:۷۲۔

۱۔ وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ

۲۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا ۫ فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ وَاِنْ تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۳۵﴾

۳۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ ۫ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعْدِلُوْا ۭ

۴۔ وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ۭ وَمَنْ يَّكْتُمْهَا فَاِنَّهٗٓ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ ۭ

۵۔ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ ۭ

۶۔ وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ ۙ

۷۔ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِشَهٰدٰتِهِمْ قَآىِٕمُوْنَ ﴿۳۳﴾ ۧ

۱۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى ۭ

۲۔ اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ۭ

۳۔ فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَآءٌ اِلَيْهِ

۷۔ اور وہ جو اپنی گواہیوں پر قائم ہیں۔

۔المعارج۷۰:۳۳۔

قصاص و دیت

۱۔ قصاصِ قتل مومنوں پر فرض ہے

۱۔ مسلمانو! مقتولوں کا قصاص (خون کا عوض) تم پر فرض کیا گیا ہے۔

۔البقرۃ۲:۱۷۸۔

۲۔ قصاص میں مساوات

۲۔ آزاد بدلے آزاد کے اور غلام بدلے غلام کے اور عورت بدلے عورت کے۔

۔البقرۃ۲:۱۷۸۔

۳۔ قصاص معاف ہو تو دیت (خون بہا) لازم

۳۔ پھر جس کے لیے اس کے بھائی کی طرف سے کچھ (حصہ) معاف

Marfat.com

کر دیا جائے پس اس کا حکم خوبی سے پیروی کرنا ہے اور اس کی طرف خوبی کے ساتھ (دیت) ادا کرنا ہے۔

-البقرۃ۲:۱۷۸-

۴۔ یہ آسانی خدا کی رحمت ہے

۴۔یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے آسانی اور رحمت ہے۔

-البقرۃ۲:۱۷۸-

۵۔ دیت قبول کرنے کے بعد تعدّی کرنے والے کو عذابِ الیم

۵۔پھر جس نے اس کے بعد زیادتی کی اس کے لیے دردناک عذاب ہے۔

-البقرۃ۲:۱۷۸-

۶۔ قصاص میں لوگوں کی زندگی ہے

۶۔اور اے عقل مندو! قصاص میں تمہارے لیے زندگی ہے تاکہ تم (قتل سے) ڈرو۔

-البقرۃ۲:۱۷۹-

۷۔ غلطی سے قتل ہو تو دیت اور مسلمان غلام آزاد کرنا

۷۔اور کسی مسلمان کو سزاوار نہیں ہے کہ کسی مسلمان کو مار ڈالے مگر غلطی سے۔ اور جو کسی مسلمان کو غلطی سے مار ڈالے تو اس پر ایک مسلمان گردن کا آزاد کرنا ہے اور دیت ہے جو اس کے وارثوں کو دی جائے مگر یہ کہ وہ معاف کر دیں۔ پھر اگر مقتول تمہارے دشمنوں میں سے ہو اور وہ ہو مسلمان تو ایک مسلمان گردن کا آزاد کرنا ہے اور اگر ان لوگوں میں سے ہو جن کے درمیان تمہارے عہد و پیمان ہے تو دیت ہے جو اس کے وارثوں کو دی جائے اور ایک مسلمان گردن کا آزاد کرنا۔

-النساء۴:۹۲-

۸۔ جسے مسلمان غلام دستیاب نہ ہو تو لگاتار دو مہینے کے روزے رکھے

۸۔پھر جو کوئی (مسلمان گردن یعنی بردہ) نہ پائے تو اس پر لگاتار دو مہینے کے روزے ہیں اور کفارہ اللہ کی جناب میں، توبہ قبول ہونے کے لیے ہے اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

-النساء۴:۹۲-

۹۔ توریت میں قصاص فرض تھا

۹۔اور ہم نے اُن پر اس میں لکھ دیا کہ جان کے بدلے جان اور آنکھ کے بدلے آنکھ اور ناک کے بدلے ناک اور کان کے بدلے کان اور دانت کے دانت اور سب زخم ادلے کا بدلہ۔ پھر جس نے اس کو معاف کر دیا تو وہ اس کے لیے کفارہ ہے اور جس نے اس کے مطابق فیصلہ نہ کیا جو اللہ نے اُتارا ہے تو وہی لوگ ظالم ہیں۔

-المائدۃ۵:۴۵-

بِاِحْسَانٍ ؕ

۴۔ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ؕ

۵۔فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۸﴾

۶۔وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ يّٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۹﴾

۷۔وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا ۚ وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَـًٔا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰۤى اَهْلِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ يَّصَّدَّقُوْا ؕ فَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ؕ وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰۤى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۚ

۸۔فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ ۙ تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۹۲﴾

۹۔وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَاۤ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ ۙ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ؕ فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ ؕ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۵﴾

Marfat.com

۱۰۔ مقتول کے اولیا قصاص لینے میں زیادتی نہ کریں

۱۰۔اور جو شخص ظلم سے مارا جائے تو ہم نے اس کے وارث کو غلبہ دیا ہے تو اس کو چاہیے کہ وہ قتل میں زیادتی نہ کرے، اُس کی مدد (کافی) کی گئی ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۳۳۔

۱۱۔یہ تو حکم ہو چکا اور جس نے اتنی ہی تکلیف پہنچائی کہ جتنی اُس کو پہنچائی گئی تھی پھر اِس پر زیادتی کی گئی تو اللہ ضرور اس کی مدد کرے گا۔ بے شک اللہ معاف کرنے والا، بخشنے والا ہے۔

-الحج ۲۲: ۶۰۔

۱۰۔ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ فِّي الْقَتْلِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا ﴿۳۳﴾

۱۱۔ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ﴿۶۰﴾

۱۔ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ

۲۔ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ

۳۔ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ فِّي الْقَتْلِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا ﴿۳۳﴾

۴۔ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ ۚ

۵۔ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ؕ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ؕ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ﴿۳۱﴾

۶۔ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْٓا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ

۷۔ وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ﴿۸﴾ بِاَيِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ ﴿۹﴾

الکبائر

گناہِ کبیرہ

۱۔ قتل

۱۔ قتل کی ممانعت

۱۔اور اپنی جانوں کو قتل نہ کرو۔

-النساء ۴: ۲۹۔

۲۔اور جان کو جسے اللہ نے محترم کیا ہے ناحق قتل نہ کرو۔

-الانعام ۶: ۱۵۱۔

۳۔اور جان کو جسے اللہ نے محترم کیا ہے ناحق قتل نہ کرو۔ اور جو کوئی ناحق قتل کیا جائے تو ہم نے اس کے وارث کو غلبہ دیا ہے سو اس کو چاہیے کہ قتل میں (یعنی بدلہ لینے میں) زیادتی نہ کرے۔ بے شک وہ مدد کیا گیا ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۳۳۔

۲۔ قتل اولاد کی ممانعت

۴۔اور محتاجی کے خوف سے اپنی اولاد کو قتل نہ کرو ہم تم کو بھی روزی دیتے ہیں اور ان کو بھی۔

-الانعام ۶۔ ۱۵۱۔

۵۔اور اپنی اولاد کو محتاجی کے خوف سے قتل نہ کرو ہم ان کو بھی روزی دیتے ہیں اور تم کو بھی۔ بے شک ان کا قتل کرنا بڑا بھاری گناہ ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۳۱۔

۳۔ اولاد کے قاتل ٹوٹے میں

۶۔ بے شک وہ لوگ گھاٹے میں پڑ گئے جنہوں نے نا سمجھی سے، بغیر علم کے اپنی اولاد کو قتل کیا۔

-الانعام ۶: ۱۴۰۔

۴۔ قیامت کو دختر کشی کی بابت باز پرس

۷۔اور (وہ وقت یاد کرو) جب اس لڑکی سے جو زندہ دفن کی گئی پوچھا جائے گا کہ وہ کس جرم میں قتل کی گئی۔

-التکویر ۸۱: ۸۔۹۔

Marfat.com

۵۔ قتلِ عمد کی سزا ہمیشہ کو دوزخ اور اللہ کا غضب اور لعنت اور بڑا عذاب

۸۔ اور جو کسی مسلمان کو جان بوجھ کر قتل کرے گا اس کی سزا دوزخ ہے۔ وہ ہمیشہ اُسی میں رہے گا اور اللہ کا اس پر غضب ہوگا اور اس کی لعنت اور اللہ نے اس کے لیے بڑا بھاری عذاب تیار کیا ہے۔

۔النساء ۴:۹۲۔

۶۔ قاتل کو دوہرا عذاب

۹۔ اور وہ جو اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو نہیں پکارتے اور جس جاندار کو مار ڈالنا اللہ نے حرام کیا ہے اس کو قتل نہیں کرتے مگر جائز طریق (یعنی شریعت کے حکم) سے اور بدکاری نہیں کرتے۔ اور جو یہ کام کرے گا سخت گناہ میں مبتلا ہوگا۔ قیامت کے دن اس کو دونا عذاب ہوگا اور ذلت وخواری سے ہمیشہ اس میں رہے گا۔

۔الفرقان۔۲۵:۶۸۔۶۹۔

۷۔ قتل کی دنیوی سزائیں

۱۰۔ اور کسی مومن کو شایاں نہیں کہ مومن کو مار ڈالے مگر بھول کر۔ اور جو بھول کر بھی مومن کو مار ڈالے تو (ایک تو) ایک مسلمان غلام آزاد کر دے اور (دوسرے) مقتول کے وارثوں کو خون بہا دے۔ ہاں اگر وہ معاف کر دیں (تو ان کو اختیار ہے)۔ اگر مقتول تمہارے دشمنوں کی جماعت میں سے ہو اور وہ خود مومن ہو تو صرف ایک مسلمان غلام آزاد کرنا چاہیے اور اگر مقتول ایسے لوگوں میں سے ہو جن میں اور تم میں صلح کا عہد ہو تو وارثانِ مقتول کو خون بہا دینا اور ایک مسلمان غلام آزاد کرنا چاہیے اور جس کو یہ میسر نہ ہو وہ متواتر دو مہینے کے روزے رکھے۔ یہ (کفارہ) اللہ کی طرف سے (قبولِ) توبہ (کے

۸۔ وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خٰلِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا ﴿۹۳﴾

۹۔ وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ﴿۶۸﴾ يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ﴿۶۹﴾

۱۰۔ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا ۚ وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَـًٔا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّصَّدَّقُوْا ؕ فَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ؕ وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ ۙ تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۹۲﴾

۱۔ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا ﴿۳۲﴾

۲۔ وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ﴿۶۳﴾ ..... وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ

لیے) ہے۔ اور خدا سب کچھ جانتا (اور) بڑی حکمت والا ہے۔

۔النساء ۴:۹۲۔

ب۔ زِنا

۸۔ زنا کی ممانعت

۱۔ اور زنا کے قریب بھی نہ جاؤ۔ بے شک وہ بے حیائی ہے اور بری راہ۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۳۲۔

۲۔ اللہ کے بندے وہ ہیں جو زنا نہیں کرتے اور زنا کاروں کو قیامت کو دوہرا عذاب ہوگا

۲۔ اور اللہ کے بندے وہ ہیں جو زمین پر دھیمے چلتے ہیں اور جب جاہل ان سے کلام کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ سلام ..... اور وہ جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو نہیں پکارتے اور اس جان کو جس کا اللہ نے احترام کیا ہے ناحق قتل نہیں کرتے اور زنا نہیں کرتے اور جو ایسا کرے

Marfat.com

النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا یَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ یَّفْعَلْ ذٰلِكَ یَلْقَ اَثَامًا ﴿۶۸﴾ یُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَیَخْلُدْ فِیْهٖ مُهَانًا ﴿۶۹﴾

۳۔ یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ یُبَایِعْنَكَ عَلٰۤی اَنْ لَّا یُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَیْـًٔا وَّلَا یَسْرِقْنَ وَلَا یَزْنِیْنَ وَلَا یَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا یَاْتِیْنَ بِبُهْتَانٍ یَّفْتَرِیْنَهٗ بَیْنَ اَیْدِیْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا یَعْصِیْنَكَ فِیْ مَعْرُوْفٍ فَبَایِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۲﴾

۱۔ وَالّٰتِیْ یَاْتِیْنَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَیْهِنَّ اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِی الْبُیُوْتِ حَتّٰی یَتَوَفّٰىهُنَّ الْمَوْتُ اَوْ یَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِیْلًا ﴿۱۵﴾

۲۔ وَالَّذٰنِ یَاْتِیٰنِهَا مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا ۚ فَاِنْ تَابَا وَاَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ تَوَّابًا رَّحِیْمًا ﴿۱۶﴾

۳۔ اَلزَّانِیَةُ وَالزَّانِیْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۖ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَلْیَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۷﴾

گا وہ گناہ (کی سزا) سے ملے گا قیامت کے دن اسے دہرا عذاب دیا جائے گا اور وہ ہمیشہ اسی میں ذلیل پڑا رہے گا۔

-الفرقان ۲۵: ۶۸،۶۳-۶۹-

۳۔ پیغمبر صاحب کو عورتوں سے زنا اور دیگر گناہوں کے ترک پر بیعت لینے کا حکم

۳-اے نبی جب تیرے پاس مسلمان عورتیں اس لیے آئیں کہ وہ تجھ سے اس بات پر بیعت کریں کہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں کریں گی اور چوری نہیں کریں گی اور زنا نہیں کریں گی اور اپنی اولاد کو قتل نہیں کریں گی اور بہتان کی بات جسے وہ اپنے ہاتھوں اور پیروں کے درمیان سے اُٹھا کھڑا کر نہیں، لائیں گی اور اچھی بات میں تیری نافرمانی نہیں کریں گی تو اُن سے بیعت لے اور اللہ سے ان کے لیے مغفرت مانگ۔ بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

-الممتحنة ۶۰: ۱۲-

۴۔ زنا کی دنیوی سزا

دیکھو بیان حدود

حدِّ زِنا

۱۔ عورتیں فواحش کی مرتکب ہوں تو گواہی کے بعد انہیں مرتے دم تک گھروں میں بند رکھو

۱-اور تمہاری عورتوں میں سے جو عورتیں بے حیائی کے کام لاتی ہیں تو ان پر اپنے درمیان سے چار گواہ کر لو۔ پس اگر وہ شہادت دیں تو ان عورتوں کو گھروں میں بند کر رکھو یہاں تک کہ ان کو موت آ جائے یا اللہ ان کے لیے کوئی اور راہ نکال دے۔

-النساء ۴: ۱۵-

۲۔ اگر مرد ایسا کریں تو انہیں سزا دو

۲-اور جو دو شخص تم مردوں میں سے یہ کام لائیں تو ان کو تکلیف پہنچاؤ پھر اگر وہ دونوں توبہ کر لیں اور درست ہو جائیں تو ان سے درگزر کرو۔ بے شک اللہ توبہ قبول کرنے والا، مہربان ہے۔

-النساء ۴: ۱۶-

۳۔ زنا کی سزا سو درّے ہیں

۳-زنا کار عورت اور زنا کار مرد، ان میں سے ہر ایک کے سو سو کوڑے لگاؤ اور اللہ کے دین کے مقابلے میں تم کو ان پر شفقت نہ آئے اگر تم اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہو اور ان کی سزا کے وقت مومنوں کی ایک جماعت موجود ہونی چاہیے۔

-النور ۲۴: ۲-

Marfat.com

۳۔ زانی وزانیہ کا نکاح زانی یا مشرک ہی کے ساتھ ہو

۴۔ اَلزَّانِیْ لَا یَنْکِحُ اِلَّا زَانِیَۃً اَوْ مُشْرِکَۃً ۫ وَّالزَّانِیَۃُ لَا یَنْکِحُھَآ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِکٌ ۚ وَحُرِّمَ ذٰلِکَ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ ۝

۴۔زانی سوائے زانیہ یا مشرکہ کے اور کسی سے نکاح نہیں کرتا اور زانیہ سے سوائے زانی یا مشرک کے اور کوئی نکاح نہیں کرتا اور مومنوں پر تو یہ حرام کیا گیا ہے۔

۔النور ۲۴:۳۔

۴۔ لونڈیوں کو فواحش کی سزا بیبیوں سے آدھی

۵۔ فَاِذَآ اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَیْنَ بِفَاحِشَۃٍ فَعَلَیْھِنَّ نِصْفُ مَا عَلَی الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ ؕ

۵۔پھر جب وہ (لونڈیاں) نکاح میں آ جائیں اگر بدکاری کریں تو ان پر اس سے آدھی سزا ہے جو آزاد عورتوں کے لیے ہے۔

۔النساء ۴:۲۵۔

ج۔ لُوٹ مار۔ ڈکیتی

۱۔ محاربین کی سزا

۱۔ اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِیْنَ یُحَارِبُوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ وَیَسْعَوْنَ فِی الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ یُّقَتَّلُوْٓا اَوْ یُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَیْدِیْھِمْ وَاَرْجُلُھُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ یُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ؕ ذٰلِکَ لَھُمْ خِزْیٌ فِی الدُّنْیَا وَلَھُمْ فِی الْاٰخِرَۃِ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ۝ۙ

۱۔ان لوگوں کی سزا جو اللہ اور اس کے رسول سے لڑتے ہیں اور زمین میں فساد پھیلانے کے لیے دوڑے دوڑے پھرتے ہیں، بس یہی ہے کہ وہ قتل کر دیے جائیں یا سولی دیے جائیں یا ان کے ہاتھ اور پاؤں اُلٹے سیدھے کاٹ دیے جائیں (دہنا ہاتھ اور بایاں پاؤں) یا اس ملک سے نکال دیے جائیں۔ یہ ذلت ان کے لیے دنیا کی (زندگی) میں ہے اور آخرت میں ان کے لیے بڑا عذاب ہے۔

۔المائدۃ ۵:۳۳۔

۲۔ محاربین توبہ کر چکے تو سزا معاف

۲۔ اِلَّا الَّذِیْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَقْدِرُوْا عَلَیْھِمْ ۚ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝

۲۔مگر جو اس سے پہلے ہی کہ تم ان پر قابو پاؤ توبہ کر لیں تو جان لو کہ اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔المائدۃ ۵:۳۴۔

د۔ چوری کی سزا

۱۔ چور کے ہاتھ کاٹو

۱۔ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَۃُ فَاقْطَعُوْٓا اَیْدِیَھُمَا جَزَآءًۢ بِمَا کَسَبَا نَکَالًا مِّنَ اللّٰہِ ؕ وَاللّٰہُ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ۝

۱۔اور چور مرد اور چور عورت تم ان دونوں کے ہاتھ کاٹ لو بدلہ اس کا جو انہوں نے کیا ہے۔ سزا ہے اللہ کی طرف سے اور اللہ غالب ہے، حکمت والا ہے۔

۔المائدۃ ۵:۳۸۔

۲۔ توبہ سے سزا معاف

۲۔ فَمَنْ تَابَ مِنْ بَعْدِ ظُلْمِہٖ وَاَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰہَ یَتُوْبُ عَلَیْہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ

۲۔پھر جس نے اپنے ظلم کے بعد توبہ کر لی اور اصلاح پر آ گیا تو بے

Marfat.com

شک اللہ اس کی توبہ قبول کرے گا۔ بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

-المائدۃ ۵: ۳۹۔

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۳۹

۱- اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝۱۹

۲- اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۠ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝۲۳ ۙ

۳- وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ۝۵۸

۴- وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاۗءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝۴ ۙ

۵- اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۚ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۵

۱- وَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ ۚ

۲- فَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَاۗءَهُمْ

کوڑے لگاؤ اور کبھی اُن کی گواہی قبول نہ کرو اور وہی بدکار ہیں۔

-النور ۲۴: ۴۔

۵۔ قذف

۱۔ مومنوں کو بدنام کرنے کا عذاب

۱۔ جو لوگ یہ چاہتے ہیں کہ ان لوگوں کی نسبت بے حیائی کی بات مشہور ہو جو ایمان لائے ہیں، ان کے لیے دردناک عذاب ہے، دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔

-النور ۲۴: ۱۹۔

۲۔ بے خبر، پاک دامن مومنات پر تہمت لگانے والوں پر لعنت اور عذابِ عظیم

۲۔ بے شک جو لوگ ایمان دار، بے خبر، پاک دامن عورتوں کو متہم کرتے ہیں وہ دنیا اور آخرت میں ملعون ہیں اور ان کے لیے بڑا عذاب ہے۔

-النور ۲۴: ۲۳۔

۳۔ تہمت لگانا کھلے گناہ کا بوجھ اٹھانا ہے

۳۔ اور جو لوگ مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو بغیر اس کے کہ انہوں نے (گناہ) کمایا ہو، ایذا پہنچاتے ہیں انہوں نے بے شک بہتان اور کھلے گناہ کا بوجھ اُٹھایا۔

-الاحزاب ۳۳: ۵۸۔

۴۔ پاک دامن عورتوں پر بہتان لگانے کی سزا اسی کوڑے اور عدمِ قبولِ شہادت

۴۔ اور جو لوگ پاک دامن عورتوں کو تہمت لگائیں پھر (اس پر) چار گواہ نہ لائیں تو تم ان کے اسی

۵۔ بہتان لگانے کی سزا توبہ کے بعد معاف ہے

۵۔ مگر جنہوں نے اس کے بعد توبہ کر لی اور اصلاح پر آ گئے تو بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

-النور ۲۴: ۵۔

۶۔ ماپ تول میں کمی

۱۔ پورا ماپنے اور تولنے کا حکم

۱۔ اور انصاف کے ساتھ ماپ اور تول کو پورا رکھو۔

-الانعام ۶: ۱۵۲۔

۲۔ سو ماپ اور تول کو پورا رکھو اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ دو۔

-الاعراف ۷: ۸۵۔

Marfat.com

۳۔ وَاِلٰی مَدْیَنَ اَخَاهُمْ شُعَیْبًا ؕ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْیَالَ وَالْمِیْزَانَ اِنِّیْۤ اَرٰىكُمْ بِخَیْرٍ وَّاِنِّیْۤ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ مُّحِیْطٍ ﴿۸۴﴾ وَیٰقَوْمِ اَوْفُوا الْمِكْیَالَ وَالْمِیْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْیَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ ﴿۸۵﴾

۳۔اور ہم نے مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب کو بھیجا اس نے کہا کہ بھائیو اللہ کی عبادت کرو، تمہارے لیے اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور پیمانہ اور ترازو میں کمی نہ کرو۔ میں تمہیں اچھی حالت میں دیکھتا ہوں اور میں تم پر چھا جانے والے دن کے عذاب کا اندیشہ کرتا ہوں اور بھائیو! ماپ اور ترازو کو انصاف کے ساتھ پورا رکھو اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ دو اور زمین میں فساد پھیلاتے نہ پھرو۔

-ھود ۱۱: ۸۴-۸۵

۲۔ صحیح ترازو سے تولو

۴۔ وَاَوْفُوا الْكَیْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِیْمِ ؕ ذٰلِكَ خَیْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِیْلًا ﴿۳۵﴾

۴۔اور جب تم ناپو تو پورا ناپو اور سیدھی ترازو سے تولو۔ یہ بہتر اور انجام کے لحاظ سے اچھا ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۳۵-

۵۔ اَوْفُوا الْكَیْلَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُخْسِرِیْنَ ﴿۱۸۱﴾

۵۔پیمانہ پورا رکھو اور کم دینے والوں میں نہ ہو۔

-الشعراء ۲۶: ۱۸۱-

۶۔ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِیْمِ ﴿۱۸۲﴾

۶۔اور سیدھی ترازو سے تولو۔

-الشعراء ۲۶: ۱۸۲-

۷۔ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْیَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ ﴿۱۸۳﴾

۷۔اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ دو اور زمین میں فساد پھیلاتے نہ پھرو۔

-الشعراء ۲۶: ۱۸۳-

۸۔ اَلَّا تَطْغَوْا فِی الْمِیْزَانِ ﴿۸﴾ وَاَقِیْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِیْزَانَ ﴿۹﴾

۸۔غرض یہ ہے کہ تم ترازو میں حد سے تجاوز نہ کرو۔ اور تول انصاف کے ساتھ قائم رکھو اور ترازو میں کمی نہ کرو۔

-الرحمٰن ۵۵: ۸-۹-

۹۔ لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَیِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِیْزَانَ لِیَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ

۹۔ہم نے اپنے رسول کھلی دلیلیں دے کر بھیجے اور ان کے ساتھ کتاب اور ترازو اتاری تاکہ لوگ انصاف پر قائم رہیں۔

-الحدید ۵۷: ۲۵-

۳۔ کم ماپنے اور تولنے والوں کو ویل

۱۷۔ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ وَاتَّقُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ اَنْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اُنْزِلَ الْكِتٰبُ عَلٰي طَاۗىِٕفَتَيْنِ مِنْ قَبْلِنَا ۠ وَاِنْ كُنَّا عَنْ دِرَاسَتِهِمْ لَغٰفِلِيْنَ ۝ اَوْ تَقُوْلُوْا لَوْ اَنَّآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْكِتٰبُ لَكُنَّآ اَهْدٰى مِنْهُمْ ۚ فَقَدْ جَاۗءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَصَدَفَ عَنْهَا ۭ سَنَجْزِي الَّذِيْنَ يَصْدِفُوْنَ عَنْ اٰيٰتِنَا

۳۔ قرآن حجت پورا کرنے کے لیے نازل ہوا

۱۷۔ اور یہ ایک مبارک کتاب ہے جو ہم نے اتاری ہے تو تم اسی پر چلو اور (اللہ سے) ڈرو تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔ مبادا تم کہنے لگو کہ کتاب تو ہم سے پہلے (یہود و نصاریٰ) دو ہی فرقوں پر اتاری گئی تھی اور ہم تو ان کے پڑھنے (پڑھانے) سے بے خبر تھے۔ یا کہنے لگو کہ اگر ہم پر کتاب اتاری جاتی تو ہم ان سے بڑھ کر ہدایت پر ہوتے۔ سو تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے کھلی دلیل اور ہدایت اور رحمت آ چکی۔ سو اُس سے بڑھ کر ظالم کون جس نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا اور اُن سے مونہہ پھیرا؟ ہم عنقریب ہی اُن لوگوں کو جو ہماری آیتوں سے مونہہ پھیرتے ہیں برے عذاب کی سزا دیں گے۔ بدلہ اس بات کا کہ وہ مونہہ پھیرتے ہیں۔ کیا وہ اسی بات کے منتظر ہیں کہ ان پر فرشتے آئیں یا تیرا پروردگار آئے یا

سُوْٓءَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ ﴿۵۷﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ يَاْتِيَ رَبُّكَ اَوْ يَاْتِيَ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ ؕ يَوْمَ يَاْتِيْ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ فِيْٓ اِيْمَانِهَا خَيْرًا ؕ قُلِ انْتَظِرُوْٓا اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۵۸﴾

۱۸۔ اِنَّ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَ كَانُوْا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِيْ شَيْءٍ ؕ اِنَّمَآ اَمْرُهُمْ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۵۹﴾

۱۹۔ وَ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۙ وَ هُدًى وَّ رَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۶۴﴾

۲۰۔ الٓرٰ ۟ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ﴿۱﴾ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَ وَيْلٌ لِّلْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ شَدِيْدِ ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ وَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ يَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۳﴾

۲۱۔ وَ اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ وَ لَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍۢ بِهٖ ۪

۲۲۔ وَ لَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ ۙ

تیرے پروردگار کی کوئی خاص نشانی آئے؟ جس دن تیرے پروردگار کی خاص نشانی آئے گی کسی جان کو اس کا ایمان لانا جو پہلے سے ایمان نہیں لائی تھی یا اُس نے اپنے ایمان میں نیکی نہیں کمائی تھی نفع نہیں دے گا۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تم انتظار کرو ہم بھی انتظار کر رہے ہیں۔

-الانعام۶: ۱۵۵-۱۵۸-

۱۸۔ بے شک وہ لوگ جنہوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا اور کئی فریق بن گئے، تجھے اُن سے کچھ لگاؤ نہیں۔ ان کا معاملہ تو بس اللہ ہی کے سپرد ہے۔ پھر وہ انہیں بتلا دے گا جو (کام) وہ کیا کرتے تھے۔

-الانعام۶: ۱۵۹-

۴۔ قرآن اختلاف دور کرنے کے لیے نازل ہوا

۱۹۔ اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے تجھ پر یہ کتاب محض اس لیے اتاری ہے کہ تو اُن سے وہ باتیں بیان کر دے جن میں انہوں نے اختلاف کر رکھا ہے اور (وہ) ایمان دار لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

-النحل۱۶: ۶۴-

۵۔ قرآن لوگوں کو اندھیرے سے روشنی میں لاتا ہے

۲۰۔ یہ ایک کتاب ہے جو ہم نے تیری طرف اس لیے اتاری ہے کہ تو لوگوں کو تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں لائے (یعنی) اُن کے پروردگار کے حکم سے غالب، قابل تعریف کی راہ پر۔ وہ اللہ جس کے لیے وہ سب کچھ ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے اور خرابی ہے کافروں کے لیے ایک سخت عذاب سے۔ جو (کافر) آخرت پر دنیا کی زندگی کو پسند کرتے اور (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکتے اور اس میں کجی ڈھونڈتے ہیں۔ وہی پرلے درجے کی گمراہی میں ہیں۔

-ابراھیم۱۴: ۱-۳

۶۔ قرآن اگلی کتابوں کی تصدیق کرتا ہے

۲۱۔ اور اس پر ایمان لاؤ جو میں نے اتارا ہے وہ اس کی تصدیق کرتا ہے جو تمہارے پاس ہے اور سب سے پہلے اس کے منکر تم ہی نہ ہو۔

-البقرۃ۲: ۴۱-

۲۲۔ اور جب اُن کے پاس اللہ کے پاس سے کتاب آئی جو اُس (کتاب) کی تصدیق کرنے والی ہے جو اُن کے پاس ہے۔

-البقرۃ۲: ۸۹-

۲۳-وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَيَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَآءَهٗ ۗ وَهُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ؕ

۲۴-قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ

۲۵-وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ

۲۶-نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ

۲۷-وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ

۲۸-يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ

۲۹-وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ الْحَقِّ ؕ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ؕ

۳۰-وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ

۳۱-وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

۲۳-اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ اُس پر جو اللہ نے اتارا ہے ایمان لاؤ تو وہ کہتے ہیں کہ ہم تو اسی پر ایمان لاتے ہیں جو ہم پر اُتارا گیا ہے اور وہ اس کے سوا کا انکار کرتے ہیں حالانکہ وہ حق ہے، اُس (کتاب) کی تصدیق کرتا ہے جو اُن کے پاس ہے۔

-البقرۃ ۲: ۹۱-

۲۴-(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ جو شخص جبریل کا دشمن ہے (ہوا کرے) اُس نے تو اس (قرآن) کو اللہ کے حکم سے تیرے دل پر اتارا ہے جو اُس (کتاب) کی تصدیق کرتا ہے جو اُس سے پہلے ہے۔

-البقرۃ ۲: ۹۷-

۲۵-اور جب اُن کے پاس اللہ کی طرف سے رسول آیا جو اُس (کتاب) کی تصدیق کرتا ہے جو اُن کے پاس ہے

-البقرۃ ۲: ۱۰۱-

۲۶-دینِ حق کے ساتھ کتاب اتاری جو اس (کتاب) کی تصدیق کرتی ہے جو اس سے پہلے ہے۔

-آل عمران ۳: ۳-

۲۷-اور (اے نبی ﷺ! وہ وقت یاد کر) جب اللہ نے نبیوں سے عہد لیا کہ جب میں تمہیں کتاب اور حکمت دوں پھر تمہارے پاس وہ رسول آئے جو تمہارے پاس کی کتابوں کی تصدیق کرنے والا ہے تو تم ضرور اس پر ایمان لانا اور ضرور اس کی مدد کرنا۔

-آل عمران ۳: ۸۱-

۲۸-اے اہل کتاب! اُس (قرآن) پر ایمان لاؤ جو ہم نے اتارا ہے وہ اس کتاب کی تصدیق کرتا ہے جو تمہارے پاس ہے۔

-النساء ۴: ۴۷-

۲۹-اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے تیری طرف دینِ حق کے ساتھ کتاب اُتاری جو اُس کتاب کی جو اس سے پہلے ہے تصدیق کرتی ہے اور اُس پر نگہبان ہے تو (اے نبی ﷺ!) تو اُس کے مطابق فیصلہ کر جو اللہ نے اُتارا ہے اور اُس حق سے علیحدہ ہو کر جو تیرے پاس آیا ہے اُن کی خواہشوں پر نہ چل۔ ہم نے تم میں سے ہر ایک کے لیے ایک گھاٹ اور رستہ مقرر کر دیا ہے۔

-المائدۃ ۵: ۴۸-

۳۰-اور یہ (قرآن) ایک مبارک کتاب ہے جسے ہم نے اتارا ہے۔ اُس (کتاب) کی تصدیق کرتی ہے جو اس سے پہلے ہے۔

-الانعام ۶: ۹۲-

۳۱-اور یہ قران وہ نہیں ہے کہ غیر اللہ کی طرف سے گھڑ لیا گیا ہو لیکن اُس (کتاب) کی تصدیق ہے جو اس سے پہلے ہے اور کتاب (تورات) کی تفصیل ہے پروردگار کی طرف سے۔ اس (کے ہونے) میں شک نہیں۔

-یونس ۱۰: ۳۷-

Marfat.com

۳۲۔ لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ؕ مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

۳۲۔ بے شک ان کے قصوں میں عقل مندوں کے لیے عبرت ہے۔ یہ گھڑی ہوئی بات نہیں ہے لیکن اس (کتاب) کی تصدیق ہے جو اس سے پہلے ہے اور ہر شے کی تفصیل ہے۔ اور ایمان دار لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

۔یوسف ۱۲: ۱۱۱۔

۳۳۔ وَالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ؕ

۳۳۔ اور (اے نبی ﷺ!) جو کتاب ہم نے تیری طرف وحی کی ہے وہ حق ہے اُس (کتاب) کی تصدیق کرتی ہے جو اس سے پہلے ہے۔

۔فاطر ۳۵: ۳۱۔

۳۴۔ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ؕ وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲﴾

۳۴۔ اور اس (قرآن) سے پہلے موسیٰ کی کتاب ہے جو لوگوں کے لیے امام اور رحمت ہے اور یہ ایک کتاب ہے جو تصدیق کرنے والی ہے، عربی زبان میں تاکہ اُن لوگوں کو ڈرائے جنہوں نے ظلم کیا ہے۔ اور نیکوکاروں کے لیے بشارت ہے۔

۔الاحقاف ۴۶: ۱۲۔

۳۵۔ قَالُوْا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۳۰﴾

۳۵۔ (جنوں نے) کہا بھائیو! ہم نے ایک کتاب سُنی جو موسیٰ کے بعد اتاری گئی ہے۔ وہ اس (کتاب) کی تصدیق کرتی ہے جو اس سے پہلے ہے۔ وہ حق کی طرف اور سیدھی راہ کی طرف لگاتی ہے۔

۔الاحقاف ۴۶: ۳۰۔

۱۔ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿۴﴾ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵﴾

۲۔ قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۹۷﴾

پرہیز گاروں کے لیے ہدایت ہے جو بن دیکھے ایمان لاتے ہیں اور نماز کو قائم کور کھتے ہیں اور جو (مال) ہم نے انہیں دیا ہے اس میں سے (اللہ کی راہ) خرچ کرتے ہیں اور جو اس کتاب پر ایمان لاتے ہیں جو تجھ پر اتاری گئی ہے اور (نیز) اس پر جو تجھ سے پہلے اتاری گئی ہے اور وہ آخرت پر بھی یقین رکھتے ہیں۔ یہی لوگ اپنے پروردگار کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور یہی (آخرت میں) فلاح پانے والے ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۲۔۵۔

۲۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ جو شخص جبریل کا دشمن ہے تو (ہوا کرے) اس نے تو یہ (قرآن) اللہ کے حکم سے تیرے پر دل پر اتارا ہے جو اس کی تصدیق کرتا ہے جو اس سے پہلے ہے اور مومنوں کے لیے ہدایت اور بشارت ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۹۷۔

اوصافِ قرآن

۱۔ قرآن ہدایت ہے

۱۔ یہ کتاب ہے اس میں شک (کی گنجائش) نہیں ہے

Marfat.com

۳۔ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْٓ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًی لِّلنَّاسِ وَ بَیِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰی وَالْفُرْقَانِ ۚ

۴۔ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَیِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًی وَّرَحْمَةٌ ۚ

۵۔ وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰی عِلْمٍ هُدًی وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾

۶۔ قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ مَا یُوْحٰٓی اِلَیَّ مِنْ رَّبِّیْ ۚ هٰذَا بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًی وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰﴾

۷۔ یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًی وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۵۷﴾ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَ بِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْیَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَیْرٌ مِّمَّا یَجْمَعُوْنَ ﴿۵۸﴾

۸۔ وَّهُدًی وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

۹۔ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَیْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَیِّنَ لَهُمُ الَّذِی اخْتَلَفُوْا فِیْهِ ۙ وَ هُدًی وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ﴿۶۴﴾

۱۰۔ وَنَزَّلْنَا عَلَیْكَ الْكِتٰبَ تِبْیَانًا لِّكُلِّ شَیْءٍ وَّهُدًی وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰی لِلْمُسْلِمِیْنَ ﴿۸۹﴾

۱۱۔ قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِیُثَبِّتَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ هُدًی وَّبُشْرٰی لِلْمُسْلِمِیْنَ ﴿۱۰۲﴾

۳۔ رمضان کا مہینہ ہے جس میں قرآن اتارا گیا ہے وہ لوگوں کے لیے ہدایت ہے۔ اور (اُس میں) ہدایت اور حق و باطل میں فرق کرنے والی کھلی نشانیاں ہیں۔

۔البقرۃ ۲:۱۸۵۔

۴۔ سو کچھ شک نہیں کہ تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے کھلی دلیل اور ہدایت اور رحمت آ چکی ہے۔

۔الانعام ۶:۱۵۷۔

۵۔ اور کچھ شک نہیں کہ ہم اُن کے پاس ایسی کتاب لائے ہیں جس کو ہم نے علم کے ساتھ ایمان دار لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت بنا کر مفصل بیان کیا ہے۔

۔الاعراف ۷:۵۲۔

۶۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں تو بس اسی پر چلتا ہوں جو میرے پروردگار کی طرف سے مجھ پر وحی کیا گیا ہے۔ یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے سوجھ کی باتیں ہیں اور ایمان دار لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت۔

۔الاعراف ۷:۲۰۳۔

۷۔ لوگو! کچھ شک نہیں کہ تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے نصیحت اور اُن (مرضوں) کی جو سینوں میں ہیں، شفا آ چکی ہے اور ایمان داروں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ (یہ قرآن) اللہ کے فضل اور اُس کی رحمت سے ہے تو اس سے انہیں خوش ہونا چاہیے۔ وہ اُس (مال) سے بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں۔

۔یونس ۱۰:۵۷۔۵۸

۸۔ اور ایمان داروں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

۔یوسف ۱۲:۱۱۱۔

۹۔ اور ہم نے تیری طرف یہ کتاب محض اس لیے اتاری ہے کہ تو اُن سے وہ باتیں بیان کرے جن میں وہ اختلاف کر رہے ہیں اور یہ (کتاب) ایمان دار لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

۔النحل ۱۶:۶۴۔

۱۰۔ اور ہم نے تجھ پر یہ کتاب اتاری جو ہر چیز کو کھول کر بیان کرنے والی (اور مسلمانوں کے لیے) ہدایت اور رحمت اور بشارت ہے۔

۔النحل ۱۶:۸۹۔

۱۱۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اس کو تیرے پروردگار کی طرف سے روح القدس نے اتارا ہے کہ اُنہیں ثابت قدم رکھے جو ایمان لائے ہیں اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور بشارت ہے۔

۔النحل ۱۶:۱۰۲۔

Marfat.com

۱۲۔ بے شک یہ قرآن اُس راہ پر لگاتا ہے جو بہت ہی سیدھی ہے اور اُن ایمان داروں کو جو نیک عمل کرتے ہیں بشارت دیتا ہے کہ اُن کے لیے بڑا ثواب ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۹۔

۱۳۔ ہدایت اور بشارت ہے ایمان والوں کے لیے جو نماز کو قائم رکھتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور وہ آخرت پر بھی یقین رکھتے ہیں۔

۔النمل ۲۷: ۲۔۳۔

۱۴۔ اور بے شک وہ (قرآن) مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

۔النمل ۲۷: ۷۷۔

۱۵۔ یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیں۔ نیکوکاروں کے لیے ہدایت اور رحمت ہیں۔ وہ (نیکوکار) جو نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور وہ آخرت پر بھی یقین رکھتے ہیں۔ وہی اپنے پروردگار کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور وہی (آخرت میں) فلاح پانے والے ہیں۔

۔لقمٰن ۳۱: ۲۔۵۔

۱۶۔ اور جنہیں علم دیا گیا ہے یقین رکھتے ہیں کہ جو کچھ تیرے پروردگار کی طرف سے تیری طرف اتارا گیا ہے وہی حق ہے اور وہ غالب، قابلِ تعریف کی راہ پر لگاتا ہے۔

۔سبا ۳۴: ۶۔

۱۷۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر میں گمراہ ہوں تو میں صرف اپنے ہی نقصان کے لیے گمراہ ہوں اور اگر میں ہدایت پر ہوں تو اُس وحی کے سبب سے جو میرے پروردگار کی طرف سے مجھ پر کی جاتی ہے۔ بے شک وہ سننے والا (اور) قریب ہے۔

۔سبا ۳۴: ۵۰۔

۱۸۔ کہہ دے کہ وہ تو اُن کے لیے جو ایمان لائے ہیں ہدایت اور شفا ہے۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۴۴۔

۱۹۔ یہ لوگوں کے لیے سوجھ کی باتیں ہیں اور جو لوگ یقین رکھتے ہیں اُن کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

۔الجاثیۃ ۴۵: ۲۰۔

۲۰۔ یا (یہ نہ) کہو کہ اگر ہم پر بھی کتاب نازل ہوتی تو ہم ان لوگوں کی نسبت کہیں سیدھے رستے پر ہوتے۔ سو تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے دلیل اور ہدایت اور رحمت آ گئی ہے۔ تو اس سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جو اللہ کی آیتوں کی تکذیب کرے اور ان سے (لوگوں کو) پھیرے۔ جو لوگ ہماری آیتوں سے پھیرتے ہیں

۱۲۔ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ۙ﴿۹﴾

۱۳۔ هُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿۳﴾

۱۴۔ وَاِنَّهٗ لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۷﴾

۱۵۔ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۙ﴿۲﴾ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ۙ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿۴﴾ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵﴾

۱۶۔ وَيَرَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ وَيَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ﴿۶﴾

۱۷۔ قُلْ اِنْ ضَلَلْتُ فَاِنَّمَآ اَضِلُّ عَلٰى نَفْسِيْ ۚ وَاِنِ اهْتَدَيْتُ فَبِمَا يُوْحِيْٓ اِلَيَّ رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ قَرِيْبٌ ﴿۵۰﴾

۱۸۔ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَاۗءٌ ۭ

۱۹۔ هٰذَا بَصَاۗىِٕرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۲۰﴾

۲۰۔ اَوْ تَقُوْلُوْا لَوْ اَنَّآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْكِتٰبُ لَكُنَّآ اَهْدٰى مِنْهُمْ ۚ فَقَدْ جَاۗءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَّبَ

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَصَدَفَ عَنْهَا ؕ سَنَجْزِي الَّذِيْنَ يَصْدِفُوْنَ عَنْ اٰيٰتِنَا سُوْٓءَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ ۝

اس پھیرنے کے سبب ہم ان کو برے عذاب کی سزا دیں گے۔

۔الانعام ۶:۱۵۷۔

۲۱۔ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝

۲۱۔ لوگو تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے نصیحت اور دلوں کی بیماریوں کی شِفا اور مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت آ پہنچی ہے۔ کہہ دو کہ (یہ کتاب) اللہ کے فضل اور اس کی مہربانی سے (نازل ہوئی ہے) تو چاہیے کہ لوگ اس سے خوش ہوں۔ یہ اس سے کہیں بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں۔

یونس ۱۰:۵۷-۵۸

۲۲۔ لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ؕ مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

۲۲۔ ان کے قصے میں عقلمندوں کے لیے عبرت ہے۔ یہ (قرآن) ایسی بات نہیں ہے جو (اپنے دل سے) بنائی گئی ہو بلکہ جو (کتابیں) اس سے پہلے (نازل ہوئی) ہیں اُن کی تصدیق (کرنے والا) ہے اور ہر چیز کی تفصیل (کرنے والا) اور مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

۔یوسف ۱۲:۱۱۱۔

۲۳۔ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ۝

۲۳۔ اور (اس دن کو یاد کرو) جس دن ہم ہر امت میں سے خود ان پر گواہ کھڑے کریں گے اور (اے پیغمبر!) تم کو ان لوگوں پر گواہ لائیں گے۔ اور ہم نے تم پر (ایسی) کتاب نازل کی ہے کہ (اس میں) ہر چیز کا بیان (مفصل) ہے اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور رحمت اور بشارت ہے۔

۔النحل ۱۶:۸۹۔

۲۴۔ قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ۝

۲۴۔ کہہ دو کہ اس کو روح القدس تمہارے پروردگار کی طرف سے سچائی کے ساتھ لے کر نازل ہوئے ہیں تاکہ یہ (قرآن) مومنوں کو ثابت قدم

۲۵۔ وَاِنَّهٗ لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝

۲۵۔ اور بیشک یہ مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

۔النمل ۲۷:۷۷۔

۲۶۔ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ۝

۲۶۔ نیکوکاروں کے لیے ہدایت اور رحمت۔

۔لقمٰن ۳۱:۳۔

۲۷۔ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ

۲۷۔ اور مومن لوگ کہتے ہیں کہ (جہاد کی) کوئی سورت کیوں نازل نہیں ہوتی؟ لیکن جب کوئی صاف معنوں کی سُورت نازل ہو اور اس میں جہاد کا بیان ہو تو جن لوگوں کے دلوں میں (نفاق کا) مرض ہے تو تم ان کو دیکھو کہ تمہاری طرف اس طرح دیکھنے لگیں جس طرح کسی پر موت کی بے ہوشی (طاری) ہو رہی ہو۔ سو اُن

Marfat.com

مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيهَا الْقِتَالُ ۙ رَاَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۭ فَاَوْلٰى لَهُمْ ۝۲۰

۲۸۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاۗءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ

۲۹۔ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝۵۱

۳۰۔ قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰي قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝۹۷

۳۱۔ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰي هٰٓؤُلَاۗءِ ۭ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ۝۸۹

۳۲۔ قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ۝۱۰۲

۳۳۔ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يَّرْحَمَكُمْ ۚ وَاِنْ عُدْتُّمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا ۝۸

۳۴۔ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝۳

۳۵۔ لِيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۡ وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ۝۱۲

کے لیے خرابی ہے۔

۔محمد ۴۷: ۲۰۔

۲۔ قرآن رحمت ہے

۲۸۔ اور ہم قرآن کے ذریعہ وہ چیز اتارتے ہیں جو ایمان داروں کے لیے شفا اور رحمت ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۸۲۔

۲۹۔ بے شک اس (قرآن) میں ایمان والوں کے لیے رحمت اور نصیحت ہے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۵۱۔

۳۔ قرآن بشارت ہے

۳۰۔ کہہ دو کہ جو شخص جبرئیل کا دشمن ہو (اُس کو غصے میں مرجانا چاہیے) اس نے تو (یہ کتاب) خدا کے حکم سے تمہارے دل پر نازل کی ہے جو پہلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور ایمان والوں کے لیے ہدایت اور بشارت ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۹۷۔

۳۱۔ اور (اُس دن کو یاد کرو) جس دن ہم ہر امت میں سے خود ان پر گواہ کھڑے کریں گے اور (اے پیغمبر!) تم کو ان لوگوں پر گواہ لائیں گے۔ اور ہم نے تم پر (ایسی) کتاب نازل کی ہے کہ (اس میں) ہر چیز کا بیان (مفصل) ہے اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور رحمت اور بشارت ہے۔

۔النحل ۱۶: ۸۹۔

۳۲۔ کہہ دو کہ اس کو روح القدس تمہارے پروردگار کی طرف سے سچائی کے ساتھ لے کر نازل ہوئے ہیں تاکہ یہ (قرآن) مومنوں کو ثابت قدم رکھے اور حکم ماننے والوں کے لیے ہدایت اور بشارت ہے۔

۔النحل ۱۶: ۱۰۲۔

۳۳۔ امید ہے کہ تمہارا پروردگار تم پر رحم کرے اور اگر تم پھر وہی (حرکتیں) کرو گے تو ہم بھی وہی (پہلا سلوک) کریں گے اور ہم نے جہنم کو کافروں کے لیے قید خانہ بنا رکھا ہے۔

بنی اسرائیل ۱۷: ۸

۳۴۔ وہ جو نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے اور آخرت کا یقین رکھتے ہیں۔

۔النمل ۔۲۷: ۳۔

۳۵۔ تاکہ جنہوں نے ظلم کیا ہے انہیں ڈرائے اور نیکوکاروں کے لیے بشارت ہو۔

۔الاحقاف ۴۶: ۱۲۔

Marfat.com

۳۶۔ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾

۳۷۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ

۳۸۔ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ؕ

۳۹۔ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ﴿۱۷۴﴾

۴۰۔ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ۙ ﴿۱۵﴾

۴۱۔ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ؕ

۴۲۔ فَلْيُقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ؕ وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۷۴﴾

۴۳۔ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿۹۲﴾

۴۴۔ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ وَاتَّقُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۵۵﴾

۴۔ قرآن شفا ہے

۳۶۔ لوگو! تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے نصیحت اور اُن (مرضوں) کی جو سینوں میں ہیں، شفا آ چکی ہے اور ایمان داروں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

۔یونس ۱۰: ۵۷۔

۳۷۔ اور ہم قرآن کے ذریعے وہ چیز اتارتے ہیں جو ایمان داروں کے لیے شفا اور رحمت ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۸۲۔

۳۸۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ وہ ایمان داروں کے لیے ہدایت اور شفا ہے۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۴۴۔

۵۔ قرآن نور ہے

۳۹۔ لوگو! کچھ شک نہیں کہ تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے یقینی دلیل آ چکی ہے اور ہم نے تمہاری طرف کھلا نور اتارا ہے۔

۔النساء ۴: ۱۷۴۔

۴۰۔ کچھ شک نہیں کہ تمہارے پاس اللہ کی طرف سے نور آ چکا ہے اور کھلی کتاب بھی۔

۔المائدۃ ۵: ۱۵۔

۴۱۔ لیکن ہم نے اس (قرآن) کو نور قرار دیا ہے۔ اس کے ذریعے ہم اپنے بندوں میں سے جسے چاہتے ہیں ہدایت کرتے ہیں۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۵۲۔

۶۔ قرآن برہان ہے

۴۲۔ تو جو لوگ آخرت (کو خریدتے اور اس) کے بدلے دنیا کی زندگی کو بیچنا چاہتے ہیں ان کو چاہیے کہ اللہ کی راہ میں جنگ کریں اور جو شخص اللہ کی راہ میں جنگ کرے پھر شہید ہو جائے یا غلبہ پائے ہم عنقریب اس کو بڑا ثواب دیں گے۔

۔النساء ۴: ۷۴۔

۷۔ قرآن کتابِ مبارک ہے

۴۳۔ یہ مبارک کتاب ہے جسے ہم نے اتارا ہے۔ جو کتاب اس سے پہلے ہے اس کی تصدیق کرتی ہے اور اس لیے اتاری ہے کہ تو مکّے والوں اور اس کے آس پاس والوں کو ڈرائے۔ اور جو لوگ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں وہ اس پر ایمان لاتے ہیں اور وہ اپنی نماز کی حفاظت رکھتے ہیں۔

۔الانعام ۶: ۹۲۔

۴۴۔ اور یہ مبارک کتاب ہم نے اتاری ہے تو تم اسی پر چلو اور (اللہ سے) ڈرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

۔الانعام ۶: ۱۵۵۔

Marfat.com

۴۵۔اور یہ مبارک نصیحت ہم نے اُتاری ہے تو کیا تم اس کا انکار کرتے ہو۔

۔الانبیاء ۲۱: ۵۰۔

۴۶۔مبارک کتاب ہے جو ہم نے تیری طرف اتاری ہے تاکہ وہ ان آیتوں میں غور کریں اور عقل والے نصیحت پکڑیں۔

۔ص ۳۸: ۲۹۔

۴۷۔یہ ہے جو ہم آیتوں اور پکی نصیحت سے تجھ پر پڑھتے ہیں۔

۔آل عمران ۳: ۵۸۔

۸۔ قرآن حکمت والی کتاب ہے

۴۸۔یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیں۔

۔یونس ۱۰: ۱۔

۴۹۔یہ کتاب ہے۔اس کی آیتیں مضبوط کی گئی ہیں پھر حکمت والے خبردار کی طرف سے تفصیل سے بیان کی گئی ہیں۔

۔ھود ۱۱: ۱۔

۵۰۔یہ اس حکمت میں سے ہے جو تیرے پروردگار نے تیری طرف وحی کی ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۳۹۔

۵۱۔یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیں۔

۔لقمٰن ۳۱: ۲۔

۵۲۔حکمت والے قرآن کی قسم۔

۔یٰسٓ ۳۶: ۲۔

۵۳۔اور کچھ شک نہیں کہ وہ ہمارے ہاں اصل کتاب (لوحِ محفوظ) میں عالی مرتبہ، حکمت والا ہے۔تو کیا ہم

۴۵۔وَهٰذَا ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ؕ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ۝۵۰

۴۶۔كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝۲۹

۴۷۔ذٰلِكَ نَتْلُوْهُ عَلَيْكَ مِنَ الْاٰيٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ۝۵۸

۴۸۔الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۝۱

۴۹۔الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ۝۱

۵۰۔ذٰلِكَ مِمَّآ اَوْحٰٓى اِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ؕ

۵۱۔تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۝۲

۵۲۔وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝۲

۵۳۔وَاِنَّهٗ فِيْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ ۝۴ اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ ۝۵

۵۴۔قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ۝۱۵

۵۵۔الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝۱

۵۶۔طٰسٓمٓ ۝۱ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝۲

۵۷۔طٰسٓ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ۝۱

تم سے اس بنا پر نصیحت کو ہٹا لیں کہ تم لوگ حد سے باہر نکل جانے والے ہو؟۔

۔الزخرف ۴۳: ۴-۵۔

۹۔ قرآن کتابِ مبین ہے

۵۴۔بے شک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے نور آچکا ہے اور کھول کر بیان کرنے والی کتاب بھی۔

۔المائدۃ ۵: ۱۵۔

۵۵۔یہ کھول کر بیان کرنے والی کتاب کی آیتیں ہیں۔

۔یوسف ۱۲: ۱۔

۵۶۔یہ کھول کر بیان کرنے والی کتاب کی آیتیں ہیں۔

۔الشعراء ۲۶: ۱-۲ والقصص ۲۸: ۱-۲۔

۵۷۔یہ قرآن اور کھول کر بیان کرنے والی کتاب کی آیتیں ہیں۔

۔النمل ۲۷: ۱۔

Marfat.com

۵۸۔اور ہم نے اُسے شعر نہیں سکھلایا اور وہ اس کے لیے مناسب بھی نہیں وہ تو محض نصیحت اور کھول کر بیان کرنے والا قرآن ہے۔

-یٰسٓ ۳۶:۶۹-

۵۹۔قسم ہے کھول کر بیان کرنے والے کی۔

-الزخرف ۴۳: ۱-۲ والدخان ۴۴: ۱-۲-

۱۰۔ قرآن کتابِ عزیز ہے

۶۰۔بے شک وہ لوگ جنہوں نے نصیحت کا جب وہ اُن کے پاس آئی انکار کیا (ناحق پر ہیں) اور کچھ شک نہیں کہ وہ عزت والی کتاب ہے۔

-حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۴۱-

۱۱۔ قرآن کتابِ بزرگ ہے

۶۱۔قسم ہے بزرگ قرآن ہے۔

-قٓ ۵۰-۱-

۶۲۔بلکہ وہ تو بزرگ قرآن ہے۔

-البروج ۸۵: ۲۱-

۱۲۔ قرآن عظمت والا ہے

۶۳۔اور (اے نبی ﷺ!) کچھ شک نہیں کہ ہم نے تجھے سات آیتیں دیں جو دہرائی جاتی ہیں اور عظمت والا قرآن دیا۔

-الحجر ۱۵: ۸۷-

۱۳۔ قرآن بشیر و نذیر ہے

۶۴۔(قرآن) بشارت دینے والا اور ڈرانے والا ہے۔ پر اُن میں سے اکثر نے مونہہ پھیر لیا، وہ سنتے ہی نہیں۔

-حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۴-

۱۴۔ قرآن عزت والی کتاب ہے

۶۵۔سو میں قسم کھاتا ہوں ستاروں کے گرنے کی جگہوں کی اور اگر تم جانو تو بے شک یہ بڑی (چیز کی) قسم ہے۔ بے شک وہ عزت والا قرآن ہے۔

-الواقعۃ ۵۶: ۷۵-۷۷-

۵۸۔وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ۝۶۹

۵۹۔حٰمٓ ۝۱ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝۲

۶۰۔اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ ۝۴۱

۶۱۔قٓ ۟ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۝۱

۶۲۔بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۝۲۱

۶۳۔وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ۝۸۷

۶۴۔بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۚ فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ۝۴

۶۵۔فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ۝۷۵ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ۝۷۶ اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ۝۷۷

۶۶۔هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ

۶۷۔فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ۝۹۷

۶۸۔فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝۵۸ فَارْتَقِبْ اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ۝۵۹

۱۵۔ قرآن فرقان (حق و باطل میں فرق کرنے والا ہے)

۶۶۔یہ (قرآن) لوگوں کے لیے ہدایت ہے اور ہدایت اور حق و باطل میں فرق کرنے والی کھلی دلیلیں۔

-البقرۃ ۲: ۱۸۵-

۱۶۔ قرآن آسان ہے

۶۷۔سو کچھ شک نہیں کہ ہم نے اس سے تیری زبان میں آسان کر دیا کہ تو اس کے ذریعے پرہیز گاروں کو بشارت دے اور نیز اس کے ذریعے سے (نصاریٰ کی) جھگڑالو قوم کو ڈرائے۔

-مریم ۱۹: ۹۷-

۶۸۔سو کچھ شک نہیں کہ ہم نے اُسے تیری زبان میں آسان کر دیا ہے تاکہ وہ نصیحت پکڑیں۔ سو تو انتظار کر، وہ بھی انتظار کر رہے ہیں۔

-الدخان ۴۴: ۵۸-۵۹-

Marfat.com

۶۹۔اور بے شک ہم نے نصیحت کے لیے قرآن کو آسان کر دیا ہے پس کوئی نصیحت پکڑنے والا ہے؟

۔القمر ۵۴:۱۷، ۲۲، ۳۲، ۴۰۔

۱۷۔ قرآن کی آیتیں واضح اور صاف ہیں

۷۰۔اور بے شک ہم نے تیری طرف کھلی آیتیں اُتاریں۔

۔البقرۃ ۲:۹۹۔

۷۱۔اور (قرآن) ہدایت اور حق اور باطل میں فرق کرنے والی کھلی دلیلیں ہیں۔

۔البقرۃ ۲:۱۸۵۔

۷۲۔اور (اے پیغمبر ﷺ!) اسی طرح ہم نے اس کو کھلی آیتیں اُتارا ہے۔

۔الحج ۲۲:۱۶۔

۷۳۔ یہ ایک سورت ہے اور ہم نے اُسے اُتارا ہے اور ہم نے (اس کے احکام) کو فرض کیا ہے اور اُس میں کھلی آیتیں اُتاری ہیں تا کہ تم نصیحت پکڑو۔

۔النور ۲۴:۱۔

۷۴۔اور بے شک ہم نے تمہاری طرف کھول کر بیان کرنے والی آیتیں اتاری ہیں اور (نیز) جو لوگ گذر گئے ان کی کہاوتیں اور پرہیزگاروں کے لیے نصیحت۔

۔النور ۲۴:۳۴۔

۷۵۔ بے شک ہم نے کھول کر بیان کرنے والی آیتیں اتاری ہیں۔

۔النور ۲۴:۴۶۔

۷۶۔وہی (اللہ) ہے۔ جو اپنے بندے پر کھلی آیتیں اُتارتا ہے تا کہ اُنہیں تاریکیوں سے روشنی کی طرف نکالے اور بے شک اللہ تم پر شفیق، مہربان ہے۔

۔الحدید ۵۷:۹۔

۶۹۔وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۱۶﴾

۷۰۔وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۚ

۷۱۔وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ

۷۲۔وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۙ

۷۳۔سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا فِيْهَآ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱﴾

۷۴۔وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۴﴾

۷۵۔لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ ۙ

۷۶۔هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰى عَبْدِهٖٓ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹﴾

۷۷۔وَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۭ

۷۸۔رَّسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ

۷۹۔يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاۗءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَاۗءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ

۸۰۔كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲﴾

۷۷۔اور بے شک ہم نے کھلی آیتیں اتاری ہیں۔

۔المجادلۃ ۵۸:۵۔

۷۸۔(ہم نے بھیجا) رسول جو تم پر اللہ کی کھول کر بیان کرنے والی آیتیں پڑھتا ہے۔

۔الطلاق ۶۵:۱۱۔

۷۹۔لوگو! تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے نصیحت آ چکی ہے اور اُس (مرض) کی شفا بھی جو سینوں میں ہے۔

۔یونس ۱۰:۵۷۔

۸۰۔(اے نبی ﷺ!) تیری طرف اُتاری گئی ہے کتاب تو اُس سے تیرے دل میں (کسی طرح کی) تنگی پیدا نہ ہو۔ تا کہ تو اُس کے ذریعے لوگوں کو ڈرائے اور مومنوں کے لیے نصیحت ہو۔

۔الاعراف ۷:۲۔

Marfat.com

۸۱۔اور (اے نبی ﷺ!) اس میں تیرے پاس حق آ چکا اور ایمان داروں کے لیے نصیحت اور خیر خواہی بھی۔

۔ھود ۱۱: ۱۲۰۔

۸۲۔(اے نبی ﷺ!) ہم نے تجھ پر قرآن اس لیے نہیں اُتارا کہ تو مشقت میں پڑے۔ ہاں اُس کے لیے نصیحت ہے جو ڈرے۔ اُس کی طرف سے نازل ہوا ہے جس نے زمین اور بلند آسمانوں کو پیدا کیا ہے۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۱۔۴۔

۸۳۔بے شک ہم ہی نے اس نصیحت کو اُتارا ہے اور ہم ہی اس کے نگہبان ہیں۔

۔الحجر ۱۵: ۹۔

۸۴۔بے شک ہم نے تمہاری طرف ایک کتاب اتاری ہے۔ اُس میں تمہاری خیر خواہی ہے تو کیا تم سمجھتے نہیں؟

۔الانبیاء ۲۱: ۱۰۔

۸۵۔اور یہ (قرآن) مبارک نصیحت ہے ہم نے اسے اُتارا ہے تو کیا تم اس کا انکار کرتے ہو؟

۔الانبیاء ۲۱: ۵۰۔

۸۶۔اور ہم نے اس کو شعر نہیں سکھایا اور وہ اُس کے مناسب بھی نہیں وہ تو محض نصیحت اور کھول کر بیان کرنے والا قرآن ہے۔

۔یٰسٓ ۳۶: ۶۹۔

۸۷۔نصیحت والے قرآن کی قسم۔

۔صٓ ۳۸: ۱۔

۸۸۔وہ تو جہان والوں کے لیے محض نصیحت ہے اور بس۔ اور تم ایک وقت کے بعد ضرور اس کی خبر معلوم کر لو گے۔

۔صٓ: ۳۸: ۸۷۔۸۸۔

۸۹۔بے شک وہ لوگ جنہوں نے نصیحت کا جب ان کے پاس آئی انکار کیا (ناحق پر ہیں) اور بے شک وہ عزت والی کتاب ہے۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۴۱۔

۸۱۔وَجَآءَكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۱﴾

۸۲۔طٰهٰ ﴿۱﴾ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ﴿۲﴾ اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ﴿۳﴾ تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ﴿۴﴾

۸۳۔اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿۹﴾

۸۴۔لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ كِتٰبًا فِيْهِ ذِكْرُكُمْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰﴾

۸۵۔وَهٰذَا ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ؕ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۰﴾

۸۶۔وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿۶۹﴾

۸۷۔صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ ﴿۱﴾

۸۸۔اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ﴿۸۸﴾

۸۹۔اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ ﴿۴۱﴾

۹۰۔وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ ۚ وَسَوْفَ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۴۴﴾

۹۱۔اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾

۹۲۔قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ ذِكْرًا ﴿۱۰﴾

۹۳۔وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۲﴾

۹۴۔وَاِنَّهٗ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۸﴾

۹۰۔اور بے شک وہ تیرے اور تیری قوم کے لیے نصیحت ہے اور عنقریب ہی تم سے (اُس کی بابت) پوچھا جائے گا۔

۔الزخرف ۴۳: ۴۴۔

۹۱۔بے شک اس میں ایمان دار لوگوں کے لیے رحمت اور نصیحت ہے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۵۱۔

۹۲۔بے شک اُس نے تمہاری طرف نصیحت اُتاری ہے۔

۔الطلاق ۶۵: ۱۰۔

۹۳۔اور وہ تو جہان والوں کے لیے محض نصیحت ہے اور بس۔

۔القلم ۶۸: ۵۲۔

۹۴۔اور بے شک وہ پرہیزگاروں کے لیے یاددہانی ہے۔

۔الحاقۃ ۶۹: ۴۸۔

Marfat.com

۹۵۔ بے شک یہ ایک نصیحت ہے تو جو چاہے اپنے رب کی طرف راہ اختیار کر لے۔

۔المزمل ۷۳: ۱۹ والدھر ۷۶: ۲۹۔

۹۶۔ ہرگز یوں نہیں ہے، وہ تو نصیحت ہے تو جو چاہے اس سے نصیحت پکڑے۔

۔المدثر ۷۴: ۵۴۔۵۵۔

۹۷۔ ہرگز یوں نہیں ہے، وہ تو ایک نصیحت ہے تو جو چاہے اس سے نصیحت پکڑے۔

۔عبس ۸۰۔ ۱۱۔۱۲۔

۹۸۔ وہ تو جہان والوں کے لیے ایک نصیحت ہے اور بس۔ اُس کے لیے جو تم میں سے سیدھا ہونا چاہے۔

۔التکویر ۸۱: ۲۷۔۲۸۔

۱۹۔ قرآن برحق اور سچی کتاب ہے

۹۹۔ اور وہ (قرآن) حق ہے اُس (کتاب) کی تصدیق کرتا ہے جو اُن کے پاس ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۹۱۔

۱۰۰۔ یہ اللہ کی آیتیں ہیں جو ہم تجھ پر حق کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۲۵۲ وآل عمران ۳: ۱۰۸۔

۱۰۱۔ (اے نبی ﷺ!) تجھ پر دین حق کے ساتھ کتاب اُتاری جو اُس (کتاب) کی تصدیق کرتی ہے جو اس سے پہلے ہے۔

۔آل عمران ۳: ۳۔

۱۰۲۔ بے شک ہم نے تیری طرف دین حق کے ساتھ کتاب اتاری تاکہ تو لوگوں کے درمیان اُس کے مطابق فیصلہ کرے جو اللہ تجھے سجھائے اور تو خیانت کرنے والوں کی طرف سے جھگڑا نہ کر۔ اور اللہ سے معافی

۹۵۔ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿۱۹﴾

۹۶۔ كَلَّآ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ ﴿۵۴﴾ ۚ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ﴿۵۵﴾

۹۷۔ كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ﴿۱۱﴾ ۚ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ﴿۱۲﴾

۹۸۔ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۷﴾ ۙ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّسْتَقِيْمَ ﴿۲۸﴾

۹۹۔ وَهُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ؕ

۱۰۰۔ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ؕ

۱۰۱۔ نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ

۱۰۲۔ اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ؕ وَلَا تَكُنْ لِّلْخَآئِنِيْنَ خَصِيْمًا ﴿۱۰۵﴾ ۙ وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۰۶﴾ ۚ

۱۰۳۔ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ

۱۰۴۔ وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ ؕ

۱۰۵۔ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ؕ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ

۱۰۶۔ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ

مانگ۔ بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔النساء ۴: ۱۰۵۔۱۰۶

۱۰۳۔ اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے تیری طرف حق کے ساتھ کتاب اُتاری۔

۔المائدۃ ۵: ۴۸۔

۱۰۴۔ اور تیری قوم نے اُسے جھٹلایا حالانکہ وہ حق ہے۔

۔الانعام ۶: ۶۶۔

۱۰۵۔ اور وہ (اللہ) وہی ہے جس نے تمہاری طرف مفصل کتاب اُتاری اور جنہیں ہم نے کتاب دی ہے، وہ جانتے ہیں کہ بے شک وہ تیرے پروردگار کی طرف سے دین حق کے ساتھ اتاری گئی ہے۔

۔الانعام ۶: ۱۱۴۔

۱۰۶۔ بے شک تیرے پاس تیرے پروردگار کی طرف سے حق آیا ہے۔

۔یونس ۱۰: ۹۴۔

۱۰۷۔(اے نبی ﷺ !) کہہ دے کہ لوگو! تمہارے پاس پروردگار کی طرف سے حق آ چکا ہے۔ پس جو ہدایت پر ہو گیا تو وہ اپنے ہی نفع کے لیے ہدایت پر ہوا اور جو کوئی گمراہ ہوا تو وہ اپنے ہی نقصان کے لیے گمراہ ہوتا ہے اور میں تم پر داروغہ نہیں ہوں۔

-یونس ۱۰:۱۰۸۔

۱۰۸۔ بے شک وہ تیرے پروردگار کی طرف سے حق ہے لیکن (اس بات کو) اکثر آدمی نہیں جانتے۔

-ھود ۱۱:۱۷۔

۱۰۹۔اور (اے نبی ﷺ!) اس بیان میں تیرے پاس حق اور ایمان داروں کے لیے نصیحت اور خیر خواہی آ چکی ہے۔

-ھود ۱۱:۱۲۰۔

۱۱۰۔ یہ کتاب کی آیتیں ہیں اور جو کچھ تیری طرف تیرے پروردگار کی طرف سے اُتارا گیا ہے وہ حق ہے۔ لیکن اکثر آدمی ایمان نہیں لاتے۔

-الرعد ۱۳:۱۔

۱۱۱۔اور (اے نبی ﷺ !) ہم نے اس کو حق کے ساتھ اتارا ہے اور وہ حق ہی کے ساتھ اترا ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷:۱۰۵۔

۱۱۲۔اور (اے نبی ﷺ!) جنہیں علم دیا گیا ہے وہ یقین رکھتے ہیں کہ جو کچھ تیری طرف تیرے پروردگار کی طرف سے اُتارا گیا ہے وہی حق ہے۔

-سبا ۳۴:۶۔

۱۱۳۔(اے نبی ﷺ !) بے شک ہم نے تجھے دین حق کے ساتھ خوش خبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا۔

-فاطر ۳۵:۲۴۔

۱۰۷۔قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۱۰۸﴾

۱۰۸۔اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۹﴾

۱۰۹۔وَجَآءَكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾

۱۱۰۔الٓمّٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ۗ وَالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱﴾

۱۱۱۔وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۗ

۱۱۲۔وَيَرَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ

۱۱۳۔اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۗ

۱۱۴۔وَالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ۗ اِنَّ اللّٰهَ بِعِبَادِهٖ لَخَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۳۱﴾

۱۱۵۔بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۷﴾

۱۱۶۔اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ﴿۲﴾

۱۱۷۔اِنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ

۱۱۴۔(اے نبی ﷺ !) جو کتاب ہم نے تیری طرف بذریعہ وحی بھیجی ہے، وہ حق ہے۔ اس کتاب کی تصدیق کرتی ہے جو اس سے پہلے ہے۔ بے شک اللہ اپنے بندوں سے خبردار ہے، (اُنہیں) دیکھتا ہے۔

-فاطر ۳۵:۳۱۔

۱۱۵۔ بلکہ وہ تو حق لایا ہے اور اس نے (پہلے) رسولوں کی تصدیق کی ہے۔

-الصّٰفّٰت ۳۷:۳۷۔

۱۱۶۔(اے نبی ﷺ !) بے شک ہم نے تیری طرف حق کے ساتھ کتاب اُتاری ہے تو تو اللہ کی عبادت خاص اسی کی اطاعت کرتا ہوا کر۔

-الزمر ۳۹:۲۔

۱۱۷۔(اے نبی ﷺ!) بے شک ہم نے تجھ پر لوگوں کے (سمجھانے کے) لیے حق کے ساتھ کتاب اُتاری ہے۔

-الزمر ۳۹:۴۱۔

Marfat.com

۱۱۸۔ اللہ ہی ہے جس نے کتابِ برحق اور ترازو اتاری اور تجھے کیا خبر شاید قیامت قریب ہی (آ لگی) ہو۔

۱۱۸۔ اَللّٰهُ الَّذِیْۤ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ وَالْمِیْزَانَ ؕ وَمَا یُدْرِیْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِیْبٌ ﴿۱۷﴾

۱۱۹۔ سو آسمان اور زمین کے پروردگار کی قسم وہ (ایسا ہی) حق ہے جیسے تم بولتے ہو۔

۱۱۹۔ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَاۤ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ﴿۲۳﴾

۱۲۰۔ اور (اے نبی ﷺ) بے شک وہ یقینی حق ہے۔

۱۲۰۔ وَاِنَّهٗ لَحَقُّ الْیَقِیْنِ ﴿۵۱﴾

۱۲۱۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ اس کتاب کا نازل کیا جانا تمام جہان کے پروردگار کی طرف سے ہے۔

۱۲۱۔ تَنْزِیْلُ الْكِتٰبِ لَا رَیْبَ فِیْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۲﴾

۱۲۲۔ یہ کتاب ہے اس میں کچھ شک نہیں ہے۔

۱۲۲۔ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَیْبَ ۛۚ فِیْهِ ۛۚ

۱۲۳۔ اس میں جہانوں کے پروردگار کی طرف سے ہونے میں کچھ شک نہیں ہے۔

۱۲۳۔ لَا رَیْبَ فِیْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۲﴾

۱۲۴۔ کتاب کا نازل کرنا اس میں شک نہیں کہ جہانوں کے پروردگار کی طرف سے ہے۔

۱۲۴۔ تَنْزِیْلُ الْكِتٰبِ لَا رَیْبَ فِیْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۲﴾

۱۲۵۔ سب تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے اپنے بندے پر کتاب اتاری اور اُس میں کسی قسم کی کجی نہیں رکھی۔

۱۲۵۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْۤ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ یَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ؕ ﴿۱﴾

۱۲۶۔ قرآن عربی جس میں کچھ کجی نہیں تاکہ وہ پرہیزگار بن جائیں۔

۱۲۶۔ قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا غَیْرَ ذِیْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ یَتَّقُوْنَ ﴿۲۸﴾

۱۲۷۔ اس میں، باطل نہ اُس کے آگے سے آتا ہے اور نہ اُس کے پیچھے سے۔ حکم والے، قابل تعریف کا اُتارا ہوا ہے۔

۱۲۷۔ لَّا یَاْتِیْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ؕ تَنْزِیْلٌ مِّنْ حَكِیْمٍ حَمِیْدٍ ﴿۴۲﴾

۱۲۸۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں تو بس اُسی پر چلتا ہوں جو میرے پروردگار کی طرف سے میری طرف وحی کی جاتی ہے۔ یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے سوجھ کی باتیں ہیں اور ایمان دار لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت۔

۱۲۸۔ قُلْ اِنَّمَاۤ اَتَّبِعُ مَا یُوْحٰۤی اِلَیَّ مِنْ رَّبِّیْ ۚ هٰذَا بَصَآىِٕرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًی وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰۳﴾

۱۲۹۔ یہ لوگوں کے لیے سوجھ کی باتیں ہیں اور جو لوگ یقین کرتے ہیں ان کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

۱۲۹۔ هٰذَا بَصَآىِٕرُ لِلنَّاسِ وَهُدًی وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ یُّوْقِنُوْنَ ﴿۲۰﴾

۲۰۔ قرآن میں شک کی گنجائش نہیں

۱۱۸۔ الشوریٰ ۴۲: ۱۷۔

۱۱۹۔ الذّٰریٰت ۵۱: ۲۳۔

۱۲۰۔ الحاقة ۶۹: ۵۱۔

۱۲۱۔ السجدة ۳۲: ۲۔

۱۲۲۔ البقرة ۲: ۲۔

۱۲۳۔ یونس ۱۰: ۳۷۔

۱۲۴۔ السجدة ۳۲: ۲۔

۲۱۔ قرآن میں کچھ کجی نہیں

۱۲۵۔ الکھف ۱۸: ۱۔

۱۲۶۔ الزمر ۳۹: ۲۸۔

۲۲۔ قرآن میں باطل کا دخل نہیں

۱۲۷۔ حٰمٓ السجدة ۴۱: ۴۲۔

۲۳۔ قرآن سوجھ سمجھ پیدا کرنے والا ہے

۱۲۸۔ الاعراف ۷: ۲۰۳۔

۱۲۹۔ الجاثیة ۴۵: ۲۰۔

۲۴۔ قرآن اللہ کی طرف سے کھلی دلیل ہے

۱۳۰۔ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ ۚ

۱۳۱۔ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ۭ

۱۳۲۔ وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰي عِلْمٍ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

۱۳۳۔ وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

۱۳۴۔ لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ۭ مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ

۱۳۵۔ وَّنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ۝

۱۳۶۔ كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝

۱۳۷۔ اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ ۤ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ۝

۱۳۰۔ سو تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے کھلی دلیل اور ہدایت اور رحمت آ چکی۔

۔الانعام ۶:۱۵۷۔

۱۳۱۔ تو کیا میں اللہ کے سوا فیصل ڈھونڈوں حال آنکہ وہ وہ ہے جس نے تمہاری طرف مفصل کتاب اُتاری۔

۔الانعام ۶:۱۱۴۔

۲۵۔ قرآن مفصل ہے اور اس میں ہر شے کا بیان ہے

۱۳۲۔ اور بے شک ہم اُن کے پاس ایسی کتاب لائے ہیں جس کو ہم نے علم کے ساتھ مفصل بیان کیا ہے۔ ایمان دار لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

۔الاعراف ۷:۵۲۔

۱۳۳۔ اور یہ قرآن وہ نہیں کہ سوائے خدا کے گھڑ لیا جائے لیکن اُس (کتاب) کی تصدیق ہے جو اس سے پہلے ہے اور کتاب (تورات) کی تفصیل ہے۔ اس میں شک نہیں ہے جہانوں کے پروردگار کی طرف سے ہے۔

۔یونس ۱۰:۳۷۔

۱۳۴۔ بے شک ان کے قصوں میں عقل مندوں کے لیے عبرت ہے۔ گھڑی ہوئی بات نہیں ہے لیکن اُس (کتاب) کی تصدیق ہے جو اس سے پہلے ہے اور ہر شے کی تفصیل ہے۔

۔یوسف ۱۲:۱۱۱۔

۱۳۵۔ اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے تجھ پر کتاب اتاری ہر شے کا بیان اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور رحمت اور بشارت ہے۔

۔النحل ۱۶:۸۹۔

۱۳۶۔ یہ ایک کتاب ہے کہ جس کی آیتیں اُن لوگوں کے لیے جو جانتے ہیں قرآنِ عربی بنا کر تفصیل سے بیان کی گئی ہیں۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱:۳۔

۲۶۔ قرآن کا اللہ سے ڈرنے والوں کے دل پر اثر ہوتا ہے

۱۳۷۔ اللہ نے سب سے اچھی بات اُتاری ہے (یعنی) یکساں کتاب۔ دہرائی جانے والی۔ اس سے ان لوگوں کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں جو اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں۔ پھر اللہ کے ذکر کے لیے اُن کی کھالیں اور اُن کے دل نرم پڑ جاتے ہیں۔ یہ اللہ کی ہدایت ہے جسے وہ چاہتا ہے یہ ہدایت دیتا ہے اور جسے اللہ گمراہ کرے اُسے کوئی ہدایت کرنے والا نہیں ہے۔

۔الزمر ۳۹:۲۳۔

Marfat.com

۲۷۔ اہلِ کتاب قرآن سن کر روتے ہوئے سجدے میں گر پڑتے ہیں

۱۳۸۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تم اس پر ایمان لاؤ یا ایمان نہ لاؤ، بے شک اس سے پہلے جنہیں علم دیا گیا ہے جب وہ اُن پر پڑھا جاتا ہے تو ٹھوڑیوں پر سجدہ میں گر پڑتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمارا پروردگار پاک ہے۔ بے شک ہمارے پروردگار کا وعدہ پورا ہو نا ہی تھا۔ اور وہ روتے ہوئے ٹھوڑیوں پر گر پڑتے ہیں اور وہ اُن کی فروتنی (اور) بڑھاتا ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۱۰۷۔۱۰۹۔

۲۸۔ اگر قرآن کسی پہاڑ پر اترتا تو وہ اللہ کے خوف سے پھٹ جاتا

۱۳۹۔ اگر ہم یہ قران کسی پہاڑ پر اتارتے تو تو اُسے اللہ کے خوف سے دب جانے والا، پھٹ جانے والا دیکھتا اور یہ کہاوتیں ہیں جو ہم لوگوں کے لیے بیان کرتے ہیں تا کہ وہ سوچیں۔

۔الحشر ۵۹: ۲۱۔

۲۹۔ رسول اللہ ﷺ کا قرآن بھولنے سے محفوظ ہونا

۱۴۰۔ (اے نبی ﷺ) ہم تجھے پڑھائیں گے پس نہیں بھولے گا مگر جس قدر اللہ چاہے۔ وہ جانتا ہے کھلی بات کو بھی اور جو چھپا ہے (اس کو بھی) اور ہم تیرے لیے آسانی کی راہ مہیا کریں گے۔

۔الاعلی ۸۷: ۶۔۸۔

۳۰۔ قرآن اس چھپی کتاب میں مندرج ہے جسے پاک اشخاص ہی چھوتے ہیں

۱۴۱۔ (قرآن) چھپی کتاب میں ہے۔ اُس کو سوائے پاکوں کے کوئی نہیں چھوتا۔

۔الواقعۃ ۵۶: ۷۸۔۷۹۔

۱۳۸۔ قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖۤ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖۤ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ۝۱۰۷ وَّيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَاۤ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ۝۱۰۸ وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا ۝۱۰۹

۱۳۹۔ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝۲۱

۱۴۰۔ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰۤى ۝۶ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ۝۷ وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ۝۸

۱۴۱۔ فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ۝۷۸ لَّا يَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ۝۷۹

۱۴۲۔ فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ۝۱۳ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ۝۱۴ بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ۝۱۵ كِرَامٍۭ بَرَرَةٍ ۝۱۶

۱۴۳۔ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۝۲۱ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝۲۲

۱۴۴۔ لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ۝۱۶ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۝۱۷

۳۱۔ قرآن پاک صحیفوں میں لکھا ہوا ہے

۱۴۲۔ (قرآن) عزت والے صحیفوں میں ہے۔ اونچے (اور) پاک صحیفوں میں جو لکھنے والوں کے ہاتھوں میں ہیں۔ (اور وہ لکھنے والے) بزرگ اور نیکوکار ہیں۔

۔عبس ۸۰: ۱۳۔۱۶۔

۳۲۔ قرآن لوحِ محفوظ میں مندرج ہے

۱۴۳۔ بلکہ وہ تو قرآن بزرگ ہے لوح محفوظ میں (مندرج ہے)۔

۔البروج ۸۵: ۲۱۔۲۲

۳۳۔ قرآن کا رسول اللہ ﷺ کو یاد کرانا اور اس کی تفسیر سمجھانا اللہ کے ذمے ہے

۱۴۴۔ قرآن کے ساتھ اپنی زبان کو اس لیے حرکت نہ دے کہ تو اُسے جلدی سے یاد کر لے۔ بے شک اُس کا (تیرے سینے میں) جمع

Marfat.com

فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ﴿۱۸﴾ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ﴿۱۹﴾

۱۴۵۔ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۚ فَاَبٰۤى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۸۹﴾

۱۴۶۔ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ﴿۵۴﴾

۱۴۷۔ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ وَلَئِنْ جِئْتَهُمْ بِاٰيَةٍ لَّيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُبْطِلُوْنَ ﴿۵۸﴾

۱۴۸۔ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾

۱۔ وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ۪ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۳﴾ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۖ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۴﴾

۲۔ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۳﴾ بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ

کرنا اور پڑھوا دینا ہمارا ذمہ ہے۔ پھر جب ہم (بذریعہ جبریل علیہ السلام) اس کو پڑھیں تو اُس کے بعد اُس کی قرأت تو بھی کر۔ پھر اُس کو سمجھانا بھی ہمارا ذمہ ہے۔

۔القیامۃ ۷۵۔ ۱۶۔ ۱۹۔

۳۴۔ قرآن میں ہر قسم کی امثال ہیں

۱۴۵۔ اور بے شک ہم نے لوگوں (کے سمجھانے) کے لیے اس قرآن میں بار بار ہر قسم کی کہاوت بیان کی۔ سو اکثر لوگوں نے سوائے ناشکری کے کسی بات کو منظور نہ کیا۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۸۹۔

۱۴۶۔ اور بے شک ہم نے اس قرآن میں لوگوں (کے سمجھانے) کے لیے بار بار ہر قسم کی کہاوت بیان کی اور انسان بڑا ہی جھگڑالو ہے۔

۔الکہف ۱۸: ۵۴۔

۱۴۷۔ اور بے شک ہم نے اس قرآن میں لوگوں کے (سمجھانے کے) لیے بار بار ہر قسم کی کہاوت بیان کی اور اگر تو اُن کے پاس کوئی نشانی لائے تو جو لوگ کافر ہوئے ہیں وہ ضرور یہی کہیں گے کہ تم تو محض باطل پر ہو۔

۔الروم ۳۰۔ ۵۸۔

۱۴۸۔ اور بے شک ہم نے اس قرآن میں لوگوں کے (سمجھانے کے) لیے ہر قسم کی کہاوت بیان کی تاکہ وہ نصیحت پکڑیں۔

۔الزمر ۳۹: ۲۷۔

قرآنِ مجید کے من جانب اللہ ہونے کی دلائل

۱۔ قرآن کے بنانے پر سوا اللہ کے کوئی قادر نہیں

۱۔ اور اگر تم اس کی طرف سے جو ہم نے اپنے بندے پر اتارا ہے شک میں ہو تو اسی طرح کی ایک سورت تم بھی (بنا) لاؤ اور اللہ کے سوا اپنے گواہوں کو بلا لو اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو۔ پھر اگر تم یہ نہ کرو اور تم ہرگز نہ کر سکو گے تو اس آگ سے ڈرو جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں وہ (آگ) کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۳۔ ۲۴۔

۲۔ کیا وہ یہ کہتے ہیں کہ اس نے خود اُسے گھڑ لیا ہے (اے نبی ﷺ) کہہ دے کہ اسی طرح کی ایک سورت تم بھی لے آؤ اور اللہ کے سوا جسے تم بلا سکو بلا لو اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو۔ بلکہ انہوں نے اُس بات کو جس کا علم سے انہوں نے احاطہ نہیں کیا، جھٹلایا۔ حال آنکہ ابھی تک اُس کی اصل حقیقت اُن کے پاس نہیں آئی اسی طرح ان لوگوں نے جھٹلایا تھا جو اُن سے پہلے ہوئے ہیں۔ تو (اے نبی ﷺ!) دیکھ کہ ظالموں کا کیسا (برا) انجام ہوا۔

Marfat.com

وَلَمَّا يَاْتِهِمْ تَاْوِيْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۹﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿۴۰﴾ وَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۚ اَنْتُمْ بَرِيْٓـُٔوْنَ مِمَّآ اَعْمَلُ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۱﴾

اور کوئی ان میں سے اُس پر ایمان لاتا ہے اور کوئی ان میں سے اُس پر ایمان نہیں لاتا اور تیرا پروردگار مفسدوں کو خوب جانتا ہے اور اگر وہ تجھے جھٹلائیں تو کہہ دے کہ میرے لیے میرے عمل اور تمہارے لیے تمہارے عمل۔ تم اُس سے بیزار ہو جو میں کرتا ہوں اور میں اُس سے بیزار ہوں جو تم کرتے ہو۔

-یونس ۱۰: ۳۸-۴۱-

۳۔ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۳﴾ فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾

۳۔ کیا وہ یہ کہتے ہیں کہ اِس نے اُسے خود گھڑ لیا ہے (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تم بھی ایسی ہی گھڑی ہوئی دس سورتیں لے آؤ اور اللہ کے سوا جس کو بلا سکو (اپنی مدد کے لیے) بلالو۔ اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو۔ پھر اگر کچھ جواب نہ دیں تو جان لو کہ وہ اللہ کے علم سے اُتارا گیا ہے اور یہ کہ اُس کے سوا کوئی معبود نہیں تو کیا تم اسلام لانے والے ہو؟

-ھود ۱۱: ۱۳-۱۴-

۴۔ قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ﴿۸۸﴾

۴۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر (سارے) انسان اور جن اس بات پر جمع ہو جائیں کہ اس جیسا قرآن لے آئیں تو وہ اُس جیسا (ہرگز) نہ لائیں گے اگر چہ وہ ایک دوسرے کے مددگار ہوں۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۸۸-

۵۔ قُلْ فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ هُوَ اَهْدٰى مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۹﴾ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ فَاعْلَمْ اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ اَهْوَآءَهُمْ ؕ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۰﴾

۵۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تم اللہ کے پاس سے کوئی ایسی کتاب لاؤ جو ہدایت میں ان دونوں (تورات و قرآن) سے بڑھ کر ہو۔ میں اُسی پر چلنے لگوں گا اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو۔ پھر اگر وہ تجھے کچھ جواب نہ دیں تو جان لے کہ وہ محض اپنی خواہشوں پر چلتے ہیں اور اُس سے بڑھ کر گمراہ کون جو اللہ کی ہدایت کے بغیر اپنی خواہش پر چلا؟ بے شک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

-القصص ۲۸: ۴۹-۵۰-

۶۔ فَلْيَاْتُوْا بِحَدِيْثٍ مِّثْلِهٖٓ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿۳۴﴾

۶۔ پس انہیں چاہیے کہ وہ بھی ایسی ہی ایک حدیث لے آئیں اگر وہ (اپنے دعوے میں) سچے ہیں۔

-الطور ۵۲: ۳۴-

۷۔ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ؕ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ اَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ ۪ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۴۴﴾

۲۔ قرآن میں غیب کی خبروں کا ہونا

۷۔ (اے نبی ﷺ!) یہ غیب کی خبروں میں سے ہے جو ہم تیری طرف وحی کرتے ہیں اور تو (اس وقت) ان کے پاس نہیں تھا جب وہ اپنے قلم (پانی میں بطور قرعہ اندازی کے) ڈال رہے تھے کہ ان میں سے کون مریم کا ذمہ لے اور تو ان کے پاس نہیں تھا جب وہ آپس میں جھگڑ رہے تھے۔

-آل عمران ۳: ۴۴-

Marfat.com

۸۔ تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهَآ اِلَيْكَ ۚ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَآ اَنْتَ وَلَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هٰذَا ۛ فَاصْبِرْ ۛ اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۹﴾

۹۔ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ۚ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ اَجْمَعُوْٓا اَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۛ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۴﴾

۱۰۔ كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ مَا قَدْ سَبَقَ ۚ وَقَدْ اٰتَيْنٰكَ مِنْ لَّدُنَّا ذِكْرًا ﴿۹۹﴾

۱۱۔ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ اِذْ قَضَيْنَآ اِلٰى مُوْسَى الْاَمْرَ وَمَا كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَلٰكِنَّآ اَنْشَاْنَا قُرُوْنًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۚ وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۙ وَلٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَا وَلٰكِنْ رَّحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۶﴾

۱۲۔ وَيَرَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ

۱۳۔ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۭ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ﴿۸۲﴾

۱۴۔ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰي بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَكْثَرَ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۷۶﴾

۸۔ یہ غیب کی خبروں میں سے ہے جو ہم تیری طرف وحی کرتے ہیں اس سے پہلے نہ تو ان کو جانتا تھا اور نہ تیری قوم ہی۔ تو تو صبر کر۔ بے شک انجام (نیک) پرہیز گاروں کے لیے ہے۔

-ھود ۱۱: ۴۹-

۹۔ یہ غیب کی خبروں میں سے ہے جو ہم تیری طرف وحی کرتے ہیں اور تو ان کے پاس نہیں تھا جب وہ اپنے کام کو ٹھہرا رہے تھے اور وہ مکر کر رہے تھے اور اکثر آدمی اگرچہ تو حرص کرے، ایمان لانے والے نہیں ہیں۔ اور تو اس پر ان سے کچھ مزدوری نہیں مانگتا۔ وہ تو جہان والوں کے لیے ایک نصیحت ہے اور بس۔

-یوسف ۱۲: ۱۰۲-۱۰۴

۱۰۔ اسی طرح ہم تجھ سے وہ خبریں بیان کرتے ہیں جو پہلے ہو چکی ہیں اور بے شک ہم نے تجھے اپنے پاس سے نصیحت دی۔

-طٰہٰ ۲۰: ۹۹-

۱۱۔ اور (اے نبی ﷺ!) تو (طور کی) مغربی جانب میں نہ تھا جب ہم نے موسیٰ کی طرف حکم کا فیصلہ کیا تھا اور تو (اُس وقت وہاں) موجود نہ تھا۔ لیکن (بات یہ ہے کہ) ہم نے (اُس کے بعد) بہت سے قرن پیدا کیے پھر اُن کی لمبی عمریں گذر گئیں اور مدین کے رہنے والوں میں مقیم نہ تھا کہ ان پر ہماری آیتیں پڑھتا ہو لیکن (بات یہ ہے کہ) ہم (تجھے پیغمبر بنا کر) بھیجنے والے ہیں اور تو طور کے کنارے پر نہ تھا جب ہم نے (موسیٰ علیہ السلام کو) پکارا تھا لیکن (یہ تجھے) تیرے پروردگار کی رحمت سے (معلوم ہوا) تا کہ تو ان لوگوں کو ڈرائے جن کے پاس تجھ سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا تا کہ وہ نصیحت پکڑیں۔

-القصص ۲۸: ۴۴-۴۶-

۳۔ قرآن کا حق ہونا اہل علم جانتے ہیں

۱۲۔ اور جنہیں علم دیا گیا ہے انہیں یقین ہے کہ جو کچھ تیری طرف تیرے پروردگار کی جانب سے نازل کیا گیا ہے، وہی حق ہے۔

-سبا ۳۴: ۶-

۴۔ قرآن میں اختلاف کا نہ ہونا

۱۳۔ تو کیا وہ قرآن میں غور نہیں کرتے اور اگر وہ اللہ کے سوا کسی اَور کی طرف سے ہوتا تو بے شک وہ اُس میں بہت سا اختلاف پاتے۔

-النساء ۴: ۸۲-

۵۔ بنی اسرائیل کے صحیح صحیح حالات بیان کرنا

۱۴۔ بے شک یہ قران بنی اسرائیل پر اکثر وہ باتیں بیان کرتا ہے جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں۔

-النمل ۲۷: ۷۶-

۶۔ انبیائے سابقین کے صحیفوں میں مذکور ہونا

۱۵۔اور بے شک وہ پہلوں کے صحیفوں میں (مذکور) ہے۔

-الشعراء۲۶:۱۹۶-

۱۶۔بے شک یہ (قرآن) پہلوں کے صحیفوں میں (مذکور) ہے(یعنی) ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں۔

-الاعلیٰ۸۷:۱۸-۱۹-

۷۔ قرآن کی حقیقت اہلِ کتاب جانتے تھے

۱۷۔تو کیا میں اللہ کے سوا کسی اور کو فیصل تلاش کروں اور وہ وہ ہے جس نے تمہاری طرف مفصل کتاب اُتاری اور جنہیں ہم نے کتاب دی ہے وہ جانتے ہیں کہ بے شک وہ دین حق کے ساتھ تیرے پروردگار کی طرف سے اتارا گیا ہے۔تو تو ہرگز شک کرنے والوں میں نہ ہو۔

-الانعام۶:۱۱۴-

۱۸۔کیا اُن کے لیے یہ نشانی (کافی) نہیں ہے کہ بنی اسرائیل کے عالم اُس کو جانتے ہیں۔

-الشعراء۲۶:۱۹۷-

۸۔ قرآن کے من جانب اللہ ہونے پر ایک عالمِ بنی اسرائیل کی شہادت

۱۹۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ بھلا بتلاؤ تو اگر یہ (قرآن) اللہ کی طرف سے ہو اور تم نے اس کا انکار کیا اور بنی اسرائیل میں سے ایک گواہ اس جیسے (قرآن) کی گواہی بھی دے چکا۔ چنانچہ وہ ایمان لے آیا اور تم نے غرور کیا (تو اس حالت میں تمہارا کیا انجام ہوگا)۔ بے شک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

-الاحقاف۴۶:۱۰-

۱۵۔وَاِنَّهٗ لَفِیْ زُبُرِ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۱۵﴾

۱۶۔اِنَّ هٰذَا لَفِی الصُّحُفِ الْاُوْلٰی ﴿۱۶﴾ صُحُفِ اِبْرٰهِیْمَ وَمُوْسٰی ﴿۱۷﴾

۱۷۔اَفَغَیْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِیْ حَكَمًا وَّهُوَ الَّذِیْۤ اَنْزَلَ اِلَیْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ؕ وَالَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِیْنَ ﴿۱۸﴾

۱۸۔اَوَلَمْ یَكُنْ لَّهُمْ اٰیَةً اَنْ یَّعْلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ ﴿۱۹﴾

۱۹۔قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْۢ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ عَلٰی مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۲۰﴾

۲۰۔وَاِذْ صَرَفْنَاۤ اِلَیْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ یَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْۤا اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا قُضِیَ وَلَّوْا اِلٰی قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِیْنَ ﴿۲۱﴾ قَالُوْا یٰقَوْمَنَاۤ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰی مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ یَهْدِیْۤ اِلَی الْحَقِّ وَاِلٰی طَرِیْقٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۲۲﴾ یٰقَوْمَنَاۤ اَجِیْبُوْا دَاعِیَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ یَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَیُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ ﴿۲۳﴾ وَمَنْ لَّا یُجِبْ دَاعِیَ اللّٰهِ فَلَیْسَ بِمُعْجِزٍ فِی الْاَرْضِ وَلَیْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِیَآءُ ؕ اُولٰٓئِكَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۲۴﴾

۹۔ قرآن پر جنوں کا ایمان لانا

۲۰۔اور (اے نبی ﷺ!) وہ وقت یاد کر کہ جب ہم نے جنوں کے کچھ اشخاص تیری طرف پھیر دیے کہ قرآن سنیں۔ سو جب وہ اُس (کی تلاوت) پر آموجود ہوئے تو بولے کہ خاموش رہو۔ پھر تلاوت ختم کی گئی اور وہ ڈرانے کے لیے اپنی قوم کی طرف واپس آئے۔ کہنے لگے کہ بھائیو! ہم نے ایک کتاب سُنی جو موسیٰ کے بعد اتاری گئی ہے۔ وہ اس کی تصدیق کرتی ہے جو اُس سے پہلے ہے، حق کی طرف اور سیدھی راہ پر لگاتی ہے۔ بھائیو! اللہ کے منادی کی بات قبول کرو اور اس پر ایمان لاؤ۔ وہ تمہیں تمہارے گناہ بخش دے گا اور دردناک عذاب سے تمہیں نجات دے گا۔ اور جو اللہ کے منادی کی بات قبول نہ کرے گا وہ زمین پر عاجز کرنے والا نہیں ہے اور اس کے اللہ کے سوا کوئی دوست نہیں، وہ کھلی گمراہی میں ہیں۔

-الاحقاف۴۶:۲۹-۳۲-

Marfat.com

۲۱۔ قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۙ۝
یَّهْدِیْٓ اِلَی الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۙ۝ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰی جَدُّ رَبِّنَا
مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۙ۝ وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَی اللّٰهِ شَطَطًا ۙ۝ وَّ
اَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ تَقُوْلَ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا ۙ۝ وَّاَنَّهٗ كَانَ رِجَالٌ
مِّنَ الْاِنْسِ يَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوْهُمْ رَهَقًا ۙ۝ وَّاَنَّهُمْ ظَنُّوْا كَمَا
ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ اَحَدًا ۙ۝ وَّاَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ فَوَجَدْنٰهَا مُلِئَتْ
حَرَسًا شَدِيْدًا وَّشُهُبًا ۙ۝ وَّاَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ؕ فَمَنْ يَّسْتَمِعِ
الْاٰنَ يَجِدْ لَهٗ شِهَابًا رَّصَدًا ۙ۝ وَّاَنَّا لَا نَدْرِیْٓ اَشَرٌّ اُرِيْدَ بِمَنْ فِی الْاَرْضِ
اَمْ اَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا ۙ۝ وَّاَنَّا مِنَّا الصّٰلِحُوْنَ وَمِنَّا دُوْنَ ذٰلِكَ ؕ كُنَّا
طَرَآئِقَ قِدَدًا ۙ۝ وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ نُّعْجِزَ اللّٰهَ فِی الْاَرْضِ وَلَنْ نُّعْجِزَهٗ
هَرَبًا ۙ۝ وَّاَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا الْهُدٰٓی اٰمَنَّا بِهٖ ؕ فَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِرَبِّهٖ فَلَا يَخَافُ بَخْسًا
وَّلَا رَهَقًا ۙ۝ وَّاَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُوْنَ وَمِنَّا الْقٰسِطُوْنَ ؕ فَمَنْ اَسْلَمَ فَاُولٰٓئِكَ تَحَرَّوْا
رَشَدًا ۙ۝ وَاَمَّا الْقٰسِطُوْنَ فَكَانُوْا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ۙ۝ وَّاَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوْا عَلَی
الطَّرِيْقَةِ لَاَسْقَيْنٰهُمْ مَّآءً غَدَقًا ۙ۝ لِّنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ وَمَنْ يُّعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ
رَبِّهٖ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ۙ۝ وَّاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ۙ۝ وَّ
اَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا ۙ۝

۲۱۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میری طرف یہ وحی کی گئی ہے کہ جنوں کے کچھ اشخاص نے (قرآن) سنا تو انہوں نے کہا کہ ہم نے عجیب قرآن سنا۔ وہ ہدایت کی طرف لگاتا ہے۔ سو ہم تو اس پر ایمان لے آئے اور ہم اپنے پروردگار کے ساتھ ہرگز کسی کو شریک نہیں کریں گے۔ اور بے شک ہمارے پروردگار کی عزت بلند ہے، اس نے نہ بیوی اختیار کی نہ اولاد۔ اور بے شک ہمارے بیوقوف اللہ پر زیادتی کی باتیں کہا کرتے تھے اور ہم خیال کرتے تھے کہ انسان اور جن ہرگز اللہ پر جھوٹ نہ بولیں گے اور انسانوں میں سے کچھ اشخاص جنوں میں سے بعض اشخاص کی پناہ پکڑتے تھے تو انہوں نے ان کا غرور اور بڑھا دیا۔ اور جیسا تم نے گمان کیا انہوں نے بھی یہی گمان کیا تھا کہ اللہ کسی کو (پیغمبر بنا کر) نہیں بھیجے گا اور ہم نے آسمانوں کو ٹٹولا تو ہم نے اُن کو سخت چوکیداروں اور آگ کے شعلوں سے بھرا ہوا پایا۔ اور (پہلے) ہم اُن میں سننے کی جگہ بیٹھ جایا کرتے تھے مگر جو اب سنتا ہے تو وہ اپنے لیے آگ کا ایک شعلہ گھات میں لگا ہوا پاتا ہے اور ہم نہیں جانتے کہ ان لوگوں کے لیے جو زمین میں ہیں شر کا ارادہ کیا گیا ہے یا اُن کے لیے اُن کے پروردگار نے بھلائی کا ارادہ کیا ہے اور بے شک ہم میں سے بعض نیک ہیں اور بعض ہم میں سے اس کے برعکس ہیں۔ ہم مختلف راہوں والے ہیں اور بے شک ہمیں یقین ہو گیا کہ ہرگز ہم اللہ کو نہ زمین میں (چھپ کر) عاجز کر سکیں گے اور نہ کہیں بھاگ کر اُس کو عاجز کر سکیں اور ہم ہدایت کی بات پر جب ہم نے اُس کو سنا، ایمان لے آئے۔ سو جو اپنے پروردگار پر ایمان لائے گا وہ نہ کمی سے ڈرے گا نہ زیادتی سے۔ اور بے شک ہم میں بعض مسلمان ہیں اور بعض ہم میں ناانصاف۔ پس جو اسلام لایا تو انہیں نے بھلائی کا قصد کیا اور جو ظالم ہیں وہ دوزخ کا ایندھن بنے۔ اور (میری طرف یہ وحی کی گئی ہے) کہ اگر یہ لوگ راہ پر قائم رہتے تو ہم ان کو ضرور وافر پانی پلاتے۔ تاکہ ہم اُن کو اُس میں آزمائیں۔ اور جو شخص اپنے پروردگار کی یاد سے مونہہ پھیرے گا وہ اُس کو سخت عذاب میں داخل کرے گا۔ اور یہ (وحی کی گئی ہے) کہ مسجدیں سب اللہ (کی عبادت) کے لیے ہیں تو تم اللہ کے ساتھ اور کسی کو نہ پکارو۔ اور یہ کہ جب اللہ کا بندہ (محمد ﷺ) اُس کو پکارنے کھڑا ہوا تو وہ (جن) قریب تھے کہ اُس پر ایک کے اوپر ایک گر پڑیں۔

-الجن ۷۲: ۱-۱۹-

Marfat.com

مناظرات

۱۔ (اللہ نے مویشیوں کے) آٹھ جوڑے پیدا کیے۔ بھیڑ کے دو (نر و مادہ) اور بکری کے دو۔ (اے نبی ﷺ!) پوچھ کہ اللہ نے دونروں کو حرام کیا ہے یا مادینوں کو یا اس کو جو دونوں مادینوں کے رحم کے اندر ہے؟ اگر تم سچے ہو تو مجھے علم سے بتلاؤ۔ اور اونٹ سے دو اور گائے سے دو۔ (اے نبی ﷺ!) پوچھ کہ (اللہ نے) دونروں کو حرام کیا ہے یا دو مادینوں کو۔ یا اُس کو جو دونوں مادینوں کے رحم کے اندر ہے؟ یا تم اس وقت موجود تھے جب تمہیں اللہ نے اُس کی وصیت فرمائی تھی؟ سو اس سے بڑھ کر ظالم کون؟ جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا تاکہ بغیر علم کے لوگوں کو گمراہ کرے۔ بے شک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

-الانعام ۶: ۱۴۳-۱۴۴-

۲۔ بلکہ انہوں نے اُسی طرح کہا جس طرح (اُن سے) پہلوں نے کہا تھا۔ کہا کہ بھلا جب ہم مر گئے اور مٹی اور ہڈیاں ہو گئے تو کیا ہم پھر اٹھائے جائیں گے۔ یہ وعدہ ہم سے بھی کیا گیا اور اب سے پہلے ہمارے باپ دادوں سے بھی۔ یہ تو کچھ بھی نہیں صرف اگلوں کی کہانیاں ہیں۔ (اے نبی ﷺ!) پوچھ کہ زمین اور جو (آدمی) اُس میں ہیں۔ وہ کس کی ملک ہیں؟ اگر تم جانتے ہو تو (بتلاؤ)۔ وہ اس کا جواب دیں گے کہ اللہ کی۔ (اے نبی ﷺ!) پوچھ کہ پھر تم نصیحت کیوں نہیں پکڑتے؟ پوچھ کہ سات آسمانوں کا پروردگار اور عرشِ عظیم کا پروردگار کون ہے؟ وہ کہیں گے کہ یہ اللہ ہی کی

۱۔ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ۗ قُلْ
آٰلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ
الْاُنْثَيَيْنِ ۗ نَبِّـُٔوْنِيْ بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۴۳﴾ وَمِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَ
مِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ۗ قُلْ آٰلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا
اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ۗ اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ وَصّٰىكُمُ
اللّٰهُ بِهٰذَا ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا لِّيُضِلَّ النَّاسَ
بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۴﴾

۲۔ بَلْ قَالُوْا مِثْلَ مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿۸۱﴾ قَالُوْٓا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّ
عِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۸۲﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا هٰذَا مِنْ قَبْلُ
اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸۳﴾ قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ
كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۴﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۗ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۵﴾ قُلْ مَنْ
رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۸۶﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۗ قُلْ
اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۸۷﴾ قُلْ مَنْۢ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ يُجِيْرُ وَلَا
يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۸﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۗ قُلْ فَاَنّٰى
تُسْحَرُوْنَ ﴿۸۹﴾ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۹۰﴾

۳۔ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْ حَآجَّ اِبْرٰهٖمَ فِيْ رَبِّهٖٓ اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ ۘ اِذْ قَالَ

ملک ہیں۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ کہ پھر تم ڈرتے نہیں؟ پوچھ کہ وہ کون ہے جس کے ہاتھ میں ہر شے کی سلطنت ہے اور وہ پناہ دیتا ہے اور اُس کے خلاف ہو کر (کسی کو) پناہ نہیں دی جاتی؟ اگر تم جانتے ہو (تو بتلاؤ)۔ وہ کہیں گے کہ یہ سب کچھ اللہ کا ہے۔ کہہ دے کہ پھر تم کو جادو کہاں سے ہو جاتا ہے؟ بلکہ ہم تو اُن کے پاس حق لائے ہیں اور بے شک وہ جھوٹے ہیں۔

-المؤمنون ۲۳: ۸۱-۹۰

۳۔ (اے پیغمبر ﷺ!) کیا تم نے اس شخص پر نظر نہیں کی جو ابراہیم سے اُن کے پروردگار کے بارے میں محض اس لیے حجت کرنے لگا کہ اللہ نے اُس کو سلطنت دی تھی۔ جب ابراہیم نے کہا کہ میرا پروردگار تو وہ ہے جو زندہ کرتا اور مارتا ہے۔ وہ بولا کہ میں بھی جلاتا اور مارتا ہوں۔ ابراہیم نے کہا اچھا اللہ تو آفتاب کو مشرق سے نکالتا

Marfat.com

ہے تو اُس کو مغرب سے نکالے تو جانیں۔ اس پر وہ کافر ہکا بکا ہو کر رہ گیا۔ اللہ ضدی لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا؟

-البقرۃ۲:۲۵۸-

مواعظ القرآن

۱۔ عبرت امم سابقہ کے حالات سے

۱۔(لوگو!) تم سے پہلے دستور پڑ چکے ہیں تو تم ملک میں سیر کرو اور دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا انجام کیا (برا) ہوا۔ یہ لوگوں کے لیے بیان ہے اور متقیوں کے لیے ہدایت اور نصیحت۔

-آل عمران۳:۱۳۷-۱۳۸-

۲۔اور اُن کے پاس اُن کے پروردگار کی نشانیوں میں سے جو نشانی بھی آتی ہے اُسی کی طرف سے وہ مونہہ پھیر لیتے ہیں۔ سو بے شک وہ تو حق کو جب اُن کے پاس آیا جھٹلا چکے۔ اب عنقریب ہی اُن کے پاس اُس بات کی خبریں آئیں گی جس کی (وہ) ہنسی اڑایا کرتے تھے۔ کیا وہ یہ نہیں دیکھتے کہ اُن سے پہلے ہم نے کتنی ہی بستیاں ہلاک کر ماریں، ہم نے انہیں ملک میں وہ عروج دیا تھا جو تمہیں نہیں دیا اور ہم نے ان پر آسمان کی دھاریں چھوڑ دی تھیں۔ اور ان کے (محلوں کے) نیچے ہم نے نہریں جاری کر رکھی تھیں پھر ہم نے انہیں اُن کے گناہوں (کی سزا) میں ہلاک کر دیا اور اُن کے بعد ہم نے دوسرے لوگ پیدا کر دیے۔

-الانعام۶:۴-۶-

۱۔ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۳۷﴾ هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۸﴾

۲۔ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿۴﴾ فَقَدْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۭ فَسَوْفَ يَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۵﴾ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ لَّكُمْ وَاَرْسَلْنَا السَّمَاۗءَ عَلَيْهِمْ مِّدْرَارًا ۠ وَّجَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿۶﴾

۳۔ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۰﴾

۴۔ قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۱﴾

۵۔ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَاۗءِ وَالضَّرَّاۗءِ لَعَلَّهُمْ اِبْرٰهِمُ رَبِّيَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۙ قَالَ اَنَا اُحْيٖ وَاُمِيْتُ ۭ قَالَ اِبْرٰهِمُ فَاِنَّ اللّٰهَ يَاْتِيْ بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِيْ كَفَرَ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۵۸﴾

۳۔اور (اے نبی ﷺ!) بے شک تجھ سے پہلے بھی رسولوں کے ساتھ ٹھٹھا کیا گیا تھا تو جو لوگ ان میں ٹھٹھا کرتے تھے اُن کو اسی عذاب نے آگھیرا جس کی وجہ سے وہ ٹھٹھا کیا کرتے تھے۔

-الانعام۶:۱۰-

۴۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تم ملک کی سیر کرو پھر غور کرو کہ جھٹلانے والوں کا انجام کیسا (بُرا) ہوا۔

-الانعام۶:۱۱-

۵۔اور (اے نبی ﷺ!) بے شک ہم نے تجھ سے پہلی اُمتوں کی طرف بھی پیغمبر بھیجے۔ پھر ہم نے انہیں محتاجی اور تکلیفوں میں مبتلا کیا تاکہ وہ (ہمارے آگے گڑگڑائیں۔ پس جب ہمارا عذاب اُن پر آیا وہ کیوں نہ گڑگڑائے۔ بلکہ ان کے دل (اَور) سخت ہو گئے اور جو (بُرے) کام وہ کیا کرتے تھے اُن کو

شیطان نے اُن کی نظر میں اچھا کر دکھلایا۔ پس جب وہ اُس نصیحت کو بھول گئے جو انہیں کی گئی تھی تو ہم نے اُن پر ہر (آرام کی) چیز کے دروازے کھول دیے۔ یہاں تک کہ جب وہ اُس (نعمت) سے جو اُنہیں دی گئی تھی خوش ہو گئے تو اچانک اُنہیں ہم نے (عذاب میں) دھر پکڑا، تو فوراً ہی وہ ناامید تھے۔ سو اُن لوگوں کی، جو ظلم کرتے تھے جڑ کاٹ دی گئی اور سب تعریف اللہ کے لیے ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے۔

-الانعام ۶: ۴۲-۴۵-

۶۔ اور کتنی ہی بستیاں ہیں جن کو ہم نے ہلاک کر مارا اُن پر رات کو سوتے وقت ہمارا عذاب آیا یا اُس وقت جب وہ دوپہر کو سو رہے تھے۔ سو جب اُن پر ہمارا عذاب آیا اس وقت اُن کا قول بجز اس کے اور کچھ نہ تھا کہ بے شک ہم ہی ظالم تھے۔

-الاعراف ۷: ۴-۵-

۷۔ اور ہم نے جس بستی میں بھی کوئی نبی بھیجا اُسی کے باشندوں کو محتاجی اور مرض میں مبتلا کیا تا کہ وہ (ہمارے آگے) گڑگڑائیں پھر ہم نے تکلیف کی جگہ کو آرام سے بدل دیا۔ یہاں تک کہ وہ کثیر ہو گئے اور کہنے لگے کہ تکلیف اور آرام تو ہمارے پہلے باپ دادوں کو بھی پہنچا تھا۔ تب ناگہاں ہم نے انہیں (عذاب میں) پکڑ لیا اور انہیں خبر تک بھی نہ ہوئی۔ اور اگر بستیوں والے ایمان لے آتے اور (اللہ سے) ڈرتے تو ہم ضرور اُن پر برکتوں کے دروازے کھول دیتے، آسمان سے بھی اور زمین سے بھی۔ لیکن انہوں نے (دینِ حق کو) جھٹلایا تو ہم نے انہیں اُن کی بری کمائی کی سزا میں پکڑ

يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۴۲﴾ فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ ؕ حَتّٰٓى اِذَا فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ﴿۴۴﴾ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ؕ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۵﴾

۶۔ وَكَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَآءَهَا بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْهُمْ قَآئِلُوْنَ ﴿۴﴾ فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَآ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۵﴾

۷۔ وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّآ اَخَذْنَآ اَهْلَهَا بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُوْنَ ﴿۹۴﴾ ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى عَفَوْا وَّقَالُوْا قَدْ مَسَّ اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ وَالسَّرَّآءُ فَاَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۹۵﴾ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۹۶﴾ اَفَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا بَيَاتًا وَّهُمْ نَآئِمُوْنَ ﴿۹۷﴾ اَوَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًى وَّهُمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿۹۸﴾ اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ ۚ فَلَا يَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۹۹﴾ اَوَلَمْ يَهْدِ لِلَّذِيْنَ

لیا۔ کیا بستیوں والے اس سے نڈر ہو گئے ہیں کہ ہمارا عذاب اُن پر رات کو جب وہ پڑے سو رہے ہوں آ نازل ہو۔ یا بستیوں والے اس بات سے نڈر ہو گئے ہیں؟ کہ ہمارا عذاب اُن پر پھر دن چڑھے جب وہ کھیل رہے ہوں آ نازل ہو۔ کیا وہ اللہ کی تدبیر سے نڈر ہو گئے ہیں سو اللہ کی تدبیر سے تو صرف وہی لوگ نڈر ہوتے ہیں جو گھاٹا اٹھانے والے ہیں۔ کیا ان لوگوں کو جو زمین کے (پہلے) باشندوں کے بعد اُس کے وارث ہوئے ہیں، اس بات سے ہدایت نہیں ہوئی کہ اگر ہم چاہیں تو انہیں ان کے گناہوں (کی سزا) میں پکڑ لیں اور (اے نبی ﷺ!) ہم اُن کے دلوں پر مُہر کر دیتے ہیں تو وہ سنتے ہی نہیں۔ (اے نبی ﷺ!) یہ بستیاں ہیں ہم ان کی خبریں تجھ سے بیان کرتے ہیں اور بے شک اُن کے پیغمبر ان کے پاس کھلی دلیلیں لے کر آئے۔ تو وہ ایسے کہاں تھے کہ جس بات کو وہ پہلے جھٹلا چکے

Marfat.com

تھے اس پر ایمان لے آتے۔ یوں اللہ کافروں کے دلوں پر مہر لگا دیتا ہے اور ہم نے اُن میں سے اکثر کے لیے عہد (پر قیام) نہ پایا۔ اور بے شک ہم نے اُن میں سے اکثر کو بدکار پایا۔ پھر ہم نے اُن کے بعد موسیٰ کو اپنی نشانیاں دے کر فرعون اور اُس کے لوگوں کی طرف بھیجا تو اُنہوں نے اُن (نشانیوں) کے ساتھ ظالمانہ برتاؤ کیا تو (اے نبی ﷺ!) دیکھ کہ اُن مفسدوں کا کیسا (برا) انجام ہوا۔

-الاعراف-۷: ۹۴-۱۰۳-

۸-اور جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ ہمیں اپنے پہلو پر (لیٹا) یا بیٹھا یا کھڑا (ہر حالت میں) پکارتا ہے۔ پھر جب ہم اُس سے اس کی تکلیف دور کر دیتے ہیں تو وہ ایسا ہو جاتا ہے کہ گویا اُس نے ہم کو کبھی کسی تکلیف کی طرف جو اُس کو پہنچی تھی، بلایا ہی نہیں تھا۔ اُسی طرح حد سے باہر نکل جانے والوں کی نظر میں وہ کام اچھے دکھلائے گئے ہیں جو وہ کرتے ہیں۔ اور بے شک ہم نے تم سے پہلے وقتوں کے لوگوں کو جب انہوں نے ظلم کیا ہلاک کر دیا اور اُن کے پیغمبر اُن کے پاس کھلی دلیلیں لے کر آئے اور وہ ایسے نہ تھے کہ ایمان لے آتے۔ اسی طرح کی سزا ہم گنہگار لوگوں کو دیتے ہیں پھر ہم نے اُن کے بعد ملک میں تمہیں (اُن کا) جانشین بنایا تا کہ ہم

يَرِثُوْنَ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ اَهْلِهَآ اَنْ لَّوْ نَشَآءُ اَصَبْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ ۚ وَ نَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ۝ تِلْكَ الْقُرٰى نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآئِهَا ۚ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ وَمَا وَجَدْنَا لِاَكْثَرِهِمْ مِّنْ عَهْدٍ ۚ وَاِنْ وَّجَدْنَآ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِيْنَ ۝ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَظَلَمُوْا بِهَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ۝

۸-وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖۤ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآئِمًا ۚ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَآ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا ۙ وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ۝

۹-فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ۝

۱۰-ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْقُرٰى نَقُصُّهٗ عَلَيْكَ مِنْهَا قَآئِمٌ وَّحَصِيْدٌ ۝ وَمَا

دیکھیں کہ تم کیسے عمل کرتے ہو۔

-یونس-۱۰: ۱۲-۱۴-

۹-تو (اے نبی ﷺ!) دیکھ کہ اُن ڈرائے ہوؤں کا کیسا (بُرا) انجام ہوا۔

-یونس-۱۰: ۷۳-

۱۰-(اے نبی ﷺ!) یہ بستیوں کی خبریں ہیں جو ہم تجھ سے بیان کرتے ہیں۔ بعض اُن میں سے موجود ہیں اور بعض اُجڑ گئیں اور

Marfat.com

ہم نے اُن پر ظلم نہیں کیا لیکن انہوں نے خود اپنی جانوں پر ظلم کیا۔ سو اُن کے وہ معبود جنہیں وہ اللہ کے سوا پکارا کرتے تھے جب تیرے پروردگار کا حکم و عذاب آ پہنچا اُن کے لیے کچھ بھی مفید ثابت نہ ہوئے اور اُنہوں نے اُن کی ہلاکت ہی بڑھائی۔ اور (اے نبی ﷺ) تیرے پروردگار کی پکڑ جب وہ بستیوں کو اُن کے ظلم کے سبب پکڑتا ہے ایسی ہی ہوتی ہے۔ بے شک اس کی پکڑ سخت درد دینے والی ہے۔ بے شک اس (بیان) میں اُس شخص کے لیے (کافی) نشانی ہے جو آخرت کے عذات سے ڈرتا ہے۔ یہ (آخرت) ایک دن ہے جس کے لیے لوگ اکٹھے کئے جائیں اور وہ (سب کی) حاضری کا دن ہے اور ہم اُس کو صرف ایک گنی ہوئی میعاد کے لیے پیچھے ہٹائے ہیں۔

-هود ۱۱: ۱۰۰-۱۰۴-

۱۱۔ اور آسمانوں اور زمین میں کتنی ہی نشانیاں ہیں جن پر وہ گزرتے ہیں اور وہ اُن سے منہ پھیر لیتے ہیں اور اُن سے اکثر بغیر شرک کئے اللہ پر ایمان نہیں لاتے۔ تو کیا وہ اس بات سے نڈر ہو گئے ہیں کہ اُن پر اللہ کا چھا جانے والا عذاب آ جائے یا اُن پر ایسے حال میں قیامت آ جائے کہ اُنہیں خبر تک بھی نہ ہو؟ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ

ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَمَآ اَغْنَتْ عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ الَّتِيْ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ لَّمَّا جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ وَمَا زَادُوْهُمْ غَيْرَ تَتْبِيْبٍ ﴿۱۰۱﴾ وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ ؕ اِنَّ اَخْذَهٗٓ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ﴿۱۰۲﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ النَّاسُ وَذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ﴿۱۰۳﴾ وَمَا نُؤَخِّرُهٗٓ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ﴿۱۰۴﴾

۱۱۔ وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۶﴾ اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۣ عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ؕ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ؕ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ حَتّٰٓى اِذَا اسْتَيْـَٔسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَآءَهُمْ نَصْرُنَا ۙ فَنُجِّيَ مَنْ نَّشَآءُ ؕ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۰﴾ لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ

یہ میری راہ ہے۔ میں بصیرت پر ہو کر تمہیں اللہ کی طرف بلاتا ہوں اور جو میرے پیرو ہیں وہ بھی اور اللہ (ہر عیب سے) پاک ہے اور میں مشرکوں میں نہیں ہوں۔ اور (اے نبی ﷺ!) تجھ سے پہلے ہم نے بستیوں میں سے آدمی ہی رسول بنا کر بھیجے۔ ہم اُن کی طرف وحی بھیجتے تھے تو کیا انہوں نے ملک کی سیر نہیں کی جو وہ دیکھ لیتے کہ جو لوگ اُن سے پہلے ہوئے ہیں، ان کا انجام کیسا (بُرا) ہوا؟ اور بے شک آخرت کا گھر اُن کے لیے جو ڈرتے ہیں بہتر ہے۔ تو کیا تم ڈرتے نہیں؟

Marfat.com

لِّاُولِی الْاَلْبَابِ ؕ مَا كَانَ حَدِیْثًا یُّفْتَرٰی وَلٰكِنْ تَصْدِیْقَ الَّذِیْ
بَیْنَ یَدَیْهِ وَتَفْصِیْلَ كُلِّ شَیْءٍ وَّهُدًی وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

۱۲۔ قَدْ مَكَرَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتَى اللّٰهُ بُنْیَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ
عَلَیْهِمُ السَّقْفُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَیْثُ
لَا یَشْعُرُوْنَ ﴿۲۶﴾

۱۳۔ هَلْ یَنْظُرُوْنَ اِلَّاۤ اَنْ تَاْتِیَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ یَاْتِیَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ كَذٰلِكَ
فَعَلَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ كَانُوْۤا اَنْفُسَهُمْ
یَظْلِمُوْنَ ﴿۳۳﴾ فَاَصَابَهُمْ سَیِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ
یَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۴﴾

۱۴۔ وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِیْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا
الطَّاغُوْتَ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ هَدَی اللّٰهُ وَمِنْهُمْ مَّنْ حَقَّتْ عَلَیْهِ الضَّلٰلَةُ ؕ
فَسِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِیْنَ ﴿۳۶﴾

۱۵۔ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْیَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً یَّاْتِیْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا
مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ
وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا یَصْنَعُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ
فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

یہاں تک کہ جب رسول (فتح سے) مایوس ہو گئے اور انہیں یہ خیال ہو گیا کہ ان سے جھوٹ بولا گیا۔ تب ہماری مدد اُن کے پاس آ پہنچی۔ تو جسے ہم چاہتے تھے اُسے نجات دی گئی اور گنہگار لوگوں سے ہمارا عذاب ہٹایا نہیں جاتا۔ بے شک ان کے قصوں میں عقل مندوں کے لیے (بڑی) عبرت ہے (یہ جو ہم نے بیان کیا کچھ) بنائی ہوئی بات نہیں بلکہ جو (کتاب) اُس سے پہلے ہے اُس کی تصدیق اور ہر چیز کی تفصیل اور ایمان دار لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

۔یوسف ۱۲: ۱۰۵۔۱۱۱۔

۱۲۔ ان سے پہلے لوگوں نے بھی داؤ کھیلا تھا اور اللہ کا عذاب اُن کی عمارتوں پر اُن کی بنیادوں کی طرف سے آ موجود ہوا اور چھت اُن کے اوپر سے گر پڑی اور اُن پر ایسی جگہ سے عذاب آیا جہاں کی اُنہیں خبر بھی نہ تھی۔

۔النحل ۱۶: ۲۶۔

۱۳۔ کیا یہ لوگ اسی بات کے منتظر ہیں کہ اُن کے پاس (عذاب کے) فرشتے آ پہنچیں یا تیرے پروردگار کا حکم (عذاب) آ جائے۔ اسی طرح اُن لوگوں نے کیا تھا جو ان سے پہلے ہوئے ہیں اور اللہ نے اُن پر ظلم نہیں کیا لیکن وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔ سو جو برے کام وہ کیا کرتے تھے اُن کی برائیاں اُن پر آ موجود ہوئیں اور اُن کو اُسی (عذاب) نے گھیرا جس کی ہنسی اڑایا کرتے تھے۔

۔النحل ۱۶: ۳۳۔۳۴۔

۱۴۔ اور بے شک ہم نے ہر امت میں ایک رسول یہ پیغام دے کر بھیجا کہ اللہ کی عبادت کرو اور گمراہ کرنے والوں (بتوں) سے علیحدہ رہو۔ سو اُن میں سے کسی کو تو اللہ نے ہدایت کی اور کوئی ان میں سے وہ ہوا جس پر گمراہی آ کر چمٹ گئی۔ تو تم ملک کی سیر کرو پھر دیکھو کہ ظالموں کا انجام کیسا (برا) ہوا۔

۔النحل ۱۶: ۳۶

۱۵۔ اور اللہ نے ایک گاؤں کی کہاوت بیان فرمائی۔ وہ ہر طرح سے امن و اطمینان میں تھا۔ ہر طرف سے کثرت سے اُس کے پاس اُس کی روزی آتی تھی۔ اُس نے اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کی۔ تب اللہ نے اُس کو بھوک اور خوف کے لباس کا مزہ چکھایا۔ بدلہ اُن بُرے اعمال کا جو وہ کیا کرتے تھے۔ اور بے شک اُن کے پاس اُن ہی میں سے ایک رسول آیا اور انہوں نے اُسے جھٹلایا۔ سو عذاب نے اُنہیں پکڑ لیا اور وہ لوگ ظالم تھے۔

۔النحل ۱۶: ۱۱۲۔۱۱۳

Marfat.com

۱۶۔ وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا ﴿۱۶﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ﴿۱۷﴾

۱۷۔ وَتِلْكَ الْقُرٰٓى اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا ﴿۵۹﴾

۱۸۔ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ ؕ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ﴿۹۸﴾

۱۹۔ اَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي النُّهٰى ﴿۱۲۸﴾ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَكَانَ لِزَامًا وَّاَجَلٌ مُّسَمًّى ﴿۱۲۹﴾ ؕ

۲۰۔ وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَّاَنْشَاْنَا بَعْدَهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ﴿۱۱﴾ فَلَمَّآ اَحَسُّوْا بَاْسَنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَرْكُضُوْنَ ﴿۱۲﴾ ؕ لَا تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۱۳﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۱۴﴾ فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ﴿۱۵﴾

۲۱۔ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُوْدُ ﴿۱۰۵﴾ وَقَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ وَقَوْمُ لُوْطٍ ﴿۷۴﴾ وَّاَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ مُوْسٰى فَاَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۴۴﴾ فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا

۱۶۔اور جب ہم یہ چاہتے ہیں کہ کسی بستی کو ہلاک کریں تو اُس کے خوش حال لوگوں کو ہم امارت میں اور بڑھاتے ہیں پھر وہ اُس امارت میں نافرمانی کرتے ہیں تو (عذاب کی) بات اُس بستی پر ثابت ہو جاتی ہے اور اُس وقت ہم اُس کو تباہ کر ڈالتے ہیں ع اور ہم نے نوح کے بعد کتنی ہی اُمتوں کو ہلاک کر دیا اور تیرا پروردگار اپنے بندوں کے گناہوں سے کافی خبردار ہے (اور) دیکھنے والا۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۱۶-۱۷-

۱۷۔اور (اے نبی ﷺ!) یہ بستیاں جنہیں ہم نے اُن کے ظلم کی سزا میں ہلاک کر دیا اور ہم نے اُن کی ہلاکت کے لیے ایک وقت مقرر کر رکھا تھا۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۵۹-

۱۸۔اور ان سے پہلے ہم نے کتنی ہی اُمتوں کو ہلاک کر دیا (اے نبی ﷺ!) کیا تو اُن میں سے کسی کو پاتا ہے یا اُن کی بھنبھناہٹ سنتا ہے؟

-مریم ۱۹: ۹۸-

۱۹۔کیا ان کو اس بات سے ہدایت نہیں کی کہ ہم نے پہلے کتنی امتوں کو ہلاک کر دیا جن کے گھروں میں چلتے پھرتے ہیں۔ بے شک اس میں عقل مندوں کے لیے نشانیاں ہیں اور (اے نبی ﷺ) اگر تیرے پروردگار کی طرف سے ایک بات پہلے ہی صادر نہ ہو چکی ہوتی اور ایک وقت مقرر نہ ہوتا تو ضرور انہیں عذاب آ چمٹتا۔

-طٰہٰ ۲۰: ۱۲۸-۱۲۹-

۲۰۔اور (اے نبی ﷺ) کتنی ہی بستیاں جو ظالم تھیں ہم نے توڑ پھوڑ ڈالیں۔ اور ان کے بعد دوسری قوموں کو پیدا کیا۔ سو جب ان لوگوں نے ہمارے عذب کی آہٹ پائی تو وہ اس بستی سے بھاگنے لگے۔ (ہم نے کہا) کہ بھاگو نہیں اور اسی عیش و آرام کی طرف جس میں تم تھے اور اپنے مکانوں کی طرف لوٹو شاید تم سے کچھ پوچھ کی جائے۔ انہوں نے کہا ہائے ہماری شامت! بے شک ہم ظالم تھے۔ سو برابر ان کی یہی پکار رہی یہاں تک کہ ہم نے ان کو کٹی ہوئی (کھیتی) بجھی ہوئی (آگ) بنا دیا۔

-الانبیاء ۲۱: ۱۱-۱۵-

۲۱۔اور (اے نبی ﷺ!) اگر وہ تجھے جھٹلائیں تو بے شک ان سے پہلے نوح کی قوم اور (قوم) عاد و ثمود نے بھی (اپنے پیغمبروں کو) جھٹلایا تھا۔ اور ابراہیم کی قوم اور لوط کی قوم نے بھی۔ اور مدین والوں نے بھی اور موسیٰ بھی جھٹلائے گئے تھے۔ تو اول میں نے ان کافروں کو مہلت دی۔ پھر میں نے انہیں پکڑا تو (دیکھا کہ) میرا عذاب کیسا (سخت) تھا۔ سو کتنی ہی بستیاں ہیں جنہیں ہم نے ان کو ظلم کے سبب

Marfat.com

وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿۴۵﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَآ اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ ﴿۴۶﴾

۲۲۔ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ وَاِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿۴۸﴾

۲۳۔ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۴﴾

۲۴۔ قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۶۹﴾

۲۵۔ وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ مِّنْۢ بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِيْلًا ۭ وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۵۸﴾

۲۶۔ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاَثَارُوا الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَآ اَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا وَجَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۭ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۹﴾ ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَاۗءُوا السُّوْٓاٰى اَنْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۱۰﴾

۲۷۔ ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيْقَهُمْ بَعْضَ الَّذِيْ عَمِلُوْا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۴۱﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلُ ۭ كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّشْرِكِيْنَ ﴿۴۲﴾

ہلاک کر دیا کہ وہ اپنی چھتوں پر گری پڑی ہیں اور کتنے ہی ناکارہ کنوئیں ہیں اور کتنے ہی اونچے محل (اجاڑ) پڑے ہیں۔ تو کیا انہوں نے ملک کی سیر نہیں کہ ان کے دل ہوتے جن سے وہ سمجھتے یا کان ہوتے جن سے وہ سنتے۔ کچھ شک نہیں کہ آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں بلکہ وہ دل اندھے ہو جاتے ہیں، جو سینوں میں ہیں۔

۔الحج ۲۲: ۴۲۔۴۶۔

۲۲۔ اور کتنی ہی بستیاں ہیں جو ظالم تھیں ہم نے (اول) انہیں ڈھیل دی پھر ہم نے انہیں (عذاب میں) پکڑا اور میری ہی طرف (انہیں) لوٹ کر آنا ہے۔

۔الحج ۲۲: ۴۸۔

۲۳۔ سو (اے نبی ﷺ!) دیکھ مفسدوں کا کیسا (برا) انجام ہوا۔

۔النمل ۲۷: ۱۴۔

۲۴۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تم ملک کی سیر کرو پھر دیکھو کہ گنہگاروں کا انجام کیسا (برا) ہوا۔

۔النمل ۲۷: ۶۹۔

۲۵۔ اور ہم نے کتنی ہی بستیاں ہلاک کر دیں جو اپنی خوش حالی میں اکڑتی تھیں۔ سو یہ ان کے گھر ہیں جو ان کے بعد (ابھی تک) سوا چند کے آباد نہیں ہوئے اور ہم ہی (ان کے) وارث ہوئے۔

۔القصص ۲۸: ۵۸۔

۲۶۔ کیا وہ ملک کی سیر نہیں کرتے جو دیکھ لیتے کہ ان سے پہلوں کا انجام کیسا (برا) ہوا۔ وہ طاقت میں ان سے زیادہ تھے اور انہوں نے زمین کو جوتا اور جتنا انہوں نے اس کو آباد کیا ہے اس سے زیادہ اُنہوں نے اس کو آباد کیا تھا اور ان کے پیغمبر ان کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے تھے۔ سو اللہ تو ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا مگر وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے رہتے تھے۔ پھر جو لوگ برائی کیا کرتے تھے ان کا انجام بھی برا ہی ہوا کہ انہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا اور ان کی ہنسی اڑایا کرتے تھے۔

۔الروم ۳۰: ۹۔۱۰۔

۲۷۔ خشکی اور تری میں بسبب ان بدیوں کے جو لوگوں کے ہاتھوں نے کمائی ہیں، فساد پھیل پڑا ہے تا کہ اللہ انہیں بعض ان بدیوں کی سزا کا مزہ چکھائے جو انہوں نے کی ہیں تا کہ وہ راہِ راست کی طرف لوٹ آئیں۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ ملک کی سیر کرو اور دیکھو کہ جو لوگ پہلے ہو گزرے ہیں ان کا انجام کیسا (برا) ہوا۔ ان میں اکثر لوگ مشرک تھے۔

۔الروم ۳۰: ۴۱۔۴۲۔

Marfat.com

۲۸۔ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا ؕ وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾

۲۹۔ اَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ ؕ اَفَلَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۲۶﴾

۳۰۔ ثُمَّ اَخَذْتُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۲۱﴾

۳۱۔ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَكَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعْجِزَهٗ مِنْ شَيْءٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَلِيْمًا قَدِيْرًا ﴿۴۴﴾

۳۲۔ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۳۱﴾

۳۳۔ وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۷۱﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿۷۲﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۷۳﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۷۴﴾

۳۴۔ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۵﴾ فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ الْخِزْيَ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾

۳۵۔ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّالْاَحْزَابُ مِنْ بَعْدِهِمْ ۖ وَهَمَّتْ كُلُّ اُمَّةٍ بِرَسُوْلِهِمْ لِيَاْخُذُوْهُ وَجٰدَلُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ

۲۸۔ اور (اے نبی ﷺ!) بے شک ہم نے تجھ سے پہلے بھی پیغمبر ان کی قوموں کی طرف بھیجے وہ پیغمبر ان کے پاس کھلی دلیلیں لے کر آئے۔ سو ہم نے ان لوگوں سے جنہوں نے گناہ کیا تھا بدلہ لے کر چھوڑا اور مسلمانوں کو مدد دینا ہم پر ضروری تھا۔

۔الروم ۳۰:۴۷۔

۲۹۔ کیا انہیں اس بات سے ہدایت نہیں ہوئی کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی ہی امتوں کو ہلاک کر دیا جن کے گھروں میں وہ چلتے پھرتے ہیں۔ بے شک اس میں نشانیاں ہیں، تو کیا تم سنتے نہیں؟

۔السجدۃ ۳۲:۲۶۔

۳۰۔ پھر جو لوگ کافر ہوئے تھے میں نے انہیں (عذاب میں) پکڑ لیا تو (دیکھا کہ) میرا عذاب کیسا ہوا۔

۔فاطر ۳۵۔۲۶۔

۳۱۔ کیا انہوں نے ملک کی سیر نہیں کی جو دیکھ لیتے کہ ان لوگوں کا انجام کیسا (برا) ہوا جو ان سے پہلے تھے۔ وہ طاقت میں ان سے زیادہ تھے اور اللہ ایسا نہیں ہے کہ آسمانوں اور زمین میں اسے کوئی چیز عاجز کر دے۔ بے شک وہ جاننے والا، قدرت والا ہے۔

۔فاطر ۳۵:۴۴۔

۳۲۔ کیا انہوں نے اس پر نظر نہیں کی کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی ہی امتوں کو ہلاک کر دیا، جو ان کی طرف لوٹ کر نہیں آتیں۔

۔یٰسٓ ۳۶:۳۱۔

۳۳۔ اور بے شک ان سے پہلے اگلے لوگوں میں سے بہت سے گمراہ ہو گئے تھے اور بے شک ہم نے ان میں ڈرانے والے بھیجے تھے۔ تو (اے نبی ﷺ!) دیکھ کہ ان ڈرائے ہوؤں کا کیسا (برا) انجام ہوا مگر اللہ کے چنے ہوئے بندے بچ رہے تھے۔

۔الصافات ۳۷:۷۱۔۷۴۔

۳۴۔ انہوں نے بھی جھٹلایا تھا جو ان سے پہلے گزرے ہیں تو ان پر ایسی جگہ سے عذاب آیا جہاں کی انہیں خبر بھی نہ تھی۔ تو اللہ نے انہیں دنیا کی زندگی ہی میں ذلت کا مزہ چکھایا اور کچھ شک نہیں کہ آخرت کا عذاب بہت بڑا ہے۔ کاش وہ (اس بات کو) جانتے ہوتے۔

۔الزمر ۳۹:۲۵۔۲۶۔

۳۵۔ ان سے پہلے نوح کی قوم نے اور ان کے بعد دوسری قوموں نے جھٹلایا اور ہر امت نے اپنے رسول کے ساتھ یہی

Marfat.com

فَاَخَذْتُهُمْ ۫ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ۝۵

۳۶۔ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ كَانُوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْا هُمْ اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي الْاَرْضِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ۝۲۱ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَكَفَرُوْا فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۲۲

۳۷۔ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْهُمْ وَاَشَدَّ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي الْاَرْضِ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝۸۲ فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۸۳ فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ مُشْرِكِيْنَ ۝۸۴ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ؕ سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ ۚ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ۝۸۵

۳۸۔ فَاَهْلَكْنٰهُمْ اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ۝۸

۳۹۔ وَكَذٰلِكَ مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ

ارادہ کیا کہ وہ اس کو قید کر لیں اور انہوں نے ناحق جھگڑا کیا تا کہ وہ اس سے حق کو دبا دیں۔ تو میں نے انہیں (عذاب میں) پکڑا تو (دیکھا کہ) میرا عذاب کیسا تھا۔

۔المؤمن ۴۰:۵۔

۳۶۔ تو کیا انہوں نے ملک کی سیر نہیں کی جو دیکھ لیتے کہ ان لوگوں کا انجام کیسا (برا) ہوا جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں۔ وہ طاقت اور زمین میں اپنی نشانیاں چھوڑنے میں ان سے زیادہ تھے۔ سو اللہ نے ان کے گناہوں (کی سزا) میں انہیں پکڑ لیا اور کوئی انہیں اللہ سے بچانے والا نہ تھا۔ یہ اس لیے کہ ان کے پیغمبر ان کے پاس کھلی دلیلیں لے کر آتے تھے۔ اس پر بھی انہوں نے کفر کیا۔ تب اللہ نے انہیں عذاب میں پکڑ لیا۔ بے شک وہ زبردست ہے، سخت عذاب والا۔

۔المؤمن ۴۰: ۲۱۔۲۲۔

۳۷۔ تو کیا انہوں نے ملک کی سیر نہیں کی جو دیکھ لیتے کہ ان لوگوں کا انجام کیسا برا ہوا جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں۔ وہ طاقت اور زمین میں نشانیاں چھوڑنے میں ان سے زیادہ اور سخت تر تھے۔ سو جو (برے) کام وہ کرتے تھے وہ ان کے کچھ بھی کام نہ آئے۔ سو جب ان کے پاس ان کے پیغمبر کھلی دلیلیں لے کر آئے تو وہ اس علم پر جو ان کے پاس تھا، خوش ہوئے اور انہیں اسی (عذاب) نے آگھیرا جس کی وہ ہنسی اڑایا کرتے تھے۔ پس جب انہوں نے ہمارے عذاب کو دیکھا تو کہنے لگے کہ ہم تو صرف اکیلے اللہ پر ایمان لائے ہیں اور انہیں ہم نہیں مانتے جنہیں ہم اس کا شریک کیا کرتے تھے۔ سو جب انہوں نے ہمارے عذاب کو دیکھ لیا تو اس وقت کا ان کا ایمان لانا انہیں نفع نہیں دے سکتا تھا۔ یہ اللہ کی عادت ہے جو اس کے بندوں میں پہلے گزر چکی ہے اور اس موقعہ پر کافر گھاٹے میں رہے۔

۔المؤمن ۴۰: ۸۲۔۸۵۔

۳۸۔ سو ہم نے ان کو ہلاک کر دیا جو پکڑ (دھکڑ) میں ان سے زیادہ سخت تھے اور پہلوں کی مثال گزر چکی ہے۔

۔الزخرف ۴۳:۸۔

۳۹۔ اور (اے نبی ﷺ!) اسی طرح ہم نے تجھ سے پہلے جو ڈرانے والا بھی کسی بستی میں بھیجا، اس کے دولت مندوں نے (اس سے) یہی کہا کہ ہم نے اپنے باپ دادوں کو ایک طریق سے پایا ہے اور بے

Marfat.com

بِاَهْدٰى مِنْهُمَا اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۹﴾

۴۹۔ قُلْ فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ هُوَ اَهْدٰى مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۹﴾

شک ہم تو انہیں کے نقشِ قدم پر پیروی کرنے والے ہیں۔ رسول نے کہا اگر چہ میں اس سے بڑھ کر ہدایت لے کر آیا ہوں، جس پر تم نے اپنے باپ دادوں کو پایا۔ انہوں نے کہا جو دین تم دے کر بھیجے گئے ہو، ہم تو اسے مانتے نہیں۔ سو ہم نے ان سے بدلہ لے لیا تو (اے نبی ﷺ!) دیکھ کہ ان جھٹلانے والوں کا کیسا (برا) انجام ہوا۔

۔الزخرف ۴۳: ۲۳۔۲۵۔

فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ فَاعْلَمْ اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ اَهْوَآءَهُمْ ۭ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۰﴾

۵۰۔ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ فَاعْلَمْ اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ اَهْوَآءَهُمْ ۭ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۰﴾

۵۰۔ پھر اگر وہ تمہاری بات قبول نہ کریں تو جان لو کہ وہ صرف اپنی خواہشوں کی پیروی کر رہے ہیں۔ اور اس شخص سے بڑھ کر گمراہ کون ہوگا جو اللہ کی ہدایت کو چھوڑ کر اپنی خواہش کی پیروی کرے۔ بے شک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

۔القصص ۲۸: ۵۰۔

وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَاۗىِٕهِمْ غٰفِلُوْنَ ﴿۵﴾

۵۔ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَاۗىِٕهِمْ غٰفِلُوْنَ ﴿۵﴾

۵۔ اور اس شخص سے بڑھ کر گمراہ کون ہوگا جو اللہ کے سوا ایسوں کو پکارتا ہے جو قیامت تک اس کو جواب نہ دے سکیں اور وہ ان کے پکارنے سے بے خبر ہیں۔

۔الاحقاف ۴۶: ۵۔

وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَاۗءً وَّكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ﴿۶﴾

۶۔ وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَاۗءً وَّكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ﴿۶﴾

۶۔ اور جب لوگ (قیامت کے دن) جمع کیے جائیں گے تو وہ ان کے دشمن ہوں گے اور ان کی عبادت سے انکار کر دیں گے۔

۔الاحقاف ۴۶: ۶۔

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَاۗءَهُمْ ۙ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷﴾

۷۔ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَاۗءَهُمْ ۙ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷﴾

۷۔ اور جب ان کو ہماری آیتیں کھلی کھلی پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو جو کافر ہیں وہ سچی بات کے بارے میں جب وہ ان کے پاس آتی ہے کہتے ہیں کہ یہ تو صریح جادو ہے۔

۔الاحقاف ۴۶: ۷۔

وَاَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَلَا تَمْلِكُوْنَ لِيْ مِنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔا ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ۭ كَفٰى بِهٖ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۭ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۸﴾

۸۔ وَاَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَلَا تَمْلِكُوْنَ لِيْ مِنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔا ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ۭ كَفٰى بِهٖ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۭ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۸﴾

۸۔ کیا یہ کہتے ہیں کہ اس نے قرآن کو اپنی طرف سے بنا لیا ہے۔ کہہ دو کہ اگر میں نے اپنی طرف سے بنا لیا ہے تو تم مجھ کو خدا سے (بچانے کے لیے) کچھ بھی اختیار نہیں رکھتے۔ جن باتوں میں تم مشغول ہو خدا ان کو خوب جانتا ہے۔ وہ میرے اور تمہارے درمیان گواہ کافی ہے۔ اور وہ بخشنے والا مہربان ہے۔

۔الاحقاف ۴۶: ۸۔

قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَآ اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ ۭ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ وَمَآ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۹﴾

۹۔ قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَآ اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ ۭ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ وَمَآ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۹﴾

۹۔ کہہ دو کہ میں کوئی نیا پیغمبر تو نہیں آیا اور میں نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا کیا جائے گا اور تمہارے ساتھ کیا کیا جائے گا۔ میں تو صرف اس وحی کی پیروی کرتا ہوں جو مجھ پر بھیجی جاتی ہے اور میں تو صاف صاف ڈر سنانے والا ہوں۔

۔الاحقاف ۴۶: ۹۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ عَلٰي مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰﴾

۱۰۔ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ عَلٰي مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰﴾

۱۰۔ کہہ دو کہ بھلا دیکھو تو اگر یہ (قرآن) خدا کی طرف سے ہے اور تم نے اس سے انکار کیا اور بنی اسرائیل کا ایک گواہ اس جیسی کتاب پر گواہی دے چکا اور ایمان لایا اور تم نے تکبر کیا (تو تمہارا کیا حال ہوگا) بے شک خدا ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

۔الاحقاف ۴۶: ۱۰۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ ۭ وَاِذْ لَمْ يَهْتَدُوْا بِهٖ فَسَيَقُوْلُوْنَ هٰذَآ اِفْكٌ قَدِيْمٌ ﴿۱۱﴾

۱۱۔ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ ۭ وَاِذْ لَمْ يَهْتَدُوْا بِهٖ فَسَيَقُوْلُوْنَ هٰذَآ اِفْكٌ قَدِيْمٌ ﴿۱۱﴾

۱۱۔ اور کافر مومنوں کے بارے میں کہتے ہیں کہ اگر یہ (دین) اچھا ہوتا تو یہ لوگ اس کی طرف ہم سے پہلے نہ آ جاتے۔ اور جب انہوں نے اس سے ہدایت نہیں پائی تو (کہتے ہیں) کہ یہ پرانا جھوٹ ہے۔

۔الاحقاف ۴۶: ۱۱۔

وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ۭ وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۠ وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲﴾

۱۲۔ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ۭ وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۠ وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲﴾

۱۲۔ اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب پیشوا اور رحمت (نازل ہوئی تھی) اور یہ کتاب اس کی تصدیق کرنے والی عربی زبان میں ہے تاکہ ظالموں کو ڈر سنائے اور نیکوکاروں کو خوشخبری دے۔

۔الاحقاف ۴۶: ۱۲۔

اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۳﴾

۱۳۔ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۳﴾

۱۳۔ جن لوگوں نے کہا کہ ہمارا پروردگار اللہ ہے پھر اس پر قائم رہے ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے۔

۔الاحقاف ۴۶: ۱۳۔

اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ جَزَاۗءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾

۱۴۔ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ جَزَاۗءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾

۱۴۔ یہی لوگ بہشت میں جائیں گے (اور) ہمیشہ اس میں رہیں گے۔ یہ ان کاموں کا بدلہ ہے جو وہ کرتے تھے۔

۔الاحقاف ۴۶: ۱۴۔

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسٰنًا ۭ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا ۭ وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ۭ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۙ قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰي وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۵﴾

۱۵۔ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسٰنًا ۭ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا ۭ وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ۭ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۙ قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰي وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۵﴾

۱۵۔ اور ہم نے انسان کو حکم دیا کہ اپنے ماں باپ کے ساتھ نیکی کرے۔ اس کی ماں نے اس کو تکلیف سے پیٹ میں رکھا اور تکلیف سے اس کو جنا۔ اور اس کے پیٹ میں رہنے اور دودھ چھوٹنے کی مدت تیس مہینے ہے۔ یہاں تک کہ جب وہ اپنی جوانی کو پہنچا اور چالیس برس کا ہو گیا تو کہنے لگا کہ اے میرے پروردگار مجھے توفیق دے کہ میں تیری نعمت کا شکر کروں جو تو نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کی ہے اور یہ کہ میں نیک عمل کروں جن سے تو خوش ہو اور میرے لیے میری اولاد میں نیکی کر۔ میں تیری طرف رجوع کرتا ہوں اور میں فرمانبرداروں میں ہوں۔

۔الاحقاف ۴۶: ۱۵۔

اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ۭ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿۱۶﴾

۱۶۔ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ۭ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿۱۶﴾

۱۶۔ یہی لوگ ہیں جن کے نیک اعمال ہم قبول کریں گے اور جن کے گناہ معاف کر دیں گے (یہ) بہشتی لوگوں میں ہوں گے۔ سچا وعدہ جو ان سے کیا جاتا تھا۔

۔الاحقاف ۴۶: ۱۶۔

وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ اَتَعِدٰنِنِيْٓ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِيْ ۚ وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ اللّٰهَ وَيْلَكَ اٰمِنْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۡ فَيَقُوْلُ مَا هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۷﴾

۱۷۔ وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ اَتَعِدٰنِنِيْٓ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِيْ ۚ وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ اللّٰهَ وَيْلَكَ اٰمِنْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۡ فَيَقُوْلُ مَا هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۷﴾

۱۷۔ اور جس نے اپنے ماں باپ سے کہا کہ تم پر افسوس ہے کیا تم مجھ سے یہ کہتے ہو کہ میں (مرنے کے بعد) پھر نکالا جاؤں گا حالانکہ مجھ سے پہلے بہت سی امتیں گزر چکی ہیں (اور کوئی واپس نہیں آیا) تو وہ دونوں خدا سے فریاد کرتے (اور کہتے) کہ تجھ پر افسوس ہے ایمان لے آ بے شک خدا کا وعدہ سچا ہے تو وہ کہتا ہے کہ یہ تو پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں۔

۔الاحقاف ۴۶: ۱۷۔

اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۱۸﴾

۲۹۔ (تجھے اختیار ہے کہ) تو ان عورتوں میں سے جسے چاہے امید میں رکھے اور جسے چاہے اپنی طرف جگہ دے اور جس کو تو (اپنے پاس) ان میں سے بلوائے جسے تو نے ایک کنارے کر دیا تھا تو (اس میں بھی) تجھ پر کچھ گناہ نہیں۔ یہ اس بات کے بہت قریب ہے کہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور وہ غم نہ کریں اور جو انہیں دے اس سے وہ سب راضی رہیں اور اللہ جانتا ہے جو تمہارے دلوں میں ہے اور اللہ جاننے والا اور حلم والا ہے۔

۔الاحزاب ۳۳: ۵۱۔

۲۲۔ آپ کو اور نکاح یا طلاق کی ممانعت

۳۰۔ اس کے بعد تیرے لیے عورتیں حلال نہیں ہیں اور نہ یہ (حلال ہے) کہ ان سے اور بیویاں بدل لے اگرچہ تجھے ان کا حسن اچھا معلوم ہو۔

۔الاحزاب ۳۳: ۵۲۔

۲۳۔ آپ کو عام لوگوں کی طرح پکارنے کی ممانعت

۳۱۔ لوگو! اپنے درمیان رسول کو اس طرح نہ پکارا کرو جس طرح کہ تم میں ایک ایک کو پکارتا ہے۔ بے شک اللہ انہیں جانتا ہے جو تم میں آنکھ بچا کر سٹک جاتے ہیں۔ تو جو لوگ اس کے حکم کی مخالفت کرتے ہیں انہیں ڈرنا چاہیے کہ وہ کسی بلا میں مبتلا نہ ہو جائیں یا انہیں دردناک عذاب نہ پہنچے۔

۔النور ۲۴: ۶۳۔

Marfat.com

۲۴۔ آپ سے سرگوشی سے پہلے صدقہ دینے کا حکم

۳۲۔ مسلمانو! جب تم رسول سے کان میں بات کہو تو اپنی سرگوشی سے پہلے صدقہ دے دیا کرو۔ یہ تمہارے حق میں بہتر اور زیادہ ستھرائی کا باعث ہے۔ پھر اگر تم (اپنے پاس خیرات کرنے کو کچھ) نہ پاؤ تو بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔المجادلة ۵۸: ۱۲۔

۲۵۔ آپ پر اللہ کا فضلِ خاص

۳۳۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر تجھ پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو ان میں سے ایک جماعت نے تو ٹھان ہی لیا تھا کہ وہ تجھے گمراہ کر دیں اور بجز اپنی جانوں کے اور کسی کو گمراہ نہیں کرتے اور تجھے کچھ نقصان نہیں پہنچا سکتے اور اللہ نے تجھ پر کتاب اور حکمت نازل کی اور وہ علم تجھے سکھلایا جو تو نہیں جانتا تھا اور اللہ کا تجھ پر بڑا فضل ہے۔

۔النساء ۴: ۱۱۳۔

۳۴۔ مگر (یہ قرآن) تیرے پروردگار کی رحمت سے (نازل ہوا ہے)۔ بے شک تجھ پر اس کا بڑا فضل ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۸۷۔

۳۵۔ اور (اے نبی ﷺ!) تجھے یہ امید نہیں تھی کہ تیری طرف کتاب اتاری جائے گی مگر (یہ) تیرے پروردگار کی رحمت سے ہوا۔ تو تو کافروں کی پشت پناہ ہرگز نہ بن۔

۔القصص ۲۸: ۸۶۔

۳۶۔ (اے نبی ﷺ!) بے شک ہم نے تجھے کھلم کھلا فتح دی تا کہ اللہ تیرے اگلے اور پچھلے گناہ معاف کرے اور تجھ

۳۲۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾

۳۳۔ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ ؕ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَيْءٍ ؕ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ﴿۱۳﴾

۳۴۔ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ﴿۱۴﴾

۳۵۔ وَمَا كُنْتَ تَرْجُوْٓا اَنْ يُّلْقٰٓى اِلَيْكَ الْكِتٰبُ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِيْرًا لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۵﴾

۳۶۔ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ﴿۱﴾ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۲﴾

۳۷۔ وَالضُّحٰى ﴿۱﴾ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ﴿۲﴾ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ﴿۳﴾

۳۸۔ وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ﴿۴﴾

۳۹۔ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ﴿۵﴾

پر اپنی نعمت پوری کرے اور تجھے سیدھی راہ پر چلائے۔

۔الفتح ۴۸: ۱۔۲۔

۲۶۔ آپ سے اللہ ناخوش نہیں

۳۷۔ قسم ہے دوپہر کی اور رات کی جب وہ چھا جائے نہ تو تیرے پروردگار نے تجھے چھوڑا ہے اور نہ (تجھ سے) دشمنی کی ہے۔

۔الضحیٰ ۹۳: ۱۔۳۔

۲۷۔ آپ کا اخیر اول سے بہتر ہے

۳۸۔ اور بے شک تیرا اخیر اول سے بہتر ہے۔

۔الضحیٰ ۹۳: ۴۔

۲۸۔ آپ کو اللہ عطا سے خوش کرے گا

۳۹۔ اور عنقریب ہی تیرا پروردگار تجھے وہ کچھ دے گا کہ تو راضی ہو جائے گا۔

۔الضحیٰ ۹۳: ۵۔

Marfat.com

۴۰۔اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۝۶
۴۱۔وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ۝۸
۴۲۔اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝۱ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝۲ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝۳ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝۴ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝۵ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝۶ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝۷ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝۸
۴۳۔وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ۝۳
۴۴۔اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝۱ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝۲ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝۳
۴۵۔وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ۝۳
۴۶۔قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۳۱
۴۷۔اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰۗىِٕكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَي النَّبِيِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝۵۶
۴۸۔وَمَآ اَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ ۚ

۲۹۔یتیمی میں آپ کو پناہ دی

۴۰۔کیا یہ بات نہیں ہے کہ اس نے تجھے یتیم پایا اور ٹھکانے پر لگایا۔

۔الضحیٰ ۹۳:۶۔

۳۰۔آپ کو اللہ نے غنی کیا

۴۱۔اور اس نے تجھے محتاج پایا تو مال دار کر دیا۔

۔الضحیٰ ۹۳:۸۔

۳۱۔آپ کا شرح صدر و رفع ذکر

۴۲۔(اے نبی ﷺ!) کیا ہم نے تیرا سینہ نہیں کھول دیا اور ہم نے تیرا بوجھ (نہیں) اتار دیا جس نے تیری کمر توڑ رکھی تھی اور تیرے لیے تیرے ذکر کو بلند کیا۔سو بے شک سختی کے ساتھ آسانی ہے۔ بے شک سختی کے ساتھ آسانی ہے تو (اے نبی ﷺ!) جب تو (لوگوں کو سمجھانے سے) فرصت پائے تو (عبادت کے لیے) کھڑا ہو۔اور اپنے پروردگار کی طرف راغب ہو۔

۔الانشراح ۹۴:۱۔۸۔

۳۲۔آپ کو بے انتہا اجر

۴۳۔اور (اے نبی ﷺ!) بے شک تیرے لیے بے انتہا اجر ہے۔

۔القلم ۶۸:۳۔

۳۳۔آپ کو کوثر کا ملنا

۴۴۔(اے نبی ﷺ!) بے شک ہم نے تجھے (حوضِ) کوثر عطا کیا۔تو تو اپنے پروردگار کے لیے نماز پڑھ اور قربانی کر۔ بے شک تیرا عیب لگانے والا ہی اُوت ہے۔

۔الکوثر ۱۰۸:۱۔۳۔

۳۴۔آپ کی مدد کا اللہ کی طرف سے وعدہ

۴۵۔اور اللہ تیری غالب آنے والی مدد کرے گا۔

۔الفتح ۴۸:۳۔

۳۵۔آپ کے پیروؤں سے اللہ کی محبت

۴۶۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری اطاعت کرو اللہ تم سے محبت کرے گا اور تمہیں تمہارے گناہ بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔آل عمران ۳:۳۱۔

۳۶۔آپ پر اللہ اور فرشتے رحمت بھیجتے ہیں

۴۷۔بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود (یعنی رحمت) بھیجتے ہیں۔مسلمانو تم بھی اس پر درود اور سلام بھیجو۔

۔الاحزاب ۳۳:۵۶۔

۳۷۔آپ قبلۂ اہل کتاب کے تابع نہیں

۴۸۔اور (اے نبی ﷺ!) تو ان کے قبلے کی پیروی کرنے والا نہیں۔

۔البقرۃ ۲:۱۴۵۔

Marfat.com

۳۸۔ آپ سے یہود و نصاریٰ کبھی راضی نہ ہوں گے

۴۹۔ اور (اے نبی ﷺ!) تجھ سے یہود اور نصاریٰ تاوقتیکہ ان ہی کا مذہب قبول نہ کرلے ہرگز راضی نہیں ہوں گے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اللہ کی ہدایت (اصلی) ہدایت ہے۔

-البقرۃ ۲: ۱۲۰-

۳۹۔ آپ کی امت سب امتوں سے افضل ہے

۵۰۔ اور (مسلمانو) اسی طرح ہم نے تمہیں بہتر امت بنایا تاکہ تم (قیامت میں) لوگوں پر گواہ ہو۔

-البقرۃ ۲: ۱۴۳-

۵۱۔ (مسلمانو!) تم بہتر امت ہو جو لوگوں کے نفع کے لیے نکالی گئی ہے تم (لوگوں کو) اچھی باتوں کی ہدایت کرتے ہو اور بری باتوں سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو۔

-آل عمران ۳: ۱۱۰-

۴۰۔ آپ کی امت کا قیامت کو گواہ ہونا

۵۲۔ اور (یہ اس لیے ہے کہ) تم (اور) لوگوں پر (قیامت کو) گواہ ہو۔

-الحج ۲۲: ۷۸-

۵۳۔ اور (مسلمانو) اسی طرح ہم نے تمہیں بہتر امت بنایا تاکہ تم (قیامت میں) لوگوں پر گواہ ہو۔

-البقرۃ ۲: ۱۴۳-

۴۱۔ آپ کے متبعین کو فلاح

۵۴۔ سو جو لوگ اس پر ایمان لائے اور انہوں نے اس کو قوت دی اور اس کی مدد کی اور اس نور کی پیروی کی جو اس کے ساتھ اتارا گیا ہے، وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

-الاعراف ۷: ۱۵۷-

۴۹۔ وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ؕ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ

۵۰۔ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ

۵۱۔ كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ

۵۲۔ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ ۚ

۵۳۔ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ

۵۴۔ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝۱۵۷

۵۵۔ فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ ۪ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ ۚ فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ۝۱۵۹

۵۶۔ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَعْلَمُ اللّٰهُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۗ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًا بَلِيْغًا ۝۶۳

۵۷۔ وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ

۴۲۔ آپ کے اخلاقِ حسنہ

۵۵۔ تو (اے نبی ﷺ!) یہ اللہ ہی کی رحمت ہے کہ تو ان کے لیے نرم ہو گیا اور اگر (کہیں) تو بدخلق، سخت دل ہوتا تو وہ ضرور تیرے پاس سے بچھڑ جاتے۔ تو تو انہیں معاف کر اور ان کے لیے (اللہ سے) معافی مانگ اور (لڑائی کے) کام میں ان سے مشورہ لے۔ پھر جب تو ایک بات پر جم جائے تو اللہ پر بھروسا رکھ۔ بے شک اللہ توکل کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

-آل عمران ۳: ۱۵۹-

۵۶۔ یہ وہی لوگ ہیں کہ جو کچھ ان کے دلوں میں ہے اس کو اللہ ہی جانتا ہے تو تو ان سے درگزر کر اور انہیں سمجھا اور ان سے وہ بات کہہ جو ان کے دلوں میں گھر کر جائے۔

-النساء ۴: ۶۳-

۵۷۔ اور (اے نبی ﷺ!) اس (قرآن) کے ذریعے سے ان

کو لوگوں کو ڈرا جو اس بات سے ڈر رہے ہیں کہ وہ اپنے پروردگار کی طرف اکٹھے کئے جائیں گے۔ ان کا اس کے سوا نہ کوئی دوست ہے اور نہ سفارشی تا کہ وہ پرہیز گار بن جائیں اور ان لوگوں کو اپنے پاس سے نہ نکال جو صبح اور شام اپنے پروردگار کو پکارتے ہیں، اسی کی ذات کے خواہاں ہیں تم پر ان کے حساب میں سے کچھ بھی نہیں اور نہ تیرے حساب میں سے ان کا کچھ ذمہ ہے۔ (کہیں ایسا نہ ہو) کہ تو انہیں (اپنے پاس سے) نکال دے پھر تو (بھی) ظالموں میں سے ہو جائے۔ اور اسی طرح ہم نے ان میں سے ایک کو ایک سے آزمایا تا کہ وہ کہیں کہ کیا یہی وہ لوگ ہیں جن پر ہمارے درمیان میں سے اللہ نے احسان کیا ہے۔ (تو) کیا اللہ شکر گزاروں کو اچھی طرح سے نہیں جانتا؟ اور (اے نبی ﷺ!) جب تیرے پاس وہ لوگ آئیں جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں تو کہہ تم پر سلامتی ہے۔ تمہارے پروردگار نے اپنی ذات پر رحمت فرض کر لی ہے کہ جو تم میں سے نادانی سے کوئی برا کام کر بیٹھے اور پھر اس کے بعد توبہ کر لے اور اصلاح پر آجائے تو وہ بخشنے والا، مہربان ہے اور اسی طرح ہم آیتوں کو تفصیل سے بیان کرتے ہیں اور اس لیے (کرتے ہیں) تا کہ گنہگاروں کی راہ ظاہر ہو جائے۔

-الانعام ۶: ۵۱-۵۵-

۵۸۔ اور (اے نبی ﷺ!) تو اپنی آنکھیں اس مال کی طرف نہ پھیلا جس کے ساتھ ہم نے ان میں سے کتنی ہی جماعتوں کو فائدہ پہنچایا اور ان پر غم نہ کر

دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ؕ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۲﴾ وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّيَقُوْلُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِيْنَ ﴿۵۳﴾ وَاِذَا جَآءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْٓءًا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵۴﴾ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۵۵﴾

۵۸۔ لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۸﴾

۵۹۔ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ۚ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ﴿۲۹﴾ وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۟ فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ ۙ

اور مومنوں کے لیے اپنے (عاجزی کے) بازو جھکا دے۔

-الحجر ۱۵: ۸۸-

۵۹۔ اور اپنے آپ کو ان لوگوں کے ساتھ رہنے پر مجبور کر جو صبح اور شام اپنے پروردگار کو پکارتے ہیں (اور) اسی کی ذات چاہتے ہیں اور چاہیے کہ تیری آنکھیں ان سے تجاوز نہ کریں کہ تو دنیا کی آرائش چاہنے لگے اور اس کا کہنا نہ مان جس کے دل کو ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا اور وہ اپنی خواہش (نفسانی) کے پیچھے پڑا ہوا ہے اور اس کا کام حد سے بڑھ گیا ہے۔ اور کہہ کہ یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے حق ہے۔ سو جو چاہے (اس پر) ایمان لائے اور جو چاہے (اس کا) انکار کرے۔

-الکہف ۱۸: ۲۸-۲۹-

Marfat.com

۶۰۔اور (اے نبی ﷺ!) مومنوں میں سے جو تیرے تابع ہو گئے ہیں ان کے لیے (تواضع) کے باز و بچھا دے۔ پھر اگر وہ تیری نافرمانی کریں تو کہہ دے کہ جو تم کرتے ہو میں اس سے بیزار ہوں۔

۔الشعراء ۲۶:۲۱۵۔۲۱۶۔

۶۱۔تو (اے نبی ﷺ) ایک وقت تک ان سے مونہہ پھیرے رکھ اور ان کو دیکھتا رہ، عنقریب ہی وہ دیکھ لیں گے۔تو کیا وہ ہمارے عذاب ہی کے لیے جلدی مچا رہے ہیں؟ سو جب وہ (عذاب) ان کے صحنوں میں اترے گا تو ان ڈرائے گیوں کی صبح بری ہوگی۔اور تو ایک مدت تک ان سے مونہہ پھیر لے اور دیکھتا رہ۔عنقریب ہی وہ بھی دیکھ لیں گے۔

۔صٓ ۳۷:۱۷۴۔۱۷۹۔

۶۲۔اور (اے نبی ﷺ!) بے شک تو بڑے (اعلیٰ) خلق پر ہے۔

۔القلم ۶۸:۴۔

۶۳۔تو تو اپنے پروردگار حکم کا انتظار کر اور مچھلی والے (یونس) کی طرح (بے صبر) نہ ہو۔ جب اس نے اپنے پروردگار کو پکارا تھا اور وہ دل ہی دل میں گھٹ رہا تھا۔

۔القلم ۶۸:۴۸۔

۶۴۔اور وہ (رسول) غیب (کے بتلانے) پر بخیل نہیں ہے۔

۔التکویر ۸۱:۲۴۔

۴۳۔ آپ کی شفقت ورحمت

۶۵۔اور جو لوگ تم میں سے ایمان لائے ہیں

۶۰۔وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۱۵﴾ فَاِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۱۶﴾

۶۱۔فَتَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿۲۱۷﴾ الَّذِيْ يَرٰىكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ﴿۲۱۸﴾ وَتَقَلُّبَكَ فِي السّٰجِدِيْنَ ﴿۲۱۹﴾ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۲۲۰﴾

۶۲۔وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ﴿۴﴾

۶۳۔فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُنْ كَصَاحِبِ الْحُوْتِ ۘ اِذْ نَادٰى وَهُوَ مَكْظُوْمٌ ﴿۴۸﴾

۶۴۔وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ ﴿۲۴﴾

۶۵۔وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۚ

۶۶۔لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾

۶۷۔فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ﴿۶﴾

۶۸۔وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۷﴾

(نبی ﷺ) ان کے حق میں رحمت ہے۔

۔التوبۃ ۹:۶۱۔

۶۶۔بے شک تمہارے پاس، تم ہی میں سے ایک رسول آیا۔اس پر تمہاری تکلیف شاق ہے، تم پر حریص ہے، مومنوں پر شفیق ومہربان ہے۔پھر اگر وہ مونہہ موڑیں تو (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ مجھے اللہ کافی ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔میں نے اسی پر توکل کیا ہے اور وہ عرش عظیم کا پروردگار ہے۔

۔التوبۃ ۹:۱۲۸۔

۶۷۔سو (اے نبی ﷺ!) شاید تو اس غم میں کہ وہ اس بات پر ایمان نہیں لاتے، ان کے پیچھے اپنی جان کھونے والا ہے۔

۔الکہف ۱۸:۶۔

۶۸۔اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے تو تجھے جہان والوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

۔الانبیاء ۲۱:۱۰۷۔

۶۹۔فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرٰتٍ ؕ

۷۰۔قُلِ اللّٰهُ ۙ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِيْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿۹۱﴾

۷۱۔وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۰﴾

۷۲۔اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۖ وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۷۲﴾

۷۳۔قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِلَّا مَنْ شَآءَ اَنْ يَّتَّخِذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿۵۷﴾

۷۴۔قُلْ مَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۴۷﴾

۷۵۔قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿۸۶﴾

۷۶۔قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى ؕ

۷۷۔اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ﴿۴۶﴾

۷۸۔وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَآءِ فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۵﴾ اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ؘ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۶﴾

۶۹۔تو (اے نبی ﷺ) ان کے پیچھے کہیں حسرتوں کے مارے تیری جان یہ ہی نہ جاتی رہے۔

۔فاطر۔۳۵:۸۔

۴۴۔ آپ کا لوگوں سے بے غرض اور مستغنی رہنا

۷۰۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں اس پر تم سے کچھ مزدوری نہیں مانگتا وہ تو جہان والوں کے لیے نصیحت ہے اور بس۔

۔الانعام۶:۹۱۔

۷۱۔اور میں اس پر تم سے کچھ مزدوری نہیں مانگتا وہ تو جہان والوں کے لیے ایک نصیحت ہے اور بس۔

۔یوسف۱۲:۱۰۴۔

۷۲۔(اے نبی ﷺ!) کیا تو ان سے کچھ مال مانگتا ہے سو تیرے پروردگار کا مال بہتر ہے اور وہ بہتر روزی دینے والا ہے۔

۔المومنون۲۳:۷۲۔

۷۳۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں تم سے اس پر کچھ مزدوری نہیں مانگتا مگر جو شخص یہ بات چاہے کہ وہ اپنے پروردگار کی راہ اختیار کر لے (وہ کر لے)۔

۔الفرقان۔۲۵:۵۷۔

۷۴۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ جو کچھ مزدوری میں نے تم سے مانگی ہو تو وہ تم ہی کو مبارک ہو۔ میری مزدوری تو صرف اللہ کے ذمے ہے اور وہ ہر شے پر موجود ہے۔

۔سبا۳۴:۴۷۔

۷۵۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں اس پر تم سے کچھ مزدوری نہیں مانگتا اور میں بناوٹی آدمیوں میں سے نہیں ہوں۔

۔صٓ۳۸:۸۶۔

۷۶۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں اس پر تم سے بجز رشتے کی محبت (قائم رکھنے) کے کچھ مزدوری نہیں مانگتا۔

۔الشوریٰ۴۲:۲۳۔

۷۷۔(اے نبی ﷺ!) کیا تو ان سے کچھ مزدوری مانگتا ہے کہ وہ تاوان کے بوجھ سے دبے جا رہے ہیں۔

۔الطور۵۲:۴۰ والقلم۶۸:۴۶۔

۴۵۔ آپ کا اظہارِ عجز، معجزات، دیگر خوارق سے

۷۸۔اور (اے نبی ﷺ!) اگر ان کی (حق سے) روگردانی تجھ پر شاق گزرتی ہے تو اگر تجھ سے یہ ہو سکے کہ تو زمین میں کوئی سوراخ ڈھونڈھ نکالے یا آسمان پر کوئی سیڑھی (لگا کر چڑھ جائے) اور تو ان کے پاس کوئی نشانی دے آئے (تو تو اپنی سی کر دیکھ) اور اگر اللہ چاہتا تو ان کو ہدایت پر جمع کر دیتا۔ تو تو جاہل نہ بن۔ قبول تو بس وہی کرتے ہیں جو سنتے ہیں اور مردوں کو تو اللہ ہی اٹھائے گا۔ پھر وہ اسی کی طرف اٹھائے جائیں گے۔

۔الانعام۶:۳۵:۳۶۔

Marfat.com

۷۹۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور میں غیب نہیں جانتا ہوتا۔اور میں تم سے یہ بھی نہیں کہتا کہ میں فرشتہ ہوں۔ میں تو بس اسی پر چلتا ہوں جو میری طرف وحی کیا جاتا ہے۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ کیا اندھے اور بینا برابر ہیں تو کیا تم سوچتے نہیں۔

-الانعام۶: ۵۰-

۸۰۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں اپنے پروردگار کی طرف سے کھلی دلیل پر ہوں اور تم نے اسے جھٹلا دیا۔ میرے پاس وہ (عذاب) تو ہے نہیں جس کے لیے تم جلدی مچا رہے ہو۔حکم تو بس اللہ ہی کا ہے۔ وہ حق بیان فرماتا ہے اور وہی بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر میرے پاس وہ (عذاب) ہوتا جس کے لیے تم جلدی مچا رہے ہو تو میرے اور تمہارے درمیان معاملہ طے ہی ہو چکا اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے۔

-الانعام۶: ۵۷-۵۸

۸۱۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں اپنی جان کے نہ نفع کا مالک ہوں اور نہ نقصان کا مگر اتنا ہی جتنا اللہ چاہے اور اگر میں غیب جانتا ہوتا تو میں (اپنے لیے) ضرور بہت سی بھلائی جمع کر لیتا اور مجھے (کبھی کوئی) تکلیف نہ پہنچتی۔

-الاعراف۷: ۱۸۸-

۸۲۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں اپنی جان کے نہ نقصان (پہنچانے) پر قادر ہوں اور نہ نفع مگر اتنا ہی جتنا اللہ چاہے۔ ہر ایک امت کے لیے ایک وقت مقرر ہے، جب ان کا وقت آجاتا ہے تو وہ نہ ایک گھڑی پیچھے رہتے

۷۹۔قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِیْ خَزَآىٕنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَیْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّیْ مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا یُوْحٰۤى اِلَیَّ ؕ قُلْ هَلْ یَسْتَوِی الْاَعْمٰى وَالْبَصِیْرُ ؕ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ۝۵۰

۸۰۔قُلْ اِنِّیْ عَلٰى بَیِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّیْ وَكَذَّبْتُمْ بِهٖ ؕ مَا عِنْدِیْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ یَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَیْرُ الْفٰصِلِیْنَ ۝۵۷ قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِیْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ لَقُضِیَ الْاَمْرُ بَیْنِیْ وَبَیْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِیْنَ ۝۵۸

۸۱۔قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِیْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَیْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَیْرِ ۛۚ وَمَا مَسَّنِیَ السُّوْٓءُ ۛؕ

۸۲۔قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِیْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ؕ اِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَلَا یَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا یَسْتَقْدِمُوْنَ ۝۴۹

۸۳۔فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ وَاِنْ اَدْرِیْۤ اَقَرِیْبٌ اَمْ بَعِیْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ۝۱۰۹ اِنَّهٗ یَعْلَمُ الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَیَعْلَمُ مَا تَكْتُمُوْنَ ۝۱۱۰ وَاِنْ اَدْرِیْ لَعَلَّهٗ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ اِلٰى حِیْنٍ ۝۱۱۱

۸۴۔اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِیْنَ ۝

ہیں اور نہ (ایک گھڑی) آگے ہی جاتے ہیں۔

-یونس۱۰: ۴۹-

۸۳۔پھر (اے نبی ﷺ!) اگر وہ مونہہ موڑیں تو کہہ دے کہ میں تمہیں برابری کی حالت میں (جنگ کا) اعلان کرتا ہوں اور میں نہیں جانتا کہ جو وعدہ تم سے کیا جاتا ہے قریب ہی آلگا ہے یا دور ہے۔ بے شک وہ کھلی بات کو بھی جانتا ہے اور اس کو بھی جو تم چھپاتے ہو۔اور میں نہیں جانتا شاید یہ (ڈھیل) تمہارے لیے آزمائش اور ایک وقت تک فائدہ پہنچانا ہو۔

-الانبیاء۲۱: ۱۰۹-۱۱۱-

۸۴۔(اے نبی ﷺ!) بے شک تو مُردوں کو نہیں سنا سکتا اور نہ بہروں کو پکار سنا سکتا ہے (خصوصاً اس وقت) جبکہ وہ پیٹھ پھیر کر بھاگیں اور تو اندھوں کو ان کی گمراہی سے (نکال کر) ہدایت کرنے والا

Marfat.com

وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِی الْعُمْیِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ؕ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ یُّؤْمِنُ بِاٰیٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۸۱﴾

۸۵۔ اِنَّكَ لَا تَهْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِیْنَ ﴿۵۶﴾

۸۶۔ وَلَئِنْ اَرْسَلْنَا رِیْحًا فَرَاَوْهُ مُصْفَرًّا لَّظَلُّوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ یَكْفُرُوْنَ ﴿۵۱﴾ فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِیْنَ ﴿۵۲﴾ وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِ الْعُمْیِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ؕ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ یُّؤْمِنُ بِاٰیٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۵۳﴾

۸۷۔ اَفَمَنْ حَقَّ عَلَیْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ ؕ اَفَاَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِی النَّارِ ﴿۱۹﴾

۸۸۔ وَمَا یَسْتَوِی الْاَحْیَآءُ وَلَا الْاَمْوَاتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یُسْمِعُ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِی الْقُبُوْرِ ﴿۲۲﴾ اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِیْرٌ ﴿۲۳﴾

۸۹۔ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ یُوْحٰۤی اِلَیَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَاسْتَقِیْمُوْۤا اِلَیْهِ وَاسْتَغْفِرُوْهُ ؕ وَوَیْلٌ لِّلْمُشْرِكِیْنَ ﴿۶﴾

۹۰۔ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ اَوْ تَهْدِی الْعُمْیَ وَمَنْ كَانَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۴۰﴾

۹۱۔ قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَآ اَدْرِیْ مَا یُفْعَلُ بِیْ وَلَا بِكُمْ ؕ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا یُوْحٰۤی اِلَیَّ وَمَآ اَنَا اِلَّا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۹﴾

نہیں ہے۔ تو صرف انہیں کو سناتا ہے جو ہماری آیتوں پر یقین رکھتے ہیں۔ سو وہی مسلمان ہیں۔

۔النمل ۲۷: ۸۰۔ ۸۱۔

۸۵۔ (اے نبی ﷺ!) بے شک تو جسے چاہے ہدایت نہیں کر سکتا لیکن اللہ جسے چاہے ہدایت کرے اور وہ ان کو خوب جانتا ہے جو ہدایت پر ہے۔

۔القصص ۲۸: ۵۶۔

۸۶۔ اور اگر ہم ایک ہوا بھیج دیں پھر وہ اس کھیتی کو زرد دیکھیں تو وہ اس کے بعد بھی ضرور ہی کفر کریں۔ سو بے شک تو نہ مردوں کو سنا سکتا ہے اور نہ بہروں کو پکار ہی سنا سکتا ہے (خصوصاً اس وقت) جب وہ پیٹھ پھیر کر بھاگیں اور تو اندھوں کو ان کی گمراہی سے (نکال کر) ہدایت کرنے والا نہیں ہے۔ تو تو صرف انہیں کو سناتا ہے جو ہماری آیتوں پر یقین رکھتے ہیں بلکہ وہی مسلمان ہیں۔

۔الروم ۳۰: ۵۱۔ ۵۳۔

۸۷۔ تو کیا جس پر عذاب کا وعدہ پورا ہو گیا (تو اسے بچا لے گا) کیا تو اسے چھڑا لے گا جو آگ میں ہے۔

۔الزمر ۳۹: ۱۹۔

۸۸۔ اور زندے اور مردے برابر نہیں ہیں۔ بے شک اللہ جسے چاہے سنا دے اور تو تو انہیں سنانے والا نہیں ہے جو قبروں میں (دبے پڑے) ہیں۔ تو تو صرف ایک ڈرانے والا ہے اور بس۔

۔فاطر ۳۵: ۲۲۔ ۲۳۔

۸۹۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں تمہاری طرح کا ایک آدمی ہوں، میری طرف وحی کی جاتی ہے۔ تمہارا معبود تو صرف ایک ہی معبود ہے تو سیدھے اسی کی طرف (جھکے) رہو اور اس سے مغفرت مانگو اور مشرکوں کے لیے خرابی ہے۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۶۔

۹۰۔ تو کیا تو بہرے کو سنا دے گا یا اندھے کو راہ پر لگا دے گا اور اس کو جو کھلی گمراہی میں ہیں۔

۔الزخرف ۴۳: ۴۰۔

۹۱۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ میں رسولوں میں کچھ نیا نہیں ہوں اور میں نہیں جانتا کہ میرے ساتھ اور تمہارے ساتھ کیا کیا پیش آئے گا۔ میں تو صرف اس پر چلتا ہوں جو میری طرف وحی کیا جاتا ہے اور میں صرف کھول کر ڈرانے والا ہوں اور بس۔

۔الاحقاف ۴۶: ۹۔

Marfat.com

۹۲۔(اے نبی ﷺ !) کہہ دے کہ میں نہیں جانتا کہ جس (عذاب) کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ قریب ہے یا میرا پروردگار اس کے لیے میعاد مقرر کرے گا۔

۔الجن ۷۲:۲۵۔

۹۳۔(اے نبی ﷺ !) کہہ دے کہ میں تو بس اپنے پروردگار ہی کو پکارتا ہوں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا۔ کہہ دے کہ میں تمہارے لیے نہ نقصان کا مالک ہوں اور نہ راہ پر لانے کا۔

۔الجن ۷۲:۲۰۔۲۱۔

۴۶۔ آپ کو اللہ کی طرف سے تنبیہ ہوئی

۹۴۔(اے نبی ﷺ !) بے شک ہم نے تیری طرف برحق کتاب اتاری تا کہ تو لوگوں کے درمیان اس کے مطابق فیصلہ کرے جو اللہ تجھے سجھائے اور تو خیانت کرنے والوں کی طرف سے جھگڑا نہ کر اور اللہ سے معافی مانگ۔ بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔ اور ان کی طرف سے نہ جھگڑ جو اپنی جانوں کی خیانت کرتے ہیں۔ بے شک اللہ کسی ایسے کو پسند نہیں کرتا جو خیانت کرنے والا، گنہگار ہو۔ یہ لوگ لوگوں سے چھپتے ہیں اور اللہ سے نہیں چھپ سکتے اور جب وہ ناپسندیدہ باتوں کا مشورہ کرتے ہیں وہ ان کے ساتھ ہوتا ہے اور اللہ ان کے کاموں کو گھیرے ہوئے ہے۔ خبردار ہو تم وہ لوگ ہو کہ تم نے دنیا کی زندگی میں ان کی طرف سے جھگڑ لیا تو قیامت کے دن ان کی طرف سے کون جھگڑے گا یا کون ان کا کارساز ہوگا۔

۔النساء۔۴:۱۰۵۔۱۰۹۔

۹۲۔قُلْ اِنْ اَدْرِیْٓ اَقَرِیْبٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ اَمْ یَجْعَلُ لَهٗ رَبِّیْٓ اَمَدًا ﴿۲۵﴾

۹۳۔قُلْ اِنَّمَآ اَدْعُوْا رَبِّیْ وَلَآ اُشْرِكُ بِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۶﴾ قُلْ اِنِّیْ لَآ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا ﴿۲۱﴾

۹۴۔اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَیْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَیْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ؕ وَلَا تَكُنْ لِّلْخَآىِٕنِیْنَ خَصِیْمًا ﴿۱۰۵﴾ وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ﴿۱۰۶﴾ وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِیْنَ یَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا اَثِیْمًا ﴿۱۰۷﴾ یَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا یَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ اِذْ یُبَیِّتُوْنَ مَا لَا یَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا یَعْمَلُوْنَ مُحِیْطًا ﴿۱۰۸﴾ هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ جٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۫ فَمَنْ یُّجَادِلُ اللّٰهَ عَنْهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اَمْ مَّنْ یَّكُوْنُ عَلَیْهِمْ وَكِیْلًا ﴿۱۰۹﴾

۹۵۔مَا كَانَ لِنَبِیٍّ اَنْ یَّكُوْنَ لَهٗٓ اَسْرٰى حَتّٰى یُثْخِنَ فِی الْاَرْضِ ؕ تُرِیْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْیَا ۖ وَاللّٰهُ یُرِیْدُ الْاٰخِرَةَ ؕ وَاللّٰهُ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿۶۷﴾ لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِیْمَآ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ﴿۶۸﴾

۹۶۔عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ۚ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى یَتَبَیَّنَ لَكَ الَّذِیْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ الْكٰذِبِیْنَ ﴿۴۳﴾

۹۵۔ نبی کو زیب نہیں دیتا کہ جب تک وہ ملک میں اچھی طرح مار دھاڑ نہ کر لے تو اس کے پاس قیدی ہوں۔ تم تو دنیا کا مال و متاع چاہتے ہو اور اللہ آخرت چاہتا ہے اور اللہ غالب، حکمت والا ہے۔ اگر اللہ کی طرف سے پہلے تحریر نہ ہو چکی ہوتی تو جو (فدیہ) تم نے لیا ہے اس (کی سزا) میں تمہیں ضرور بڑا بھاری عذاب پہنچتا۔

۔الانفال۸:۶۷۔۶۸۔

۹۶۔(اے نبی ﷺ !) اللہ تجھے معاف کرے۔ تو نے انہیں (جہاد سے پیچھے رہ جانے کی) کیوں اجازت دی۔ (اس وقت تک صبر کرتا) کہ تو ان لوگوں کو ممتاز کر لیتا جو اپنے ایمان میں سچے ہیں اور جھوٹوں کو بھی جان لیتا۔

۔التوبۃ۹:۴۳۔

Marfat.com

۹۷۔ نبی اور مومنوں کو مناسب نہیں کہ وہ مشرکوں کی مغفرت کی دعا کریں خواہ وہ ان کے رشتہ دار ہی کیوں نہ ہوں۔ جبکہ ان پر ظاہر ہو چکا ہے کہ وہ لوگ دوزخی ہیں۔

-التوبة ۹:۱۱۳-

۹۸۔ اور (اے نبی ﷺ! وہ وقت یاد کر) جب تو اس شخص سے کہتا تھا جس پر اللہ نے انعام کیا ہے کہ اپنے پاس اپنی بیوی کو روکے رکھ اور اللہ سے ڈر۔ اور تو اپنے دل میں وہ بات چھپاتا تھا جس کو اللہ ظاہر کرنے والا ہے اور تو لوگوں سے ڈرتا تھا حالانکہ اللہ ہی اس بات کا زیادہ حق رکھتا ہے کہ تو اس سے ڈرے۔ پھر جب زید اس عورت سے اپنی حاجت پوری کر چکا تو ہم نے اس کا نکاح تجھ سے کر دیا تا کہ مسلمانوں پر اپنے لے پالکوں کی بیویوں (سے نکاح کرنے) میں جب وہ ان سے اپنی حاجت پوری کر چکیں کسی قسم کی تنگی نہ ہو۔ اللہ کا کام ہو کر رہتا ہے۔ نبی پر اس بات میں کوئی تنگی نہیں جو اللہ نے اس کے لیے ٹھہرا دی ہے۔ یہ اللہ کا دستور ہے ان لوگوں میں جو پہلے ہو گزرے ہیں اور اللہ کا کام اندازہ پر ٹھہرا ہوا ہے۔ وہ (پہلے) جو اللہ کے پیغام (لوگوں کو) پہنچاتے ہیں اور اسی سے ڈرتے ہیں اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے اور حساب لینے والا اللہ کافی ہے۔

-الاحزاب ۳۳:۳۷-۳۹-

۹۹۔ (نبی ﷺ! نے) تیوری چڑھائی اور مونہہ پھیر لیا اس بنا پر کہ اس کے پاس ایک اندھا آیا اور (اے نبی ﷺ!) تو کیا جانے شاید وہ پاک ہو جاتا یا وہ نصیحت سنتا اور نصیحت اس کو فائدہ دیتی۔ مگر جو بے پروائی

۹۷۔ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۳﴾

۹۸۔ وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ۭ فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْٓ اَزْوَاجِ اَدْعِيَاۗىِٕهِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ۭ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۳۷﴾ مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ۭ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۭ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرَۨا ﴿۳۸﴾ الَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ﴿۳۹﴾

۹۹۔ عَبَسَ وَتَوَلّٰٓى ﴿۱﴾ اَنْ جَاۗءَهُ الْاَعْمٰى ﴿۲﴾ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰٓى ﴿۳﴾ اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى ﴿۴﴾ اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰى ﴿۵﴾ فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰى ﴿۶﴾ وَمَا عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰى ﴿۷﴾ وَاَمَّا مَنْ جَاۗءَكَ يَسْعٰى ﴿۸﴾ وَهُوَ يَخْشٰى ﴿۹﴾ فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰى ﴿۱۰﴾

۱۔ اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ

کرتا ہے تو اسی کے پیچھے پڑتا ہے اور تیرا اس میں کیا نقصان ہے اگر وہ پاک نہ ہو۔ لیکن جو تیرے پاس دوڑ کر آتا ہے اور وہ (اللہ سے) ڈرتا ہے تو تو اس کی طرف سے غفلت کرتا ہے۔

-عبس ۸۰-۱-۱۰-

رسول ﷺ اور آپ کے اصحاب کے ساتھ کفار کی بدسلوکیاں

۱۔ کافر آپ کو جادوگر کہتے تھے

۱۔ کیا لوگوں کو اس بات سے تعجب ہوا کہ ہم نے ان میں سے ایک آدمی

Marfat.com

وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ۝

۲۔ وَلَىِٕنْ قُلْتَ اِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْۢ بَعْدِ الْمَوْتِ لَيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

۳۔ وَاَسَرُّوا النَّجْوَى ۨ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۣ هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۚ اَفَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ۝

۴۔ فَلَمَّا جَاۗءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ اُوْتِيَ مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى ۭ اَوَلَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۚ قَالُوْا سِحْرٰنِ تَظٰهَرَا ۡ وَقَالُوْٓا اِنَّا بِكُلٍّ كٰفِرُوْنَ ۝

۵۔ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَاۗءَهُمْ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

۶۔ بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ ۝ وَاِذَا ذُكِّرُوْا لَا يَذْكُرُوْنَ ۝ وَاِذَا رَاَوْا اٰيَةً يَّسْتَسْخِرُوْنَ ۝ وَقَالُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

۷۔ وَعَجِبُوْٓا اَنْ جَاۗءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ ۡ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ۝

۸۔ وَلَمَّا جَاۗءَهُمُ الْحَقُّ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ وَّاِنَّا بِهٖ كٰفِرُوْنَ ۝

کی طرف یہ پیغام بھیجا کہ لوگوں کو (عذاب اللہ سے) ڈراؤ اور جو لوگ ایمان لائے ہیں انہیں یہ بشارت دے کہ ان کے پروردگار کے ہاں ان کے لیے راستی کا قدم (یعنی بلند مرتبہ ہے) اور کفار نے کہا کہ یہ (پیغمبر) تو کھلا جادوگر ہے اور بس۔

-یونس ۱۰: ۲-

۲۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر تو ان سے یہ کہے کہ تم موت کے بعد اٹھائے جاؤ گے تو کافر ضرور یہی کہیں گے کہ یہ تو کھلا جادو ہے اور بس۔

-ھود ۱۱: ۷-

۳۔ اور جو لوگ ظالم ہیں انہوں نے پوشیدہ ایک دوسرے کے کان میں کہا کہ یہ (پیغمبر) تو تم ہی جیسا ایک بشر ہے تو کیا تم آنکھوں دیکھتے جادو میں پھنسنا چاہتے ہو؟

-الانبیاء ۲۱: ۳-

۴۔ پھر جب ہمارے ہاں سے ان کے پاس حق آیا تو کہنے لگے کہ اس (نبی ﷺ) کو ویسی ہی باتیں کیوں نہیں دی گئیں جو موسیٰ کو دی گئی تھیں۔ کیا پہلے وہ اس کا انکار نہیں کر چکے جو موسیٰ کو دیا گیا تھا۔ انہوں نے تو یہ کہا (قرآن اور تورات) دونوں جادو ہیں جو ایک دوسرے کی مدد کر رہے ہیں اور انہوں نے کہا کہ بے شک ہم سب کے ہی منکر ہیں۔

-القصص ۲۸: ۴۸-

۵۔ اور جو لوگ کافر ہوئے انہوں نے حق کی نسبت جب وہ ان کے پاس آیا کہا کہ یہ تو سوائے کھلے جادو کے اور کچھ بھی نہیں۔

-سبا ۳۴: ۴۳-

۶۔ (اے نبی ﷺ!) بلکہ تو تو تعجب کرتا ہے اور وہ ہنسی اڑاتے ہیں۔ اور جب انہیں نصیحت کی جاتی ہے تو وہ نصیحت نہیں پکڑتے اور جب وہ کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو (اس کی) ہنسی اڑاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ تو کچھ بھی نہیں۔ صرف کھلا جادو ہے اور بس۔

-الصّٰفّٰت ۳۷: ۱۲-۱۵-

۷۔ اور انہوں نے اس بات سے تعجب کیا کہ ان کے پاس ان ہی میں سے ایک ڈرانے والا آیا اور کافروں نے کہا کہ یہ تو جھوٹا جادوگر ہے۔

-صٓ ۳۸: ۴-

۸۔ اور جب ان کے پاس حق آیا تو کہنے لگے کہ یہ تو جادو ہے اور ہم تو اس کو مانتے نہیں۔

-الزخرف ۴۳: ۳۰-

۹۔ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

۹۔اور جب ان پر ہماری کھلی آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو جو لوگ کافر ہیں وہ حق کو جب ان کے پاس آتا ہے کہہ دیتے ہیں کہ یہ تو کھلا جادو ہے۔

۔الاحقاف ۴۶: ۷۔

۱۰۔ اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ۝ وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ۝

۱۰۔قیامت قریب آ لگی اور چاند پھٹ گیا اور اگر وہ کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو (اس کی طرف سے) مونہہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جادو قدیم سے چلا آتا ہے۔

۔القمر ۵۴: ۱۔۲۔

۱۱۔ وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًۢا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ۭ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

۱۱۔اور (اے نبی ﷺ! وہ وقت یاد کر) جب مریم کے بیٹے عیسیٰ نے کہا کہ اے بنی اسرائیل میں تمہاری طرف اللہ کا بھیجا ہوا رسول ہوں، تورات کی جو مجھ سے پہلے ہے میں تصدیق کرنے والا ہوں اور ایک رسول کی جو میرے بعد آئے گا بشارت دینے والا ہوں اس کا نام احمد ہوگا۔ پھر جب وہ (رسول) ان کے پاس کھلی دلیلیں لے کر آیا تو انہوں نے کہا کہ یہ تو کھلا جادو ہے۔

۔الصف ۶۱: ۶۔

۱۲۔ فَقَالَ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ يُّؤْثَرُ ۝

۱۲۔پھر اس (کافر) نے کہا کہ یہ تو کچھ بھی نہیں جادو ہے جو پہلے سے نقل ہوتا چلا آیا ہے۔

۔المدثر ۷۴: ۲۴۔

۲۔ کافر کہتے کہ یہ شخص جادو کا مارا ہوا ہے

۱۳۔ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَسْتَمِعُوْنَ بِهٖٓ اِذْ يَسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰٓى اِذْ يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ۝ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ۝

۱۳۔ہم خوب جانتے ہیں جس نیت سے وہ اس پر کان لگاتے ہیں، جب وہ تیری طرف کان لگاتے ہیں اور جب وہ آپس میں سرگوشی کرتے ہیں۔ جب ظالم کہتے ہیں کہ تم تو ایک جادو کے مارے شخص کے پیچھے ہو لیے ہو (اے نبی ﷺ!) دیکھ کہ انہوں نے تجھ پر کیسی مثالیں ڈھالیں۔ سو وہ گمراہ ہو گئے اب وہ راہ نہیں پا سکتے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۴۷۔۴۸۔

۱۴۔ وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ اِنَّكَ لَمَجْنُوْنٌ ۝

۱۴۔اور انہوں نے کہا کہ اے وہ شخص جس پر یہ نصیحت اتاری گئی ہے کچھ بھی شک نہیں کہ تو دیوانہ ہے۔

۔الحجر ۱۵: ۶۔

۴۔ آپ کو کان کا کچا کہتے تھے

۱۵۔ وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ۭ قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ

۱۵۔اور بعض ان میں وہ ہیں جو نبی کو ایذا دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ وہ تو نرا کان ہے (ہر کسی کی بات پر یقین کر لیتا ہے) اے نبی کہہ دے کہ تمہارے بھلے کے لیے کان ہے اللہ پر ایمان رکھتا ہے اور مومنوں کا یقین کر لیتا ہے۔

۔التوبۃ ۹: ۶۱۔

۵۔ آپ کو جان سے مار ڈالنے کی سازش

۱۶۔ وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ ۭ

۱۶۔اور (اے نبی ﷺ! وہ وقت بھی یاد کر) جب تیرے بارے میں وہ لوگ جو کافر ہوئے بری تدبیریں سوچ رہے تھے کہ تجھے پکڑ کر قید کر رکھیں یا تجھے قتل کر دیں یا تجھے (گھر سے) نکال دیں۔

۔الانفال ۸: ۳۰۔

۳۔ آپ کو کافر دیوانہ کہتے تھے

۱۴۔اور انہوں نے کہا کہ اے وہ شخص جس پر یہ نصیحت

۶۔ آپ کا کافروں کے ظلم پر اللہ سے مدد مانگنا

۱۷۔ قُلْ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ۗ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

۱۷۔اور (رسول ﷺ نے) کہا کہ اے میرے پروردگار! (میرے اور میرے مخالفین کے درمیان) حق حق فیصلہ کر دے اور ہمارا پروردگار وہ مہربان ہے۔ جس سے ان باتوں پر جو تم بیان کرتے ہو، مدد مانگی جاتی ہے۔

-الانبیاء ۲۱: ۱۱۲-

۷۔ اصحاب کا مجبور ہو کر ہجرت کرنا

۱۸۔ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ۭ

۱۸۔اور جنہوں نے ظلم سہنے کے بعد اللہ کی راہ میں ہجرت کی، ہم انہیں ملک میں ضرور اچھے ٹھکانے پر لگا کر رہیں گے۔

-النحل ۱۶: ۴۱-

۸۔ آپ کو اور آپ کے اصحاب کو وطن سے ہجرت پر مجبور کرنا

۱۹۔ اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى ۭ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۴۰﴾

۱۹۔(لوگو!) اگر تم اس کی مدد نہ کرو تو اللہ اس کی اس وقت مدد کر چکا ہے جب اسے کافروں نے (اس کے گھر سے ایسے حال میں) نکالا تھا کہ وہ دوسرا تھا دو کا، جب وہ دونوں غار میں (جا کر چھپے) تھے، جب وہ اپنے ساتھی سے کہہ رہا تھا کہ غم نہ کر، بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے۔ پھر اللہ نے اس پر اپنی تسکین اتاری اور اس کی ایسے لشکروں سے مدد کی جنہیں تم نے نہیں دیکھا اور جو لوگ کافر تھے ان کی بات کو نیچا کر دیا اور اللہ کی جو بات ہے وہ بالا ہے اور اللہ غالب، حکمت والا ہے۔

-التوبۃ ۹: ۴۰-

۲۰۔ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ هِيَ اَشَدُّ قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ الَّتِيْٓ اَخْرَجَتْكَ ۚ اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ﴿۱۳﴾

۲۰۔اور (اے نبی ﷺ!) کتنی ہی بستیاں ہیں جو تیری اس بستی سے جس نے تجھے نکالا قوت میں بڑھ چڑھ کر تھیں ہم نے ان کو ہلاک کر مارا۔ سو کوئی ان کا مددگار نہیں ہوا۔

-محمد ۴۷: ۱۳-

۲۱۔ يُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَاِيَّاكُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ ۭ

۲۱۔وہ رسول کو اور تمہیں اس بات پر گھر سے نکال رہے ہیں کہ تم اپنے پروردگار، اللہ پر ایمان رکھتے ہو۔

-الممتحنۃ ۶۰: ۱-

۲۲۔ لِلْفُقَرَاۗءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ

۲۲۔خیرات ان مہاجر فقیروں کا حق ہے جو اپنے گھروں اور اپنے مالوں سے نکال دیے گئے ہیں۔

-الحشر ۵۹: ۸-

۹۔ کفار کی ایذا دہی پر اللہ تعالیٰ کا آپ کو تسلی دینا

۲۳۔ وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ ۚ

۲۳۔اور (اے نبی ﷺ) تجھے وہ لوگ جو کفر میں دوڑے دوڑے پھرتے ہیں غم میں نہ ڈالیں۔

-آل عمران ۳: ۱۷۶-

۲۴۔ قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ الَّذِيْ يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ

۲۴۔اور بے شک ہم جانتے ہیں کہ تجھے وہ بات غم میں ڈالتی ہے جو وہ کہتے ہیں۔ سو وہ تجھے نہیں جھٹلاتے لیکن ظالم اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے

Marfat.com

ہیں اور بے شک تجھ سے پہلے بھی رسول جھٹلائے گئے تو انہوں نے (اپنے) جھٹلائے جانے اور ستائے جانے پر صبر کیا یہاں تک کہ ان کے پاس ہماری مدد آ پہنچی اور اللہ کی باتوں کا کوئی بدلنے والا نہیں ہے اور بے شک تیرے پاس رسولوں کی بعض خبریں آ چکی ہیں۔

-الانعام ۶: ۳۳-۳۴-

۲۵-(اے نبی ﷺ) اپنی آنکھیں اس (مال و جاہ و جلال) کی طرف نہ پھیلا جس کے ساتھ ہم نے ان میں سے کئی جماعتوں کو فائدہ پہنچایا ہے اور ان پر غم نہ کر اور مومنوں کے لیے اپنے (تواضع کے) بازو جھکا دے۔

-الحجر ۱۵: ۸۸-

۲۶-اور بے شک ٹھٹھا کرنے والوں کے لیے ہم تیری طرف سے کافی ہیں جو اللہ کے ساتھ دوسرا معبود ٹھہراتے ہیں تو عنقریب ہی وہ (مزہ) معلوم کر لیں گے اور بے شک ہم جانتے ہیں کہ جو کچھ کہتے ہیں اس سے تیرا دل تنگ ہوتا ہے۔تو تو اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ (اس کی) پاکی بیان کر اور سجدہ کرنے والوں میں رہ اور اپنے پروردگار کی عبادت کرتا رہ یہاں تک کہ تجھے موت آ جائے۔

-الحجر ۱۵: ۹۵-۹۹-

۲۷-اور (اے نبی ﷺ!) ان پر غم نہ کر اور جو مکر وہ کرتے ہیں اس سے دل تنگ نہ ہو۔

-النمل ۲۷: ۷۰-

۲۸-اور (اے نبی ﷺ!) جو کفر کرے اس کا کفر تجھے غمگین نہ کرے۔ ہماری ہی طرف ان کو لوٹ کر آنا ہے پھر ہم انہیں جتائیں گے جو جو عمل انہوں نے کیے ہیں۔

فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا كُذِّبُوْا وَاُوْذُوْا حَتّٰٓى اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ وَلَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِى الْمُرْسَلِيْنَ ۝۳۴

۲۵- لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝۸۸

۲۶- اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ۝۹۵ الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝۹۶ وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ۝۹۷ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ۝۹۸ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ۝۹۹

۲۷- وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ۝۷۰

۲۸- وَمَنْ كَفَرَ فَلَا يَحْزُنْكَ كُفْرُهٗ ۭ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۲۳

۲۹- فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۝۷۶

۱- قُلْ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۱۶۲ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۚ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ ۝۱۶۳ قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ

بے شک اللہ سینوں کی (چھپی) باتوں کو جانتا ہے۔

-لقمٰن ۳۱: ۲۳-

۲۹-تو (اے نبی ﷺ!) ان کا قول تجھے غم میں نہ ڈالے۔ بے شک ہم جانتے ہیں جو وہ چھپاتے ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں۔

-یٰسٓ ۳۶: ۷۶-

تکلیفِ شرعی سے آزادی نہ آپ کو اور نہ آپ کے عزیز و اقارب کو

۱۔ آپ کو توحید کا حکم

۱-(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ بے شک میری عبادت اور میری زندگی اور میری موت سب اللہ ہی کے لیے ہے جو سارے جہانوں کا

پروردگار ہے۔اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور یہی مجھے حکم دیا گیا ہے اور میں سب سے پہلا مسلمان ہوں۔ (اے نبی ﷺ) کہہ دے کہ کیا میں اللہ کے سوا کوئی دوسرا پروردگار تلاش کروں حال آنکہ وہی ہر شے کا پروردگار ہے اور جو کوئی بھی برا کام کرتا ہے وہ اپنے ہی برے کے لیے کرتا ہے اور کوئی بوجھ اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا پھر تمہیں اپنے پروردگار ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔سو وہ تمہیں وہ باتیں جتا دے گا جن میں تم (دنیا میں) اختلاف کیا کرتے تھے۔

-الانعام ۶: ۱۶۲-۱۶۴-

۲۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ وہ اللہ ایک ہے۔اللہ بے نیاز ہے۔نہ خود اس نے کسی کو جنا اور نہ وہ خود کسی سے جنا گیا۔اور کوئی اس کی برابری کرنے والا نہیں ہے۔

-الاخلاص ۱۱۲: ۱-۴-

۲۔ انبیائے سابقین پر ایمان لانے کا حکم

۳۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ ہم اللہ پر ایمان لائے ہیں اور اس پر جو ہم پر اتارا گیا ہے نیز اس پر جو ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحاق اور یعقوب اور اولادِ یعقوب پر اتارا گیا ہے اور جو کچھ موسیٰ اور عیسیٰ اور دوسرے نبیوں کو ان کے پروردگار کی طرف سے دیا گیا ہے۔ہم ان میں سے کسی کے درمیان فرق نہیں کرتے اور ہم اسی کے فرماں بردار ہیں۔

-آل عمران ۳: ۸۴-

۳۔ تبلیغ وحی کا حکم

۴۔اے رسول جو کچھ تیرے پروردگار کی طرف سے تیری طرف اتارا گیا ہے اس کو (لوگوں تک) پہنچا دے اور اگر تو نے ایسا نہ کیا تو تو نے اس کا پیغام نہ پہنچایا اور لوگوں

اَبْغِیْ رَبًّا وَّهُوَ رَبُّ كُلِّ شَیْءٍ ؕ وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ اِلَّا عَلَیْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی ۚ ثُمَّ اِلٰی رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَیُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِیْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ۝۱۶۴

۲۔قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝۱ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝۲ لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ یُوْلَدْ ۝۳ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝۴

۳۔ قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَاۤ اُنْزِلَ عَلَیْنَا وَمَاۤ اُنْزِلَ عَلٰۤی اِبْرٰهِیْمَ وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَاۤ اُوْتِیَ مُوْسٰی وَعِیْسٰی وَالنَّبِیُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۪ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۪ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ۝۱۳۶

۴۔یٰۤاَیُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ؕ وَاللّٰهُ یَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ؕ

۵۔ وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَیْهَا ؕ لَا نَسْـَٔلُكَ رِزْقًا ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ؕ

۶۔وَمِنَ الَّیْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ۫

۷۔یٰۤاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۝۱ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا ۝۲ نِّصْفَهٗۤ اَوِ انْقُصْ

سے اللہ تیری حفاظت کرے گا۔

-المائدۃ ۵: ۶۷-

۴۔ آپ اور آپ کے اہل وعیال کو نماز کا حکم

۵۔اور (اے نبی ﷺ!) تو اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دے اور خود بھی اس پر جمارہ۔ہم تجھ سے کچھ روزی نہیں مانگتے بلکہ ہم تجھے روزی دیتے ہیں۔

-طٰہٰ ۲۰: ۱۳۲-

۵۔ تہجد کی تاکید

۶۔اور (اے نبی ﷺ!) رات کے کچھ حصے میں قرآن کے ساتھ نمازِ تہجد پڑھ۔یہ تیرے لیے زائد حکم ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۷۹-

۷۔اے چادر میں لپٹنے والے رات کو (نماز میں) کھڑا رہا کر۔مگر تھوڑا سا (یعنی) آدھی رات تک یا تو اس سے کچھ تھوڑا سا کم کر دے یا اس پر (کچھ) زیادہ کر دے اور قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کر۔بے شک ہم

Marfat.com

مِنْهُ قَلِيْلًا ۝ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۝ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ۝ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّ اَقْوَمُ قِيْلًا ۝ اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ۝ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ۝

۸۔ فَقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ

۹۔ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۭ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝

۱۰۔ وَّاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ۝

۱۱۔ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ

۱۲۔ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ۝

۱۳۔ لَقَدْ جَاۗءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ۝

۱۴۔ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝

۱۵۔ وَلَىِٕنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَاۗءَهُمْ بَعْدَ الَّذِيْ جَاۗءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝

۱۶۔ وَلَىِٕنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَاۗءَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ اِنَّكَ اِذًا

تجھ پر ایک بھاری بات ڈالیں گے۔ بے شک رات کا اٹھنا نفس کے کچلنے میں زیادہ مؤثر اور قول کو زیادہ درست کرنے والا ہے۔ بے شک دن میں تجھے بڑا شغل رہتا ہے اور اپنے پروردگار کا نام یاد کر اور (سب سے) قطع تعلق کر کے اس کی طرف رجوع ہو جا۔

۔المزمل ۷۳: ۱۔۸۔

۶۔ آپ کو بذات خود جہاد کا حکم

۸۔ تو (اے نبی ﷺ!) تو اللہ کی راہ میں لڑ صرف تیری ہی جان کو تکلیف دی جاتی ہے۔

۔النساء ۴: ۸۴۔

۷۔ آپ کو تسبیح و تحمید اور استغفار کا حکم

۹۔ اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کر اور اس سے مغفرت مانگ۔ بے شک وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔

۔النصر ۱۱۰: ۳۔

۸۔ آپ کو اپنے گناہ کی معافی مانگنے کا حکم

۱۰۔ اور اپنے گناہوں کی معافی مانگو اور اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ پاکی بیان کرو، شام و صبح۔

۔المؤمن ۴۰: ۵۵۔

۹۔ اپنے آپ اور مومنین کے گناہوں کی بھی معافی مانگو

۱۱۔ اور اپنے گناہوں کی معافی مانگو اور مومنین اور مومنات کے گناہوں کی بھی۔

۔محمد ۴۷: ۱۹۔

۱۰۔ اپنے رشتہ داروں کو عذابِ الٰہی سے ڈرانے کا حکم

۱۲۔ اور (اے نبی ﷺ!) اپنے قریبی رشتہ داروں کو (ہمارے عذاب سے) ڈرا۔

۔الشعراء ۲۶: ۲۱۴۔

۱۱۔ شرعی امور میں شک کی ممانعت

۱۳۔ (اے نبی ﷺ!) بے شک تیرے پاس تیرے پروردگار کی طرف سے حق آچکا ہے تو تو شک کرنے والوں میں ہرگز نہ ہو۔

۔یونس ۱۰: ۹۴۔

۱۲۔ تکذیبِ احکامِ شرع کی ممانعت

۱۴۔ اور (اے نبی ﷺ!) ان لوگوں میں ہرگز نہ ہو جنہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا کہ (اس صورت میں) تو گھاٹا اٹھانے والوں میں ہو جائے گا۔

۔یونس ۱۰: ۹۵۔

۱۳۔ منکروں کی اطاعت کی ممانعت

۱۵۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر تو اس کے بعد کہ تیرے پاس علم آچکا ہے ان کی خواہشوں پر چلا تو اللہ کی طرف سے نہ کوئی تیرا دوست ہے اور نہ مددگار۔

۔البقرۃ ۲۔ ۱۲۰۔

۱۶۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر تو اس کے بعد بھی کہ تیرے پاس علم

Marfat.com

آچکا ہے ان کی خواہشوں پر چلا تو اس صورت میں بے شک تو بھی ظالموں میں ہو جائے گا۔

-البقرۃ۲:۱۴۵-

۱۷۔اور (اے نبی ﷺ!) اگر تو اکثر ان لوگوں کی جو زمین میں ہیں، اطاعت کرے گا تو وہ تجھے اللہ کی راہ سے بھٹکا دیں گے۔ وہ تو نرے گمان پر چلتے ہیں اور وہ تو نری اٹکلیں دوڑاتے ہیں۔ بے شک تیرا پروردگار خوب جانتا ہے کہ کون اس کے رستے سے بھٹکا ہوا ہے اور وہی ان کو بھی خوب جانتا ہے جو ہدایت پر ہیں۔

-الانعام۶:۱۱۶-۱۱۷-

۱۸۔اور (اے نبی ﷺ!) اگر اس کے بعد بھی کہ تیرے پاس علم آچکا ہے تو ان کی خواہشوں پر چلا تو اللہ کی طرف سے نہ کوئی تیرا دوست ہے اور نہ کوئی بچانے والا۔

-الرعد۱۳:۳۷-

۱۹۔اور (اے نبی ﷺ!) اس کی اطاعت نہ کر جس کا دل ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا ہے اور وہ اپنی خواہش نفسانی کے پیچھے پڑا ہوا ہے اور اس کا کام حد سے باہر نکلا ہوا ہے۔

-الکہف۱۸:۲۸-

۲۰۔تو (اے نبی ﷺ) تو کافروں کا کہا نہ مان اور اس قرآن کے ذریعے ان کے ساتھ بڑے زور سے لڑ۔

-الفرقان۲۵:۵۲-

۲۱۔اے نبی! اللہ سے ڈر اور کافروں اور ان منافقوں کا کہا نہ مان۔

-الاحزاب۳۳-۱-

۲۲۔اور (اے نبی ﷺ!) کافروں اور منافقوں کا کہا

لَمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

۱۷۔ وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِي الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ۝ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ مَنْ يَّضِلُّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ۝

۱۸۔ وَلَىِٕنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَاۗءَهُمْ بَعْدَ مَا جَاۗءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا وَاقٍ ۝

۱۹۔ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ۝

۲۰۔ فَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا كَبِيْرًا ۝

۲۱۔ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ۭ

۲۲۔ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ

۲۳۔ فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِيْنَ ۝

۲۴۔ وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ ۝

۲۵۔ كَلَّا ۭ لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ۝

۲۶۔ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝

نہ مان۔

-الاحزاب۳۳:۴۸-

۲۳۔تو اے (نبی ﷺ!) تو جھٹلانے والوں کا کہا نہ مان۔

-القلم۶۸:۸-

۲۴۔اور ہر ایک ذلیل، قسم کھانے والے کا کہا نہ مان۔

-القلم۶۸:۱۰-

۲۵۔ ہرگز نہیں تو ان کا کہا نہ مان اور سجدہ کر اور اللہ کے نزدیک ہو۔

-العلق۹۶:۱۹-

۱۴۔ شرک کی ممانعت

۲۶۔اور (اے نبی ﷺ!) تو مشرکوں میں مت ہو۔

-یونس۱۰:۱۰۵ والقصص۲۸:۸۷-

۲۷۔ وَلَقَدْ اُوْحِیَ اِلَیْكَ وَاِلَى الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَىِٕنْ اَشْرَكْتَ لَیَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ﴿۶۵﴾ بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِیْنَ ﴿۶۶﴾

۲۸۔ وَلَوْلَاۤ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَیْهِمْ شَیْـًٔا قَلِیْلًا ﴿۷۴﴾ اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ الْحَیٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَیْنَا نَصِیْرًا ﴿۷۵﴾

۲۹۔ یٰنِسَآءَ النَّبِیِّ مَنْ یَّاْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَیِّنَةٍ یُّضٰعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَیْنِ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ یَسِیْرًا ﴿۳۰﴾

۱۔ اَلنَّبِیُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗۤ اُمَّهٰتُهُمْ ؕ

۲۔ وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَاۤ اَنْ تَنْكِحُوْۤا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖۤ اَبَدًا ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِیْمًا ﴿۵۳﴾

۳۔ یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا وَزِیْنَتَهَا فَتَعَالَیْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَاُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِیْلًا ﴿۲۸﴾ وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِیْمًا ﴿۲۹﴾

۱۵۔ اگر آپ شرک کریں تو آپ کے اعمال رائیگاں ہیں

۲۷۔ اور (اے نبی ﷺ!) بے شک تیری طرف اور ان کی طرف جو تجھ سے پہلے ہوئے ہیں، یہی وحی کی گئی ہے کہ اگر تو نے شرک کیا تو ضرور تیرے عمل اکارت ہو جائیں گے اور ضرور تو گھاٹا اٹھانے والوں میں سے ہو جائے گا بلکہ تو اللہ ہی کی عبادت کر اور شکر گزار رہ۔

۔الزمر ۳۹: ۶۵۔۶۶۔

۱۶۔ آپ کو اللہ کی نافرمانی پر دنیا اور آخرت میں دوہری سزا

۲۸۔ اور (اے نبی ﷺ!) اگر یہ بات نہ ہوتی کہ ہم نے تجھے ثابت قدم رکھا تو تو کسی قدر ان کی طرف جھک ہی جاتا۔ اس صورت میں ہم تجھے دنیا میں بھی اور مرنے کے بعد بھی ضرور دہری دہری مار کا مزہ چکھاتے۔ پھر تو ہمارے مقابلے میں اپنے لیے کوئی مددگار بھی نہ پاتا۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۷۴۔۷۵۔

۱۷۔ نبی ﷺ کی بیویوں کو گناہ پر دہرا عذاب

۲۹۔ نبی کی بیبیو! جو تم میں سے کھلی بے حیائی کا کام کرے گی اسے دوچند عذاب دیا جائے گا۔ اور یہ (بات) اللہ پر آسان ہے۔

۔الاحزاب ۳۳: ۳۰۔

ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن

۱۔ ازواجِ پیغمبر مسلمانوں کی مائیں ہیں

۱۔ نبی مسلمانوں پر ان کی جانوں سے بھی زیادہ حق رکھتا ہے اور اس کی بیویاں ان کی مائیں ہیں۔

۔الاحزاب ۳۳: ۶

۲۔ آپ کے بعد آپ کی ازواج سے کسی کو نکاح کرنا جائز ہے

۲۔ اور (مسلمانو!) تمہیں یہ مناسب نہیں کہ تم اللہ کے رسول کو ایذا پہنچاؤ اور نہ یہ (مناسب ہے) کہ اس کے بعد کبھی بھی اس کی بیبیوں سے نکاح کرو۔ بے شک یہ اللہ کے نزدیک بڑی بھاری بات ہے۔

۔الاحزاب ۳۳: ۵۳۔

۳۔ پیغمبر کی ازواج کو اختیار کہ دنیا و آخرت میں سے کسی ایک کو اختیار کر لیں

۳۔ اے نبی! اپنی بیویوں سے کہہ دے کہ اگر تم محض دنیا کی زندگی اور آرائش ہی چاہتی ہو تو آؤ میں تمہیں فائدہ دوں اور تم کو (اپنے ہاں سے) عمدہ طرح پر رخصت کر دوں اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول اور آخرت کے گھر کو چاہتی ہو تو کچھ شبہ نہیں کہ اللہ نے ان کے لیے جو تم میں نیکوکار ہیں بڑا بھاری ثواب تیار کر رکھا ہے۔

۔الاحزاب ۳۳: ۲۸۔۲۹۔

Marfat.com

۴۔ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۚ وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ۚ وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا خَبِيْرًا ۝

۵۔ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِيْٓ اٰبَاۗىِٕهِنَّ وَلَآ اَبْنَاۗىِٕهِنَّ وَلَآ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَاۗءِ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَاۗءِ اَخَوٰتِهِنَّ وَلَا نِسَاۗىِٕهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ۝

۶۔ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔـلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَاۗءِ حِجَابٍ ۭ

۷۔ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَاۗءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ۭ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

۸۔ يٰنِسَاۗءَ النَّبِيِّ مَنْ يَّاْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ يَسِيْرًا ۝ وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَآ اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ ۙ وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيْمًا ۝

۴۔ پیغمبر کی ازواج عام عورتوں کی طرح نہیں ہیں ان کو احکامُ اللہ کی پابندی زیادہ ضروری ہے

۴۔ نبی کی بیبیو! تم کچھ عام عورتوں کی طرح نہیں ہو۔ اگر تم (اللہ سے) ڈرتی ہو تو (کسی سے) نرمی سے بات نہ کرو کہ وہ شخص جس کے دل میں کھوٹ ہے (تم سے کسی طرح کی) توقع رکھے اور معقولیت سے بات کہو اور اپنے گھروں میں بیٹھی رہو اور پہلے جاہلیت کے وقتوں کا بناؤ سنگار نہ کرو اور نماز پڑھتی اور زکوٰۃ دیتی رہو اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو۔ اے اہلِ بیت! اللہ تو بس یہی چاہتا ہے کہ تم سے پلیدی کو دور کر دے اور تمہیں پاک و صاف بنا دے اور اللہ کی جو آیتیں اور حکمت کی باتیں تمہارے گھروں میں پڑھی جاتی ہیں ان کو یاد رکھو۔ بے شک اللہ باریک بیں، خبردار ہے۔

-الاحزاب ۳۳۔ ۳۲۔ ۳۴۔

۵۔ آپ کی ازواج کن کن کے سامنے آسکتی ہیں

۵۔ پیغمبر کی بیبیوں پر اپنے باپوں کے سامنے ہونے میں کچھ گناہ نہیں اور نہ اپنے بیٹوں کے اور نہ اپنے بھائیوں کے نہ اپنے بھتیجوں کے اور نہ اپنے بھانجوں کے اور نہ اپنی قسم کی عورتوں کے اور لونڈیوں کے سامنے ہونے میں ان پر کچھ گناہ ہے اور اے پیغمبر کی بیبیو! اللہ سے ڈرتی رہو۔ بے شک اللہ ہر چیز کو دیکھنے والا ہے۔

-الاحزاب ۳۳:۵۵۔

۶۔ پیغمبر کی بیبیوں سے کچھ مانگنا ہو تو پردہ کے پیچھے سے مانگو

۶۔ اور جب پیغمبر کی بیبیوں سے تمہیں کوئی چیز مانگنی ہو تو پردے کے پیچھے کھڑے رہ کر ان سے مانگو۔

-الاحزاب ۳۳:۵۳۔

۷۔ آپ کی بیبیاں اور سب مسلمان عورتیں چادر اوڑھ کر نکلا کریں

۷۔ اور اے پیغمبر اپنی بیبیوں اور اپنی بیٹیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے کہہ دے کہ اپنے اوپر چادر اوڑھ لیا کریں اس سے غالباً وہ پہچان لی جائیں گی اور کوئی انہیں نہ چھیڑے گا۔ اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

-الاحزاب ۳۳:۵۹۔

۸۔ پیغمبر کی ازواج کو گناہ پر دگنا عذاب اور نیکی پر دگنا ثواب

۸۔ نبی کی بیبیو! اور جو تم میں سے کھلی بے حیائی لائے گی اسے دہرا عذاب دیا جائے گا اور یہ اللہ پر آسان ہے۔ اور جو تم میں سے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے گی اور نیک عمل کرے ہم اس (کے اعمال) کا ثواب بھی دگنا ہی دیں گے اور اس کے لیے ہم نے عزت کی روزی تیار کر رکھی ہے۔

-الاحزاب ۳۳: ۳۰۔ ۳۱۔

Marfat.com

۹۔ وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِیُّ اِلٰی بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِیْثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَیْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَاَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ؕ قَالَ نَبَّاَنِیَ الْعَلِیْمُ الْخَبِیْرُ ۝ اِنْ تَتُوْبَاۤ اِلَی اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَیْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ وَجِبْرِیْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِیْنَ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِیْرٌ ۝ عَسٰی رَبُّهٗۤ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ یُّبْدِلَهٗۤ اَزْوَاجًا خَیْرًا مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓئِحٰتٍ ثَیِّبٰتٍ وَّاَبْكَارًا ۝

۹۔ آپ کی کسی بیوی نے آپ کا کوئی راز فشا کر دیا اس کا قصہ

۹۔ اور جب نبی نے اپنی کسی بیوی سے ایک بات چپکے سے کہی پھر جب اس بیوی نے اس بات کو (کسی سے) کہہ دیا اور اللہ نے نبی پر اس بات کو ظاہر کر دیا تو نبی نے کسی قدر تو اس بات میں سے (بیوی کو) جتا دیا اور کسی قدر اعراض کیا۔ پھر جب نبی نے اس بیوی کو اس (کے) جتا دینے کی خبر دی تو اس نے کہا کہ تجھے یہ خبر کس نے دی؟ نبی نے کہا کہ مجھے جاننے والے نے خبر دی۔ (اے بیبیو) اگر تم اللہ کی جناب میں توبہ کرو (تو بہتر ہے کیونکہ) کچھ شک نہیں کہ تم دونوں کے دل ٹیڑھے ہو گئے ہیں۔ اگر تم اس کے خلاف ایک دوسرے کی مدد کرو گی تو اللہ جو ہے وہ اس کا مددگار ہے اور جبریل اور نیک مسلمان اور اس کے بعد سب فرشتے اس کے مددگار ہیں۔ اگر وہ تمہیں طلاق دے دے تو امید ہے کہ اس کا پروردگار اس کو تم سے بہتر بیویاں بدل دے۔ مسلمان، ایمان دار، فرماں بردار، خدا کی طرف رجوع ہونے والی عبادت گزار روزہ دار دہاجن اور کنواری۔

۔التحریم ۶۶: ۳-۵۔

۱۰۔ یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّاۤ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِیْۤ اٰتَیْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ یَمِیْنُكَ مِمَّاۤ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَیْكَ وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِیْ هَاجَرْنَ مَعَكَ ۫ وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِیِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِیُّ اَنْ یَّسْتَنْكِحَهَا ۫ خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ ؕ قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَیْهِمْ فِیْۤ اَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ اَیْمَانُهُمْ لِكَیْلَا یَكُوْنَ عَلَیْكَ حَرَجٌ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ۝

۱۰۔ آپ کو کن کن عورتوں سے نکاح کرنا جائز تھا

۱۰۔ اے پیغمبر! ہم نے تیرے لیے تیری بیبیاں حلال کر دی ہیں جن کے تو نے مہر دیے ہیں اور تیرے ہاتھ کا مال (یعنی لونڈیاں) جو خدا نے تجھ کو دشمنوں کی لڑائیوں میں بطور غنیمت دلوا دی ہیں اور تیرے چچا کی بیٹیاں اور تیری پھوپھیوں کی بیٹیاں اور تیرے ماموؤں کی بیٹیاں اور تیری خالاؤں کی بیٹیاں جو تیرے ساتھ ہجرت کر کے آئی ہیں اور کوئی سی مسلمان عورت جو اپنے تئیں بے مہر پیغمبر کو دے دے بشرطیکہ پیغمبر اس کو نکاح میں لینا چاہے۔ یہ بات خاص تیرے ہی لیے ہے، سب مسلمانوں کے لیے نہیں۔ ہم نے جو عام مسلمانوں پر ان کی بیبیوں اور ان کی لونڈیاں کا حق مہر ٹھیرا دیا ہے، ہم کو معلوم ہے اور تیرے لیے یہ خاص حق اس لیے ہے کہ تجھ پر کسی طرح کی تنگی نہ رہے اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

۔الاحزاب ۳۳: ۵۰۔

۱۱۔ لَا یَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ مِنْۢ بَعْدُ وَلَاۤ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكَ

۱۱۔ آنحضرت ﷺ کو اپنی ازواج پر نکاح کرنے یا ان کو طلاق دینے کی ممانعت

۱۱۔ (اے نبی ﷺ!) اس کے بعد نہ تجھے عورتیں حلال ہیں اور نہ یہ

Marfat.com

حُسْنُهُنَّ اِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيْبًا ﴿۵۲﴾

ع ۱۲۔ تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُـْٔوِيْۤ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ ؕ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰۤى اَنْ تَقَرَّ اَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَاۤ اٰتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَلِيْمًا ﴿۵۱﴾

۱۳۔ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَاۤ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱﴾

۱۴۔ وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْۤ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ؕ فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْۤ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۳۷﴾

۱۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْۤا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۷۴﴾

حلال ہے کہ ان سے تو کوئی اور بیوی بدل لے اگرچہ ان کا حسن تجھے حیرت میں ڈال دے مگر ہاں وہ جو تیرے ہاتھ کا مال ہے اور اللہ ہر شے پر نگہبان ہے۔

۔الاحزاب ۳۳: ۵۲۔

۱۲۔ آپ کو ازواج میں تقدیم وتاخیر کا اختیار

۱۲۔ نیز تو اپنی بیبیوں میں سے جس کو چاہے الگ رکھے اور جس کو چاہے اپنے پاس رکھے اور جن کو تو نے الگ کر دیا تھا ان میں سے کسی کو پھر اپنے پاس بلوا لے تو تجھ پر کچھ گناہ نہیں۔ یہ حق اس لیے ہے کہ غالباً تیری بیبیوں کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں گی اور وہ رنجیدہ نہ ہوں گی اور جو کچھ بھی تو ان کو دے دے گا اسے لے کر سب کی سب راضی رہیں گی اور جو کچھ تم لوگوں کے دلوں میں ہے۔ اللہ اس کو جانتا ہے اور اللہ جاننے والا، تحمل والا ہے۔

۔الاحزاب ۳۳: ۵۱۔

۱۳۔ آپ نے بیبیوں کی خاطر حلال کو حرام کر لیا

۱۳۔ اے نبی جو چیزیں اللہ نے تیرے لیے حلال کی تو اپنی بیبیوں کی خوش نودی حاصل کرنے کے لیے کیوں حرام کرتا ہے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

۔التحریم ۶۶: ۱۔

۱۴۔ اپنے لے پالک کی مطلقہ بیوی سے نکاح کرنے کا قصہ

۱۴۔ اے پیغمبر! یاد کر جب تو اس شخص کو سمجھاتا تھا جس پر اللہ نے احسان کیا اور تو بھی اس پر احسان کرتا رہا کہ اپنی بی بی کو اپنی زوجیت میں رہنے دے اور اللہ سے ڈر اور تو اس بات کو اپنے دل میں چھپاتا تھا جس کو اللہ ظاہر کرنے والا تھا۔ اور تو اس معاملے میں لوگوں سے ڈرتا تھا اور اللہ اس کا زیادہ حق دار ہے کہ تو اس سے ڈرے۔ پھر جب زید اس سے بے تعلق کر چکا تو ہم نے تیرے ساتھ اس کا نکاح کر دیا کہ سب مسلمانوں کے لے پالک جب اپنی بیبیوں سے بے تعلق ہو جائیں تو مسلمان کے لیے ان سے نکاح کر لینے میں تنگی نہ رہے اور خدا کا حکم ہو کر ہی رہتا ہے۔

۔الاحزاب ۳۳: ۳۷۔

اصحاب رضی اللہ عنہم

۱۔ اصحاب رضی اللہ عنہم کی دین داری اور ان کی تعریف

۱۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا اور جنہوں نے رسول اور اس کے ہمراہیوں کو) جگہ دی اور (اس کی) مدد کی، وہی سچے ایمان دار ہیں۔ ان کے لیے مغفرت اور عزت کی روزی ہے۔

۔الانفال ۸: ۷۴۔

Marfat.com

۲۔ لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ۫ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۸۸﴾ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۸۹﴾

۳۔ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ؕ اَلَآ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ؕ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۹﴾

۴۔ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ؕ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾

۵۔ لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْۢ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۷﴾ وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ؕ حَتّٰٓى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْٓا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ ؕ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۱۸﴾

۶۔ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾ الَّذِيْنَ

۲۔ لیکن رسول نے اور جو اس کے ساتھ (ہو کر) ایمان لائے ہیں انہوں نے اپنی جان و مال سے جہاد کیا اور انہیں کے لیے خوبیاں ہیں اور وہی (آخرت میں) فلاح پانے والے ہیں۔ اللہ نے ان کے لیے ایسے باغ تیار کئے ہیں جن کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں۔ وہ ہمیشہ ان ہی میں رہنے والے ہیں۔ یہی بڑی کامیابی ہے۔

-التوبۃ ۹: ۸۸۔۸۹-

۳۔ اور دیہاتیوں میں بعض وہ بھی ہیں جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہیں اور جو مال وہ خرچ کرتے ہیں اس کو اللہ کے نزدیک ہونے اور رسول کی دعاؤں کا ذریعہ قرار دیتے ہیں۔ سن لو کہ بے شک وہ ان کے لیے نزدیکی کا ذریعہ ہے۔ اللہ انہیں اپنی رحمت میں داخل کرے گا۔ بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

-التوبۃ ۹: ۹۹-

۴۔ بے شک وہ مسجد جس کی بنیاد پہلے ہی دن سے پرہیز گاری پر رکھی گئی ہے اس بات کا زیادہ حق رکھتی ہے کہ تو اس میں کھڑا ہو (نماز پڑھے)۔ اس میں ایسے آدمی ہیں جو پاک رہنے کو پسند کرتے ہیں اور اللہ پاک رہنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

-التوبۃ ۹: ۱۰۸-

۵۔ بے شک اللہ نبی پر اور ان مہاجرین و انصار پر مہربان ہوا جنہوں نے سخت گھڑی میں اس کا حکم مانا۔ (یعنی) اس کے بعد (بھی) کہ قریب تھا کہ ان میں سے ایک فریق کا دل ٹیڑھا ہو جائے پھر اللہ ان پر مہربان ہوا۔ بے شک وہ ان پر شفیق، مہربان ہے۔

-التوبۃ ۹: ۱۱۷-۱۱۸-

۶۔ اور جنہوں نے اللہ کی راہ، میں اس کے بعد کہ ان پر ظلم کیا گیا ہجرت کی، ہم ضرور انہیں دنیا میں اچھے ٹھکانے پر لگا کر رہیں گے اور بے شک آخرت کا ثواب (اس سے) بڑھ کر ہے اگر وہ جانیں، وہ مہاجر جنہوں نے صبر کیا اور وہ اپنے پروردگار پر بھروسہ

Marfat.com

صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۵۹﴾

۷۔ اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُ ﴿۶۰﴾ ۙ
الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّاۤ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ؕ
اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِى الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَ
اَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿۶۱﴾

۸۔ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِى
الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۪ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ
الَّذِى ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ يَعْبُدُوْنَنِىْ لَا
يُشْرِكُوْنَ بِىْ شَيْـًٔا ؕ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۶۲﴾

۹۔ وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ ۙ قَالُوْا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ
وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۫ وَمَا زَادَهُمْ اِلَّاۤ اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا ﴿۶۳﴾ ۖ مِنَ
الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى
نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ۖ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ﴿۶۴﴾ ۙ

۱۰۔ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِىْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَ
لٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِىْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ

رکھتے ہیں۔

۔النحل ۱۶: ۴۱۔۴۲۔

۷۔ جن لوگوں سے (ناحق) لڑائی کی جاتی ہے، ان کو (لڑائی کی) اجازت دی گئی کیونکہ ان پر ظلم کیا گیا ہے اور بے شک اللہ ان کی مدد پر قادر ہے۔ وہ (بیچارے) وہ ہیں جو ناحق اپنے گھروں سے صرف اتنا کہنے پر نکالے گئے کہ ہمارا پروردگار اللہ ہے، وہ وہ ہیں کہ اگر ہم ملک میں ان کے پاؤں جما دیں تو وہ نماز پڑھیں اور زکوٰۃ دیں اور (لوگوں کو) اچھی باتوں کی ہدایت کریں اور بری باتوں سے روکیں اور سب کاموں کا اخیر انجام اللہ ہی کی طرف ہے۔

۔الحج ۲۲: ۳۹۔۴۱۔

۸۔ (مسلمانو!) جو تم میں سے ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے، اللہ نے ان سے وعدہ کیا ہے کہ وہ ضرور انہیں زمین میں اپنا جانشین کرے گا جیسا کہ ان لوگوں کو جانشین کیا تھا جو ان سے پہلے ہو گزر رہے ہیں اور ان کے لیے ان کا وہ دین ضرور قائم کر کے رہے گا جو اس نے ان کے لیے پسند کیا ہے اور ان کے خوف (کھانے) کے بعد ضرور ان (کی حالت) کو امن سے بدل دے گا۔ وہ میری عبادت کریں گے کسی چیز کو میرا شریک نہ کریں گے اور جس نے اس (نعمت) کے بعد بھی ناشکری کی تو وہی لوگ بدکار ہیں۔

۔النور ۲۴: ۵۵۔

۹۔ اور جب مومنوں نے (کفار کی) جماعتوں کو (جو مدینے میں میں ان پر چڑھ آئی تھیں) دیکھا تو کہنے لگے کہ یہ تو وہی ہے جس کا ہم سے اللہ اور اس کے رسول نے وعدہ کیا تھا، اور اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا تھا اور اس بات نے ان کے ایمان اور اطاعت کو اور بڑھا دیا۔ مسلمانوں میں کچھ آدمی ایسے ہیں جنہوں نے اس بات کو جس کا انہوں نے اللہ سے عہد کیا تھا سچ کر دکھلایا۔ سو بعض ان میں سے وہ ہیں جو اپنی مراد کو پہنچ چکے اور بعض ان میں سے وہ ہیں جو (ابھی) انتظار کر رہے ہیں اور انہوں نے (اپنے عہد میں ذرا) تبدیلی نہیں کی۔

۔الاحزاب ۳۳: ۲۲۔۲۳۔

۲۔ اصحاب رضی اللہ عنہم کے دلوں میں ایمان کی محبت اور کفر و فسق و عصیاں سے نفرت

۱۰۔ اور جان لو کہ تم میں اللہ کا رسول ہے اگر وہ بہت سے کاموں میں تمہارا کہا مانے تو تم ضرور مشقت میں پڑ جاؤ۔ لیکن اللہ نے تمہاری

Marfat.com

وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۙ﴿۷﴾ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۸﴾

۱۱۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ۫ سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۚۛ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ۚۛ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْئَهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۹﴾

۱۲۔ لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ﴿۱۰﴾

۱۳۔ وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوًا انْفَضُّوْۤا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَآئِمًا ؕ قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱﴾

۱۴۔ وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّاۤ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰۤى

طرف ایمان کو محبوب کر دیا اور اس کو تمہارے دلوں میں اچھا کر کے دکھلایا اور تمہاری طرف کفر اور بدکاری اور نافرمانی کو برا کر دکھلایا۔ یہی لوگ راہ ہدایت پر ہیں۔ تیرے پروردگار کے فضل اور رحمت سے اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

۔الحجر ۴۹:۸۔

۳۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تورات و انجیل میں مدح، ان کا اللہ کی رضا اور اس کے فضل کا طالب ہونا اور ان میں باہمی محبت والفت

۱۱۔ محمد اللہ کا رسول ہے اور جو لوگ اس کے ساتھ ہیں وہ کافروں پر سخت (اور) آپس میں نرم دل ہیں۔ (اے مخاطب!) تو انہیں رکوع (اور) سجدے میں دیکھے گا وہ اللہ کا فضل اور (اس کی) رضامندی چاہتے ہیں۔ سجدہ کے اثر سے ان کے چہروں پر ان کی علامت موجود ہے۔ یہ تورات میں ان کی صفت (بیان کی گئی) ہے اور انجیل میں ان کی صفت مانند کھیتی کی ہے۔ جس نے اپنی سوئی نکالی پھر اس کو مضبوط کیا پھر وہ موٹی ہوگئی، پھر وہ اپنی نال پر کھڑی ہوگئی کاشت کار کو بھلی معلوم ہوتی ہے۔ یہ اس لیے ہے کہ اللہ ان کے سبب سے کفار کو غصہ دلائے۔ اللہ نے ان سے جو ان میں ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے، مغفرت اور اجرِ عظیم کا وعدہ کیا ہے۔

۔الفتح ۴۸:۲۹۔

۱۲۔ (مال غنیمت) ان محتاج مہاجروں کا حق ہے جو اپنے گھروں اور اپنے مالوں سے نکالے گئے۔ وہ اللہ کا فضل اور (اس کی) رضامندی چاہتے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول کی مدد کرتے ہیں۔ وہی لوگ (اپنے ایمان میں) سچے ہیں۔

۔الحشر ۵۹:۸۔

۴۔ بعض اصحاب رضی اللہ عنہم رسول ﷺ کو خطبۂ جمعہ پڑھتے چھوڑ کر چل دیے

۱۳۔ اور (اے نبی ﷺ!) جب وہ تجارت یا تماشا دیکھتے ہیں تو اس کی طرف لٹک جاتے ہیں اور تجھے (خطبے میں) کھڑا چھوڑ جاتے ہیں۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ جو (ثواب) اللہ کے پاس ہے وہ کھیل اور تجارت سے بہتر ہے اور اللہ سب سے بہتر روزی دینے والا ہے۔

۔الجمعۃ ۶۲:۱۱۔

۵۔ انصار کی مہاجرین سے محبت اور ان کا ایثار

۱۴۔ اور (مالِ غنیمت ان کا حق ہے) جنہوں نے دارالسلام اور ایمان کو ان سے پہلے اپنا گھر بنا لیا۔ جو ان کی طرف ہجرت کر کے آتا ہے، اس سے

Marfat.com

محبت رکھتے ہیں اور جو ان مہاجرین کو دیا جاتا ہے اس سے اپنے دلوں میں خلش نہیں پاتے اور ان کو اپنے اوپر ترجیح دیتے ہیں اگرچہ وہ بھوکے ہوتے ہیں اور جو اپنے نفس کے بخل سے محفوظ رکھا گیا تو ایسے لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

-الحشر ۵۹-۹-

۶۔ جن اصحاب رضی اللہ عنہم نے فتحِ مکہ سے پیشتر اللہ کی راہ میں مال صرف کیا اور لڑے، ان کا درجہ

۱۵۔تم میں سے وہ جنہوں نے فتح (مکہ) سے پہلے (اپنا مال اللہ کی راہ میں) خرچ کیا اور (کافروں سے) لڑے ان کی برابر نہیں ہو سکتے جن میں یہ وصف نہیں ہے۔ وہ درجے میں ان لوگوں سے بڑھ کر ہیں جنہوں نے بعد میں خرچ کیا اور لڑے اور اللہ نے سب سے بھلائی کا وعدہ کیا ہے اور اللہ تمہارے عملوں سے خبردار ہے۔

-الحدید ۵۷-۱۰-

۷۔ مہاجرین اور انصار سے اللہ کا راضی ہونا

۱۶۔اور مہاجرین اور انصار میں سے (اسلام میں) بڑھ جانے والے، اول رہنے والے اور جنہوں نے اچھی باتوں میں ان کی پیروی کی، اللہ ان سب سے راضی ہوا اور وہ اس راضی ہوئے اور اس نے ان کے لیے ایسے باغ تیار کئے ہیں جن کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں۔ وہ ہمیشہ ہمیشہ انہیں (باغوں) میں رہیں گے۔ یہی بڑی کامیابی ہے۔

-التوبۃ ۹-۱۰۰-

۸۔ اصحابِ بیعت الرضوان سے اللہ کا راضی ہونا

۱۷۔بے شک اللہ مومنوں سے جب وہ درخت کے نیچے تجھ سے بیعت کر رہے تھے، راضی ہو گیا۔ اس نے معلوم کر لیا جو (ایمان) ان کے دلوں میں تھا سو اس نے ان پر

أَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ۚ وَمَنْ يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝

۱۵۔لَا يَسْتَوِي مِنْكُمْ مَنْ أَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ ۚ أُولَٰئِكَ أَعْظَمُ دَرَجَةً مِنَ الَّذِينَ أَنْفَقُوا مِنْ بَعْدُ وَقَاتَلُوا ۚ وَكُلًّا وَعَدَ اللَّهُ الْحُسْنَىٰ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۝

۱۶۔وَالسَّابِقُونَ الْأَوَّلُونَ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارِ وَالَّذِينَ اتَّبَعُوهُمْ بِإِحْسَانٍ ۙ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ وَأَعَدَّ لَهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي تَحْتَهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۚ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۝

۱۷۔لَقَدْ رَضِيَ اللَّهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ إِذْ يُبَايِعُونَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِي قُلُوبِهِمْ فَأَنْزَلَ السَّكِينَةَ عَلَيْهِمْ وَأَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيبًا ۝

۱۔فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتَّىٰ يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ

۲۔لَعَمْرُكَ إِنَّهُمْ لَفِي سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُونَ ۝

۳۔فَوَرَبِّكَ لَنَسْأَلَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ ۝

تسلی اتاری اور بدلے میں ان کو قریب ہی فتح دی۔

-الفتح ۴۸:۱۸-

تکملہ کتاب الرسالۃ

قرآن کریم کی قسمیں

۱۔پس تیرے پروردگار ہی کی قسم ہے کہ جب تک یہ لوگ اپنے باہمی جھگڑے تمہیں سے فیصلہ نہ کرائیں، ان کو ایمان سے بہرہ نہیں۔

-النساء ۴:۶۵-

۲۔تیری جان کی قسم کہ یہ لوگ اپنی بدمستی میں جھوم رہے تھے۔

-الحجر ۱۵:۷۲-

۳۔سو تیرے پروردگار ہی کی قسم کہ ان سب سے ہم ان کے اعمال کی ضرور باز پرس کریں گے۔

-الحجر ۱۵:۹۲-

Marfat.com

۴۔ تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۶﴾

۵۔ تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ

۶۔ فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيٰطِيْنَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ﴿۶۸﴾

۷۔ يٰسٓ ﴿۱﴾ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾

۸۔ وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ﴿۲﴾ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ﴿۳﴾

۹۔ صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِى الذِّكْرِ ﴿۱﴾

۱۰۔ حٰمٓ ﴿۱﴾ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾

۱۱۔ وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾

۱۲۔ قٓ ﴿۱﴾ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ﴿۱﴾

۱۳۔ وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ﴿۱﴾ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ﴿۲﴾ فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا ﴿۳﴾ فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ﴿۴﴾

۱۴۔ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ﴿۷﴾

۱۵۔ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ﴿۲۳﴾

۱۶۔ وَالطُّوْرِ ﴿۱﴾ وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ﴿۲﴾ فِىْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ﴿۳﴾ وَّالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ ﴿۴﴾ وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ﴿۵﴾ وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ ﴿۶﴾

۴۔ اللہ کی قسم کہ جو بہتان بندیاں تم لوگ کرتے رہے ہو، تم سے ضرور ان کی باز پرس ہونی ہے۔

۔النحل ۱۶: ۵۶۔

۵۔ اللہ کی قسم! تجھ سے پہلے ہم نے امتوں کی طرف ضرور پیغمبر بھیجے۔

۔النحل ۱۶: ۶۳۔

۶۔ تیرے پروردگار کی قسم کہ ہم تمام آدمیوں اور شیطانوں کو جمع کریں گے۔ پھر ان کو جہنم کے گرد لا حاضر کریں گے اور وہ دوزانو بیٹھے ہوں گے۔

۔مریم ۱۹: ۶۸۔

۷۔ یٰسٓ قسم قرآن کی! جس میں دانائی کی باتیں ہیں۔

۔یٰسٓ ۳۶: ۱۔۲۔

۸۔ قسم ان لشکروں کی جو صف بستہ کھڑے ہوتے ہیں۔ پھر زور سے ڈانٹتے ہیں۔ پھر ذکرِ الٰہی کی تلاوت کرتے ہیں۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۱۔۲۔

۹۔ صٓ۔ قسم قرآن کی کہ جس میں نصیحت ہے۔

۔صٓ ۳۸: ۱۔

۱۰۔ حٰمٓ۔ قسم ہے اس کتاب کی، جو احکامِ الٰہی واضح طور پر بتا رہی ہے۔

۔الزخرف ۴۳: ۱۔۲ و الدخان۔ ۴۴: ۱۔۲۔

۱۱۔ ہم کو رسول کے یوں فریاد کرنے کی قسم ہے کہ یارب! بے شک یہ لوگ ایمان لانے والے نہیں۔

۔الزخرف ۴۳: ۸۸۔

۱۲۔ قٓ۔ قسم قرآن مجید کی۔

۔قٓ ۵۰: ۱۔

۱۳۔ قسم ان ہواؤں کی جو بادلوں کو اڑائے لیے پھرتی ہیں۔ پھر مینہ کا بوجھ اٹھاتی پھر آہستہ آہستہ چلتی پھر ایک ضروری چیز کو تقسیم کرتی ہیں۔

۔الذّٰریٰت ۵۱: ۱۔۴۔

۱۴۔ قسم آسمان کی جس میں رستے پڑے ہوئے ہیں۔

۔الذّٰریٰت ۵۱: ۷۔

۱۵۔ سو قسم آسمان اور زمین کے پروردگار کی کہ یہ قرآن برحق ہے جس طرح کہ تم کلام کرتے ہو۔

۔الذّٰریٰت ۵۱: ۲۳۔

۱۶۔ قسم کوہِ طور کی اور کتابِ لوحِ محفوظ کی، جو چوڑے چکلے کاغذوں پر لکھی ہوئی ہے۔ اور بیت المعمور کی، اور اونچی چھت کیا ور جوش زن سمندر کی۔

۔الطور ۵۲: ۱۔۶۔

Marfat.com

۱۷۔ قسم ستارے کی جب وہ آسمان سے ٹوٹتا ہے۔

۔النجم ۵۳: ۱۔

۱۸۔ قسم ستاروں کے ڈوبنے کی اور سمجھو تو یہ بڑی قسم ہے۔

۔الواقعۃ ۵۶: ۷۵۔۷۶۔

۱۹۔ن۔ قسم قلم کی، اور جو کچھ لوگ لکھتے ہیں اس کی۔

۔القلم ۶۸: ۱۔

۲۰۔ قسم ہے ہم کو ان چیزوں کی جو تم کو دکھائی دیتی ہیں اور ان چیزوں کی جو تم کو نہیں دکھائی دیتی ہیں۔

۔الحاقۃ ۶۹: ۳۸۔۳۹۔

۲۱۔ قسم ہے ہم کو مشرقوں اور مغربوں کے پروردگار کی کہ ہم اس بات پر بھی قادر ہیں۔

۔المعارج ۷۰: ۴۰۔

۲۲۔ واقعی قسم ہے چاند کی اور رات کی، جب وہ جانے لگے۔ اور صبح کی جب وہ روشن ہو جائے۔

۔المدثر ۷۴: ۳۲۔۳۴۔

۲۳۔ قسم ہے روزِ قیامت کی اور قسم ہے نفسِ لوامہ کی۔

۔القیامۃ ۷۵: ۱۔۲۔

۲۴۔ قسم ان ہواؤں کی جو پہلے معمولی رفتار سے چلائی جاتی ہیں۔ پھر زور پکڑ کر تیز ہو جاتی ہیں اور (بادلوں) کو ہر طرف پھیلا دیتی ہیں۔ پھر انہیں پھاڑ کر جدا کر دیتی ہیں۔ پھر (لوگوں کے دلوں میں) ذکرِ الٰہی کا خیال ڈالتی ہیں تا کہ حجت تمام ہو اور ڈرایا جائے۔

۔المرسلات ۷۷: ۱۔۶۔

۲۵۔ قسم ان فرشتوں کی جو بدن میں گھس کر (سختی سے) جان نکالتے ہیں۔ اور ان کی جو ایسی آسانی سے نکالتے ہیں جیسے بند کھولتے ہیں۔ اور ان کی جو تیرتے پھرتے ہیں۔ اور ان کی جو

۱۷۔ وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ۙ

۱۸۔ فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ۙ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ۙ

۱۹۔ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۙ

۲۰۔ فَلَآ اُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُوْنَ ۙ وَمَا لَا تُبْصِرُوْنَ ۙ

۲۱۔ فَلَآ اُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشٰرِقِ وَالْمَغٰرِبِ اِنَّا لَقٰدِرُوْنَ ۙ

۲۲۔ كَلَّا وَالْقَمَرِ ۙ وَالَّيْلِ اِذْ اَدْبَرَ ۙ وَالصُّبْحِ اِذَآ اَسْفَرَ ۙ

۲۳۔ لَآ اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۙ وَلَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ۙ

۲۴۔ وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ۙ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ۙ وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ۙ فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ۙ فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا ۙ عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ۙ

۲۵۔ وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ۙ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ۙ وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا ۙ فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ۙ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ۙ

۲۶۔ فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ۙ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ۙ وَالَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ ۙ وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ ۙ

۲۷۔ فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ۙ وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ۙ وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ۙ

۲۸۔ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ۙ وَالْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ ۙ وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ ۙ

(حکم سننے کے لیے) لپکتے ہیں۔ پھر (بموجب حکم کے) انتظار کرتے ہیں۔

۔النّٰزعٰت ۷۹: ۱۔۵۔

۲۶۔ قسم ہے ان ستاروں کی جو چلتے چلتے پیچھے کو ہٹنے لگتے اور چھپ جاتے ہیں۔ اور قسم ہے رات کی جس وقت اس کی سیاہی چڑھتی چلی آتی ہے۔ اور قسم ہے صبح کی جس وقت پو پھٹتی ہے۔

۔التکویر ۸۱: ۱۵۔۱۸۔

۲۷۔ قسم ہے ہم کو شفق کی اور قسم ہے رات کی اور جن کے اوپر وہ چھا جاتی ہے ان کی اور قسم ہے چاند کی جب وہ پورا ہو۔

۔الانشقاق ۸۴: ۱۶۔۱۸۔

۲۸۔ اور قسم ہے برجوں والے آسمان کی اور اس دن کی جس کا وعدہ ہے اور قسم ہے گواہ کی اور اس کی جس کے مقابلہ میں وہ گواہی دیتا ہے۔

۔البروج ۸۵: ۱۔۳۔

Marfat.com

۲۹۔وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۙ﴿۱﴾

۳۰۔وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۙ﴿۱۲﴾ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۙ﴿۱۳﴾

۳۱۔وَالْفَجْرِ ۙ﴿۱﴾ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ۙ﴿۲﴾ وَّالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ۙ﴿۳﴾ وَالَّيْلِ اِذَا يَسْرِ ۚ﴿۴﴾ هَلْ فِيْ ذٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِيْ حِجْرٍ ؕ﴿۵﴾

۳۲۔لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۙ﴿۱﴾ وَاَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۙ﴿۲﴾ وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ۙ﴿۳﴾

۳۳۔ وَالشَّمْسِ وَ ضُحٰىهَا ۙ﴿۱﴾ وَ الْقَمَرِ اِذَا تَلٰىهَا ۙ﴿۲﴾ وَ النَّهَارِ اِذَا جَلّٰىهَا ۙ﴿۳﴾ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰىهَا ۙ﴿۴﴾ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰىهَا ۙ﴿۵﴾ وَالْاَرْضِ وَ مَا طَحٰىهَا ۙ﴿۶﴾ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰىهَا ۙ﴿۷﴾ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۙ﴿۸﴾

۳۴۔ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۙ﴿۱﴾ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ۙ﴿۲﴾ وَ مَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ۙ﴿۳﴾

۳۵۔وَالضُّحٰى ۙ﴿۱﴾ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۙ﴿۲﴾

۳۶۔وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۙ﴿۱﴾ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۙ﴿۲﴾ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۙ﴿۳﴾

۳۷۔وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ۙ﴿۱﴾ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ۙ﴿۲﴾ فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا ۙ﴿۳﴾ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۙ﴿۴﴾ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۙ﴿۵﴾

۳۸۔وَالْعَصْرِ ۙ﴿۱﴾

۲۹۔قسم ہے آسمان کی اور رات کے آنے والے کی۔

۔الطارق ۸۶: ۱۔

۳۰۔قسم ہے بارش والے آسمان کی اور قسم ہے روئیدگی سے پھٹنے والی زمین کی۔

۔الطارق ۸۶: ۱۱۔۱۲۔

۳۱۔قسم ہے صبح کی۔ اور دس راتوں کی۔ اور جفت اور طاق کی۔ اور رات کی جب وہ گزرنے لگے۔ عقل مند کے نزدیک تو ان چیزوں کی قسمیں بڑی بھاری قسمیں ہیں۔

۔الفجر ۸۹: ۱۔۵۔

۳۲۔ہم قسم کھاتے ہیں اس شہر کی۔ اور تو اس شہر میں ٹھیرا ہوا ہے۔ اور نیز قسم کھاتے ہیں، باپ اور اس کی اولاد کی۔

۔البلد ۹۰: ۱۔۳۔

۳۳۔قسم آفتاب کی۔ اور اس کی دھوپ کی۔ اور قسم ہے چاند کی جب وہ اس کے پیچھے آئے۔ اور قسم ہے دن کی جب وہ آفتاب کو نمایاں کرے۔ اور قسم ہے رات کی جب وہ آفتاب کو چھپالے۔ اور قسم ہے آسمان کی اور اس کی جس نے اس کو بنایا۔ اور زمین کی اور اس کی جس نے اس کو بچھایا۔ اور انسان کی اور اس کی جس نے اس کو درست بنایا۔ پھر اس کو اس کی بدکاری اور پرہیز گاری بجھائی۔

۔الشمس ۹۱: ۱۔۸۔

۳۴۔قسم رات کی جب وہ سب چیزوں کو ڈھانک لے۔ اور دن کی جب وہ خوب روشن ہو۔ اور قسم اس کی جس نے نر اور مادہ پیدا کیا۔

۔اللیل ۹۲: ۱۔۳۔

۳۵۔قسم چاشت کے وقت کی۔ اور قسم رات کی جب اس کی تاریکی چھا جائے۔

۔الضحیٰ ۹۳: ۱۔۲۔

۳۶۔قسم ہے انجیر اور زیتون کی۔ اور قسم ہے طور سینین کی۔ اور قسم ہے اس شہر پرامن کی۔

۔التین ۹۵۔ ۱۔۳۔

۳۷۔قسم ان گھوڑوں کی جو دوڑتے دوڑتے ہانپ اٹھتے ہیں۔ پھر ٹاپوں کے مارنے سے چنگاریاں نکالتے ہیں۔ پھر صبح کے وقت چھاپا جا مارتے ہیں۔ پھر وہ اس سے غبار بلند کرتے ہیں۔ پھر اسی وقت جماعت میں جا گھستے ہیں۔

۔العٰدیٰت ۱۰۰: ۱۔۵۔

۳۸۔قسم ہے عصر کے وقت کی۔

۔العصر ۱۰۳: ۱۔

تمثیلات القرآن

۱۔ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا ۖ فَلَمَّا أَضَاءَتْ مَا حَوْلَهُ ذَهَبَ اللَّهُ بِنُورِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِي ظُلُمَاتٍ لَّا يُبْصِرُونَ ﴿۱۷﴾

۲۔ أَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَاءِ فِيهِ ظُلُمَاتٌ وَرَعْدٌ وَبَرْقٌ ۚ يَجْعَلُونَ أَصَابِعَهُمْ فِي آذَانِهِم مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ۚ وَاللَّهُ مُحِيطٌ بِالْكَافِرِينَ ﴿۱۹﴾ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ أَبْصَارَهُمْ ۖ كُلَّمَا أَضَاءَ لَهُم مَّشَوْا فِيهِ وَإِذَا أَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوا ۚ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَأَبْصَارِهِمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿۲۰﴾

۳۔ وَمَثَلُ الَّذِينَ كَفَرُوا كَمَثَلِ الَّذِي يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ إِلَّا دُعَاءً وَنِدَاءً ۚ

۴۔ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوبُكُم مِّن بَعْدِ ذَٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ أَوْ أَشَدُّ قَسْوَةً ۚ وَإِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْأَنْهَارُ ۚ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَاءُ ۚ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللَّهِ ۗ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ﴿۷۴﴾

۵۔ فَمَثَلُهُ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَأَصَابَهُ وَابِلٌ فَتَرَكَهُ صَلْدًا ۖ لَّا يَقْدِرُونَ عَلَىٰ شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوا ۗ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ ﴿۲۶۴﴾

۶۔ مَّثَلُ الَّذِينَ يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ أَنبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِي كُلِّ سُنۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ۗ وَاللَّهُ يُضَاعِفُ لِمَن يَشَاءُ ۗ وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ﴿۲۶۱﴾

۱۔ ان کی مثال اس شخص کی سی مثال ہے جس نے آگ روشن کی۔ پھر جب اس کے آس پاس کی چیزیں چمک اٹھیں تو اللہ نے ان کی روشنی چھین لی۔ اور ان کو اندھیرے میں چھوڑ دیا کہ ان کو کچھ نہیں سوجھتا۔

۔البقرۃ ۲: ۱۷۔

۲۔ یا جیسے آسمانی بارش کہ اس میں اندھیرے ہیں اور گرج اور بجلی۔ موت کے ڈر سے مارے کڑک کے اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں ٹھونسے لیتے ہیں۔ اور اللہ منکروں کو گھیرے ہوئے ہے۔ قریب ہے کہ بجلی ان کی نگاہوں کو اچک لے جائے۔ جب ان کے آگے بجلی چمکی تو اس میں چلے اور جب ان پر اندھیرا چھا گیا تو کھڑے رہ گئے۔ اور اگر اللہ چاہے تو ان کے سننے اور ان کے دیکھنے کی قوتیں چھین لے۔ بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۹۔ ۲۰۔

۳۔ اور جو لوگ کافر ہیں ان کی مثال اس آدمی کی سی ہے جو ایک چیز کے پیچھے جو سنتی نہیں، پڑا چلا رہا ہے، محض بلانا اور پکارنا ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۷۱۔

۴۔ پھر اس کے بعد تمہارے دل ایسے سخت ہو گئے کہ گویا وہ پتھر ہیں بلکہ اس سے بھی زیادہ سخت۔ اور پتھروں میں تو بعض ایسے بھی ہوتے ہیں کہ ان سے نہریں پھوٹ نکلتی ہیں۔ اور بعض ایسے جو پھٹ جاتے ہیں اور ان سے پانی جھڑتا ہے۔ اور بعض پتھر ایسے بھی جو خدا کے خوف سے گر پڑتے ہیں۔ اور جو تم کر رہے ہو اللہ اس سے غافل نہیں ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۷۴۔

۵۔ تو اس کی خیرات کی مثال چٹان کی سی ہے کہ اس پر مٹی تھی۔ پھر اس پر زور کا مینہ برسا اور اس کو صاف سپاٹ کر گیا۔ ان کو اس خیرات میں سے جو انہوں نے کی، کچھ بھی ہاتھ نہیں لگے گا۔ اور اللہ ناشکر لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

۔البقرۃ ۲: ۲۶۴۔

۶۔ جو لوگ اپنے مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں ان کی مثال اس دانہ کی سی ہے جس سے سات بالیں پیدا ہوئیں۔ ہر بال میں سو دانے۔ اور اللہ جس کو چاہتا ہے، برکت دیتا ہے۔ اور اللہ گنجائش والا اور ہر حال سے واقف ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۶۱۔

Marfat.com

۷۔ وَمَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍۭ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ ۚ فَاِنْ لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۲۶۵﴾

۸۔ اَيَوَدُّ اَحَدُكُمْ اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ لَهٗ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۙ وَاَصَابَهُ الْكِبَرُ وَلَهٗ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَآءُ ۖ فَاَصَابَهَآ اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ۗ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۶۶﴾

۹۔ اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ۗ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۵۹﴾

۱۰۔ مَثَلُ مَا يُنْفِقُوْنَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيْحٍ فِيْهَا صِرٌّ اَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَاَهْلَكَتْهُ ۗ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۷﴾

۱۱۔ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْٓ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ فَكَانَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿۱۷۵﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ۗ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۷۶﴾ سَآءَ مَثَلًا ۨ الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۷۷﴾

۷۔ اور جو لوگ اللہ کی خوش نودی کے لیے اور اپنی نیت ثابت رکھ کر اپنے مال خرچ کرتے ہیں، ان کی مثال ایک باغ کی سی ہے۔ جو اونچی جگہ پر ہے۔ اس پر زور کا مینہ برسا تو وہ اپنا دوچند پھل لایا۔ اگر اس پر زور کا مینہ نہ پڑا تو ہلکی پھوار ہی کافی ہے۔ اور تم لوگ جو کچھ بھی کرتے ہو اللہ اسے دیکھ رہا ہے۔

۔البقرۃ ۲:۲۶۵۔

۸۔ بھلا تم میں سے کوئی یہ بات پسند کرے گا کہ کھجوروں اور انگوروں کا ایک باغ ہو، اس کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں اور اس میں ہر طرح کے پھل مالک کو میسر ہوں اور بڑھاپے نے اس کو آلیا اور اس کے ناتواں بچے ہیں۔ اب اس باغ پر ایک بگولا چلا۔ جس میں آگ بھری تھی تو باغ جل بھن کر رہ گیا۔ اسی طرح اللہ احکام کھول کھول کر تم لوگوں سے بیان کرتا ہے کہ شاید تم غور کرو۔

۔البقرۃ ۲:۲۶۶۔

۹۔ اللہ کے ہاں عیسیٰ کی مثال آدم کی سی ہے کہ خدا نے اس کو مٹی سے بنا کر حکم دیا کہ (آدم) بن۔ وہ بن گیا۔

۔آل عمران ۳:۵۹۔

۱۰۔ دنیا کی اس زندگی میں جو کچھ بھی یہ لوگ خرچ کر رہے ہیں۔ اس کی مثال اس ہوا کی سی ہے جس میں بڑی ٹھر تھی۔ وہ ان لوگوں کے کھیت کو جا لگی جو اپنے نفسوں پر ظلم کر رہے تھے۔ اور اس کو تباہ کر گئی اور اللہ نے ان پر ظلم نہیں کیا۔ بلکہ وہ اپنے اوپر آپ ہی ظلم کیا کرتے تھے۔

۔آل عمران ۳:۱۱۷۔

۱۱۔ اور ان لوگوں کو اس شخص کا حال پڑھ کر سنا جس کو ہم نے اپنی کرامتیں دی تھیں۔ پھر اس نے وہ کینچلی اتار دی تو شیطان اس کے پیچھے لگا تو وہ گمراہوں میں جا ملا۔ اور اگر ہم چاہتے تو ان کی برکت سے اس کا مرتبہ بلند کرتے۔ مگر اس نے پستی میں گرنا چاہا اور اپنی خواہشِ نفسانی کے پیچھے ہو لیا۔ تو اس کی مثال کتے کی سی مثال ہو گئی کہ اگر اس کو کہہ دو تو زبان باہر لٹکائے رہے۔ اور اگر اس کو چھوڑ دو تو بھی زبان باہر لٹکائے رہے۔ یہی حال ان لوگوں کا ہے جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا۔ تو یہ قصے ان سے بیان کرتا کہ یہ لوگ سوچیں۔ جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا، ان کی بری مثال ہے۔ اور وہ کچھ اپنا ہی بگاڑتے رہے ہیں۔

۔الاعراف ۷:۱۷۵-۱۷۷۔

Marfat.com

۱۲۔ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَلَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ ؕ وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۳﴾

۱۳۔ اِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ مِمَّا يَاْكُلُ النَّاسُ وَالْاَنْعَامُ ؕ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ اَهْلُهَاۤ اَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَاۤ ۙ اَتٰىهَاۤ اَمْرُنَا لَيْلًا اَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا حَصِيْدًا كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾

۱۴۔ مَثَلُ الْفَرِيْقَيْنِ كَالْاَعْمٰى وَالْاَصَمِّ وَالْبَصِيْرِ وَالسَّمِيْعِ ؕ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾

۱۵۔ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ اَوْدِيَةٌۢ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا ؕ وَمِمَّا يُوْقِدُوْنَ عَلَيْهِ فِى النَّارِ ابْتِغَآءَ حِلْيَةٍ اَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ؕ فَاَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَآءً ۚ وَاَمَّا مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِى الْاَرْضِ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ ﴿۱۷﴾

۱۶۔ مَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ اَعْمَالُهُمْ كَرَمَادِ ِۨاشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيْحُ فِىْ يَوْمٍ عَاصِفٍ ؕ لَا يَقْدِرُوْنَ مِمَّا كَسَبُوْا عَلٰى شَىْءٍ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ﴿۱۸﴾

۱۷۔ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا

۱۲۔ اللہ کے نزدیک بدترین حیوان بہرے اور گونگے ہیں کہ کچھ نہیں سمجھتے۔ اور اگر اللہ ان میں بہتری پاتا تو ان کو شنوائی کو طاقت ضرور عطا فرماتا۔ لیکن اگر خدا ان کو شنوائی بھی دیتا تب بھی یہ لوگ ضرور منہ پھیر کر الٹے بھاگتے۔

۔الانفال ۸: ۲۲۔۲۳۔

۱۳۔ دنیا کی زندگی کی مثال تو پانی کی سی ہے۔ کہ ہم نے اس کو آسمان سے برسایا۔ پھر زمین کی روئیدگی جس کو آدمی اور چارپائے کھاتے ہیں، پانی کے ساتھ مل گئی۔ یہاں تک کہ جب زمین نے اپنا سنگار کر لیا اور خوش نما ہوئی اور کھیت والوں نے سمجھا کہ وہ اس پر قابو پا گئے تو رات کے وقت یا دن کے وقت ہمارا حکم اس پر آپہنچا۔ پھر ہم نے اس کا ایسا ستھراؤ کر دیا کہ گویا کل اس کا نام ونشان ہی نہ تھا۔ جو لوگ سوچتے اور سمجھتے ہیں ان کے لیے دلیلیں ہم اسی طرح تفصیل کے ساتھ بیان فرماتے ہیں۔

۔یونس ۱۰: ۲۴۔

۱۴۔ دونوں فریقوں کی مثال اندھے اور بہرے اور آنکھوں والے اور سننے والے کی سی ہے۔ کیا دونوں کی حالت یکساں ہو سکتی ہے؟ کیا تم لوگ غور نہیں کرتے؟

۔ھود ۱۱: ۲۴۔

۱۵۔ اس نے آسمان سے پانی برسایا۔ پھر نالے (اپنی سمائی کے) بموجب بہہ نکلے۔ پھر جھاگ جو اوپر آ گیا تھا۔ اس کو ریلہ بہا لے گیا۔ اور یہ جو زیور یا دوسرے ساز و سامان کے لیے (دھاتوں) کو تپاتے ہیں، اس میں اسی طرح کا جھاگ ملا ہوتا ہے۔ یوں اللہ حق اور باطل کی مثال بیان فرماتا ہے۔ سو جھاگ تو رائیگاں جاتا ہے۔ اور (پانی) جو لوگوں کے کام آتا ہے زمین میں ٹھیرا رہتا ہے۔ اللہ اسی طرح کی مثالیں بیان فرماتا ہے۔

۔الرعد ۱۳: ۱۷۔

۱۶۔ جو لوگ اپنے پروردگار کے منکر ہیں ان کی مثال ایسی ہے کہ ان کے عمل گویا راکھ ہیں کہ آندھی کے دن اس کو ہوا لے اڑی۔ جو کچھ یہ لوگ کر گئے ہیں اس میں سے کچھ بھی ان کے ہاتھ نہیں آئے گا۔ پرلے درجے کی ناکامیابی یہی ہے۔

۔ابراہیم ۱۴: ۱۸۔

۱۷۔ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ خدا نے کلمۂ طیبہ کی کیسی مثال دی کہ کلمۂ طیبہ گویا ایک پاکیزہ درخت ہے۔ اس کی جڑ مضبوط ہے اور اس کی

Marfat.com

شاخیں آسمان میں ہیں۔ وہ اپنے پروردگار کے حکم سے ہر وقت اپنا پھل لاتا رہتا ہے۔ اور اللہ لوگوں کے لیے اس لیے مثالیں بیان فرماتا ہے کہ شاید وہ سوچیں۔ اور گندی بات کی مثال گندے درخت کی سی ہے۔ اس کو کچھ ٹھہراؤ نہیں۔ زمین کے اوپر سے اکھاڑ پھینکا۔

-ابراہیم ۱۴: ۲۴-۲۶-

۱۸۔ اللہ نے ایک مثال بیان فرمائی کہ ایک غلام ہے دوسرے کی ملک جو کسی بات کا اختیار نہیں رکھتا۔ اور ایک دوسرا شخص ہے جس کو ہم نے اپنی سرکار سے اچھی روزی دے رکھی ہے۔ تو وہ اس میں سے چھپ چھپاتے اور ظاہر (جس طرح چاہے) خرچ کرتا ہے۔ کیا یہ دونو برابر ہو سکتے ہیں؟ (نہیں) الحمد للہ مگر ان میں بہتیرے اتنا بھی نہیں سمجھتے اور اللہ نے ایک مثال بیان فرمائی کہ دو آدمی ہیں ان میں سے ایک گونگا، کچھ نہیں کر سکتا اور وہ اپنے آقا پر بار بھی ہے۔ جہاں کہیں اس کو بھیجے اس سے کچھ بھی ٹھیک بن نہیں آتا۔ کیا ایسا آدمی اور وہ شخص برابر ہو سکتے ہیں جو اعتدال پر رہنے کو کہتا ہے اور خود بھی سیدھے رستے پر ہے۔

-النحل ۱۶: ۷۵-۷۶-

۱۹۔ اور اس عورت جیسے نہ بنو جس نے اپنا اچھا کتا کتایا سوت ٹکڑے ٹکڑے کر کے توڑ ڈالا کہ لگو اپنے قسموں کو آپس کے فساد کا سبب بنانے کہ ایک گروہ دوسرے گروہ سے زبردست ہو جائے۔ خدا اس اختلاف سے تم لوگوں کی آزمائش کرتا ہے اور جن چیزوں میں تم اختلاف کرتے رہے ہو، قیامت کے دن خدا تم پر ضرور ظاہر کر دے گا۔

-النحل ۱۶: ۹۲-

ثَابِتٌ وَّ فَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ ﴿۲۴﴾ تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۭ بِاِذْنِ رَبِّهَا ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۵﴾ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِ ِۨ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ﴿۲۶﴾

۱۸۔ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَّجَهْرًا ؕ هَلْ يَسْتَوٗنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰىهُ ۙ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ بِخَيْرٍ ؕ هَلْ يَسْتَوِيْ هُوَ ۙ وَمَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۷۶﴾

۱۹۔ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا ؕ تَتَّخِذُوْنَ اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ اَنْ تَكُوْنَ اُمَّةٌ هِيَ اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ ؕ اِنَّمَا يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ؕ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۹۲﴾

۲۰۔ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ اَعْنَابٍ وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ﴿۳۲﴾ كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْـًٔا ۙ وَّفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ﴿۳۳﴾ وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا ﴿۳۴﴾ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَآ اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ اَبَدًا ﴿۳۵﴾ وَّمَآ اَظُنُّ

۲۰۔ اور ان لوگوں سے ان دو شخصوں کی مثال بیان کر جن میں سے ایک کو ہم نے دو باغ دے رکھے تھے۔ اور ہم نے ان کے گرداگرد کھجور کے درخت لگا رکھے تھے۔ اور ہم نے دونوں کے بیچ میں کھیتی بوئی تھی۔ دونوں باغ اپنا پھل لائے۔ اور پھل میں کسی طرح کی کمی نہ کی۔ اور دونوں کے درمیان ہم نے نہر جاری کر رکھی تھی۔ (باغوں کے مالک کے) پاس پیداوار موجود رہتی تھی۔ (ایک دن) یہ شخص اپنے دوست سے باتیں کرتے کرتے کہنے لگا کہ میں تجھ سے زیادہ مال دار ہوں اور جتھے کے اعتبار سے بھی زبردست ہوں۔ اور وہ اپنے باغ میں گیا اور اپنے نفس پر آپ ہی ظلم کر رہا تھا۔ لگا کہنے کہ میں نہیں سمجھتا کہ یہ باغ کبھی بھی برباد ہو۔ اور میں یہ بھی نہیں سمجھتا کہ قیامت برپا ہو۔ اور اگر میں اپنے پروردگار کی طرف لوٹایا جاؤں گا تو جہاں جاؤں گا میں

Marfat.com

السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّيْ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ۝٣٦
قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗۤ اَكَفَرْتَ بِالَّذِيْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ
نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ۝٣٧ لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَاۤ اُشْرِكُ بِرَبِّيْۤ اَحَدًا ۝٣٨ وَ
لَوْلَاۤ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ اِنْ تَرَنِ اَنَا
اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ۝٣٩ فَعَسٰى رَبِّيْۤ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ
عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا ۝٤٠ اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا
فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ لَهٗ طَلَبًا ۝٤١ وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَاۤ
اَنْفَقَ فِيْهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْۤ
اَحَدًا ۝٤٢ وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ۝٤٣
هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ؕ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ۝٤٤ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ
الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ
فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ۝٤٥

۲۱۔ مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ
اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ۝

۲۲۔ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ
تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ۝

اس کو اس (دنیا سے) بہتر پاؤں گا۔ اس کا دوست جو اس سے باتیں کرتا جاتا تھا، بول اٹھا کہ کیا تو اس کا منکر ہے جس نے تجھ کو مٹی سے پیدا کیا پھر نطفے سے پھر تجھ کو پورا آدمی بنایا؟ لیکن میرا تو یہ عقیدہ ہے کہ وہی اللہ میرا پروردگار ہے اور میں اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو بھی شریک نہیں کرتا اور جب تو اپنے باغ میں آیا تو تو نے یہ کیوں نہ کہا کہ یہ خدا کے کہنے سے ہوا ہے۔ اللہ کی مدد کے بغیر کچھ بھی طاقت نہیں اگر مال اور اولاد کے اعتبار سے تو مجھ کو اپنے سے کم دیکھتا ہے تو عجب نہیں کہ میرا پروردگار تیرے باغ سے بہتر مجھ کو عطا فرمائے اور اس پر آسمان سے کوئی ایسی بلا نازل کرے کہ وہ چٹیل میدان ہو کر رہ جائے۔ یا اس کا پانی بہت نیچے اتر جائے۔ پھر تو اس کو کسی طرح نہ پا سکے۔ چنانچہ (عذاب نازل ہوا) اور اس کی پیداوار (عذاب) کے پھیر میں آ گئی۔ تو وہ اس لاگت پر جو باغ پر لگائی تھی اپنے دونوں ہاتھ ملتا رہ گیا اور وہ باغ اپنی ٹہنیوں پر گرا ہوا پڑا تھا اور وہ کہہ رہا تھا کہ اے کاش کہ میں اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرتا۔ اور اس کا جتھا ایسا نہ ہوا کہ خدا کے سوا اس کی مدد کرتا۔ اور نہ وہ انتقام لے سکا۔ بس اسی سے ثابت ہوا کہ سب اختیار اللہ برحق ہی کو ہے۔ وہی بہتر ثواب دینے والا اور وہی بہتر عوض دینے والا ہے۔ اور ان لوگوں سے ایک یہ بھی مثال بیان کر کہ دنیا کی زندگی کی مثال پانی کی سی ہے جس کو ہم نے آسمان سے برسایا۔ پھر زمین کی روئیدگی پانی کے ساتھ مل گئی۔ پھر (آخرکار) وہ چورا ہو کر رہ گئی، جسے ہوائیں اڑائے پھرتی ہیں اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

-الکہف ۱۸: ۳۲-۴۵-

۲۱۔ جو شخص یہ گمان رکھتا ہو کہ اللہ دنیا اور آخرت میں اس کی مدد کرے گا ہی نہیں تو اس کو چاہیے کہ اوپر کی طرف کو ایک رسی تانے۔ پھر تعلق قطع کر کے دیکھے کہ آیا اس کی تدبیر سے وہ شکایت جس کی وجہ سے ناخوش تھا، رفع ہوئی یا نہیں۔

-الحج ۲۲: ۱۵-

۲۲۔ اور جو کوئی اللہ کا شریک بنائے تو اس کا حال ایسا ہے گویا وہ آسمان سے گر پڑا۔ پھر اس کو راہ میں سے پرندے اچک لے جائیں گے یا ہوا اس کو کسی دور جگہ لے جا کر ڈال دے گا۔

-الحج ۲۲: ۳۱-

۲۳۔ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۳۵﴾

۲۳۔ اللہ آسمان اور زمین کا نور ہے۔ اس کے نور کی مثال ایسی ہے جیسے ایک طاق۔ طاق میں ایک چراغ رکھا ہے۔ چراغ ایک شیشے کی قندیل میں ہے۔ قندیل گویا موتی کی طرح چمکتا ہوا ایک ستارہ ہے۔ وہ زیتون کے ایک مبارک درخت کے (تیل) سے روشن کیا جاتا ہے جو نہ پورب کے رخ واقع ہے نہ پچھم کے رخ۔ اس کا تیل ایسا کہ اس کو آگ بھی نہ چھوئے، تاہم معلوم ہوتا ہے کہ آپ جل اٹھے گا۔ (ایک نور نہیں بلکہ) نور پر نور۔ اللہ اپنے نور کی طرف جس کو چاہتا ہے راہ دکھاتا ہے۔ اور اللہ لوگوں کے لیے مثال بیان فرماتا ہے اور اللہ ہر چیز سے واقف ہے۔

۔النور ۲۴:۳۵۔

۲۴۔ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍۭ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَآءً ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ شَيْـًٔا وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ؕ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۳۹﴾ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿۴۰﴾

۲۴۔ اور جو لوگ کافر ہیں ان کے اعمال ایسے ہیں جیسے جنگل میں چمکتی ہوئی ریت کہ پیاسا اس کو پانی سمجھتا ہے۔ یہاں تک کہ جب اس کے پاس آیا تو اس کو کچھ بھی نہ پایا اور (مر گیا تو) اللہ کو اپنے پاس موجود پایا۔ سو اس نے اس کا حساب (فوراً) پورا پورا چکا دیا۔ اور اللہ جلد حساب کرنے والا ہے۔ یا (ان کی مثال) بڑے گہرے دریا کے اندرونی اندھیروں کی سی ہے کہ دریا کو لہر نے ڈھانک لیا۔ اور لہر کے اوپر لہر، اس کے اوپر بادل۔ (غرض) اندھیرے ہیں ایک کے اوپر ایک کہ آدمی اپنا ہاتھ نکالے تو ایسا لگتا ہے کہ اس کو دیکھ نہ سکے۔ اور جس کو اللہ ہی نور نہ دے تو اس کے لیے کوئی روشنی نہیں۔

۔النور ۲۴:۳۹۔۴۰۔

۲۵۔ مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۚ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ؕ وَاِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾

۲۵۔ جن لوگوں نے خدا کے سوا دوسرے کارساز بنا رکھے ہیں ان کی مثال مکڑی کی سی ہے۔ اس نے گھر بنایا اور کچھ

۲۶۔ ضَرَبَ لَكُمْ مَّثَلًا مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ؕ هَلْ لَّكُمْ مِّنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ شُرَكَآءَ فِيْ مَا رَزَقْنٰكُمْ فَاَنْتُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ تَخَافُوْنَهُمْ كَخِيْفَتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۲۸﴾

۲۶۔ تمہارے لیے تم ہی میں کی ایک مثال بیان فرمائی۔ جن غلاموں کے تم مالک ہو ان میں سے اس رزق میں جو ہم نے تم کو دے رکھا ہے کوئی بھی تمہارا شریک ہے کہ تم اس میں برابر کا حق رکھتے اور تم ان کی ایسی پروا کرتے ہو جیسی تم اپنی پروا کرتے ہو۔ عاقل لوگوں کے لیے ہم آیتوں کو کھول کھول کر بیان کرتے ہیں۔

۔الروم ۳۰:۲۸۔

۲۷۔ وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرٰنِ ۖ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَآئِغٌ شَرَابُهٗ وَهٰذَا مِلْحٌ

۲۷۔ اور دو سمندر برابر نہیں۔ ایک ایسا کہ اس کا پانی میٹھا، خوش ذائقہ، خوش گوار ہے۔ اور ایک ایسا کہ کھاری کڑوا۔ اور تم ان دونوں میں سے تازہ گوشت کھاتے اور زیور نکالتے ہو، جن کو پہنتے ہو۔ اور تو دیکھتا ہے

Marfat.com

کہ کشتیاں اس میں پھاڑتی چلی جارہی ہیں تا کہ تم خدا کے فضل (تجارت) کے طالب بنو اور شکر گزار ہو۔

۔فاطر ۳۵:۱۲۔

۲۸۔اور اندھا اور آنکھوں والا برابر نہیں۔اور نہ تاریکی اور نور اور نہ چھاؤں اور نہ دھوپ۔

۔فاطر ۳۵:۱۹-۲۱۔

۲۹۔اور نہ زندے اور مردے برابر ہو سکتے ہیں۔اور اللہ جس کو چاہتا ہے اسے سننے کی قوت دیتا ہے۔اور جو لوگ قبروں میں ہیں۔تو ان کو (اپنی بات) سنا نہیں سکتا۔تو تو ڈرانے والا ہے اور بس۔

۔فاطر ۳۵:۲۲-۲۳۔

۳۰۔اللہ ایک مثال بیان فرماتا ہے کہ ایک غلام ہے۔اس میں کئی ساجھی ہیں۔وہ آپس میں بڑی کشمکش رکھتے ہیں۔اور ایک غلام پورے کا پورا ایک آدمی کا ہے۔

۔الزمر ۳۹:۲۹۔

۳۱۔جان رکھو کہ دنیا کی زندگی کھیل اور تماشا اور زینت اور آپس میں ایک دوسرے پر فخر کرنا اور ایک دوسرے سے بڑھ کر مال اور اولاد کا خواہش مند ہونا ہے۔(اس کی مثال) مینہ کی سی مثال ہے۔کاشت کار کھیتی کو دیکھ کر خوشیاں کرنے لگتے ہیں۔پھر وہ پک کر خشک ہو جاتی ہے تو اس کو دیکھتا ہے کہ پیلی پڑ گئی ہے۔پھر روندن میں آجاتی ہے۔اور آخرت میں عذاب سخت اور اللہ کی طرف سے معافی اور خوش نودی ہے۔اور دنیا کی زندگی

أُجَاجٌ ۭ وَمِنْ كُلٍّ تَاْكُلُوْنَ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ فِيْهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ⑫

۲۸۔وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ⑲ وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ ⑳ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ ㉑ ۚ

۲۹۔وَمَا يَسْتَوِي الْاَحْيَاۗءُ وَلَا الْاَمْوَاتُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُسْمِعُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ ㉒ اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِيْرٌ ㉓

۳۰۔ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيْهِ شُرَكَاۗءُ مُتَشٰكِسُوْنَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ ۭ

۳۱۔اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ۭ كَمَثَلِ غَيْثٍ اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ حُطَامًا ۭ وَفِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۙ وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ۭ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ⑳

۳۲۔كَمَثَلِ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَرِيْبًا ذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ⑮ ۚ كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ اكْفُرْ ۚ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ اِنِّىْ بَرِيْۗءٌ مِّنْكَ اِنِّىْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ⑯ فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَآ اَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا الظّٰلِمِيْنَ ⑰

دھوکے کی جنس ہے۔

۔الحدید ۵۷:۲۰۔

۳۲۔ان لوگوں کی سی مثال ہے جو ابھی ان سے ذرا پہلے اپنی شامتِ اعمال کا مزہ چکھ چکے ہیں اور ان کو دردناک عذاب ہونا ہے۔شیطان کی سی مثال ہے کہ وہ انسان کو کہتا ہے کہ کفر کر۔پھر جب وہ کفر کر بیٹھتا ہے تو کہتا ہے مجھے تجھ سے کچھ واسطہ نہیں۔میں تو جہانوں کے پروردگار، اللہ سے ڈرتا ہوں۔پھر ان دونوں کا انجام یہ ہوتا ہے کہ دونوں دوزخ میں جائیں گے، اسی میں ہمیشہ رہیں گے اور یہی سزا ہے سرکشوں کی۔

۔الحشر ۵۹:۱۵-۱۷۔

Marfat.com

۳۳۔ مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ؕ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

۳۳۔ جن لوگوں پر تورات لادی گئی پھر وہ اس کو نہ اٹھا سکے، ان کی مثال گدھے کی سی مثال ہے، جس پر کتابیں لدی ہیں۔ جو لوگ خدا کی آیتوں کو جھٹلایا کرتے ہیں۔ ان کی بری مثال ہے۔ اور اللہ بے انصافوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔

۔الجمعۃ ۶۲: ۵۔

۳۴۔ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ ؕ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ۝ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ اِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ۝

۳۴۔ کافروں کے لیے خدا نے نوح کی بی بی اور لوط کی بی کی مثال بیان فرمائی۔ یہ دونوں ہمارے بندوں میں سے دو نیک بندوں کے نکاح میں تھیں۔ دونوں نے ان سے خیانت کی، تو دونوں کے شوہر اللہ کے مقابلہ میں ان کے کچھ کام نہ آئے۔ اور انہیں حکم دیا گیا کہ (جہنم میں) داخل ہونے والوں کے ساتھ تم دونوں بھی داخل ہو۔ اور ایمان داروں کے لیے خدا نے فرعون کی بیوی کی مثال دی۔ جب کہ اس بی بی نے کہا کہ اے میرے پروردگار! میرے لیے بہشت میں اپنے پاس ایک گھر بنا۔ اور مجھ کو فرعون اور اس کے عمل سے نجات دے۔ اور مجھے ظالم لوگوں سے بچا۔ اور عمران کی بیٹی مریم کی (مثال دی) جنہوں نے اپنی عصمت کو محفوظ رکھا۔ تو ہم نے ان کے پیٹ میں اپنی روح پھونک دی۔ اور وہ اپنے پروردگار کے کلام اور اس کی کتابوں کی تصدیق کرتی رہی اور وہ فرماں بردار بندوں میں سے تھی۔

۔التحریم ۶۶: ۱۰۔۱۲۔

۱۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

۲۔ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا

قرآن کریم کی دعائیں

۱۔ اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان، رحم والا ہے۔ سب طرح کی تعریف خدا ہی کو ہے جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے۔ نہایت رحم والا، مہربان۔ روزِ جزا کا مالک۔ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں۔ ہم کو سیدھا رستہ دکھا۔ ان لوگوں کا رستہ جن پر تو نے فضل کیا۔ نہ ان کا جن پر غضب نازل ہوا۔ اور نہ گمراہوں کا۔

۔الفاتحہ ۱: ۱۔۷۔

۲۔ اے ہمارے پروردگار! ہماری یہ (خدمت) قبول کر۔ بے شک

Marfat.com

مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ۠ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۲۸﴾

۳۔ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۲۰۱﴾

۴۔ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۵۰﴾

۵۔ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۖ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿۲۸۵﴾ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۟ وَاغْفِرْ لَنَا ۟ وَارْحَمْنَا ۟ اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۶﴾

۶۔ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿۸﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۹﴾

۷۔ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۶﴾ ۚ

۸۔ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۡ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ۭ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۭ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۶﴾ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۡ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۡ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۷﴾

تو ہی سننے والا، جاننے والا ہے۔ اے ہمارے پروردگار! ہم کو اپنا فرماں بردار بنا۔ اور ہماری نسل میں ایک امت پیدا کر جو تیری فرماں بردار ہو۔ اور ہم کو ہماری عبادت کے طریقے بتا۔ اور (ہمارے گناہوں سے) درگزر فرمایا۔ بے شک تو ہی بڑا درگزر کرنے والا، مہربان ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۲۷۔۱۲۸۔

۳۔ اے رب ہمارے! دے ہمیں دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھلائی اور بچا ہمیں دوزخ کے عذاب سے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۰۱۔

۴۔ اے رب ہمارے! ڈال دے ہم پر صبر اور جما ہمارے قدم اور غالب کر ہم کو کافر لوگوں پر۔

۔البقرۃ ۲: ۲۵۰۔

۵۔ اے ہمارے پروردگار! ہم نے سنا اور تسلیم کیا۔ تیری ہی مغفرت چاہتے ہیں اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ اے ہمارے پروردگار! نہ پکڑ ہم کو اگر بھول جائیں یا چوک جائیں۔ اے رب ہمارے! نہ رکھ ہم پر بوجھ بھاری جیسا کہ رکھا تھا ہم سے پہلے لوگوں پر۔ اے رب ہمارے! اور نہ اٹھوا ہم سے وہ چیز جس کی طاقت ہم کو نہیں اور درگزر کر ہم سے اور بخش دے ہمیں اور رحم کر ہم پر۔ تو ہی ہمارا مالک ہے۔ تو غالب کر ہم کو کافر لوگوں پر۔

۔البقرۃ ۲: ۲۸۵۔۲۸۶۔

۶۔ اے رب ہمارے! نہ پھیر ہمارے دل ہدایت کرنے کے بعد۔ اور ہمیں اپنے پاس سے دے ایک رحمت کہ بے شک تو ہی دینے والا ہے۔ اے ہمارے پروردگار! تو ایک دن جس میں شبہ ہی نہیں لوگوں کو اکٹھا کرے گا۔ بے شک اللہ وعدہ خلافی نہیں کیا کرتا۔

۔آل عمران ۳: ۸۔۹۔

۷۔ اے رب ہمارے! ہم ایمان لائے۔ پس بخش دے ہمارے گناہ۔ اور بچا ہم کو دوزخ کے عذاب سے۔

۔آل عمران ۳: ۱۶۔

۸۔ تو یوں کہہ کہ اے اللہ ملک کے مالک تو جس کو چاہے بادشاہی دے اور تو جس سے چاہے بادشاہی چھین لے۔ اور تو ہی جس کو چاہے عزت دے اور تو ہی جسے چاہے ذلت دے۔ سب طرح کی خیر تیرے ہی ہاتھ میں ہے۔ بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ تو ہی رات کو گھٹا کر دن میں شامل کرتا ہے۔ اور تو ہی دن کو رات میں شامل کرتا ہے۔ اور تو ہی بے جان سے جان دار اور تو ہی جان دار سے بے جان نکالتا ہے۔ اور تو ہی جس کو چاہے بے حساب روزی دے۔

۔آل عمران ۳: ۲۶۔۲۷۔

Marfat.com

۹۔ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۸﴾

۱۰۔ رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۵۳﴾

۱۱۔ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۷﴾

۱۲۔ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿۱۷۳﴾

۱۳۔ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۹۱﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۱۹۲﴾ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۣ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ﴿۱۹۳﴾ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰي رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۱۹۴﴾

۱۴۔ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ﴿۷۵﴾

۱۵۔ رَبِّ اِنِّىْ لَآ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِيْ وَاَخِيْ فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۵﴾

۱۶۔ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۳﴾

۹۔ اے میرے پروردگار! اپنی جناب سے مجھ کو نیک اولاد عنایت فرما۔ بے شک تو دعائیں سنتا ہے۔

۔آل عمران ۳:۳۸۔

۱۰۔ اے ہمارے پروردگار! جو (کتاب) تو نے اتاری، اس پر ہم ایمان لائے اور ہم نے رسول کی پیروی کی۔ تو ہم کو تصدیق کرنے والوں میں لکھ رکھ۔

۔آل عمران ۳:۵۳۔

۱۱۔ اے ہمارے پروردگار! ہمارے گناہ معاف کر۔ اور ہمارے کاموں میں جو ہم سے زیادتیاں ہوگئی ہیں ان سے درگزر فرما اور ہمارے پاؤں جمائے رکھ۔ اور کافر لوگوں پر ہمیں فتح دے۔

۔آل عمران ۳:۱۴۷۔

۱۲۔ ہم کو اللہ کافی ہے۔ اور وہ بہترین کارساز ہے۔

۔آل عمران ۳:۱۷۳۔

۱۳۔ اے رب ہمارے! تو نے عبث نہیں پیدا کیا۔ تو پاک ہے۔ پس بچا ہمیں دوزخ کے عذاب سے۔ اے رب ہمارے! تو جسے دوزخ میں ڈالے تو ضرور اسے رسوا کر دیا اور سیاہ کاروں کا کوئی ساتھی نہیں۔ اے ہمارے رب! ہم نے ایک پکارنے والے کو ایمان کے لیے پکارتے سنا کہ اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ۔ سو ہم ایمان لے آئے۔ اے رب ہمارے! اب ہمارے گناہ بخش دے اور ہماری برائیوں کو ہم سے اتار دے اور ہمارا نیکیوں کے ساتھ خاتمہ کر۔ اے رب ہمارے! دے ہمیں جو اپنے رسولوں کی معرفت تو نے ہم سے وعدہ کیا۔ اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کر کہ تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

۔آل عمران ۳:۱۹۱۔۱۹۴۔

۱۴۔ اے ہمارے پروردگار! ہم کو اس بستی سے نکال، یہاں کے رہنے والے ظلم کر رہے ہیں۔ اور اپنی طرف سے کسی کو ہمارا حامی بنا اور اپنی طرف سے کسی کو ہمارا مددگار بنا۔

۔النساء ۴:۷۵۔

۱۵۔ اے میرے پروردگار! اپنی ذات اور اپنے بھائی کے سوا اور کوئی میرے بس کا نہیں ہے۔ تو ہم میں اور ان نافرمان لوگوں میں امتیاز کیجیو۔

۔المائدۃ ۵:۲۵۔

۱۶۔ اے ہمارے پروردگار! ہم تو ایمان لے آئے، تو ہم کو تصدیق کرنے والوں کے ساتھ لکھ رکھ۔

۔المائدۃ ۵:۸۳۔

Marfat.com

۱۷۔ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

۱۸۔ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۲﴾ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۚ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۶۳﴾

۱۹۔ رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ۖ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾

۲۰۔ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾

۲۱۔ وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۭ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۭ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ﴿۸۹﴾

۲۲۔ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ﴿۱۲۶﴾

۲۳۔ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِاَخِيْ وَاَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ ۡ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾

۲۴۔ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ ﴿۱۵۵﴾ وَاكْتُبْ لَنَا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ اِنَّا هُدْنَآ اِلَيْكَ ۭ

۲۵۔ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾

۲۶۔ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ

۱۷۔اے ہمارے پروردگار! ہم پر آسمان سے ایک خوان اتار، جو ہمارے لیے اور ہمارے اگلوں اور پچھلوں سب کے لیے عید قرار پائے اور تیری طرف سے نشانی۔ اور ہم کو روزی دے۔ اور تو سب روزی دینے والوں میں بہتر ہے۔

۔المائدۃ۵: ۱۱۴۔

۱۸۔میری نماز اور میری عبادت اور میرا جینا اور میرا مرنا اللہ کے لیے ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے۔اس کا کوئی شریک نہیں۔اور مجھ کو یہی حکم دیا گیا ہے۔اور میں اس کا (سب سے) پہلا فرماں بردار ہوں۔

۔الانعام۶: ۱۶۲۔۱۶۳۔

۱۹۔اے رب ہمارے! ہم نے اپنی جانوں پر زیادتی کی۔اور اگر تو ہمیں نہ بخشے گا اور ہم پر رحم نہ کرے گا تو ہم برباد ہو جائیں گے۔

۔الاعراف۷: ۲۳۔

۲۰۔اے رب ہمارے! ہمیں ظالم لوگوں میں شامل نہ کر۔

۔الاعراف۷: ۴۷۔

۲۱۔ہمارا پروردگار علم کے رو سے سب چیزوں پر حاوی ہے۔ ہمارا بھروسہ اللہ ہی پر ہے۔ اے ہمارے پروردگار! ہم میں اور ہماری قوم میں حق کے ساتھ فیصلہ کر اور تو سب فیصلہ کرنے والوں سے بہتر ہے۔

۔الاعراف۷: ۸۹۔

۲۲۔اے رب ہمارے! ہم پر صبر ڈال دے۔اور مسلمانی کی حالت موت دے۔

۔الاعراف۷: ۱۲۶۔

۲۳۔اے میرے پروردگار! میرا اور میرے بھائی کا (قصور) معاف فرما۔اور ہم کو اپنی رحمت میں لے لے۔اور تو رحم کرنے والوں میں سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔

۔الاعراف۔۷: ۱۵۱۔

۲۴۔تو ہی ہمارا مددگار ہے۔پس بخش دے ہم کو اور رحم کر ہم پر اور تو سب سے اچھا بخشنے والا ہے اور اس دنیا اور آخرت کی بہتری ہمارے نام لکھ دے۔ہم تیری ہی طرف رجوع ہوئے۔

۔الاعراف۷: ۱۵۵۔۱۵۶۔

۲۵۔مجھ کو خدا بس کرتا ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔میں اسی پر بھروسہ رکھتا ہوں اور وہ عرشِ عظیم کا مالک ہے۔

۔التوبۃ۹: ۱۲۹۔

۲۶۔اے رب ہمارے! نہ کچیو ہمیں ستم کش ظالم لوگوں کا اور اپنی

Marfat.com

الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝۲۱

۲۷۔ رَبِّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْـَٔلَكَ مَا لَيْسَ لِیْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَ اِلَّا تَغْفِرْ لِیْ وَ تَرْحَمْنِیْٓ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝۴۷

۲۸۔ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۖ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۝۱۰۱

۲۹۔ اِنَّ رَبِّیْ لَسَمِيْعُ الدُّعَآءِ ۝۳۹ رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَ مِنْ ذُرِّيَّتِیْ ۖ رَبَّنَا وَ تَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝۴۰ رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَ لِوَالِدَیَّ وَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝۴۱

۳۰۔ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِیْ صَغِيْرًا ؕ ۝۲۴

۳۱۔ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ اَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّ اجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ۝۸۰

۳۲۔ رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّ هَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝۱۰

۳۳۔ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ۝۲۵ وَ يَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ ۝۲۶ وَ احْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ۝۲۷ يَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ۝۲۸

۳۴۔ رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ۝۱۱۴

۳۵۔ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝۸۳

رحمت سے ہمیں کافر لوگوں سے بچالے۔

-یونس ۱۰: ۸۵-۸۶-

۲۷۔ اے میرے پروردگار! میں تیری ہی پناہ مانگتا ہوں کہ جس چیز کا علم مجھ کو نہیں اس کی تجھ سے درخواست کروں۔ اور اگر تو میرا (قصور) معاف نہیں فرمائے گا اور مجھ پر رحم نہیں کرے گا تو میں برباد ہو جاؤں گا۔

-ھود ۱۱: ۴۷-

۲۸۔ اے پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمینوں کے، تو ہی ہے رفیق میرا دنیا اور آخرت میں۔ اٹھانا مجھ کو مسلمان اور شامل کرنا مجھے نیکوں کے ساتھ۔

-یوسف ۱۲: ۱۰۱-

۲۹۔ کچھ شک نہیں کہ میرا پروردگار دعا سنتا ہے۔ اے رب میرے! کر دے مجھے نماز درست رکھنے والا اور میری نسل کو بھی۔ اے رب ہمارے! اور میری دعا قبول کر۔ اے رب ہمارے! بخش دے مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور تمام مومنین کو جس دن حساب قائم ہو۔

-ابراہیم ۱۴: ۳۹-۴۱-

۳۰۔ اے رب! رحم کر میرے والدین پر جیسا انہوں نے مجھ چھوٹے کو پالا۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۲۴-

۳۱۔ اے رب میرے! داخل کر مجھے داخل کرنا سچائی کا۔ اور نکال مجھے نکالنا سچائی کا۔ اور میرے لیے اپنے پاس سے ایک مدد دینے والی قوت مہیا فرما۔

بنی اسرائیل ۱۷: ۸۰-

۳۲۔ اے رب ہمارے! دے ہمیں اپنے پاس سے ایک رحمت اور ہمارے لیے کام میں درستی کا سامان کر دے۔

-الکہف ۱۸: ۱۰-

۳۳۔ اے رب میرے! کھول دے سینہ میرا۔ اور آسان کر مجھ پر میرا کام۔ اور کھول دے گرہ میری زبان کی کہ میری بات کو لوگ سمجھیں۔

-طٰہٰ ۲۰: ۲۵-۲۸-

۳۴۔ اے میرے پروردگار! مجھے اور زیادہ علم نصیب کر۔

-طٰہٰ ۲۰: ۱۱۴-

۳۵۔ کہ مجھ کو بیماری لگ گئی ہے۔ اور تو رحم کرنے والوں میں سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔

-الانبیاء ۲۱: ۸۳-

۳۶۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۚ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۸۷﴾

۳۷۔ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ﴿۸۹﴾

۳۸۔ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

۳۹۔ رَّبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ ﴿۲۹﴾

۴۰۔ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِیْ فِی الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۹۴﴾

۴۱۔ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ ﴿۹۷﴾ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ ﴿۹۸﴾

۴۲۔ رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَیْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّیْنَ ﴿۱۰۶﴾ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۰۷﴾

۴۳۔ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ ﴿۱۰۹﴾

۴۴۔ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ ﴿۱۱۸﴾

۴۵۔ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ﴿۶۵﴾ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿۶۶﴾

۴۶۔ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا ﴿۷۴﴾

۴۷۔ رَبِّ هَبْ لِیْ حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ﴿۸۳﴾ وَاجْعَلْ لِّیْ لِسَانَ

۳۶۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو پاک ہے۔ میں نے ظلم کیا۔

۔الانبیاء ۲۱:۸۷۔

۳۷۔ اے رب میرے! نہ چھوڑ مجھے اکیلا اور تو سب سے اچھا وارث ہے۔

۔الانبیاء ۲۱:۸۹۔

۳۸۔ اے میرے پروردگار! حق کے ساتھ فیصلہ کر دے۔ اور ہم (مسلمانوں کا) پروردگار رحمٰن ہے جس سے ہم (ان باتوں پر جو تم بتاتے ہو، مدد مانگتے ہیں۔

۔الانبیاء ۲۱:۱۱۲۔

۳۹۔ اے رب میرے! اتار مجھے مبارک جگہ میں اور تو سب سے بہتر اتارنے والا ہے۔

۔المؤمنون ۲۳:۲۹۔

۴۰۔ تو اے میرے پروردگار! مجھ کو ظالم لوگوں میں شامل نہ کر لیجیو۔

۔المؤمنون ۲۳:۹۴۔

۴۱۔ اے رب میرے! میں تیری پناہ چاہتا ہوں شیطان کی چھیڑ سے۔ اور پناہ چاہتا ہوں تیری اے رب! اس سے کہ وہ میرے پاس آئیں۔

۔المؤمنون ۲۳:۹۷۔۹۸۔

۴۲۔ اے ہمارے پروردگار! ہم کو ہماری بدبختی نے آدبایا۔ اور ہم گمراہ لوگ تھے۔ اے ہمارے پروردگار! ہم کو یہاں سے نکال۔ بے شک پھر اگر ہم دوبارہ ایسا کریں تو ہم بے شک قصوروار ہیں۔

۔المؤمنون ۲۳:۱۰۶۔۱۰۷۔

۴۳۔ اے رب ہمارے! ہم ایمان لائے، بخش دے ہمیں۔ اور رحم کر ہم پر اور تو سب مہربانوں سے بہتر ہے۔

۔المؤمنون ۲۳:۱۰۹۔

۴۴۔ اے رب میرے! بخش دے مجھ کو اور رحم کر مجھ پر۔ اور تو سب مہربانوں سے بہتر ہے۔

۔المؤمنون ۲۳:۱۱۸۔

۴۵۔ اے رب ہمارے! ٹال دے ہم سے دوزخ کا عذاب کہ اس کا عذاب گلوگیر ہے۔ بے شک وہ برا ٹھکانا ہے، چاہے تھوڑی دیر رہو یا ہمیشہ کو۔

۔الفرقان ۲۵:۶۵۔۶۶۔

۴۶۔ اے رب ہمارے! ہماری بیبیوں اور اولاد کی طرف سے ہمیں آنکھوں کی ٹھنڈک دے اور کر دے ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا۔

۔الفرقان ۲۵:۷۴۔

۴۷۔ اے میرے پروردگار! مجھ کو سمجھ عنایت فرمایا اور مجھ کو نیک

Marfat.com

بندوں میں شامل کر اور آنے والی نسلوں میں میرا ذکرِ خیر جاری رکھ اور آرام گاہِ جنت کے وارثوں میں سے مجھ کو بھی وارث بنا۔

-الشعراء۲۶: ۸۳-۸۵

۴۸۔ جب لوگ اٹھا کھڑے کئے جائیں گے اس دن مجھ کو رسوا نہ کیجو کہ اس دن نہ مال ہی کام آئے گا اور نہ بیٹے (کام آئیں گے) مگر جو پاک دل لے کر خدا کے حضور میں حاضر ہوگا۔

-الشعراء۲۶: ۸۷-۸۹-

۴۹۔ مجھ میں اور ان لوگوں میں ایک قطعی فیصلہ کر دے۔ اور مجھ کو اور ایمان والوں کو جو میرے ساتھ ہیں، بچا لے۔

-الشعراء۲۶: ۱۱۸-

۵۰۔ اے میرے پروردگار مجھ کو اور میرے گھر والوں کو ان کاموں سے جو یہ (لوگ) کر رہے ہیں، نجات دے۔

-الشعراء۲۶: ۱۶۹-

۵۱۔ اے رب میرے! مجھے توفیق دے کہ جو احسان تو نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کیا، اس کا شکر کروں۔ اور ایسے نیک کام کروں جو تو پسند کرے۔ اور داخل کر دے مجھے اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں۔

-النمل۲۷: ۱۹-

۵۲۔ اے رب میرے! بے شک ظلم کیا میں نے اپنی جان پر۔ پس مجھ کو بخش دے۔

-القصص۲۸: ۱۶-

۵۳۔ اے رب میرے! نجات دے مجھ کو ظالم لوگوں سے۔

-القصص۲۸: ۲۱-

صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۸۴﴾ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ﴿۸۵﴾

۴۸۔ وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۸۷﴾ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ﴿۸۸﴾ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿۸۹﴾

۴۹۔ فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَّنَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۸﴾

۵۰۔ رَبِّ نَجِّنِيْ وَاَهْلِيْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾

۵۱۔ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۹﴾

۵۲۔ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ

۵۳۔ رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۱﴾

۵۴۔ رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ﴿۲۴﴾

۵۵۔ رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۳۰﴾

۵۶۔ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۹﴾

۵۴۔ اے رب میرے! میں اس بھلائی کا جو تو میری طرف اتارے، محتاج ہوں۔

-القصص۲۸: ۲۴-

۵۵۔ اے رب میرے! غالب کر مجھے مفسد لوگوں پر۔

-العنکبوت۲۹: ۳۰-

۵۶۔ پس جس وقت تم لوگوں کو شام ہو اور جس وقت تم کو صبح ہو، اللہ کی پاکیزگی بیان کرو۔ اور آسمان اور زمین میں وہی اللہ تعریف کے لائق ہے۔ اور تیسرے پہر اور جب تم لوگوں کو دوپہر ہو۔ وہ زندہ کو مردے سے نکالتا ہے اور مردے کو زندہ سے نکالتا ہے۔ اور زمین کو اس کے مرے پیچھے زندہ کرتا ہے۔ اور اسی طرح تم (مرنے کے بعد) نکالے جاؤ گے۔

-الروم۳۰: ۱۷-۱۹-

Marfat.com

٥٧۔اے میرے پروردگار! مجھ کو نیک روحوں میں سے (ایک نیک روح) عطا فرما۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۱۰۰۔

٥٨۔بارِ خدایا! آسمانوں اور زمینوں کے پیدا کرنے والے، چھپے اور کھلے کے جاننے والے جن باتوں میں تیرے بندے آپس میں اختلاف کر رہے ہیں تو ہی ان کے جھگڑوں کو چکائے گا۔

۔الزمر ۳۹: ۴۶۔

٥٩۔اے رب ہمارے! محیط ہوا ہے ہر چیز کو تیرا رحم اور علم۔تو بخش دے ان لوگوں کو جنہوں نے توبہ کی اور تیری راہ پر چلے۔اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچا لے۔اب رب ہمارے! اور داخل کر انہیں ہمیشہ رہنے کی جنتوں میں، جن کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے۔اور ان کے آباؤ اجداد کو اور ان کی بیبیوں کو اور ان کی اولاد میں سے جو نیک ہو ان کو۔کیونکہ تو ہی زبردست، حکمت والا ہے۔

۔المؤمن ۴۰: ۷۔۸۔

٦٠۔پاک ہے وہ جس نے ان چیزوں کو ہمارے بس میں کر دیا ہے اور ہم ایسے نہ تھے کہ ان کو قابو میں کر لیتے۔اور بے شک ہم کو اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

۔الزخرف ۴۳: ۱۳۔۱۴

٦١۔اے میرے پروردگار! مجھ کو توفیق دے کہ جو احسانات تو نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کئے ہیں، میں تیرے ان احسانات کا شکریہ ادا کرتا رہوں۔اور ایسے نیک عمل کروں جن سے تو خوش ہو۔اور میری اولاد

٥٧۔رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٠٠﴾

٥٨۔اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْ مَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿٤٦﴾

٥٩۔رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿٧﴾ رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ الَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٨﴾

٦٠۔سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ﴿١٣﴾ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ﴿١٤﴾

٦١۔رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿١٥﴾

٦٢۔اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴿١٠﴾

٦٣۔رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٠﴾

٦٤۔رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿٤﴾ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا

میں نیک بختی پیدا کر۔میں تیری طرف رجوع لاتا ہوں۔اور میں تیرے فرماں بردار بندوں میں ہوں۔

۔الاحقاف ۴۶: ۱۵۔

٦٢۔میں عاجز ہوں سو اب تو ہی بدلہ لے۔

۔القمر ۵۴: ۱۰۔

٦٣۔اے رب ہمارے! بخش دے ہمیں اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ایمان میں ہم سے آگے رہے۔اور نہ رکھ ہمارے دلوں میں کدورت ایمان والوں کے ساتھ۔اے رب ہمارے! تو بہت مہربان، رحم والا ہے۔

۔الحشر ۵۹: ۱۰۔

٦٤۔اے رب ہمارے! تجھی پر ہم نے بھروسہ کیا اور تیری ہی طرف ہم رجوع ہوئے اور تیری ہی طرف لوٹنا ہے۔اے رب ہمارے! نہ کر ہمیں

Marfat.com

ستم کش کافر لوگوں کا۔ اور بخش دے ہمیں اے رب ہمارے! کیونکہ تو ہی زبردست، حکمت والا ہے۔

-الممتحنة ٦٠: ٤-٥-

٦٥۔ اے رب ہمارے! کامل کر دے ہمیں ہمارا نور اور بخش دے ہمیں۔ کیونکہ تو ہر چیز پر قادر ہے۔

-التحریم ٦٦: ٨-

٦٦۔ اے رب! بخش دے مجھے اور میرے ماں باپ کو اور جو کوئی میرے گھر میں ایمان دار ہو کر آئے۔ اور تمام ایمان دار مردوں اور عورتوں کو۔ اور ایسا کر کہ ظالموں کی تباہی بڑھتی چلی جائے۔

-نوح ٧١: ٢٨-

٦٧۔ کہہ کہ میں تمام مخلوقات کے شر سے صبح کے مالک کی پناہ مانگتا ہوں۔ اور اندھیری رات کے شر سے جب وہ چھا جائے۔ اور گنڈوں پر پھونکنے والیوں کے شر سے۔ اور ہونسنے والے کے شر سے، جب وہ ہونسنے لگے۔

-الفلق ١١٣: ١-٥-

٦٨۔ کہہ کہ (شیطان) جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتا ہے۔ جنات اور آدمیوں کے۔ ان کے شر سے میں لوگوں کے پروردگار، لوگوں کے بادشاہ، لوگوں کے معبود کی پناہ مانگتا ہوں۔

-الناس ١١٤: ١-٦-

فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝٥

٦٥۔ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝٨

٦٦۔ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۙ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ۝٢٨

٦٧۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝١ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝٢ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝٣ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝٤ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝٥

٦٨۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝١ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۝٢ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۝٣ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝٤ۙ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝٥ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝٦

Marfat.com

كِتابُ المَعاد

Marfat.com

کتاب المعاد

دارِ آخرت

۱۔ دنیا سے آخرت بہتر ہے

۱۔(اے نبی ﷺ) کہہ دے کہ دنیا کی پونجی تھوڑی ہے اور آخرت بہتر ہے اس کے لیے جو ڈرے۔

۔النساء ۴:۷۷۔

۲۔اور دنیا کی زندگی تو نرا کھیل تماشا ہے۔اور بے شک پچھلا گھر ان کے لیے جو ڈرتے ہیں بہتر ہے۔تو کیا تم سمجھتے نہیں؟

۔الانعام ۶:۳۲۔

۳۔اور پچھلا گھر ان کے لیے جو ڈرتے ہیں، بہتر ہے تو کیا تم سمجھتے نہیں۔

۔الاعراف ۷:۱۶۹۔

۴۔مسلمانو! تمہیں کیا ہو گیا کہ جب تم سے کہا جاتا ہے کہ اللہ کی راہ میں (جہاد کے لیے) نکلو تو تم (بوجھل ہو کر) زمین کی طرف گر پڑتے ہو۔تو کیا تم آخرت کے مقابلے میں دنیا کی زندگی پسند کرتے ہو؟ تو آخرت کے مقابلے میں دنیا کی زندگی کا نفع تو بہت تھوڑا ہے۔

۔التوبۃ ۹:۳۸۔

۵۔اور بے شک آخرت کا گھر ان کے لیے جو ڈرتے ہیں، بہتر ہے تو کیا تم سمجھتے نہیں؟

۔یوسف ۱۲:۱۰۹۔

۶۔اور آخرت کے مقابلے میں دنیا کی زندگی تو عارضی نفع ہے۔

۔الرعد ۱۳:۲۶۔

۷۔اور بے شک آخرت کا گھر بہتر ہے اور ڈرنے والوں کا گھر کیا ہی اچھا ہے۔

۔النحل ۱۶:۳۰۔

۱۔قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ ۚ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۣ

۲۔وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ۭ وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝

۳۔وَالدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝

۴۔يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ ۭ اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ ۚ فَمَا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِيْلٌ ۝

۵۔وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝

۶۔وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ۝

۷۔وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ۭ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ۙ

۸۔بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝

۹۔تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا ۡ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ۭ

۱۰۔وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝

۱۱۔وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰۗىِٕكَ كَانَ

۸۔بلکہ تم دنیا کی زندگی کو ترجیح دیتے ہو حالانکہ آخرت بہتر اور باقی رہنے والی ہے۔

۔الاعلیٰ ۸۷:۱۶۔۱۷۔

۲۔ اللہ آخرت چاہتا ہے

۹۔تم دنیا کا مال چاہتے ہو اور اللہ آخرت چاہتا ہے۔

۔الانفال ۸:۶۷۔

۳۔ آخرت کا اجر بہتر ہے

۱۰۔اور بے شک آخرت کا ثواب ان کے لیے جو ایمان لائے اور (اللہ سے) ڈرتے رہے، بہتر ہے۔

۔یوسف ۱۲:۵۷۔

۴۔ آخرت کی کوشش مشکور ہوگی

۱۱۔اور جس نے آخرت چاہی اور اس کے لیے کوشش کی جیسا اس کے کوشش کرنے کا حق ہے اور وہ ایمان دار ہے تو یہی وہ لوگ ہیں جن کی

Marfat.com

کوشش کی قدر کی جائے گی۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۱۹-

۵۔ آخرت کی فضیلت اور درجے

۱۲-اور بے شک آخرت بلحاظ درجوں کے بڑی ہے اور بلحاظِ فضیلت بھی بڑی ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۲۱-

۶۔ دارِ آخرت انہیں کے لیے ہے جو متکبر اور فسادی نہیں

۱۳-یہ پچھلا گھر ہے جسے ہم ان لوگوں کو دیں گے جو ملک میں نہ سرکشی چاہتے ہیں اور نہ فساد اور انجام نیک متقیوں کا ہے۔

-القصص ۲۸: ۸۳-

۷۔ دارِ آخرت متقیوں کے لیے ہے

۱۴-اور (اچھی) آخرت تیرے پروردگار کے ہاں پرہیز گاروں کے لیے ہے۔

-الزخرف ۴۳: ۳۵-

۸۔ زندگی حقیقت میں آخرت ہی کی ہے

۱۵-اور یہ دنیا کی زندگی تو نرا کھیل تماشا ہے اور بے شک جو پچھلا گھر ہے حقیقت میں وہی زندگی ہے۔ کاش وہ اس بات کو جانتے

-العنکبوت ۲۹: ۶۴-

۹۔ دارِ آخرت دارِ پائدار ہے

۱۶-بھائیو یہ دنیا تو بس عارضی فائدہ ہے اور جو آخرت ہے وہی پائدار گھر ہے۔

-المؤمن ۴۰: ۳۹-

سَعْيُهُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿۱۹﴾

۱۲-وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَكْبَرُ تَفْضِيْلًا ﴿۲۱﴾

۱۳-تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۸۳﴾

۱۴-وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۵﴾

۱۵-وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ ؕ وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۴﴾

۱۶-يٰقَوْمِ اِنَّمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ ۫ وَّاِنَّ الْاٰخِرَةَ هِيَ دَارُ الْقَرَارِ ﴿۳۹﴾

۱۷-كَلَّا بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ ﴿۲۰﴾ وَتَذَرُوْنَ الْاٰخِرَةَ ﴿۲۱﴾ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ﴿۲۲﴾ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ﴿۲۳﴾ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ بَاسِرَةٌ ﴿۲۴﴾ تَظُنُّ اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ﴿۲۵﴾

۱۸-وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۳﴾

۱۹-وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰى ﴿۱۲۷﴾

۱۰۔ آخرت میں بہتیرے اللہ کو دیکھیں گے بہتیرے مصیبت کا انتظار کریں گے

۱۷-ہرگز نہیں بلکہ تم دنیا چاہتے ہو اور آخرت کو چھوڑے ہوئے ہو۔ کتنے ہی چہرے اس دن تر و تازہ ہوں گے، اپنے پروردگار کی طرف دیکھ رہے ہوں گے اور کتنے ہی چہرے اس دن برے ہوں گے۔ وہ یقین کریں گے کہ ان پر کمر توڑنے والی مصیبت آپڑے گی۔

-القیامۃ ۷۵: ۲۰-۲۵-

۱۱۔ آخرت کا عذاب بڑا ہے

۱۸-اور بے شک آخرت کا عذاب بڑا ہے۔ کاش وہ جانتے ہوتے!

-الزمر ۳۹: ۲۶ والقلم-۶۸: ۳۳-

۱۲۔ آخرت کا عذاب سخت ہے

۱۹-اور بے شک آخرت کا عذاب بڑا سخت اور ہمیشہ رہنے والا ہے۔

-طٰہٰ ۲۰: ۱۲۷-

Marfat.com

۲۰۔ وَفِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۙ وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ؕ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿۲۰﴾

۲۱۔ وَّاَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۲۱﴾

۱۔ لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۱۸۱﴾

۲۔ وَيَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ ۫ فَاِذَا بَرَزُوْا مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِيْ تَقُوْلُ ؕ وَاللّٰهُ يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُوْنَ ۚ

۳۔ مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ وَّلَا مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَطَـُٔوْنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً وَّلَا يَقْطَعُوْنَ وَادِيًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾

۱۳۔ آخرت میں سخت عذاب بھی ہے اور خدا کی مغفرت و رضا بھی

۲۰۔ اور آخرت میں سخت عذاب ہے اور (نیکوں کے لیے) اللہ کی طرف سے بخشش اور رضا مندی ہے اور دنیا کی زندگی تو محض دھوکے والا فائدہ ہے۔

۔الحدید ۵۷: ۲۰۔

۱۴۔ منکرینِ آخرت کو عذابِ الیم

۲۱۔ اور کچھ شک نہیں کہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے ان کے لیے ہم نے دردناک عذاب تیار کیا ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۱۰۔

کتابتِ اعمال

۱۔ بندوں کے اعمال لکھے جاتے ہیں

۱۔ بے شک اللہ نے ان لوگوں کا قول سنا جنہوں نے کہا کہ اللہ فقیر ہے اور ہم مال دار ہیں۔ ہم اس کو جو انہوں نے کہا اور نبیوں کو ان کے ناحق قتل کرنے کو لکھے رکھتے ہیں اور (قیامت کو) ہم ان سے کہیں گے کہ جلن کا عذاب چکھو۔

۔آل عمران ۳: ۱۸۱۔

۲۔ اور یہ کہہ دیتے ہیں کہ جو کہتے ہو ہم تسلیم کرتے ہیں لیکن جب تمہارے پاس سے باہر جاتے ہیں تو ان سے کچھ لوگ راتوں کو اپنے کہے کے خلاف مشورہ کرتے ہیں اور جیسے جیسے مشورے راتوں کو کرتے ہیں، اللہ لکھتا جاتا ہے۔

۔النساء ۴: ۸۱۔

۳۔ اہل مدینہ اور ان کے گرد نواح کے دیہاتیوں کو مناسب نہ تھا کہ رسول اللہ سے پیچھے رہ جائیں اور نہ یہ کہ رسول کے جان کی پروانہ کر کے اپنی جانوں کی فکر میں پڑ جائیں۔ یہ اس لیے کہ ان کو اللہ کی راہ میں پیاس اور محنت اور بھوک کی تکلیف پہنچتی ہے تو اور جن مقامات پر کافروں کو ان کا چلنا ناگوار گزرتا ہے وہاں چلتے ہیں تو اور دشمنوں سے کچھ مل ملا رہتا ہے، تو ہر ہر کام کے بدلے ان کا عمل لکھا جاتا ہے۔ بے شک اللہ خلوصِ دل سے اسلام کی خدمت کرنے والوں کے اجر کو ضائع نہیں ہونے دیتا اور اسی طرح تھوڑا یا بہت جو کچھ خرچ کرتے ہیں۔ اور جو میدان ان کو طے کرنے پڑتے ہیں، یہ سب ان کے نام لکھا جاتا ہے تا کہ اللہ ان کو ان کے اعمال کا بہتر سے بہتر بدلہ عطا فرمائے۔

۔التوبۃ ۹: ۱۲۰۔۱۲۱۔

Marfat.com

۴۔ ہمارے فرشتے تمہاری سب کارسازیاں لکھتے جاتے ہیں۔

-یونس ۱۰: ۲۱-

۵۔ اور ہم نے ہر آدمی کی برائی بھلائی کو اس کے ساتھ لازم کر کے اس کے گلے کا ہار بنا دیا ہے اور قیامت کے دن ہم نامۂ اعمال نکال کر اس کے سامنے پیش کر دیں گے وہ اس کو اپنے روبرو کھلا ہوا دیکھ لے گا۔ یہ اپنا نامۂ اعمال پڑھ لے گا۔ آج اپنا حساب لینے کے لیے تو آپ ہی بس کرتا ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۱۳-۱۴-

۶۔ جس دن ہم سب لوگوں کو ان کے پیشواؤں سمیت بلا کر کھڑا کریں گے تو جن کا نامۂ اعمال ان کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا وہ اپنے نامۂ اعمال کو پڑھنے لگیں گے اور ان پر ذرا بھی ظلم نہ ہوگا۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۷۱-

۷۔ اور کتاب (اعمال لا کر) رکھی جائے گی تو تو گنہگاروں کو دیکھے گا کہ اس سے جو اس میں لکھا ہوگا ڈر رہے ہوں گے۔ اور کہیں گے ہائے ہماری خرابی! یہ کیسی کتاب ہے جو نہ کسی چھوٹی بات کو چھوڑے اور نہ کسی بڑی کو، سب ہی کو گھیر رکھا ہے۔ اور جو کچھ انہوں نے کیا تھا، اس کو وہ موجود پائیں گے اور (اے نبی ﷺ!) تیرا پروردگار کسی پر ظلم نہیں کرتا۔

-الکہف ۱۸: ۴۹-

۸۔ ہرگز نہیں۔ جو کچھ یہ بکتا ہے ہم سب لکھ لیتے ہیں اور اس کے حق میں عذاب بڑھاتے چلے جائیں گے۔

-مریم ۱۹: ۷۹-

۴۔ اِنَّا نَحْنُ نُحْیِ الْمَوْتٰی وَ نَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَ اٰثَارَهُمْ ؕ وَ كُلَّ شَیْءٍ اَحْصَیْنٰهُ فِیْۤ اِمَامٍ مُّبِیْنٍ ﴿۱۲﴾

۹۔ تو جو شخص نیک کام کرے اور وہ ایمان بھی رکھتا ہو تو اس کی کوشش اکارت ہونے والی نہیں اور ہم اس کے اعمال سب لکھتے جاتے ہیں۔

-الانبیاء ۲۱: ۹۴-

۱۰۔ بے شک ہم ہی مردوں کو زندہ کرتے ہیں اور جو عمل انہوں نے آگے بھیجے ہیں ان کو اور ان کے پیچھے چھوڑے ہوئے نشانوں کو گنتے ہیں اور ہم نے ہر ایک شے کو کھول کر بیان کرنے والی کتاب میں گھیر رکھا ہے۔

-یٰسٓ ۳۶: ۱۲-

۱۱۔ اور فرشتوں کو جو خدا کے بندے ہیں، عورت ذات ٹھیرا دیا گیا ان کے پیدا کرنے کے وقت ان کی شہادت لکھی جائے گی اور ان سے باز پرس کی جائے گی۔

-الزخرف ۴۳: ۱۹-

۴۔ اِنَّ رُسُلَنَا یَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ ﴿۲۱﴾

۵۔ وَ كُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓىِٕرَهٗ فِیْ عُنُقِهٖ ؕ وَ نُخْرِجُ لَهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ كِتٰبًا یَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ﴿۱۳﴾ اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ؕ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْیَوْمَ عَلَیْكَ حَسِیْبًا ﴿۱۴﴾

۶۔ یَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۭ بِاِمَامِهِمْ ۚ فَمَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ بِیَمِیْنِهٖ فَاُولٰٓىِٕكَ یَقْرَءُوْنَ كِتٰبَهُمْ وَ لَا یُظْلَمُوْنَ فَتِیْلًا ﴿۷۱﴾

۷۔ وَ وُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِیْنَ مُشْفِقِیْنَ مِمَّا فِیْهِ وَ یَقُوْلُوْنَ یٰوَیْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا یُغَادِرُ صَغِیْرَةً وَّ لَا كَبِیْرَةً اِلَّاۤ اَحْصٰىهَا ۚ وَ وَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ؕ وَ لَا یَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿۴۹﴾

۸۔ كَلَّا ؕ سَنَكْتُبُ مَا یَقُوْلُ وَ نَمُدُّ لَهٗ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ﴿۷۹﴾

۹۔ فَمَنْ یَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَ هُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْیِهٖ ۚ وَ اِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ﴿۹۴﴾

۱۰۔ اِنَّا نَحْنُ نُحْیِ الْمَوْتٰی وَ نَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَ اٰثَارَهُمْ ؕ وَ كُلَّ شَیْءٍ اَحْصَیْنٰهُ فِیْۤ اِمَامٍ مُّبِیْنٍ ﴿۱۲﴾

۱۱۔ وَ جَعَلُوا الْمَلٰٓىِٕكَةَ الَّذِیْنَ هُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا ؕ اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ ؕ سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ وَ یُسْـَٔلُوْنَ ﴿۱۹﴾

۱۲۔ اَمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ ؕ بَلٰى وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿۸۰﴾

۱۲۔ کیا وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم ان کی چھپی بات اور ان کی سرگوشی کو نہیں سنتے۔ کیوں نہیں اور ہمارے رسول ان کے پاس لکھتے ہیں۔

۔الزخرف ۴۳: ۸۰۔

۱۳۔ وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۛ كُلُّ اُمَّةٍ تُدْعٰٓى اِلٰى كِتٰبِهَا ؕ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۸﴾ هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۹﴾

۱۳۔ اور تو ہر امت کو گھٹنوں پر گرا دیکھے گا۔ ہر امت اپنی کتاب (اعمال) کی طرف بلائی جائے گی اور کہا جائے گا کہ آج تمہیں اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو تم کیا کرتے تھے۔ یہ ہماری کتاب ہے جو تمہارے مقابل صحیح صحیح بولتی ہے۔ بے شک ہم لکھتے رہتے تھے جو تم کیا کرتے تھے۔

۔الجاثیۃ ۴۵: ۲۸۔۲۹۔

۱۴۔ قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْهُمْ ۚ وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ﴿۴﴾

۱۴۔ بے شک ہم جانتے ہیں جو زمین ان سے گھٹاتی ہے اور ہمارے حفاظت کرنے والی ایک کتاب ہے۔

۔ق ۵۰: ۴۔

۱۵۔ اِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيٰنِ عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيْدٌ ﴿۱۷﴾ مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ﴿۱۸﴾

۱۵۔ جب دو لینے والے لیتے ہیں، ایک دہنی طرف بیٹھا اور دوسرا بائیں طرف، جو لفظ بھی وہ بولتا ہے ایک نگہبان اس کے پاس مستعد ہوتا ہے۔

۔ق ۵۰: ۱۷۔۱۸۔

۱۶۔ وَقَالَ قَرِيْنُهٗ هٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيْدٌ ﴿۲۳﴾

۱۶۔ اور اس کا ساتھی کہے گا یہ وہ ہے جو میرے پاس تیار رہے۔

۔ق ۵۰: ۲۳۔

۱۷۔ وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوْهُ فِي الزُّبُرِ ﴿۵۲﴾ وَكُلُّ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ مُّسْتَطَرٌ ﴿۵۳﴾

۱۷۔ اور لوگ جو کچھ کر چکے ہیں اعمال ناموں میں موجود ہے اور چھوٹا اور بڑا سب کچھ لکھا ہوا ہے۔

۔القمر ۵۴: ۵۲۔۵۳۔

۱۸۔ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ اَحْصٰىهُ اللّٰهُ وَنَسُوْهُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۶﴾

۱۸۔ جب اللہ ان کو جلا اٹھائے گا پھر جیسے جیسے عمل یہ لوگ کرتے رہے، وہ ان کو بتا دے گا۔ اللہ نے اس عمل کو گن رکھا ہے اور وہ اسے بھول گئے اور اللہ ہر شے پر موجود ہے۔

۔المجادلۃ ۵۸: ۶۔

۱۹۔ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ﴿۲۹﴾

۱۹۔ اور ہم نے کتاب میں ہر شے کو گن رکھا ہے۔

۔النباء ۷۸: ۲۹۔

۲۰۔ وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ﴿۱۰﴾ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ ﴿۱۱﴾ يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۱۲﴾

۲۰۔ اور بے شک تم پر نگہبان مقرر ہیں (یعنی) بزرگ لکھنے والے۔ وہ جانتے ہیں جو تم کرتے ہو۔

۔الانفطار ۸۲: ۱۰۔۱۲۔

۲۱۔ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ﴿۴﴾

۲۱۔ کوئی شخص نہیں جس پر محافظ فرشتے تعینات نہ ہوں۔

۔الطارق ۸۶: ۴۔

۲۔ ہر شخص پر کراماً کاتبین یعنی لکھنے والے فرشتے متعین ہیں

Marfat.com

۴۔ قیامت کو اعمال نامے کھولے جائیں گے

۲۲۔ اور زمین اپنے پروردگار کے نور سے چمک اٹھے گی اور اعمال کی کتاب سامنے رکھ دی جائے گی اور پیغمبر اور گواہ حاضر کئے جائیں گے اور لوگوں میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہ ہوگا۔

۔الزمر ۳۹: ۶۹۔

۲۳۔ اور جب نامۂ اعمال پھیلائے جائیں گے۔

۔التکویر ۸۱: ۱۰۔

۴۔ جس کا اعمال نامہ دہنے ہاتھ میں دیا جائے گا اس کی خوشیاں

۲۴۔ سو جس کا اعمال نامہ اس کے دہنے ہاتھ میں دیا جائے گا وہ (خوش ہو کر) کہے گا کہ آؤ میرا اعمال نامہ پڑھو۔ میں یقین رکھتا تھا کہ اپنے حساب سے ملنے والا ہوں۔ سو وہ پسندیدہ عیش میں ہوگا اعلیٰ جنت میں، جس کے خوشے جھکے ہوئے ہوں گے اور پیو خوش گوار صلہ اس کا جو تم نے گزشتہ دنوں میں کیا ہے۔

۔الحاقة ۶۹: ۱۹۔۲۴۔

۲۵۔ لیکن جس کا اعمال نامہ اس کے دہنے ہاتھ میں دیا گیا اس سے آسان حساب لیا جائے گا اور وہ اپنے گھر والوں کی طرف خوش لوٹے گا۔

۔الانشقاق ۸۴: ۹۔

۵۔ جس کا اعمال نامہ بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا وہ دوزخ میں جائے گا

۲۶۔ لیکن جس کا اعمال نامہ اس کے بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا وہ کہے گا کہ کاش مجھے اعمال نامہ نہ دیا جاتا اور میں نہ جانتا کہ میرا حساب کیا ہے۔

۔الحاقة ۶۹: ۲۵۔۲۶۔

۲۲۔ وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتٰبُ وَجِایْٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝۶۹

۲۳۔ وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ۝۱۰

۲۴۔ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۙ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ۝۱۹ اِنِّيْ ظَنَنْتُ اَنِّيْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ۝۲۰ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۝۲۱ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۝۲۲ قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ۝۲۳ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِي الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ ۝۲۴

۲۵۔ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ ۙ فَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُوْتَ كِتٰبِيَهْ ۝۲۵ وَلَمْ اَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ ۝۲۶

۲۷۔ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ۙ فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ۝۱۰

۱۔ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ ؕ

۲۔ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۱۷۱

۶۔ جس کا اعمال نامہ پیٹھ پیچھے سے دیا جائے گا وہ موت مانگے گا

۲۷۔ لیکن جس کا اعمال نامہ اس کی پیٹھ پیچھے دیا گیا وہ موت مانگے گا۔

۔الانشقاق ۸۴: ۱۰۔۱۱

اعمال ضائع نہیں جاتے

۱۔ اللہ کسی کے اعمال ضائع نہیں کرتا

۱۔ اور اللہ ایسا نہیں ہے کہ وہ تمہارے ایمان (کے کام) کو ضائع کر دے۔

۔البقرة ۲: ۱۴۳۔

۲۔ اور یہ کہ اللہ مومنوں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔

۔آل عمران ۳: ۱۷۱۔

۳۔سوان کے پروردگار نے ان کی بات منظور کی کہ میں تم میں سے کسی عمل کرنے والے کے عمل کو خواہ وہ مرد ہو یا عورت ضائع نہیں کرتا۔تم ایک دوسرے کے ہم جنس ہو۔

۔آل عمران ۳:۱۹۵۔

۴۔اور جو لوگ کتاب کو پکڑے ہوئے ہیں اور نماز پڑھتے رہتے ہیں۔تو بے شک ہم نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے۔

۔الاعراف ۷:۱۷۰۔

۵۔بے شک اللہ نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔

۔التوبۃ ۹:۱۲۰۔

۶۔اور (اے نبی ﷺ!) صبر کر۔بے شک اللہ نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔

۔ھود ۱۱:۱۱۵۔

۷۔بے شک جو ڈرے گا اور صبر کرے گا تو کچھ شک نہیں کہ اللہ نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔

۔یوسف ۱۲:۹۰۔

۸۔اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو تو وہ تمہارے اعمال کے ثواب سے کچھ کم نہیں کرے گا۔

۔الحجرات ۴۹:۱۴۔

۲۔ کفر اور نیکی و بدی ہر شخص اپنے ہی لیے کرتا ہے

۹۔جو کفر کرے گا اس کے کفر کا وبال اسی پر ہے اور جس نے نیک کام کئے وہ اپنے لیے جگہ بناتے ہیں۔

۔الروم ۳۰:۴۴۔

۱۰۔سو جو کفر کرے گا اس کے کفر کا وبال اسی پر ہے۔

۔فاطر ۳۵:۳۹۔

۱۱۔اگر تم نیکی کرو گے تو اپنی ہی جان کے لیے نیکی کرو گے

۳۔ فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّیْ لَاۤ اُضِیْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ۚ بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ

۴۔ وَالَّذِیْنَ یُمَسِّكُوْنَ بِالْكِتٰبِ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّا لَا نُضِیْعُ اَجْرَ الْمُصْلِحِیْنَ ۝۱۷۰

۵۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ۝۱۲۰

۶۔ وَاصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ۝۱۱۵

۷۔ اِنَّهٗ مَنْ یَّتَّقِ وَ یَصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ۝۹۰

۸۔ وَ اِنْ تُطِیْعُوا اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ لَا یَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَیْـًٔا ؕ

۹۔ مَنْ كَفَرَ فَعَلَیْهِ كُفْرُهٗ ۚ وَ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنْفُسِهِمْ یَمْهَدُوْنَ ۝۴۴

۱۰۔ فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَیْهِ كُفْرُهٗ ؕ

۱۱۔ اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ ۬ؕ وَ اِنْ اَسَاْتُمْ فَلَهَا ؕ

۱۲۔ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَ مَنْ اَسَآءَ فَعَلَیْهَا ؕ وَ مَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْدِ ۝۴۶

۱۳۔ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَ مَنْ اَسَآءَ فَعَلَیْهَا ۗ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ۝۱۵

۱۴۔ اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَیْبِ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَ مَنْ

اور اگر تم برا کرو گے تو اسی پر اس کا وبال بھی ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۷۔

۱۲۔جس نے نیک کام کیا اس نے اپنی ہی جان کے بھلے کے لیے کیا۔اور جس نے برا کیا تو اسی کے برے کے لیے ہے اور (اے نبی ﷺ!) تیرا پروردگار بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱:۴۶۔

۱۳۔جس نے نیک کام کیا اس نے اپنی ہی جان کے بھلے کے لیے کیا اور جس نے برا کیا تو اسی کے برے کے لیے ہے۔پھر تم اپنے پروردگار ہی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۔الجاثیۃ ۴۵:۱۵۔

۳۔ جو اپنے نفس کو پاک کرتا ہے اپنے ہی لیے کرتا ہے

۱۴۔(اے نبی ﷺ!) تو تو صرف انہیں کو ڈراتا ہے جو بن دیکھے

Marfat.com

اپنے پروردگار سے ڈرتے اور نماز پڑھتے ہیں اور جو پاک ہوتا ہے تو وہ اپنی ہی جان کے نفع کے لیے پاک ہوتا ہے اور اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

-فاطر ۳۵: ۱۸-

۴۔ ہدایت اور گمراہی ہر شخص اپنے ہی لیے اختیار کرتا ہے

۱۵۔ جو ہدایت پاتا ہے وہ اپنی ہی جان کے نفع کے لیے ہدایت پاتا ہے اور جو گمراہ ہوتا ہے وہ اسی کے نقصان کے لیے گمراہ ہوتا ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۱۵-

۱۶۔ جو ہدایت پاتا ہے وہ اپنی ہی جان کے نفع کے لیے ہدایت پاتا ہے اور جو گمراہ ہوا تو (اے نبی ﷺ!) تو کہہ دے کہ میں تو ڈرانے والوں میں سے ہوں۔

-النمل ۲۷: ۹۲-

۱۷۔ جس نے ہدایت پائی اس نے اپنی جان ہی کے نفع کے لیے ہدایت پائی اور جو گمراہ ہوا تو وہ اسی کے نقصان کے لیے گمراہ ہوتا ہے۔

-الزمر ۳۹: ۴۱-

۵۔ جو شخص گناہ کرتا ہے اپنے ہی لیے کرتا ہے

۱۸۔ اور جو شخص گناہ کمائے وہ اپنی جان کے نقصان کے لیے کماتا ہے اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

-النساء ۴: ۱۱۱-

۶۔ اور آخرت میں بینا اور اندھا ہونا اپنے ہی لیے ہے

۹۔ (لوگو!) تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے سوجھ کی باتیں آچکی ہیں۔ سو جس نے دیکھا اس نے اپنے ہی نفع کے لیے دیکھا اور جو اندھا رہا اس کا وبال اسی پر ہے اور میں تم پر نگہبان نہیں ہوں۔

-الانعام ۶: ۱۰۴-

۷۔ بخیل اپنے آپ ہی سے بخل کرتا ہے

۲۰۔ اور جو بخل کرتا ہے وہ اپنی ہی جان سے بخل کرتا ہے۔

-محمد ۴۷: ۳۸-

تَزَكّٰى فَاِنَّمَا يَتَزَكّٰى لِنَفْسِهٖ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ۝۱۸

۱۵۔ مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ؕ

۱۶۔ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ۝۱۰۸

۱۷۔ فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ

۱۸۔ وَمَنْ يَّكْسِبْ اِثْمًا فَاِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰى نَفْسِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝۱۱۱

۱۹۔ قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا ؕ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ۝۱۰۴

۲۰۔ وَمَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ

۲۱۔ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ ۙ

۲۲۔ فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ

۲۳۔ وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝۶

۲۴۔ وَمَنْ شَكَرَ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ

۸۔ سرکشی کا وبال سرکش ہی پر ہے

۲۱۔ لوگو! تمہاری سرکشی کا وبال تم ہی پر ہے۔

-یونس ۱۰: ۲۳-

۹۔ عہد شکن کا وبال اسی پر ہے

۲۲۔ جو عہد شکنی کرتا ہے وہ اپنے ہی نقصان کے لیے کرتا ہے۔

-الفتح ۴۸: ۱۰-

۱۰۔ مجاہدہ کرنے والا اپنے ہی لیے مجاہدہ کرتا ہے

۲۳۔ اور جو کوئی محنت کرتا ہے وہ اپنے ہی نفع کے لیے محنت کرتا ہے۔ بے شک اللہ جہان والوں سے بے پروا ہے۔

-العنکبوت ۲۹: ۶-

۱۱۔ جو شکر کرتا ہے اپنے ہی لیے کرتا ہے

۲۴۔ اور جو شکر کرتا ہے وہ اپنے ہی نفع کے لیے شکر کرتا ہے۔

-النمل ۲۷: ۴۰-

Marfat.com

جزائے اعمال

۱۔ ہر عمل کی جزا ملے گی

۱۔ وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ؕ

۲۔ كُلُّ امْرِئٍۢ بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ ﴿۲۱﴾

۳۔ كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ رَهِيْنَةٌ ۙ﴿۳۸﴾

۴۔ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۳۶﴾

۵۔ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۵۲﴾

۶۔ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۰﴾

۷۔ فَلَا يُجْزٰى الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۸۴﴾

۸۔ وَلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۴﴾

۹۔ وَمَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۹﴾

۱۰۔ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۸﴾

۱۱۔ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۶﴾

۱۲۔ وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ۙ﴿۳۹﴾

۱۳۔ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۲۷۲﴾

۱۴۔ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۸۱﴾

۱۵۔ وَاِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ

۱۔ اور جو کچھ انہوں نے کیا، اسے وہ موجود پائیں گے۔

۔الکہف ۱۸: ۴۹۔

۲۔ ہر شخص اپنے کئے کے بدلے گرو ہے۔

۔الطور ۵۲: ۲۱۔

۳۔ ہر جان اپنے کئے کے بدلے گرو ہے۔

۔المدثر ۷۴: ۳۸۔

۲۔ بدی کی جزا بقدرِ اعمال ہی ملے گی

۴۔ انہیں اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو وہ کرتے تھے۔

۔الاعراف ۷: ۱۴۷ و سبا ۳۴: ۳۳۔

۵۔ تمہیں صرف اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو کمائی تم کرتے تھے۔

۔یونس ۱۰: ۵۲۔

۶۔ تمہیں صرف اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو تم کرتے تھے۔

۔النمل ۲۷: ۹۰

۷۔ سو جنہوں نے بدیاں کی ہیں، انہیں اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو وہ کرتے تھے۔

۔القصص ۲۸: ۸۴۔

۸۔ اور تمہیں اسی کا بدلہ جائے گا جو تم کرتے تھے۔

۔یٰسٓ ۳۶: ۵۴۔

۹۔ اور تمہیں اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو تم کرتے تھے۔

۔الصافات ۳۷: ۳۹۔

۱۰۔ آج تمہیں اس کا بدلہ جائے گا جو تم کرتے تھے۔

۔الجاثیۃ ۴۵: ۲۸۔

۱۱۔ تمہیں صرف اسی کا بدلہ جائے گا جو تم کرتے تھے۔

۔الطور ۵۲: ۱۶ والتحریم ۶۶: ۷۔

۳۔ ہر شخص کو اس کے اعمال کی پوری جزا ملے گی اور اس پر کچھ ظلم نہیں ہوگا

۱۲۔ اور یہ کہ انسان کے لیے اس کی کوشش سے زیادہ کچھ نہیں۔

۔النجم ۵۳: ۳۹۔

۱۳۔ جو مال بھی تم اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے اس کا ثواب انہیں پورا دیا جائے گا اور تم پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔البقرۃ ۲: ۲۷۲۔

۱۴۔ پھر ہر شخص کو اس کی کمائی کا پورا بدلہ دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہ کیا جائے گا۔

۔البقرۃ ۲: ۲۸۱ و آل عمران ۳: ۱۶۱۔

۱۵۔ اور قیامت کے دن تمہارے ثواب تمہیں پورے دیے جائیں گے۔

۔آل عمران ۳: ۱۸۵۔

Marfat.com

۱۶۔اور ہر شخص کو اس کی کمائی پورا بدلہ دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔آل عمران ۳:۲۵۔

۱۷۔اور تم پر تل بھر بھی ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔النساء ۴:۷۷۔

۱۸۔اور جو شے بھی تم اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے اس کا ثواب تمہیں پورا دیا جائے گا اور تم پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔الانفال ۸:۶۰۔

۱۹۔اور ان میں سے کوئی بھی ایسا نہیں ہے کہ تیرا پروردگار انہیں ان کے اعمال کا پورا بدلہ نہ دے۔ بے شک جو وہ کرتے ہیں وہ اس سے خبردار ہے۔

۔ھود ۱۱:۱۱۱۔

۲۰۔جس دن ہر شخص اپنی طرف سے جھگڑتا ہوا آئے گا اور ہر شخص کو اس کے کیے کا پورا بدلہ دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔النحل ۱۶:۱۱۱۔

۲۱۔اور ان پر تل بھر بھی ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۷۱۔

۲۲۔اور ان پر کچھ ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔مریم ۱۹:۶۰

۲۳۔پس آج کسی جان پر کچھ ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔یٰسٓ ۳۶:۵۴۔

۲۴۔اور ہر جان کو اس کے کیے کا بدلہ دیا جائے گا اور وہ خوب جانتا ہے جو وہ کرتے ہیں۔

۔الزمر ۳۹:۷۰۔

۱۶۔وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ⑯

۱۷۔وَلَا تُظْلَمُونَ فَتِيلًا ⑰

۱۸۔وَمَا تُنْفِقُوا مِنْ شَيْءٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ وَأَنْتُمْ لَا تُظْلَمُونَ ⑱

۱۹۔وَإِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ أَعْمَالَهُمْ ۚ إِنَّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ⑲

۲۰۔يَوْمَ تَأْتِي كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ⑳

۲۱۔وَلَا يُظْلَمُونَ فَتِيلًا ㉑

۲۲۔وَلَا يُظْلَمُونَ شَيْئًا ㉒

۲۳۔فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا

۲۴۔وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُوَ أَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُونَ ㉔

۲۵۔وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ㉕

۲۶۔وَلِيُوَفِّيَهُمْ أَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ㉖

۲۷۔ثُمَّ يُجْزٰىهُ الْجَزَاءَ الْأَوْفٰى ㉗

۲۸۔وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهِ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْآخِرَةِ نُؤْتِهِ

۲۵۔اور اللہ نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا اور اس لیے کیا تاکہ ہر جان کو اس کی کمائی کا بدلہ دیا جائے اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔الجاثیۃ ۴۵:۲۲۔

۲۶۔اور تاکہ انہیں ان کے اعمال کا پورا بدلہ دے اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔الاحقاف ۴۶:۱۹۔

۲۷۔پھر وہ پورا بدلہ دیا جائے گا۔

۔النجم ۵۳:۴۱۔

۴۔ جزائے اعمال نیت پر ہے

۲۸۔اور جو دنیا کا ثواب چاہے گا، اسے ہم وہی دیں گے اور جو آخرت کا ثواب چاہے گا، اسے وہی دیں گے اور ہم شکر گزاروں کو

Marfat.com

جزا دیں گے۔

-آل عمران ۳:۱۴۵-

۲۹-(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ کل اپنی نیت پر عمل کرتا ہے تو تمہارا پروردگار ہی اسے خوب جانتا ہے جو زیادہ روبراہ ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷:۸۴-

۳۰-جو آخرت کی کھیتی چاہتا ہے اس کے لیے ہم اس کی کھیتی میں زیادتی کر دیں گے اور جو دنیا کی کھیتی چاہتا ہے، اسے ہم اسی میں سے دیں گے اور آخرت میں اس کا کچھ حصہ نہیں ہے۔

-الشوریٰ ۴۲:۲۰-

۵۔ مؤاخذہ دلوں کے فعل پر ہوگا

۳۱-لیکن گرفت اس پر ہے جو تمہارے دلوں نے قصداً کیا ہے۔

-الاحزاب ۳۳:۵-

۳۲-لیکن تمہیں اس پر پکڑے گا جو تمہارے دلوں نے کمایا ہے۔

-البقرۃ ۲:۲۲۵-

۳۳-اور اگر تم اس بات کو جو تمہارے دلوں میں ہے، ظاہر کرو یا اسے چھپاؤ، اس پر اللہ تم سے محاسبہ کرے گا۔

-البقرۃ ۲:۲۸۴-

موت

۱۔ دنیا میں ہمیشگی کسی کو نہیں

۱-اور (اے نبی ﷺ!) تجھ سے پہلے ہم نے کسی آدمی کو ہمیشگی نہیں دی اگر تو مر گیا تو کیا وہ ہمیشہ رہنے والے ہیں۔

-الانبیاء ۲۱:۳۴-

مِنْهَا ۭ وَسَنَجْزِي الشّٰكِرِيْنَ ۝

۲۹-قُلْ كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰي شَاكِلَتِهٖ ۭ فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا ۝

۳۰-مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ ۚ وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ ۝

۳۱-وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ۭ

۳۲-وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ ۭ

۳۳-وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ۭ

۱-وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ۭ اَفَاْىِٕنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ ۝

۲-كُلُّ نَفْسٍ ذَاۗىِٕقَةُ الْمَوْتِ ۭ وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً ۭ وَاِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ۝

۳-ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ۝

۴-كُلُّ نَفْسٍ ذَاۗىِٕقَةُ الْمَوْتِ ۣ ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ۝

۵-اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ۝

۶-كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ۝

۲۔ ہر شخص مرنے والا ہے

۲-ہر شخص موت چکھنے والا ہے اور ہم تمہیں برائی اور بھلائی میں پھانس کر آزماتے ہیں اور تم ہماری طرف لوٹائے جاؤ گے۔

-الانبیاء ۲۱:۳۵-

۳-پھر بے شک اس کے بعد تم مرنے والے ہو۔

-المؤمنون ۲۳:۱۵-

۴-ہر شخص موت چکھنے والا ہے۔ پھر تم ہماری طرف لوٹائے جاؤ گے۔

-العنکبوت ۲۹:۵۷-

۵-(اے نبی ﷺ!) کچھ شک نہیں کہ تو بھی مرنے والا ہے اور وہ بھی مرنے والے ہیں۔

-الزمر ۳۹:۳۰-

۶-ہر ایک جو زمین پر ہے، فنا ہونے والا ہے۔

-الرحمٰن ۵۵:۲۶-

Marfat.com

۷۔وَلِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۚ
۸۔فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ۝۸۴
۹۔فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ۝۴۲
۱۰۔ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا اٰخَرِيْنَ ۝۴۲ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ۝۴۳
۱۱۔فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِيْرًا ۝۴۵
۱۲۔وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝۱۱
۱۳۔اِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ اِذَا جَآءَ لَا يُؤَخَّرُ ۘ لَوْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝۴
۱۴۔قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝۱۶
۱۵۔قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۸
۱۶۔وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌۢ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ۝۳۴
۱۷۔كَلَّاۤ اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ۝۲۶ وَقِيْلَ مَنْ ۜ رَاقٍ ۝۲۷ وَّظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ ۝۲۸ وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ۝۲۹ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ

۳۔ موت کا وقت مقرر ہے

۷۔اور ہر امت کے لیے ایک وقت مقرر ہے۔
۔الاعراف ۷: ۳۴۔

۸۔تو (اے نبی ﷺ!) تو ان پر (بد دعا کرنے میں) جلدی نہ کر۔ ہم ان کی عمر کی گنتی گن رہے ہیں۔
۔مریم ۱۹: ۸۴۔

۴۔ موت کا وقت آگے پیچھے نہیں ہو سکتا

۹۔پھر جب ان کا وقت آجاتا ہے تو نہ ایک گھڑی پیچھے رہتے ہیں نہ آگے جاتے ہیں۔
۔الاعراف ۷: ۳۴ و النحل ۱۶: ۶۱

۱۰۔پھر ان کے بعد ہم نے بہت سی امتیں پیدا کیں کوئی امت اپنے وقت سے نہ آگے جاتی ہے اور نہ وہ پیچھے ہی رہتے ہے۔
۔المؤمنون ۲۳: ۴۲۔۴۳۔

۱۱۔پھر جب ان کا وقت آجائے گا تو بے شک اللہ اپنے بندوں کو دیکھتا ہے۔
۔فاطر ۳۵: ۴۵۔

۱۲۔اور اللہ کسی شخص کو جب اس کا وقت آجائے گا ہرگز پیچھے نہیں چھوڑے گا اور اللہ تمہارے عملوں سے خبردار ہے۔
۔المنافقون ۶۳: ۱۱۔

۱۳۔بے شک جب اللہ کا ٹھہرایا ہوا وقت آجاتا ہے تو وہ پیچھے نہیں ہٹایا جاتا۔ کاش تم جانتے ہوتے!
۔نوح ۷۱: ۴۔

۵۔ موت سے بھاگنا نفع نہیں دے سکتا

۱۴۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اگر تم موت یا قتل سے بھاگو تو بھاگنا تمہیں ہرگز نفع نہیں دے گا اور اس وقت تمہیں تھوڑا ہی فائدہ پہنچایا جائے گا۔
۔الاحزاب ۳۳: ۱۶۔

۱۵۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ وہ موت جس سے تم بھاگتے ہو تم سے ضرور ملاقات کرنے والی ہے اور پھر تم چھپے اور کھلے کے جاننے والے کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ سو وہ تمہیں تمہارے عملوں سے آگاہ کر دے گا۔
۔الجمعة ۶۲: ۸۔

۶۔ موت کا وقت اللہ کے سوا کسی کو معلوم نہیں

۱۶۔اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ کس زمین میں مرے گا۔ بے شک اللہ جاننے والا، خبردار ہے۔
۔لقمٰن ۳۱: ۳۴۔

۷۔ جان کنی کا وقت

۱۷۔ہرگز یوں نہیں۔ جب جان گلے میں آجائے گی اور کہا جائے گا، کون ہے، جھاڑ پھونک کرنے والا؟ اور وہ یقین کرے گا کہ رخصت کا وقت آگیا اور ایک پنڈلی دوسری پنڈلی سے لپٹ جائے گی۔ اس دن

روانگی تیرے پروردگار کی طرف ہے۔

-القیامة۷۵:۲۶-۳۰-

۸۔ مارتا ملک الموت ہے

۱۸۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تمہیں موت کا فرشتہ جو تم پر تعینات کیا گیا ہے، مارے گا۔ پھر تم اپنے پروردگار کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

-السجدة۳۲:۱۱-

۹۔ موت کے بعد لوٹنا نہیں

۱۹۔اور جس بستی کو ہم نے ہلاک کیا، یہ ممکن نہیں کہ وہ ہماری طرف لوٹ کر نہ آئیں۔

-الانبیاء۲۱:۹۵-

۲۰۔یہاں تک کہ جب ان میں کسی کو موت آتی ہے تو کہتا ہے کہ اے میرے پروردگار! مجھے (دنیا میں) پھر واپس بھیج تا کہ میں اس جگہ جسے چھوڑ آیا ہوں، نیک عمل کروں۔ ہرگز نہیں یہ تو ایک بات ہے جو وہ کہے گا اور ان کے آگے ایک پردہ ہے اس دن تک کہ وہ اٹھائے جائیں۔

-المؤمنون۲۳:۹۹-۱۰۰

۱۰۔ موت کی بے ہوشی

۲۱۔اور موت کی بے ہوشی جو حق ہے، آئی۔ یہ وہ ہے جس سے تو بھاگتا تھا۔

-ق۵۰:۱۹-

۱۱۔ موت کے وقت کافروں کا ایمان لانا مقبول نہیں

۲۲۔اور (اے نبی ﷺ!) کاش دیکھے جب وہ گھبرا رہے ہوں گے۔ سو وہ بھاگ نہ سکیں گے اور قریب ہی جگہ سے پکڑے جائیں گے۔ اور کہیں گے کہ ہم اس پر ایمان لائے اور ان کے لیے دور جگہ سے اس کو پکڑنا کہاں۔ جبکہ وہ پہلے اس کا انکار کر چکے ہیں اور بغیر دیکھے دور کے فاصلے

الْمَسَاقُ ﴿۳۰﴾

۱۸۔قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱﴾

۱۹۔وَحَرٰمٌ عَلٰى قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۹۵﴾

۲۰۔حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ﴿۹۹﴾ لَعَلِّيْٓ اَعْمَلُ صَالِحًا فِيْمَا تَرَكْتُ كَلَّا ؕ اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ؕ وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۰۰﴾

۲۱۔وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ ﴿۱۹﴾

۲۲۔وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ﴿۵۱﴾ وَّقَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖ ۚ وَاَنّٰى لَهُمُ التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۵۲﴾ وَّقَدْ كَفَرُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ۚ وَيَقْذِفُوْنَ بِالْغَيْبِ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۵۳﴾ وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ كَمَا فُعِلَ بِاَشْيَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا فِيْ شَكٍّ مُّرِيْبٍ ﴿۵۴﴾

۱۔وَقَالُوْٓا اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿۲۹﴾

۲۔وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ ؕ بَلٰى وَعْدًا

سے اچکلیں دوڑاتے تھے۔ اور ان کے اور ان کی خواہشوں کے درمیان پردہ ڈال دیا جائے گا جیسا کہ پہلے ان کے ہم مشربوں کے ساتھ کیا گیا ہے بے شک وہ شک در شک میں تھے۔

-سبا۳۴:۵۱-۵۴-

موت کے بعد

۱۔ کافر کہتے ہیں کہ دنیا کی زندگی کے بعد کوئی زندگی نہیں

۱۔اور کہتے ہیں کہ یہی ہماری دنیا کی زندگی ہے اور بس اور ہم دوبارہ نہیں اٹھائے جائیں گے۔

-الانعام۶:۲۹-

۲۔اور وہ خدا کی سخت قسمیں کھاتے ہیں کہ جو مر جاتا ہے خدا اسے

زندہ کر کے نہیں اٹھائے گا۔ ضرور وعدہ برحق ہے۔ اس پر لیکن اکثر آدمی یقین نہیں کرتے تا کہ جن چیزوں میں یہ لوگ اختلاف کرتے ہیں انہیں خود ان پر ظاہر کر دے اور تا کہ کافر جان لیں کہ وہ ہی غلطی پر تھے۔

۔النحل ۱۶: ۳۸۔۳۹

۳۔ یہی ہماری دنیا کی زندگی ہے اور بس ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں اور ہم پھر جی کر نہیں اٹھیں گے۔

۔المؤمنون ۲۳: ۳۷۔

۴۔ یہ کہتے ہیں کہ یہ ہمارا پہلی ہی دفعہ مرنا ہے اور بس اور ہم دوبارہ نہیں اٹھائے جائیں گے۔

۔الدخان ۴۴: ۳۴۔۳۵۔

۵۔ اور کہتے ہیں یہی ہماری دنیا کی زندگی ہے اور بس ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں اور زمانہ ہی ہمیں مارتا ہے۔

۔الجاثیۃ ۴۵: ۲۴۔

۶۔ کافر سمجھے بیٹھے ہیں کہ وہ ہرگز دوبارہ زندہ کر کے نہیں اٹھائے جائیں گے۔ تو کہہ دے کہ مجھے اپنے پروردگار کی قسم! تم ضرور اٹھائے جاؤ گے پھر جو کچھ تم نے کیا وہ تمہیں بتایا جائے گا اور یہ اللہ کے لیے آسان ہے۔

۔التغابن ۶۴: ۷۔

۷۔ ہم روزِ قیامت کی قسم کھاتے ہیں اور ملامت کرنے والے کی، کیا انسان یہ جانتا ہے کہ ہم اس کی ہڈیاں جمع نہ کریں گے۔ ہاں ہاں ہم قادر ہیں کہ اس کے پور پور ٹھیک بٹھا دیں۔

۔القیٰمۃ ۷۵: ۱۔۴۔

عَلَيْهِ حَقًّا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾ لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِيْ
يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰذِبِيْنَ ﴿۳۹﴾

۳۔ اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿۲۹﴾

۴۔ اِنْ هِيَ اِلَّا مَوْتَتُنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ
بِمُنْشَرِيْنَ ﴿۳۶﴾

۵۔ وَقَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ ۚ

۶۔ زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ۭ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ
لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ۭ وَذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۷﴾

۷۔ لَآ اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ﴿۱﴾ وَلَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ﴿۲﴾ اَيَحْسَبُ
الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَهٗ ﴿۳﴾ بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ نُّسَوِّيَ بَنَانَهٗ ﴿۴﴾

۱۔ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۸﴾

۲۔ وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ۭ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ
بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۴۸﴾

۳۔ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۰۳﴾

حشر

۱۔ موت کے بعد زندہ ہو کر اللہ کے حضور میں حاضر ہونا ہوگا

۱۔ پھر وہ تمہیں مارے گا پھر تمہیں جلائے گا پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۸۔

۲۔ اور ہر ایک کے لیے ایک طرف مقرر ہے جدھر وہ منہ پھیرتا ہے۔ تو تم نیکیوں کی طرف لپکو، جہاں کہیں بھی تم ہو گے اللہ تم سب کو (میدانِ حشر میں) لے آئے گا۔ بے شک اللہ ہر شے پر قادر ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۴۸۔

۳۔ اور جان لو کہ تم اسی کی طرف اکٹھے کیے جاؤ گے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۰۳۔

Marfat.com

۴۔ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۴۵﴾

۵۔ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۹۶﴾

۶۔ وَلَئِنْ مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِاِلَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۱۵۷﴾

۷۔ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ

۸۔ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۴۸﴾

۹۔ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۵﴾

۱۰۔ يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ ؕ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ؕ
اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۱۰۹﴾

۱۱۔ اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ؕ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۶﴾

۱۲۔ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِى الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ؕ
مَا فَرَّطْنَا فِى الْكِتٰبِ مِنْ شَىْءٍ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ﴿۳۸﴾

۱۳۔ ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰهُمُ الْحَقِّ ؕ

۱۴۔ وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ؕ وَهُوَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۲﴾

۱۵۔ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۸﴾

۱۶۔ قَالَ فِيْهَا تَحْيَوْنَ وَفِيْهَا تَمُوْتُوْنَ وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ ﴿۲۵﴾

۴۔ اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔

۔البقرۃ۲:۲۴۵ ویٰسٓ۳۶:۲۲، ۸۳ و الزخرف۴۳:۸۵۔

۵۔ اور اس اللہ سے ڈرو جس کی طرف تم اکٹھے کیے جاؤ گے۔

۔المائدۃ۵:۹۶۔

۶۔ اور اگر تم مر گئے یا قتل کیے گئے تو کچھ شک نہیں کہ تم اللہ ہی کی طرف اکٹھے کیے جاؤ گے۔

۔آل عمران۳:۱۵۸۔

۷۔ وہ تمہیں ضرور قیامت کے دن، جس میں شک نہیں ہے جمع کرے گا۔

۔النساء۴:۸۷۔

۸۔ تم سب کو اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ سو وہ تمہیں تمہاری وہ باتیں جتلا دے گا جن میں اختلاف کرتے تھے۔

۔المائدۃ۵:۴۸۔

۹۔ تم سب کو اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے، سو وہ تمہیں تمہارے اعمال سے آگاہ کر دے گا۔

۔المائدۃ۵:۱۰۵۔

۱۰۔ جس دن اللہ رسولوں کو جمع کرے گا پھر پوچھے گا کہ تمہیں (امت کی طرف سے) کیا جواب دیا گیا تھا۔ وہ کہیں گے کہ ہمیں کچھ خبر نہیں۔ بے شک چھپی باتوں کا تو ہی خوب جاننے والا ہے۔

۔المائدۃ۵:۱۰۹۔

۱۱۔ مانتے تو بس وہی ہیں جو سنتے ہیں اور مردوں کو تو اللہ ہی اٹھائے گا پھر وہ اسی کی طرف لوٹائے جائیں گے۔

۔الانعام۶:۳۶۔

۱۲۔ اور زمین میں نہ کوئی چلنے والا اور نہ کوئی پرندہ جو اپنے دو بازوؤں پر اڑے مگر سب تمہاری مانند امتیں ہیں۔ ہم نے کتاب میں کسی بات کی کمی نہیں کی پھر وہ اپنے پروردگار کی طرف اکٹھے کیے جائیں گے۔

۔الانعام۶:۳۸۔

۱۳۔ پھر وہ اپنے برحق آقا اللہ کی طرف لوٹائے جائیں گے۔

۔الانعام۶:۶۲۔

۱۴۔ اور یہ کہ تم نماز کو قائم رکھو اور اس سے ڈرو اور تم اسی کی طرف اکٹھے کیے جاؤ گے۔

۔الانعام۶:۷۲۔

۱۵۔ پھر انہیں اپنے پروردگار کی طرف لوٹنا ہے۔ سو وہ انہیں ان کے اعمال سے آگاہ کر دے گا۔

۔الانعام۶:۱۰۸۔

۱۶۔ فرمایا تم اسی زمین میں زندہ رہو گے اور اسی میں مرو گے اور (قیامت کو) اسی سے نکالے جاؤ گے۔

۔الاعراف۷:۲۵۔

Marfat.com

۱۷۔اور یہ کہ تم اسی کی طرف اکٹھے کئے جاؤ گے۔

۔الانفال ۸:۲۴۔

۱۸۔تم سب کو اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ یہ اللہ کا سچا وعدہ ہے۔ بے شک وہ پہلی خلقت کو پیدا کرتا ہے پھر اسے لوٹائے گا تا کہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے، ان کو انصاف سے بدلہ دے۔

۔یونس ۱۰:۴۔

۱۹۔پھر تمہیں ہماری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے۔ سو ہم تمہیں تمہارے اعمال سے آگاہ کر دیں گے۔

۔یونس ۱۰:۲۳۔

۲۰۔تمہیں اللہ ہی کی طرف لوٹ کر آنا ہے اور وہ ہر شے پر قادر ہے۔

۔ھود ۱۱:۴۔

۲۱۔وہی تمہارا پروردگار ہے اور اس کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔

۔ھود ۱۱:۳۴۔

۲۲۔اور (اے نبی ﷺ!) تیرا پروردگار ضرور انہیں اکٹھا کرے گا۔ بے شک وہ حکمت والا، جاننے والا ہے۔

۔الحجر ۱۵:۲۵۔

۲۳۔اور انہوں نے اللہ کی پکی قسمیں کھائیں کہ جو مر جائے گا، اللہ اسے نہیں اٹھائے گا۔ کیوں نہیں۔ یہ اس کے ذمے سچا وعدہ ہے لیکن اکثر آدمی اس بات کو نہیں جانتے۔ تا کہ وہ ان سے وہ باتیں بیان کرے جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں اور تا کہ کافر جان لیں کہ وہ جھوٹے تھے۔ ہمارا کہنا تو کسی شے کے لیے جب ہم اسے کرنا چاہتے ہیں، صرف اس قدر ہوتا ہے کہ ہم اس

۱۷۔وَاَنَّهٗۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۱۷﴾

۱۸۔اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ اِنَّهٗ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ بِالْقِسْطِ ؕ

۱۹۔ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾

۲۰۔اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۰﴾

۲۱۔هُوَ رَبُّكُمْ ۫ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۱﴾ ؕ

۲۲۔وَاِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ؕ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۲﴾

۲۳۔وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ ؕ بَلٰى وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳﴾ ۙ لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِيْ يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰذِبِيْنَ ﴿۲۴﴾ اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ اِذَاۤ اَرَدْنٰهُ اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۲۵﴾

۲۴۔وَحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ﴿۲۶﴾ ۚ

۲۵۔وَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۲۷﴾

۲۶۔مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ﴿۵۵﴾

۲۷۔وَتَقَطَّعُوْۤا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ؕ كُلٌّ اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ ﴿۹۳﴾

سے کہیں کہ ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے۔

۔النحل ۱۶:۳۸۔۴۰۔

۲۴۔اور ہم انہیں اکٹھا کریں گے۔ سو ہم ان میں سے کسی کو بھی نہیں چھوڑیں گے۔

۔الکہف ۱۸:۴۷۔

۲۵۔اور وہ ہماری ہی طرف لوٹائے جائیں گے۔

۔مریم ۱۹:۴۰۔

۲۶۔(لوگو!) ہم نے تمہیں اسی (زمین) سے پیدا کیا اور اسی میں تمہیں لوٹائیں گے اور اسی سے تمہیں دوسری بار نکالیں گے۔

۔طٰہٰ ۲۰:۵۵۔

۲۷۔اور انہوں نے اپنے درمیان اپنے دین کے کام کو ٹکڑے ٹکڑے کر لیا۔ وہ ہماری طرف لوٹ کر آنے والے ہیں۔

۔الانبیاء ۲۱:۹۳۔

۲۸۔جیسا ہم نے پہلی دفعہ پیدا کیا، ہم اسے لوٹائیں گے۔ یہ ہمارے ذمے وعدہ ہے۔ بے شک ہم یہ کرنے والے ہیں۔

۲۸۔ كَمَا بَدَاْنَآ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ ؕ وَعْدًا عَلَيْنَا ؕ اِنَّا كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۱۰۴﴾

-الانبیاء ۲۱:۱۰۴-

۲۹۔پھر کچھ شک نہیں کہ قیامت کے دن تم (قبروں سے) اٹھائے جاؤ گے۔

۲۹۔ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ﴿۱۶﴾

-المومنون ۲۳:۱۶-

۳۰۔اور تم اسی کی طرف اکٹھے کئے جاؤ گے۔

۳۰۔ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۹﴾

المؤمنون ۲۳:۷۹ والملک ۶۷:۲۴-

۳۱۔اور وہ جو مجھے مارتا ہے پھر مجھے زندہ کرے گا۔

۳۱۔ وَالَّذِيْ يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ يُحْيِيْنِ ﴿۸۱﴾

-الشعراء ۲۶:۸۱-

۳۲۔اور اسی کا حکم ہے اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۳۲۔ وَلَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۷۰﴾

-القصص ۲۸:۷۰-

۳۳۔میری ہی طرف تمہیں لوٹ کر آنا ہے۔ سو میں تمہیں تمہارے عملوں سے آگاہ کر دوں گا۔

۳۳۔ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۸﴾

-العنکبوت ۲۹:۸-

۳۴۔تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۳۴۔ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾

-العنکبوت ۲۹:۱۷-

۳۵۔وہ جسے چاہے عذاب دے اور جس پر چاہے رحم کرے اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۳۵۔ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَرْحَمُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ ﴿۲۱﴾

-العنکبوت ۲۹:۲۱-

۳۶۔پھر تم ہماری ہی طرف لوٹ جاؤ گے۔

۳۶۔ ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۷﴾

-العنکبوت ۲۹:۵۷-

۳۷۔اللہ پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر اس کو دوبارہ لوٹائے گا پھر تم اس کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۳۷۔ اَللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱﴾

-الروم ۳۰:۱۱-

۳۸۔اور اس کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے یہ ہے کہ اس کے حکم سے آسمان اور زمین کھڑے ہیں پھر جب وہ تمہیں زمین سے ایک بلاوا بلائے گا، تو اسی دم نکل کھڑے ہو گے۔

۳۸۔ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ تَقُوْمَ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِهٖ ؕ ثُمَّ اِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً ۖ مِّنَ الْاَرْضِ ۖ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ ﴿۲۵﴾

-الروم ۳۰:۲۵-

۳۹۔اور وہ وہ ہے جو پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر اسے دوبارہ لوٹائے گا اور وہ اس پر بہت آسان ہے۔

۳۹۔ وَهُوَ الَّذِيْ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَهُوَ اَهْوَنُ عَلَيْهِ ؕ

-الروم ۳۰:۲۷-

۴۰۔میری ہی طرف لوٹنا ہے۔

۴۰۔ اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿۱۴﴾

-لقمٰن ۳۱:۱۴-

۴۱۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ تمہیں وہ موت کا فرشتہ مارتا ہے جو تم پر تعینات کیا گیا ہے۔ پھر تم اپنے پروردگار ہی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۴۱۔ قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱﴾

-السجدۃ ۳۲:۱۱-

Marfat.com

٤٢۔وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ يَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اَهٰٓؤُلَآءِ اِيَّاكُمْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿٤٠﴾

٤٣۔اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿٤١﴾

٤٤۔وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿٤٢﴾

٤٥۔اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿٤٣﴾

٤٦۔ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٤٤﴾

٤٧۔ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٤٥﴾

٤٨۔اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿٤٦﴾

٤٩۔وَاَنَّ مَرَدَّنَآ اِلَى اللّٰهِ

٥٠۔فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ﴿٤٧﴾

٥١۔اَللّٰهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۚ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿٤٨﴾

٥٢۔ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿٤٩﴾

٥٣۔قُلِ اللّٰهُ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٥٠﴾

٥٤۔يَوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ۭ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ ﴿٥١﴾ اِنَّا نَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ ﴿٥٢﴾ يَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ۭ

٤٢۔اور جس دن وہ ان سب کو اکٹھا کرے گا۔ پھر فرشتوں سے پوچھے گا کہ کیا یہ لوگ تمہیں پوجا کرتے تھے۔

۔سبا ۳۴: ۴۰۔

٤٣۔میری ہی طرف لوٹنا ہے۔

۔الحج ۲۲: ۴۸ ولقمٰن ۳۱: ۱۰۴۔

٤٤۔اور وہ سب ہی اکٹھے ہمارے سامنے حاضر کئے جائیں گے۔

۔یٰسٓ ۳۶: ۳۲۔

٤٥۔وہ (قیامت) تو صرف ایک ڈانٹ ہے اس کے ہوتے ہی وہ سب ہمارے سامنے حاضر کئے جائیں گے۔

۔یٰسٓ ۳۶: ۵۳۔

٤٦۔پھر تمہیں اپنے پروردگار ہی کی طرف لوٹنا ہے۔ سو وہ تمہیں تمہارے اعمال سے آگاہ کردے گا۔

۔الزمر ۳۹: ۷۔

٤٧۔پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۔الزمر ۳۹: ۴۴۔

٤٨۔اسی کی طرف لوٹنا ہے۔

۔المؤمن ۴۰: ۳۔

٤٩۔اور یہ کہ اللہ ہی کی طرف ہمیں لوٹنا ہے۔

۔المؤمن ۴۰: ۴۳۔

٥٠۔تو (اے نبی ﷺ!) تو صبر کر۔ بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے۔ سو اگر ہم تجھے بعض وہ (عذاب) جس کا ہم ان سے وعدہ کرتے ہیں، دکھا دیں یا (اس سے پہلے ہی) تجھے مار دیں تو وہ تو ہر حال میں ہماری ہی طرف لوٹائے جائیں گے۔

۔المؤمن ۴۰: ۷۷۔

٥١۔اللہ ہمیں تمہیں جمع کرے گا اور اسی کی طرف لوٹنا ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۱۵۔

٥٢۔پھر تم اپنے پروردگار کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

۔الجاثیۃ ۴۵: ۱۵۔

٥٣۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اللہ ہی تمہیں زندہ رکھتا ہے پھر تمہیں مارے گا پھر قیامت کے دن تمہیں جمع کرے گا، جس میں شک نہیں ہے لیکن اکثر آدمی (اس بات کو) نہیں جانتے۔

۔الجاثیۃ ۴۵: ۲۶۔

٥٤۔اس دن حق کے ساتھ چنگھاڑ سنیں گے۔ یہ (قبروں سے) نکلنے کا دن ہے۔ بے شک ہم ہی جلاتے اور مارتے ہیں اور ہماری ہی طرف لوٹنا ہے۔ اس دن ان سے زمین پھٹ جائے گی۔ جلدی کرتے ہوں

Marfat.com

گے۔ یہ اکٹھا کرنا ہم پر آسان ہے۔

-قٓ ۵۰: ۴۲-۴۴-

۵۵۔ اور یہ کہ تیرے پروردگار ہی کی طرف اٹھنا ہے۔

-النجم ۵۳: ۴۲-

۵۶۔ اور یہ کہ اس کے ذمے ہے پچھلی پیدائش۔

-النجم ۵۳: ۴۷-

۵۷۔ پھر تم چھپے اور کھلے جاننے والے (اللہ) کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

-المنافقون ۶۲: ۸-

۵۸۔ اور اسی کی طرف لوٹنا ہے۔

-التغابن ۶۴: ۳-

۵۹۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کیوں نہیں، مجھے اپنے پروردگار کی قسم! تم ضرور (زندہ کرکے) اٹھائے جاؤ گے۔

-التغابن ۶۴: ۷-

۶۰۔ اور اسی کی طرف جی اٹھنا ہے۔

-الملک ۶۷: ۱۵-

۶۱۔ پھر جب وہ چاہے گا اسے جلا اٹھائے گا۔

-عبس ۸۰: ۲۲-

۶۲۔ اور جب جانیں ملائی جائیں گی۔

-التکویر ۸۱: ۷-

۶۳۔ اے انسان! تو اپنے پروردگار کی طرف مشقت کے ساتھ گھسٹنے والا ہے، پھر اس سے ملنے والا ہے۔

-الانشقاق ۸۴: ۶-

۶۴۔ بے شک ہماری ہی طرف ان کو لوٹنا ہے۔

-الغاشیۃ ۸۸: ۲۵-

ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ ﴿۴۴﴾

۵۵۔ وَاَنَّ اِلٰى رَبِّكَ الْمُنْتَهٰى ﴿۴۲﴾

۵۶۔ وَاَنَّهٗ هُوَ اَضْحَكَ وَاَبْكٰى ﴿۴۳﴾

۵۷۔ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

۵۸۔ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۴۲﴾

۵۹۔ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ

۶۰۔ وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ ﴿۱۵﴾

۶۱۔ ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ﴿۲۲﴾

۶۲۔ وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ ﴿۷﴾

۶۳۔ يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ﴿۶﴾

۶۴۔ اِنَّ اِلَيْنَاۤ اِيَابَهُمْ ﴿۲۵﴾

۶۵۔ اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ﴿۸﴾

۶۶۔ وَقَالُوْۤا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿۴۹﴾
قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا ﴿۵۰﴾ اَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ صُدُوْرِكُمْ ۚ
فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا ۭ قُلِ الَّذِيْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ فَسَيُنْغِضُوْنَ
اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ ۭ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا ﴿۵۱﴾

۶۵۔ بے شک تیرے پروردگار ہی کی طرف لوٹنا ہے۔

-العلق ۹۶: ۸-

۲۔ حشر پر منکروں کا استعجاب اور اس کا جواب

۶۶۔ اور کہتے ہیں کہ کیا جب ہم (مر کر) ہڈیاں ریزہ ریزہ ہو جائیں گے تو کیا ہم کو از سرِ نو پیدا کرکے اٹھا کھڑا کیا جائے گا۔ تو کہہ دے کہ تم پتھر یا لوہا یا کوئی اور چیز بھی بن جاؤ جو تمہارے خیال میں بڑی سخت ہو۔ اس پر یہ پوچھیں گے کہ ہم کو دوبارہ کون زندہ کرے گا؟ تو کہہ دے کہ وہی جس نے تم کو اول بار پیدا کیا۔ اس پر یہ لوگ تیرے آگے سر ہلانے لگیں گے اور پوچھیں گے کہ بھلا قیامت کب آئے گی؟ تو ان سے کہہ دے کہ عجب نہیں کہ قیامت قریب آ لگی ہو۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۴۹-۵۱-

۶۷۔ یہ جہنم ان کی سزا ہے کہ وہ ہماری آیتوں سے انکار کیا کرتے اور کہا کرتے تھے کہ جب ہم (مر کر) ہڈیاں اور ریزہ ریزہ ہو جائیں گے تو کیا ہم از سرِ نو پیدا کر کے اٹھا کھڑے کئے جائیں گے؟ کیا ان لوگوں نے اس پر نظر نہیں کی کہ اللہ جس نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا اس پر بھی قادر ہے کہ ان جیسے آدمی دوبارہ پیدا کر دے اور اس نے ان کے لیے ایک میعاد مقرر کر رکھی ہے جس میں کسی طرح کا شک ہی نہیں۔ اس پر بھی یہ ظالم انکار کئے بدوں نہ رہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۹۸-۹۹-

۶۸۔ اور انسان کہتا ہے کہ بھلا جب میں مر گیا تو کیا میں (قبر سے) زندہ نکالا جاؤں گا۔ کیا انسان یہ یاد نہیں کرتا کہ ہم نے پہلے اسے پیدا کیا اور وہ کچھ چیز نہ تھا۔

-مریم ۱۹: ۶۶-۶۷-

۶۹۔ کہتے ہیں کہ کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی ہو جائیں گے اور صرف ہڈیاں تو کیا ہم (دوبارہ) اٹھا کھڑے کئے جائیں گے؟ ہم سے اور پہلے ہمارے بڑوں سے اس کا وعدہ ہوتا چلا آیا ہے۔ ہو نہ ہو یہ صرف اگلے لوگوں کے ڈھکوسلے ہیں۔ تو ان سے پوچھ اگر تم سمجھ دار ہو تو بتاؤ کہ زمین اور جو کچھ اس میں ہے وہ کس کا ہے؟ وہ فوراً جواب دیں گے کہ اللہ کا۔ پوچھ کہ پھر تم کیوں غور نہیں کرتے؟ پوچھ کہ سات آسمانوں کا مالک کون ہے اور عظیم الشان عرش کا مالک کون؟ وہ فوراً جواب دیں گے

۶۷۔ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿۹۸﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ اَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۹۹﴾

۶۸۔ وَيَقُوْلُ الْاِنْسَانُ ءَاِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ اُخْرَجُ حَيًّا ﴿۶۶﴾ اَوَلَا يَذْكُرُ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْـــًٔا ﴿۶۷﴾

۶۹۔ قَالُوْٓا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۴۸﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا هٰذَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶۸﴾ قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۴﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۵﴾ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۸۶﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۸۷﴾ قُلْ مَنْۢ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۹﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ فَاَنّٰى تُسْحَرُوْنَ ﴿۸۹﴾ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۹۰﴾

۷۰۔ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷۷﴾ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ۭ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ﴿۷۸﴾

کہ اللہ۔ پوچھ کہ پھر کیا تم کو ڈر نہیں لگتا؟ تو ان سے کہہ دے کہ تم سمجھ دار ہو تو بتاؤ کہ کون ہے کہ جس کے ہاتھ میں ہر چیز کا اختیار ہے اور وہ پناہ دیتا اور اس کے مقابلے میں کوئی کسی کو پناہ نہیں دے سکتا؟ وہ فوراً جواب دیں گے کہ اللہ۔ اب ان سے کہہ دے تم پر کیسی ٹپکی پڑ جاتی ہے۔ حق یہ ہے کہ سچی بات ہم نے ان کو پہنچا دی ہے اور بے شک یہ جھوٹے ہیں۔

-المؤمنون ۲۳: ۸۲-۹۰-

۷۰۔ کیا آدمی کو معلوم نہیں کہ ہم نے اس کو نطفے سے پیدا کیا۔ بایں ہمہ وہ کھلم کھلا مقابل بن کر جھگڑنے لگا اور ہماری

Marfat.com

قُلْ يُحْيِيهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمُۨ ۝ الَّذِيْ
جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ۝ اَوَ
لَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓي اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ۭ
بَلٰي ۤ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ۝ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـــًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ
فَيَكُوْنُ ۝ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝
۷۱۔ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ يُحْشَرُوْنَ ۝ لِيَمِيْزَ اللّٰهُ الْخَبِيْثَ مِنَ
الطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ الْخَبِيْثَ بَعْضَهٗ عَلٰي بَعْضٍ فَيَرْكُمَهٗ جَمِيْعًا
فَيَجْعَلَهٗ فِيْ جَهَنَّمَ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝
۷۲۔ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ اِنَّهٗ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ
يُعِيْدُهٗ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ بِالْقِسْطِ ۭ
۷۳۔ يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ
الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ۝ ..... لِيَجْزِيَ اللّٰهُ كُلَّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ ۭ اِنَّ
اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝
۷۴۔ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ ۭ بَلٰي وَعْدًا
عَلَيْهِ حَقًّا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِيْ
يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰذِبِيْنَ ۝

نسبت باتیں بنانے لگا اور اپنی اصالت کو بھول گیا۔ کہتا ہے کہ کون ہے کہ ہڈیاں گل کر خاک ہوگئی ہوں تو وہ ان کو زندہ کر کے کھڑا کرے؟ تو کہہ دے کہ جس نے ہڈیوں کو اول بار پیدا کیا تھا وہی ان کو زندہ کرے گا اور وہ سب کا پیدا کرنا جانتا ہے۔ وہی ہے کہ بعض ہرے درختوں سے تمہارے لیے آگ پیدا کرتا ہے۔ پھر تم اس سے آگ سلگا لیتے ہو۔ کیا جس نے آسمان وزمین پیدا کئے وہ اس بات پر قادر نہیں کہ ان جیسے دوبارہ پیدا کرے؟ ہاں ہے اور وہ بڑا پیدا کرنے والا ماہر ہے۔ اس کی یہ شان ہے کہ جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو بس اس سے اتنا ہی فرما دیتا ہے کہ ہو۔ سو وہ ہو جاتی ہے۔ پس پاک ہے وہ ذات جس کے ہاتھ میں ہر چیز کا اختیار ہے اور تم مر کر اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

-یٰسٓ ۳۶: ۷۷-۸۳-

۷۱۔ اور کافر سب جہنم کی طرف ہانکے جائیں گے تاکہ اللہ ناپاک (لوگوں) کو پاک (لوگوں) سے الگ کر دے اور ناپاک (لوگوں) کو ایک دوسرے پر رکھ کر ان سب کا (ایک) ڈھیر بنائے پھر اسی ڈھیر (کے ڈھیر) کو جہنم میں جھونک دے۔ یہی لوگ خسارہ اٹھانے والوں میں سے ہیں۔

-الانفال ۸: ۳۶-۳۷-

۳۔ حشر سے غرض جزاؤ سزا

۷۲۔ اسی کی طرف تم سب کو لوٹ کر جانا ہے۔ وعدہ برحق ہے۔ وہی اول بار مخلوق کو پیدا کرتا ہے اور پھر دوبارہ ان کو زندہ کرے گا تاکہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل بھی کئے، انصاف کے ساتھ ان کو بدلہ دے۔

-یونس ۱۰: ۴-

۷۳۔ جبکہ زمین بدل کر دوسری طرح کی زمین کر دی جائے گی اور آسمان اور لوگ اللہ واحد زبردست کے سامنے نکل کھڑے ہوں گے..... اس غرض سے کہ خدا ہر شخص کو اس کے کئے کا بدلہ دے۔ بے شک اللہ کو حساب لیتے کچھ بھی دیر نہیں لگتی۔

-ابراہیم ۱۴: ۴۸، ۵۱-

۷۴۔ اور یہ اللہ کے منکر کی بڑی سخت قسمیں کھاتے ہیں کہ جو مر جاتا ہے اس کو اللہ نہیں اٹھا کھڑا کرے گا۔ ضرور وعدہ برحق ہے۔ اس پر مگر اکثر لوگ یقین نہیں کرتے۔ اس لیے کہ جن چیزوں میں یہ لوگ اختلاف کرتے رہے ہیں، اللہ ان پر ظاہر کر دے اور تاکہ کافر جان لیں کہ وہی غلطی پر تھے۔

-النحل ۱۶: ۳۸-۳۹-

Marfat.com

۷۵۔ قیامت آنے والی ہے ہم اس کو پوشیدہ رکھنے کو ہیں تاکہ ہر شخص کو اس کی کوشش کا بدلہ ملے۔

۔طٰہٰ ۲۰:۱۵۔

۷۶۔ تو اس سے پہلے کہ خدا کی طرف سے وہ دن آموجود ہو جو نہیں ٹل سکتا۔ سیدھے دین پر اپنا رخ کیے رہو۔ اس دن جدا ہو جائیں گے..... تاکہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے ان کو اللہ اپنے فضل سے عوض دے۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ کافروں کو پسند نہیں کرتا۔

۔الروم ۳۰:۴۳، ۴۵۔

۷۷۔ اور منکر کہتے ہیں کہ ہم کو تو قیامت آنی نہیں۔ کہو ہاں ہاں، مجھ کو اپنے پروردگار کی قسم جو عالمِ غیب ہے، قیامت تو تم کو ضرور پیش آکر رہے گی..... تاکہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے ان کو بدلہ دے۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے مغفرت اور عزت کی روزی ہے۔

۔سبا ۳۴:۳..... ۴۔

۷۸۔ جو لوگ بدکرداریوں کے مرتکب ہوتے رہتے ہیں کیا انہوں نے یہ سمجھا ہے کہ ہم ان کو ان ہی لوگوں جیسا کر دیں گے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے کہ ان کا مرنا اور ان کا جینا ایک ہی طرح کا ہو۔ یہ برے حکم لگاتے ہیں اور اللہ نے آسمانوں اور زمین کو مصلحت سے پیدا کیا ہے اور مقصود یہ ہے کہ ہر شخص کو اس کے کیے کا بدلہ دیا جائے اور لوگوں پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۔الجاثیہ ۴۵:۲۱۔۲۲۔

۷۵۔ اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا تَسْعٰى ۝

۷۶۔ فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ يَوْمَئِذٍ يَّصَّدَّعُوْنَ ۝ ..... لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ۝

۷۷۔ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا السَّاعَةُ ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ ۙ عٰلِمِ الْغَيْبِ ۚ ..... لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝

۷۸۔ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ سَوَآءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝ وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝

۷۹۔ وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًۢا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ حَتّٰٓى اِذَآ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝

۸۰۔ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ اَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيْهِ ؕ فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا كُفُوْرًا ۝

۴۔ دلائلِ حشر

۷۹۔ اور وہ اللہ ہے جو اپنی رحمت کے آگے بشارت دینے والی ہوائیں بھیجتا ہے۔ یہاں تک کہ جب وہ بھاری بادل اٹھاتی ہیں تو ہم اسے کسی مردہ بستی کی طرف ہانک دیتے ہیں۔ پھر اس سے بارش نازل کرتے ہیں پھر ہم اس سے ہر قسم کے پھل نکالتے ہیں۔ یوں ہی ہم مردوں کو نکالیں گے تاکہ تم سمجھو۔

۔الاعراف ۷:۵۷۔

۸۰۔ کیا انہوں نے اس پر نظر نہیں کی کہ اللہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا، اس پر بھی قادر ہے کہ ان جیسے پیدا کر دے اور اس نے ان کے لیے ایک وقت مقرر کر رکھا ہے جس میں شک نہیں ہے۔ اس پر بھی ظالموں نے ناشکری کے سوا ہر بات سے انکار کیا۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۹۹۔

Marfat.com

۸۱۔اور انسان کہتا ہے کہ بھلا جب میں مر گیا تو کیا میں پھر زندہ (زمین سے) نکالا جاؤں گا؟ کیا انسان یہ یاد نہیں کرتا کہ پہلے ہم نے اسے پیدا کیا اور وہ کچھ چیز نہ تھا۔

۔مریم ۱۹: ۶۶۔۶۷۔

۸۲۔جیسا ہم نے پہلی دفعہ پیدا کیا ہم اسے دوبارہ کریں گے۔ یہ وعدہ ہمارے ذمے ہے۔ بے شک ہم یہ کرنے والے ہیں۔

۔الانبیاء ۲۱: ۱۰۴۔

۸۳۔لوگو! اگر تم جی اٹھنے سے شک میں ہو تو ہم نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا۔ پھر نطفے سے پھر خون کی پھٹکی سے پھر تمام اور نا تمام گوشت کے لوتھڑے سے تا کہ ہم تم سے بیان کریں۔ اور ایک وقتِ مقرر تک جتنا ہم چاہتے ہیں رحموں میں ٹھہرائے رکھتے ہیں پھر ہم تمہیں بچہ بنا کر نکالتے ہیں پھر تمہیں پالتے ہیں تا کہ تم اپنی جوانی کو پہنچو اور کوئی تم میں سے مار دیا جاتا ہے اور کوئی تم میں سے ناکارہ عمر کی طرف لوٹایا جاتا ہے تا کہ جاننے کے بعد کچھ نہ جانے اور تو زمین کو خشک دیکھتا ہے جب ہم اس پر مینہ برساتے ہیں تو وہ ہلتی اور پھولتی ہے اور ہر قسم کا خوش نما سبزہ اگاتی ہے۔ یہ اس لیے ہے کہ اللہ جو ہے وہی حق ہے اور یہ کہ وہ مردوں کو زندہ کرتا ہے اور یہ کہ وہ ہر شے پر قادر ہے اور یہ کہ قیامت آنے والی ہے اس میں شک نہیں ہے اور یہ کہ اللہ ان لوگوں کو اٹھائے

۸۱۔وَيَقُوْلُ الْاِنْسَانُ ءَاِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ اُخْرَجُ حَيًّا ﴿۶۶﴾ اَوَلَا يَذْكُرُ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْـًٔا ﴿۶۷﴾

۸۲۔كَمَا بَدَاْنَآ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ ؕ وَعْدًا عَلَيْنَا ؕ اِنَّا كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۱۰۴﴾

۸۳۔يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ؕ وَنُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـًٔا ؕ وَتَرَى الْاَرْضَ هَامِدَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَاَنْۢبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍۭ بَهِيْجٍ ﴿۵﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّهٗ يُحْيِ الْمَوْتٰى وَاَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۶﴾ وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ﴿۷﴾

۸۴۔اَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللّٰهُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۱۹﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ بَدَاَ الْخَلْقَ ثُمَّ اللّٰهُ يُنْشِئُ النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۰﴾

۸۵۔يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ

گا جو قبروں میں ہیں۔

۔الحج ۲۲: ۵۔۷۔

۸۴۔کیا انہوں نے اس پر نظر نہیں ڈالی کہ اللہ کس طرح خلق کو پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر اسے دوبارہ کرتا ہے۔ بے شک یہ اللہ پر آسان ہے۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ ملک کی سیر کرو پھر غور کرو کہ اس نے خلق کو کس طرح پہلی بار پیدا کیا پھر اللہ ہی دوسری پیدائش پیدا کرے گا۔ بے شک اللہ ہر شے پر قادر ہے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۱۹۔۲۰۔

۸۵۔وہ زندہ کو مردے سے نکالتا ہے اور مردے کو زندے سے نکالتا

Marfat.com

ہے اور زمین کو اس مرے پیچھے زندہ کرتا ہے اور اسی طرح تم نکالے جاؤ گے۔

-الروم ۳۰:۱۹-

۸۶۔ اور اللہ وہ ہے جو ہوائیں بھیجتا ہے پھر وہ بادل اٹھاتی ہیں پھر ہم اسے ایک مردہ بستی کی طرف ہانک دیتے ہیں۔ پھر ہم اس سے زمین کو اس کے مرے پیچھے زندہ کرتے ہیں۔ یوں ہی جی اٹھنا ہے۔

-فاطر ۳۵:۹-

۸۷۔ اور اس نے ہمارے لیے کہاوت بیان کی اور اپنی پیدائش کو بھول گیا۔ کہتا ہے کہ ہڈیوں کو جب وہ گل گئیں کون زندہ کرے گا؟ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ انہیں وہی زندہ کرے گا جس نے انہیں پہلی بار پیدا کیا اور وہ تمام مخلوق کو جانتا ہے۔ وہ جس نے تمہارے لیے سبز درخت سے آگ پیدا کی کہ تم اس سے فوراً ہی جلا لیتے ہو۔ کیا وہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اس پر قادر نہیں ہے کہ ان جیسے اور پیدا کر دے۔ کیوں نہیں، حالانکہ وہی بڑا پیدا کرنے والا، جاننے والا ہے۔ اس کا کام تو جب وہ کسی چیز کے پیدا کرنے کا ارادہ کرتا ہے صرف یہ ہے کہ اس سے کہہ دے کہ ہو جا، سو وہ ہو جاتی ہے۔ سو وہ ذات پاک ہے جس کے ہاتھ میں ہر شے کی بادشاہت ہے اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

-یٰسٓ ۳۶:۷۸-۸۳-

۸۸۔ بے شک تمہارا معبود ایک ہی ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو ان کے درمیان ہے اس کا پروردگار اور مشرقوں کا پروردگار۔ بے شک ہم نے قریب کے

بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ۝۱۹

۸۶۔ وَاللّٰهُ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَسُقْنٰهُ اِلٰى بَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَحْيَيْنَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ ۝۹

۸۷۔ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ۭ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ۝۷۸ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمُۨ ۝۷۹ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ۝۸۰ اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓي اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ۭ بَلٰى ۤ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ۝۸۱ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـــًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝۸۲ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝۸۳

۸۸۔ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝۴ ۭ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝۵ ۭ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَاۗءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ۨ الْكَوَاكِبِ ۝۶ ۙ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝۷ ۚ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝۸ ۡ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝۹ ۙ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝۱۰ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ۭ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ۝۱۱

۸۹۔ اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا ۚ

آسمان کو ستاروں کی ایک طرح کی زینت سے سجایا۔ اور ہر ایک سرکش شیطان سے محفوظ رکھا۔ وہ (فرشتوں کی) اعلیٰ جماعت کی طرف کان نہیں لگا سکتے۔ اور ہر طرف سے انگارے پھینکے جاتے ہیں بھگانے کے لیے اور ان کے لیے چمٹنے والا عذاب ہے۔ مگر جو کوئی ایک اچکی اچک لے گیا تو چمکتا ہوا شعلہ اس کے پیچھے لگتا ہے۔ تو (اے نبی ﷺ!) تو ان سے پوچھ کیا وہ پیدائش میں زیادہ سخت ہیں یا وہ جو ہم نے پیدا کیے ہیں۔ بے شک ہم نے انہیں چپکتے گارے سے پیدا کیا ہے۔

-الصّٰفّٰت ۳۷:۴-۱۱-

۸۹۔ اللہ جانوں کو ان کی موت کے وقت مار دیتا ہے اور جو نہیں مریں انہیں ان کی نیند میں۔ پس جس پر اس نے موت کا حکم صادر کر دیا اسے روک لیتا ہے اور دوسری کو ایک مقرر وقت تک

Marfat.com

فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۴۲﴾

۹۰۔ لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾

۹۱۔ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنَّكَ تَرَى الْاَرْضَ خَاشِعَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ ؕ اِنَّ الَّذِيْٓ اَحْيَاهَا لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ؕ اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۳۹﴾

۹۲۔ وَالَّذِيْ نَزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً بِقَدَرٍ ۚ فَاَنْشَرْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ۚ كَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۱﴾

۹۳۔ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ؕ بَلٰٓى اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۳۳﴾

۹۴۔ وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الْحَصِيْدِ ﴿۹﴾ وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيْدٌ ﴿۱۰﴾ رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ ۙ وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ؕ كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ ﴿۱۱﴾

۹۵۔ اَفَعَيِيْنَا بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ ؕ بَلْ هُمْ فِيْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿۱۵﴾

۹۶۔ لَآ اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ﴿۱﴾ وَلَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ﴿۲﴾ اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَهٗ ﴿۳﴾ بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ نُّسَوِّيَ بَنَانَهٗ ﴿۴﴾

کے لیے چھوڑ دیتا ہے۔ بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے جو سوچتے ہیں (ثبوتِ حشر کی) نشانیاں ہیں۔

۔الزمر ۳۹:۴۲۔

۹۰۔ بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش لوگوں کی پیدائش سے بڑھ کر ہے۔ لیکن اکثر آدمی (اس بات کو) نہیں جانتے۔

۔المؤمن ۴۰:۵۷۔

۹۱۔ اور اس کی (قدرت کی) نشانیوں میں سے ایک یہ ہے کہ تو زمین کو دبا ہوا دیکھتا ہے پھر جب ہم اس پر مینہ برساتے ہیں تو وہ ہلتی اور پھولتی ہے۔ بے شک وہ (اللہ) جس نے اسے زندہ کر دیا مردوں کا جلانے والا ہے۔ بے شک وہ ہر شے پر قادر ہے۔

۔السجدۃ ۴۱:۳۹۔

۹۲۔ اور وہ جس نے آسمان سے ایک اندازے کے ساتھ پانی اتارا۔ پھر ہم نے اس سے ایک مردہ بستی کو جلا اٹھایا۔ یوں ہی تم بھی نکالے جاؤ گے۔

۔الزخرف ۴۳:۱۱۔

۹۳۔ کیا انہوں نے اس پر نظر نہیں کی کہ وہ اللہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور ان کے پیدا کرنے سے عاجز نہیں ہوا، مردوں کے زندہ کرنے پر بھی قادر ہے۔ کیوں نہیں! بے شک وہ ہر شے پر قادر ہے۔

۔الاحقاف ۴۶:۳۳۔

۹۴۔ اور ہم نے آسمان سے برکت والا پانی اتارا پھر ہم نے اس سے باغ اور کاٹنے والے اناج اگائے اور اونچی اونچی کھجوریں، جن کے خوشے تہ برتہ ہیں، بندوں کی روزی کے لیے اور اس سے ہم نے مردہ بستی کو زندہ کیا۔ یوں ہی (قبروں سے) نکلنا ہے۔

۔ق ۵۰:۹۔۱۱۔

۹۵۔ تو کیا ہم پہلی پیدائش سے تھک گئے ہیں؟ (کوئی نہیں) بلکہ وہ نئی پیدائش کی طرف سے شک میں ہیں۔

۔ق ۵۰:۱۵۔

۹۶۔ میں قیامت کے دن کی قسم کھاتا ہوں اور (بدی پر) ملامت کرنے والے نفس کی قسم کھاتا ہوں، کیا انسان یہ گمان کرتا ہے کہ ہم ہرگز اس کی ہڈیاں اکٹھی نہیں کریں گے کیوں نہیں ہم اس بات پر قادر ہیں کہ اس (کی انگلیوں) کے پوروں کو درست کر دیں۔

۔القیمۃ ۷۵:۱۔۴۔

Marfat.com

۹۷۔فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى ﴿۳۱﴾ وَلٰكِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿۳۲﴾ ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰٓى
اَهْلِهٖ يَتَمَطّٰى ﴿۳۳﴾ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ﴿۳۴﴾ ثُمَّ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ﴿۳۵﴾ اَيَحْسَبُ
الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى ﴿۳۶﴾ اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى ﴿۳۷﴾ ثُمَّ
كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى ﴿۳۸﴾ فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ
وَالْاُنْثٰى ﴿۳۹﴾ اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ﴿۴۰﴾

۹۷۔سو اس نے نہ تصدیق کی اور نہ نماز پڑھی لیکن جھٹلایا اور منہ موڑا پھر اکڑتا ہوا اپنے گھر کو چل دیا۔تف ہے تجھ پر۔پھر تف ہے۔پھر تف ہے تجھ پر۔پھر تف ہے۔کیا انسان یہ گمان کرتا ہے کہ وہ بے کار چھوڑ دیا جائے گا؟ کیا وہ منی کا قطرہ نہ تھا جو ٹپکایا گیا تھا۔پھر وہ جما ہوا خون تھا پھر اسے پیدا کیا اور تندرست کیا پھر اس سے نر اور مادہ دو جوڑے پیدا کئے؟ کیا یہ اللہ اس پر قادر نہیں کہ مردوں کو زندہ کردے۔

۔القیمۃ۷۵: ۳۱۔۴۰۔

۹۸۔عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۱﴾ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ﴿۲﴾ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ
مُخْتَلِفُوْنَ ﴿۳﴾ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ﴿۴﴾ ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ﴿۵﴾ اَلَمْ
نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا ﴿۶﴾ وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ﴿۷﴾ وَّخَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ﴿۸﴾
وَّجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ﴿۹﴾ وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ﴿۱۰﴾ وَّجَعَلْنَا النَّهَارَ
مَعَاشًا ﴿۱۱﴾ وَّبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ﴿۱۲﴾ وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا
وَّهَّاجًا ﴿۱۳﴾ وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ﴿۱۴﴾ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّ
نَبَاتًا ﴿۱۵﴾ وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ﴿۱۶﴾ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ﴿۱۷﴾

۹۸۔وہ کس بات کی بابت ایک دوسرے سے پوچھتے ہیں؟ کیا اس بڑی خبر کی بابت جس میں وہ ایک دوسرے سے اختلاف کررہے ہیں؟ یہ ہرگز نہیں ہے۔عنقریب ہی معلوم کرلیں گے پھر یہ ہرگز نہیں وہ عنقریب ہی معلوم کرلیں گے۔کیا ہم نے زمین کو فرش نہیں بنایا۔اور پہاڑوں کو میخ اور ہم نے تمہیں جوڑا جوڑا پیدا کیا۔اور تمہاری نیند کو ہم نے آرام بنایا۔اور رات کو ہم نے پردہ پوش بنایا اور دن کو ہم نے ذریعۂ معاش بنایا۔اور تمہارے اوپر ہم نے سات مضبوط آسمان بنائے اور ہم نے ایک چمکتا چراغ بنایا اور نچوڑنے والی بدلیوں سے ہم نے موسلا دھار پانی اتارا تاکہ ہم اس سے زمین سے اناج اور بوٹیاں نکالیں

۹۹۔ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمِ السَّمَآءُ ۭ بَنٰىهَا ﴿۲۷﴾ رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰىهَا ﴿۲۸﴾ وَ
اَغْطَشَ لَيْلَهَا وَاَخْرَجَ ضُحٰىهَا ﴿۲۹﴾ وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا ﴿۳۰﴾
اَخْرَجَ مِنْهَا مَآءَهَا وَمَرْعٰىهَا ﴿۳۱﴾ وَالْجِبَالَ اَرْسٰىهَا ﴿۳۲﴾ مَتَاعًا لَّكُمْ وَ

اور گھن کے باغ۔بے شک فیصلے کا دن وقت مقرر کیا ہوا ہے۔

۔النباء۷۸: ۱۔۱۷۔

۹۹۔کیا تم پیدائش میں زیادہ سخت ہو یا آسمان، جسے اس نے بنایا۔اس کا اُنچان بلند کیا۔پھر اسے ٹھیک کیا اور اس کی رات ڈھانک دی اور اس کا دن نکالا اور اس کے بعد زمین بچھائی اس سے اس کا پانی اور

Marfat.com

اس کا چارہ نکالا اور پہاڑ گاڑے تمہارے اور تمہارے چوپایوں کے فائدے کے لیے۔

-النّٰزعٰت ۷۹:۲۷-۳۳-

۱۰۰-انسان کو اس پر نظر کرنی چاہیے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے۔ کودنے والے پانی سے جو پیٹھ اور سینے کی ہڈیوں کے درمیان سے نکلتا ہے۔ بے شک وہ اس کے لوٹانے پر قادر ہے۔

-الطارق ۸۶:۵-۸-

۱۰۱-سو اس کے بعد تجھے قیامت کے بارے میں کیا چیز جھٹلاتی ہے کیا اللہ سب حاکموں سے بڑھ کر حاکم نہیں ہے؟

-التین ۹۵:۷-۸

قیامت

۱۔ قیامت ضرور آئے گی

۱-بے شک جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ ضرور آنے والی ہے اور تم عاجز کرنے والے نہیں ہو۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ بھائیو! تم اپنی جگہ عمل کیے جاؤ میں بھی عمل کرتا ہوں۔ عنقریب ہی تم جان لو گے کہ عاقبت کا گھر کس کے لیے ہے۔ کچھ شک نہیں کہ ظالم فلاح نہیں پاتے۔

-الانعام ۶:۱۳۴-۱۳۵-

۲-اور ہم نے آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان کی چیزوں کو حق کے ساتھ پیدا کیا ہے اور بے شک قیامت آنے والی ہے تو (اے نبی ﷺ!) تو خوبی کے ساتھ (ان سے) درگزر کر۔

-الحجر ۱۵:۸۵-

لِاَنْعَامِكُمْ ﴿۳۳﴾

۱۰۰- فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ﴿۵﴾ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ﴿۶﴾ يَّخْرُجُ مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ﴿۷﴾ اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ﴿۸﴾

۱۰۱- فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ﴿۷﴾ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۸﴾

۱- اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ ۙ وَّمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۳۴﴾ قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۳۵﴾

۲- وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ ؕ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ ﴿۸۵﴾

۳- مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ

۴- مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ يَوْمَئِذٍ يَّصَّدَّعُوْنَ ﴿۴۳﴾

۵- وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا السَّاعَةُ ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ ۙ عٰلِمِ الْغَيْبِ ۚ لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَلَآ اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرُ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳﴾

۳-جو شخص اللہ سے ملنے کی امید رکھتا ہے تو اللہ کا ٹھہرایا ہوا وقت ضرور آنے والا ہے۔

-العنکبوت ۲۹:۵-

۴-اس سے پہلے (نیک عمل کرلو) کہ اللہ کی طرف سے وہ دن آ موجود ہو جو ٹل نہیں سکتا۔ اس دن وہ ایک دوسرے سے بچھڑ جائیں گے۔

-الروم ۳۰:۴۳-

۵-اور کافروں نے کہا کہ ہم پر قیامت نہیں آئے گی۔ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ کیوں نہیں؟ مجھے اپنے پروردگار کی قسم! وہ تم پر ضرور آئے گی۔ وہ غیب کا جاننے والا ہے اس سے ایک ذرہ بھر چیز چھپی ہوئی نہیں ہے نہ آسمانوں میں اور نہ زمین میں اور نہ ذرہ سے چھوٹی اور نہ بڑی۔ سب ہی کھول کر بیان کرنے والی کتاب میں مندرج ہے۔

-سبا ۳۴:۳-

Marfat.com

٦۔ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿١٧﴾ اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿١٨﴾ قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ ﴿١٩﴾

٧۔فَاِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ۭ مَا لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ يَّوْمَىِٕذٍ وَّمَا لَكُمْ مِّنْ نَّكِيْرٍ ﴿٤٧﴾

٨۔اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٤٠﴾

٩۔اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا تَسْعٰى ﴿١٥﴾ فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ﴿١٦﴾

١٠۔اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ﴿٥٦﴾ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ﴿٥٨﴾ اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ ﴿٥٩﴾ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ ﴿٦٠﴾ وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ﴿٦١﴾

١١۔وَاِنَّ الدِّيْنَ لَوَاقِعٌ ﴿٦﴾

١٢۔قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ﴿٤٩﴾ لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿٥٠﴾

١٣۔اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ

١٤۔كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ﴿١٨﴾

١٥۔وَيَسْتَنْۢبِـُٔوْنَكَ اَحَقٌّ هُوَ ۭ قُلْ اِيْ وَرَبِّيْٓ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ۭ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿٥٣﴾

٦۔بھلا جب ہم مر کر مٹی اور ہڈیاں ہو گئے تو کیا ہم زندہ کر کے اٹھائے جائیں گے یا ہمارے اگلے باپ دادا؟ (اے نبی ﷺ!) کہہ دے، ہاں۔ اور تم ذلیل ہو گے۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۱۶۔۱۸۔

٧۔لوگو! اپنے پروردگار کو قبول کرو اس سے پہلے کہ اللہ کی طرف سے وہ دن آ موجود ہو جسے ٹلنا نہیں ہے۔ اس دن تمہارے لیے نہ کوئی جائے پناہ ہے اور نہ تمہارے لیے انکار ہی کی گنجائش ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۴۷۔

٨۔بے شک فیصلہ کا دن ان سب کے لیے مقررہ وقت ہے۔

۔الدخان ۴۴: ۴۰۔

٩۔بے شک قیامت آنے والی ہے اور ہم اس کا وقت چھپانے والے ہیں تا کہ ہر شخص کو اس کی کوشش کا بدلہ دیا جائے۔ سو کہیں وہ شخص تجھے اس سے غافل نہ کر دے جو اس پر ایمان نہیں رکھتا اور اپنی خواہشِ نفسانی پر چلتا ہے کہ پھر تو ہلاک ہو جائے۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۱۵۔۱۶۔

١٠۔قریب آنے والی قریب آ گئی، اللہ کے سوائے کوئی اسے ٹالنے والا نہیں۔ تو کیا تم اس بات سے تعجب کرتے ہو اور ہنستے ہو اور روتے نہیں اور تم غافل ہو۔

۔النجم ۵۳: ۵۷۔ ۶۱

١١۔اور بے شک انصاف کا دن ضرور آنے والا ہے۔

الذّٰریٰت ۵۱: ۶۔

١٢۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ سب اگلے اور پچھلے ایک مقررہ دن کے وقت پر جمع کیے جائیں گے۔

۔الواقعۃ ۵۶: ۴۹۔ ۵۰۔

١٣۔بے شک قیامت آنے والی ہے۔

۔المؤمن ۴۰: ۵۹۔

١٤۔اس کا وعدہ پورا ہو کر رہے گا۔

۔المزمل ۷۳: ۱۸۔

۲۔ قیامت حق ہے

١٥۔اور (اے نبی ﷺ!) وہ تجھ سے پوچھتے ہیں کہ کیا وہ حق ہے؟ کہہ دے ہاں۔ مجھے اپنے پروردگار کی قسم! بے شک وہ حق ہے اور تم ہمیں عاجز کرنے والے نہیں ہو۔

۔یونس ۱۰: ۵۳۔

Marfat.com

۱۶۔ یہ (قیامت کا) دن ہے تو جو چاہے اپنے پروردگار کی طرف رجوع ہو۔

۔النبا ۷۸: ۳۹۔

۳۔ قیامت کا وعدہ سچا ہے

۱۷۔ قسم ہے (بادلوں کو) اڑانے والیوں کی پھر (مینہ کا) بوجھ اٹھانے والیوں کی۔ پھر آہستہ آہستہ چلنے والیوں کی۔ پھر ایک چیز (یعنی بارش) کو بانٹنے والیوں کی۔ بے شک وہ (قیامت) جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے، سچ ہے۔

۔الذّٰریٰت ۵۱: ۱۔۵۔

۱۸۔ جب واقع ہونے والی، واقع ہو گی اس کے واقع ہونے میں جھوٹ نہیں ہے۔

۔الواقعہ ۵۶: ۱۔۲۔

۱۹۔ قسم ہے آہستگی سے چھوڑی ہوئی ہواؤں کی۔ پھر زور باندھ کر چلنے والیوں کی اور بادل کو پھیلانے والیوں کی پھر (اس سے مینہ کو) جدا کرنے والیوں کی پھر (لوگوں کے دلوں میں خدا کی) یاد ڈالنے والیوں کی، الزام دینے یا ڈرانے کے لیے۔ بے شک وہ (قیامت) جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے، سچ ہے۔

۔المرسلت ۷۷: ۱۔۷۔

۲۰۔ سو اس وقت ان کا کیا حال ہو گا جب ہم انہیں اس دن جمع کریں گے جس کے آنے میں کچھ شک نہیں۔

۔آل عمران ۳: ۲۵۔

۴۔ قیامت کے آنے میں کچھ شک نہیں

۲۱۔ وہ تمہیں قیامت کے دن، جس میں شک نہیں

۱۶۔ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ۝

۱۷۔ وَ الذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ۝ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ۝ فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا ۝ فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ۝ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ۝

۱۸۔ اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ۝

۱۹۔ وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ۝ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ۝ وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ۝ فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ۝ فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا ۝ عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ۝ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ ۝

۲۰۔ فَكَيْفَ اِذَا جَمَعْنٰهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ

۲۱۔ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۭ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

۲۲۔ وَجَعَلَ لَهُمْ اَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ

۲۳۔ وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوْٓا اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ فِيْهَا ۚ

۲۴۔ وَاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ۝

ضرور جمع کرے گا اور جو لوگ گھاٹے میں ہیں، وہی ایمان نہیں لاتے۔

۔الانعام ۶: ۱۲۔

۲۲۔ اور اس نے ان کے لیے ایک وقت مقرر کیا جس میں شک نہیں ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷: ۹۹۔

۲۳۔ اور یوں ہم نے (لوگوں کو) ان پر مطلع کیا تا کہ جان لیں کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے اور قیامت کے آنے میں شک نہیں۔

۔الکہف ۱۸: ۲۱۔

۲۴۔ اور یہ کہ قیامت ضرور آنے والی ہے۔ اس میں شک نہیں اور یہ کہ اللہ ان لوگوں کو جو قبروں میں ہیں، اٹھائے گا۔

۔الحج ۲۲: ۷۔

Marfat.com

۲۵۔ بے شک قیامت ضرور آنے والی ہے، اس کے آنے میں شک نہیں لیکن اکثر آدمی اس پر ایمان نہیں لاتے۔

۔المؤمن ۴۰:۵۹۔

۲۶۔اور تاکہ اکٹھا ہونے کے دن سے، جس میں شک نہیں ہے ڈرائے۔

۔الشوریٰ ۴۲:۷۔

۲۷۔(اے نبی ﷺ!) کہہ دے کہ اللہ ہی تمہیں زندہ رکھتا ہے پھر وہ تمہیں مارے گا۔ پھر تمہیں قیامت کے دن جس میں شک نہیں ہے، جمع کرے گا۔ لیکن اکثر آدمی (اس بات کو) نہیں جانتے۔

۔الجاثیہ ۴۵:۲۶۔

۵۔ قیامت ہنسی کی بات نہیں ہے

۲۸۔قسم ہے آسمان مینہ برسانے والے کی اور (دانہ اگاتے وقت) پھٹنے والی زمین کی، بے شک وہ ایک قطعی بات ہے اور وہ ہنسی کی بات نہیں ہے۔

۔الطارق ۸۶:۱۱۔۱۴۔

۶۔ قیامت کا وقت مقرر ہے

۲۹۔بے شک فیصلے کا دن ان سب کے لیے وقتِ مقرّر ہے۔

۔الدخان ۴۴:۴۰۔

۳۰۔بے شک فیصلے کا دن وقتِ مقرر ہے۔

۔النباء ۷۸:۱۷۔

۷۔ کفار کا سوال کہ قیامت کب ہوگی جواب کہ اللہ کو ہی علم ہے

۳۱۔لوگ تجھ سے قیامت کی بابت پوچھتے ہیں کہ اس کے قیام کا وقت کب ہے؟ کہہ دے کہ اس کا علم تو میرے پروردگار ہی کے پاس ہے۔ وہی اس کو اس کے وقت پر ظاہر کر دے گا۔ وہ آسمانوں اور زمین میں بھاری چیز ہے۔ تم

۲۵۔ اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۹﴾

۲۶۔ وَتُنْذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ

۲۷۔ قُلِ اللّٰهُ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾

۲۸۔ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ﴿۱۱﴾ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ﴿۱۳﴾ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ؕ ﴿۱۴﴾

۲۹۔ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۰﴾

۳۰۔ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ﴿۱۷﴾

۳۱۔ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ ۚ لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَاۤ اِلَّا هُوَ ۚ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً ؕ يَسْـَٔلُوْنَكَ كَاَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۷﴾

۳۲۔ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ ؕ قُلْ عَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا ﴿۵۱﴾

۳۳۔ اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخْفِيْهَا

١٥۔ لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِي الْبِلَادِ ﴿١٩٦﴾ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۫ ثُمَّ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿١٩٧﴾

١٦۔ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ نَارًا ۭ كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿٥٦﴾

١٧۔ اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ فِيْ جَهَنَّمَ جَمِيْعَۨا ﴿١٤٠﴾

١٨۔ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿١٥١﴾

١٩۔ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيْقًا ﴿١٦٨﴾ اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿١٦٩﴾

٢٠۔ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿١٠﴾

٢١۔ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لِيَفْتَدُوْا بِهٖ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٣٦﴾ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنَ النَّارِ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنْهَا ۡ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿٣٧﴾

٢٢۔ ذٰلِكُمْ فَذُوْقُوْهُ وَاَنَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابَ النَّارِ ﴿٣٧﴾

٢٣۔ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ يُحْشَرُوْنَ ﴿٣٦﴾

١٤۔ اور اس آگ سے ڈرو جو کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے۔

۔آل عمران ٣: ١٣١۔

١٥۔ شہروں میں کافروں کا چلنا پھرنا تمہیں مغالطے میں نہ ڈالے یہ تھوڑے سے فائدے ہیں۔ پھر ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ بری جگہ ہے۔

۔آل عمران ٣: ١٩٦۔١٩٧۔

١٦۔ جن لوگوں نے ہماری آیتوں سے انکار کیا، ہم ان کو دوزخ میں داخل کریں گے۔ جب ان کی کھالیں گل جائیں گی تو ہم اس غرض سے کہ وہ عذاب کا مزہ چکھیں۔ گلی کھالوں کی جگہ دوسری کھالیں پیدا کر دیں گے۔ اللہ زبردست، صاحبِ تدبیر ہے۔

۔النساء ٤: ٥٦۔

١٧۔ بے شک اللہ منافق مردوں اور منافق عورتوں اور کافروں کو سب کو دوزخ میں جمع کرنے والا ہے۔

۔النساء ٤: ١٤٠۔

١٨۔ کافروں کے لیے ہم نے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

۔النساء ٤: ١٥١۔

١٩۔ جو لوگ کفر اور ظلم کرتے رہے، ان کو اللہ نہ تو بخشے ہی گا اور نہ ان کو راہ دکھائے گا بلکہ جہنم کا رستہ جس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے اور اللہ کے نزدیک یہ آسان ہے۔

۔النساء ٤: ١٦٨۔١٦٩۔

٢٠۔ اور جن لوگوں نے انکار کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا، وہ دوزخی ہیں۔

۔المائدۃ ٥: ١٠، ٨٦۔

٢١۔ جن لوگوں نے کفر کیا اگر ان کے پاس وہ سب کچھ ہو جو زمین میں ہے اور اتنا ہی اس کے ساتھ اور بھی تاکہ روزِ قیامت کے عذاب کے بدلے میں اس کو دے نکلیں، ان سے قبول نہیں کیا جائے گا اور ان کے لیے عذابِ دردناک ہے۔ چاہیں گے کہ آگ سے نکل بھاگیں مگر وہ وہاں سے نہیں نکلنے پائیں گے اور ان کے لیے عذاب ہے جان کا لاگو۔

۔المائدۃ ٥: ٣٦۔٣٧۔

٢٢۔ یہی سزا ہے تو اس کا مزہ چکھو اور کافروں کو دوزخ کا عذاب ہے۔

۔الانفال ٨: ١٤۔

٢٣۔ اور کافر جہنم کی طرف ہانکے جائیں گے۔

۔الانفال ٨: ٣٦۔

Marfat.com

٢٤۔وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ۝٤٩

٢٥۔وَعَدَاللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ هِيَ حَسْبُهُمْ ۚ وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ۝٦٨

٢٦۔وَاُولٰٓئِكَ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝٥

٢٧۔وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا ۝٨

٢٨۔وَعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضًا ۝١٠٠ الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِيْ وَكَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا ۝١٠١ اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ مِنْ دُوْنِيْٓ اَوْلِيَآءَ ؕ اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا ۝١٠٢

٢٩۔ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا ۝١٠٦

٣٠۔لَوْ يَعْلَمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا حِيْنَ لَا يَكُفُّوْنَ عَنْ وُّجُوْهِهِمُ النَّارَ وَلَا عَنْ ظُهُوْرِهِمْ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝٣٩

٣١۔فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ ؕ يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ ۝١٩

٣٢۔قُلْ اَفَاُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ اَلنَّارُ ؕ وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝٧٢

٢٤۔اور بے شک دوزخ کافروں کو گھیرے ہوئے ہے۔

۔التوبۃ ۹:۴۹ والعنکبوت ۲۹:۵۳۔

٢٥۔اللہ نے منافق مردوں اور منافق عورتوں اور کافروں سے دوزخ کی آگ کا وعدہ کیا ہے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ وہی انہیں کافی ہے اور اللہ نے ان پر لعنت کی ہے اور ان کے لیے پائدار عذاب ہے۔

۔التوبۃ ۹:۶۸۔

٢٦۔یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے پروردگار کا انکار کیا اور یہی لوگ ہیں جن کی گردنوں میں طوق ہوں گے اور یہی لوگ ہیں دوزخی۔ یہ دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے۔

۔الرعد ۱۳:۵۔

٢٧۔اور ہم نے دوزخ کافروں کے لیے قید خانہ بنایا ہے۔

۔بنی اسرائیل ۱۷:۸۔

٢٨۔اور اس دن ہم دوزخ ان کافروں پر پیش کریں گے، جن کی آنکھوں پر میری یاد سے پردہ پڑا تھا اور سننے کی تاب نہ لاتے تھے۔ تو کیا جو کافر ہوئے ہیں انہوں نے یہ خیال کر رکھا ہے کہ وہ میرے سوا میرے بندوں کو کارساز بنائیں۔ بے شک ہم نے دوزخ کو کافروں کی مہمانی کے لیے تیار کیا ہے۔

۔الکہف ۱۸:۱۰۰۔۱۰۲۔

٢٩۔یہ جہنم ان کا بدلہ ہے کہ انہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں اور ہمارے پیغمبروں کی ہنسی اڑائی۔

۔الکہف ۱۸:۱۰۶۔

٣٠۔کاش منکر اس وقت کو جانیں جب کہ آگ کو نہ اپنے مونہہ پر سے روک سکیں گے اور نہ اپنی پیٹھ پر سے اور نہ ان کو مدد ملے گی۔

۔الانبیاء ۲۱:۳۹۔

٣١۔تو جو لوگ (اللہ کو) نہیں مانتے ان کے لیے آگ کے کپڑے قطع کرائے گئے ہیں ان کے سروں پر کھولتا ہوا پانی انڈیلا جائے گا۔

۔الحج ۲۲:۱۹۔

٣٢۔کہہ دے کہ اس سے بدتر تمہیں (ایک چیز) بتاؤں وہ دوزخ ہے، جس کا وعدہ اللہ منکروں سے کرتا ہے۔ اور وہ (بہت) برا ٹھکانا ہے۔

۔الحج ۲۲:۷۲۔

Marfat.com

٣٣۔ایسا خیال نہ کرنا کہ کافر ملک میں (ہمیں) ہرا دیں گے اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور بے شک برا ٹھکانا ہے۔

۔النور ۲۴:۵۷۔

٣٤۔اور جو لوگ اللہ کی آیتوں کو اللہ کے حضور میں حاضر ہوتے کو نہیں مانتے یہی لوگ ہماری رحمت سے ناامید ہو بیٹھے ہیں اور یہی ہیں جن کو عذابِ دردناک ہونا ہے۔

۔العنکبوت ۲۹:۲۳۔

٣٥۔کیا کافروں کا ٹھکانا دوزخ میں نہیں ہے؟

۔العنکبوت ۲۹:۶۸ والزمر ۳۹:۳۲۔

٣٦۔بے شک اللہ نے کافروں کو پھٹکار دیا ہے اور ان کے لیے دہکتی ہوئی دوزخ تیار کر رکھی ہے۔اس میں سدا کو ہمیشہ رہیں گے۔نہ حمایتی پائیں گے اور نہ مددگار۔

۔الاحزاب۔۳۳:۶۴۔۶۵

٣٧۔اور جولوگ کفر کرتے رہے، ہم ان کی گردنوں میں طوق ڈالوادیں گے۔جیسے جیسے عمل یہ لوگ کرتے رہے ان کا ہی بدلہ تو ان کو مل رہا ہے۔

۔سبا ۳۴:۳۳۔

٣٨۔جولوگ منکر ہیں ان کو سخت سزا ہونی ہے۔

۔فاطر ۳۵:۷۔

٣٩۔اور جولوگ منکر ہیں ان کے لیے دوزخ کی آگ ہے نہ تو ان کو قضا آتی ہے کہ مر رہیں اور نہ دوزخ کا عذاب ہی ان سے ہلکا کیا جاتا ہے۔ہم ہر ایک ناشکر کو اسی طرح سزا دیا کرتے ہیں۔

۔فاطر ۳۵:۳۶۔

٣٣۔لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ وَلَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝

٣٤۔وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَلِقَاۗىِٕهٖٓ اُولٰۗىِٕكَ يَىِٕسُوْا مِنْ رَّحْمَتِيْ وَاُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

٣٥۔اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ۝

٣٦۔اِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ وَاَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْرًا ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۚ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝

٣٧۔وَجَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ فِيْٓ اَعْنَاقِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

٣٨۔اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۠

٣٩۔وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ ۚ لَا يُقْضٰى عَلَيْهِمْ فَيَمُوْتُوْا وَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ مِّنْ عَذَابِهَا ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِيْ كُلَّ كَفُوْرٍ ۝

٤٠۔وَسِيْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ زُمَرًا ۭ

٤١۔وَكَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَي الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ۝

٤٢۔فَلَنُذِيْقَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ

٤٣۔وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَي النَّارِ ۭ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ

٤٠۔اور جنہوں نے کفر کیا وہ غول کے غول دوزخ کی طرف ہانکے جائیں گے۔

۔الزمر ۳۹:۷۱۔

٤١۔اور اسی طرح کافروں پر تمہارے پروردگار کا فرمودہ صادق آچکا ہے کہ یہ دوزخی ہیں۔

۔المؤمن ۴۰:۶۔

٤٢۔تو جولوگ منکر ہیں ہم ان کو ضرور عذابِ سخت کا مزہ چکھا کر رہیں گے۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱:۲۷۔

٤٣۔اور جب کافر دوزخ کے سامنے لائے جائیں گے (تو ان سے کہا جائے گا کہ) تم اپنی دنیا کی زندگی میں اپنے مزے اڑا چکے اور ان سے فائدہ اٹھا چکے ہو تو آج تم کو ذلت کی سزا دی جائے گی۔

Marfat.com

حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۚ فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ۝

۴۴۔ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَتَمَتَّعُوْنَ وَيَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۝

۴۵۔ وَمَنْ لَّمْ يُؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَاِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَعِيْرًا ۝

۴۶۔ اَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ ۝

۴۷۔ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝

۴۸۔ وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝

۴۹۔ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَلٰسِلَا وَاَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا ۝

۵۰۔ اِلَّا مَنْ تَوَلّٰى وَكَفَرَ ۝ فَيُعَذِّبُهُ اللّٰهُ الْعَذَابَ الْاَكْبَرَ ۝

۵۱۔ بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمَا ۝

۵۲۔ اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ فِيْ جَهَنَّمَ جَمِيْعَا ۝

۵۳۔ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا ۝

۵۴۔ اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ

یہ اس کا بدلہ (ہے) کہ تم ناحق زمین میں اکڑا کرتے تھے اور اس کا بدلہ کہ تم نافرمانیاں کرتے تھے۔

-الاحقاف ۴۶: ۲۰-

۴۴۔ اور جو لوگ منکر ہیں (دنیا میں) رستے بستے اور جس طرح چارپائے کھاتے ہیں یہ بھی کھاتے ہیں اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے۔

-محمد ۴۷: ۱۲-

۴۵۔ اور جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان نہ لائے تو ہم نے منکروں کے لیے دہکتی ہوئی آگ تیار کر رکھی ہے۔

-الفتح ۴۸: ۱۳-

۴۶۔ جتنے کافر سرکش ہیں (ان سب کو) جہنم میں جھونک دو۔

-ق ۵۰: ۲۴-

۴۷۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلاتے رہے یہی لوگ دوزخی ہوں گے کہ ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے اور وہ بری جگہ ہے۔

-التغابن ۶۴: ۱۰-

۴۸۔ اور جو لوگ اپنے پروردگار کو نہیں مانتے ان کے لیے دوزخ کا عذاب ہے اور وہ بری جگہ ہے۔

-الملک ۶۷: ۶-

۴۹۔ ہم نے کافروں کے لیے زنجیریں اور طوق اور دہکتی ہوئی دوزخ تیار کر رکھی ہے۔

-الدھر ۷۶: ۴-

۵۰۔ ہاں جو روگردانی اور انکار کرے تو اللہ اس کو بڑا عذاب دے گا۔

-الغاشیۃ ۸۸: ۲۳-۲۴-

۲۔ منافقین کو عذاب

۵۱۔ منافقوں کو خوش خبری سنا دو کہ ان کو دردناک عذاب ہونا ہے۔

-النساء ۴: ۱۳۸-

۵۲۔ بے شک اللہ منافقوں اور کافروں سب کو دوزخ میں جمع کرنے والا ہے۔

-النساء ۴: ۱۴۰-

۵۳۔ کچھ شک نہیں کہ منافق دوزخ کے سب سے نیچے کے درجہ میں ہوں گے اور تو کسی کو بھی ان کا مددگار نہ پائے گا۔

-النساء ۴: ۱۴۵-

۵۴۔ منافق مرد اور منافق عورتیں ایک کے ہم جنس ایک، برے کام کی صلاح دیں اور بھلے کاموں سے منع کریں (اور اللہ کی راہ میں

Marfat.com

وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ وَيَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ ؕ نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ؕ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿٦٧﴾ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ هِيَ حَسْبُهُمْ ۚ وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿٦٨﴾

خرچ کرتے وقت) اپنی مٹھیاں بھینچ بھینچ لیں۔ ان لوگوں نے اللہ کو بھلا دیا تو اللہ نے بھی ان کو بھلا دیا۔ کچھ شک نہیں کہ منافق سرکش ہیں۔ منافق مردوں اور منافق عورتوں اور کافروں کے حق میں اللہ نے دوزخ کی آگ کا قرارداد کرلیا ہے کہ یہ لوگ ہمیشہ اس میں رہیں۔ وہی ان کو بس کرتی ہے اور اللہ نے ان کو پھٹکار دیا ہے اور ان کے لیے عذاب دائمی ہے۔

-التوبة ٩: ٦٧-٦٨-

٥٥- وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ۛ وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۛ مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ ۟ لَا تَعْلَمُهُمْ ؕ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ؕ سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ ﴿١٠١﴾

٥٥۔ اور تمہارے آس پاس کے دیہاتیوں میں بعض منافق ہیں اور مدینہ کے رہنے والوں میں بھی جو نفاق پر اڑے بیٹھے ہیں تو ان کو نہیں جانتا، ہم ان کو جانتے ہیں۔ سو ہم ان کو دوہری مار دیں گے۔ پھر وہ بڑے عذاب کی طرف لوٹائے جائیں گے۔

-التوبة ٩: ١٠١-

٥٦- يَوْمَ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ ۚ قِيْلَ ارْجِعُوْا وَرَآءَكُمْ فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ؕ فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ؕ بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ ﴿١٣﴾ يُنَادُوْنَهُمْ اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ اَنْفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْاَمَانِيُّ حَتّٰى جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ وَغَرَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿١٤﴾ فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنْكُمْ فِدْيَةٌ وَّلَا مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ مَاْوٰىكُمُ النَّارُ ؕ هِيَ مَوْلٰىكُمْ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿١٥﴾

٥٦۔ اس دن منافق مرد اور منافق عورتیں مسلمانوں سے کہیں گے کہ ہمارا انتظار کرو کہ تمہارے نور سے ہم بھی کچھ فائدہ لیں۔ کہا جائے گا کہ پیچھے کی طرف لوٹ جاؤ اور کوئی اور روشنی تلاش کرلو۔ اس کے بعد ان دونوں کے بیچ میں ایک دیوار کھڑی کردی جائے گی۔ اس میں ایک دروازہ ہوگا، دروازہ کے اندرونی طرف رحمت ہوگی اور اس کے بیرونی طرف عذاب ہوگا۔ یہ مسلمانوں سے پکار کر کہیں گے کہ کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے۔ وہ کہیں گے، تھے تو سہی مگر آپ نے اپنے تئیں بلا میں ڈالا اور منتظر رہے (کہ مسلمانوں پر کوئی آفت آئے) اور شک میں رہے اور ان ہی خیالات نے تم کو دھوکے میں رکھا۔ یہاں تک کہ حکم خدا آ پہنچا اور شیطان دغاباز اللہ کے بارہ میں تم کو دھوکے دیتا رہا۔ تو آج نہ تم سے کچھ معاوضہ قبول کیا جائے گا اور نہ ان لوگوں سے جو انکار کرتے رہے۔ تم سب کا ٹھکانا دوزخ ہے، وہی تمہاری رفیق ہے اور وہ برا ٹھکانا ہے۔

-الحدید ٥٧: ١٣-١٥-

٣۔ منکرینِ قیامت

٥٧- قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰى مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿٣١﴾

٥٧۔ جن لوگوں نے اللہ کے حضور میں حاضر ہونے کو جھوٹ جانا بلاشبہ وہ لوگ گھاٹے میں رہے۔ یہاں تک کہ جب ایک دم قیامت ان پر آموجود ہوگی تو چلا اٹھیں گے کہ افسوس ہماری کوتاہی پر جو قیامت کے بارہ میں ہم سے ہوئی اور وہ اپنے بوجھ اپنی پیٹھوں پر لادے ہوں گے۔ دیکھو کیا برا بوجھ ہے جو یہ لادے ہوں گے۔

-الانعام ٦: ٣١-

Marfat.com

٥٨۔ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰٓى اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿١٣٠﴾

٥٨۔ اے گروہِ جن وانس! کیا تمہارے پاس تم ہی میں سے پیغمبر نہیں آئے کہ تم سے ہمارے احکام بیان کریں اور تمہارے اس روز کے پیش آنے سے تم کو ڈرائیں۔ وہ عرض کریں گے کہ ہم اپنے اوپر آپ ہی گواہی دیتے ہیں اور دنیا کی زندگی نے ان کو دھوکے میں رکھا اور اب انہوں نے آپ ہی اپنے اوپر گواہی دی کہ بے شک وہ کافر تھے۔

-الانعام ٦: ١٣٠-

٥٩۔ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٥٠﴾ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَهْوًا وَّلَعِبًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ نَنْسٰىهُمْ كَمَا نَسُوْا لِقَآءَ يَوْمِهِمْ هٰذَا ۙ وَمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿٥١﴾

٥٩۔ وہ کہیں گے خدا نے جنت کا دانہ پانی کافروں پر حرام کر دیا ہے ان لوگوں نے اپنے دین کو ہنسی اور کھیل بنا رکھا تھا۔ دنیا کی زندگی ان کو دھوکے میں ڈالے ہوئے تھی۔ تو آج ہم بھی ان کو بھلا دیں گے جیسا کہ یہ لوگ اپنے اس دن کے پیش آنے کو بھولے اور ہماری آیتوں کا انتظار کرتے رہے۔

-الاعراف ٧: ٥٠-٥١

٦٠۔ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ؕ

٦٠۔ اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو اور آخرت کے پیش آنے کو نہ مانا، ان کا کیا دھرا سب اکارت ہے۔

-الاعراف ٧: ١٤٧-

٦١۔ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَرَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ﴿٧﴾ اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٨﴾

٦١۔ جن لوگوں کو ہم سے ملنے کا یقین ہی نہیں، وہ دنیا کی زندگی سے خوش ہیں اور باطمینان زندگی بسر کرتے ہیں، اور جو ہماری نشانیوں سے غافل ہیں یہی لوگ ہیں جن کی کرتوت کا بدلہ یہ ہوگا کہ ان کا ٹھکانا دوزخ ہے۔

-یونس ١٠: ٧-٨-

٦٢۔ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَاَنْ لَّمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُوْنَ بَيْنَهُمْ ؕ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿٤٥﴾

٦٢۔ اور جس دن اللہ لوگوں کو جمع کرے گا تو ان کو ایسا معلوم ہوگا کہ دن میں سے بہت رہے ہوں گے گھڑی بھر۔ آپس میں ایک دوسرے کو پہچانیں گے بھی۔ جن لوگوں نے خدا کے حضور میں حاضر ہونے کو جھٹلایا وہ بڑے ہی ٹوٹے میں آئیں گے اور ان کو رستہ ہی نہ سوجھ پڑے گا۔

-یونس ١٠: ٤٥-

۴۔ قیامت کے منکروں کو عذاب

٦٣۔ وَاِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٥﴾

٦٣۔ اور (اے نبی ﷺ) اگر تو (کسی بات سے) تعجب کرے تو ان کا یہ قول عجیب ہے کہ بھلا جب ہم مر کر مٹی ہو گئے تو کیا ہم پھر نئی پیدائش میں (پیدا) ہوں گے۔ یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے پروردگار کا انکار کیا اور یہی وہ ہیں جن کی گردنوں میں طوق ہیں اور یہی دوزخی ہیں۔ وہ ہمیشہ اسی دوزخ میں رہیں گے۔

-الرعد ١٣: ٥-

٦٤۔ وَاَعْتَدْنَا لِمَنْ لَّا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَاِنَّا اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَعِيْرًا ⑪

٦٤۔اور بے شک جولوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کے لیے ہم نے دردناک عذاب تیار کیا ہے۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۱۰۔

٦٥۔ اِذَا رَاَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍۭ بَعِيْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَيُّظًا وَّزَفِيْرًا ⑫

٦٥۔ان کا ٹھکانا دوزخ ہے۔ جب وہ بجھنے کے قریب ہوگی ہم اسے اور بھڑکا دیں گے۔ یہ ان کی سزا ہے اس لیے کہ انہوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا اور کہا کہ بھلا جب ہم (مر کر) ہڈیاں اور چورا ہو گئے تو کیا ہم پھر نئی پیدائش میں اٹھائے جائیں گے۔

-بنی اسرائیل ۱۷: ۹۷-۹۸۔

٦٦۔ وَاِذَآ اُلْقُوْا مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِيْنَ دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوْرًا ⑬

٦٦۔اور گنہگار آگ دیکھیں گے تو گمان کریں گے کہ وہ اس میں گرنے والے ہیں اور اس سے ہٹنے کی جگہ نہ پائیں گے۔

-الکہف ۱۸: ۵۳۔

٦٧۔ لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّادْعُوْا ثُبُوْرًا كَثِيْرًا ⑭

٦٧۔یہی وہ لوگ ہیں جنہوں کے اپنے پروردگار کی آیتوں کو اور اس کے حضور میں حاضر ہونے کو نہ مانا۔ ان کے عمل اکارت گئے تو قیامت کے دن ان کا وزن بھی قائم نہیں رکھیں گے۔

-الکہف ۱۸: ۱۰۵۔

٦٨۔ قُلْ اَذٰلِكَ خَيْرٌ اَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ كَانَتْ لَهُمْ جَزَاۗءً وَّمَصِيْرًا ⑮

٦٨۔ بلکہ انہوں نے قیامت کو جھٹلایا اور جو قیامت کو جھٹلائے گا اس کے لیے ہم نے آگ تیار کی ہے۔

-الفرقان ۲۵: ۱۱۔

٦٩۔ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَاۗءُوْنَ خٰلِدِيْنَ ۭ كَانَ عَلٰي رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْـُٔوْلًا ⑯

٦٩۔ بے شک جولوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے تو ان کے اعمال ہم نے ان کی نظر میں اچھے کر دکھلائے ہیں اور وہ (راہِ راست سے) بھٹکتے پھرتے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے برا عذاب ہے اور وہی آخرت میں گھاٹا اٹھانے والے ہیں۔

-النمل ۲۷: ۴-۵۔

٦٤۔ وَاَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ⑩

٦٥۔ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ سَعِيْرًا ⑰ ذٰلِكَ جَزَاۗؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ⑱

٦٦۔ وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا وَلَمْ يَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا ⑲

٦٧۔ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَاۗىِٕهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ⑳

٦٨۔ بَلْ كَذَّبُوْا بِالسَّاعَةِ ۣ وَاَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيْرًا ⑪ ج

٦٩۔ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ زَيَّنَّا لَهُمْ اَعْمَالَهُمْ فَهُمْ يَعْمَهُوْنَ ⑦ ط

اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ لَهُمْ سُوْۗءُ الْعَذَابِ وَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ⑤

٧٠۔ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَلِقَاۗىِٕهٖٓ اُولٰۗىِٕكَ يَىِٕسُوْا مِنْ رَّحْمَتِيْ وَاُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ㉓

٧١۔ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَاۗءِ الْاٰخِرَةِ فَاُولٰۗىِٕكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ⑯

٧٢۔ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَاۗءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ⑭

٧٠۔اور جولوگ خدا کی آیتوں کو اور اس کے حضور میں حاضر ہونے کو نہیں مانتے، یہی لوگ ہماری رحمت سے ناامید ہو بیٹھے ہیں اور یہی ہیں جن کے لیے دردناک عذاب ہے۔

-العنکبوت ۲۹: ۲۳۔

٧١۔اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں اور روزِ آخرت کے پیش آنے کو جھٹلاتے رہے، تو یہی لوگ عذاب میں پکڑے ہوئے ہوں گے۔

-الروم ۳۰: ۱۶۔

٧٢۔تو جیسے تم اپنے اس دن کے پیش آنے کو بھولے رہے اس کا مزہ چکھو۔ ہم نے بھی تم کو بھلا دیا اور جیسے جیسے تم عمل کرتے رہے، اس کے بدلے میں ہمیشہ کے عذاب کا مزہ چکھو۔

-السجدۃ ۳۲: ۱۴۔

٧٣۔ وَسِيْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ زُمَرًا ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَتْلُوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ رَبِّكُمْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۝

٧٤۔ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ وَقِيْلَ الْيَوْمَ نَنْسٰىكُمْ كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا وَمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝

٧٥۔ وَتَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۘ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ۝

٧٦۔ وَمَاْوٰهُمُ النَّارُ ؕ وَبِئْسَ مَثْوَى الظّٰلِمِيْنَ ۝

٧٧۔ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝

٧٨۔ اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا فِيْمَ كُنْتُمْ ؕ قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِى الْاَرْضِ ؕ قَالُوْٓا اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا ؕ فَاُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝

٧٩۔ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيْقًا ۝ اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ

٧٣۔ اور جو لوگ کفر کرتے رہے ہیں، جہنم کی طرف ٹولیاں بنا بنا کر ہانکے جائیں گے یہاں تک کہ جب جہنم کے پاس پہنچیں گے تو اس کے دروازے کھول دیے جائیں گے اور دوزخ کے موکل ان سے کہیں گے کہ کیا تم میں سے رسول تمہارے پاس نہیں آئے۔ جب وہ تمہارے پروردگار کی آیتیں تم کو پڑھ پڑھ کر سناتے اور تمہارے اس روز کے پیش آنے سے تم کو ڈراتے۔ یہ جواب دیں گے کہ ہاں۔ مگر عذاب کا وعدہ کافروں کے حق میں پورا ہو کر رہا۔

۔الزمر ۳۹: ۷۱۔

٧٤۔ اور جیسے جیسے یہ لوگ کرتے رہے، ان کی برائیاں ان پر ظاہر ہو جائیں گی اور جس عذاب کی ہنسی اڑا رہے ہیں وہ ان پر آ نازل ہوگا اور کہہ دیا جائے گا کہ جس طرح تم نے اپنے اس دن کے آنے کو بھلائے رکھا، آج ہم بھی تم کو بھلا دیں گے اور تمہارا ٹھکانا دوزخ ہے اور کوئی تمہارا مددگار نہیں۔

۔الجاثیۃ ۴۵: ۳۴۔

٧٥۔ اور جو بات ان ظالموں کو عذاب کے دیکھنے پر سوجھ پڑے گی۔ اے کاش اب سوجھ پڑتی! بلاشبہ ہر طرح کی قوت اللہ ہی کو ہے اور یہ کہ اللہ تعالیٰ کا عذاب سخت ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۶۵۔

٧٦۔ اور ان لوگوں کا ٹھکانا دوزخ ہے اور ظالموں کا برا ٹھکانا ہے۔

۔آل عمران ۳: ۱۵۱۔

٧٧۔ اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ برا ٹھکانا ہے۔

۔آل عمران ۳: ۱۶۲۔

٧٨۔ جو لوگ اپنے اوپر آپ ظلم کر رہے ہیں فرشتے ان کی جان قبض کے پیچھے ان سے پوچھتے ہیں کہ تم کیا کرتے رہے؟ تو وہ جواب دیتے ہیں کہ ہم تو وہاں بے بس تھے۔ فرشتے کہتے ہیں کہ کیا اللہ کی زمین اتنی گنجائش نہیں رکھتی تھی کہ تم اس میں ہجرت کر کے چلے جاتے۔ غرض یہ وہ لوگ ہیں کہ جن کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ بری جگہ ہے۔

۔النساء ۴: ۹۷۔

٧٩۔ جو لوگ کفر اور ظلم کرتے رہے، ان کو خدا نہ تو بخشے ہی گا اور نہ ان کو راہ ہی دکھائے گا۔ بلکہ جہنم کا رستہ جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔

۔النساء ۴: ۱۶۸۔۱۶۹۔

Marfat.com

٨٠۔ اِنِّیۡۤ اُرِیۡدُ اَنۡ تَبُوۡٓاَ بِاِثۡمِیۡ وَ اِثۡمِكَ فَتَكُوۡنَ مِنۡ اَصۡحٰبِ النَّارِ ۚ وَ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِیۡنَ ۚ﴿۲۹﴾

٨٠۔ میں تو یہ چاہتا ہوں کہ تو میرا اور اپنا گناہ سمیٹے اور دوزخیوں میں شامل ہو۔ اور ظالموں کی بھی یہی سزا ہے۔

۔المائدۃ ۵: ۲۹۔

٨١۔ اِنَّهٗ مَنۡ یُّشۡرِكۡ بِاللّٰهِ فَقَدۡ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَیۡهِ الۡجَنَّةَ وَ مَاۡوٰىهُ النَّارُ ؕ وَ مَا لِلظّٰلِمِیۡنَ مِنۡ اَنۡصَارٍ ﴿۷۲﴾

٨١۔ اس میں شک نہیں کہ جو اللہ کے ساتھ شریک گردانے تو اللہ کی طرف سے بہشت اس پر حرام ہو چکی۔ اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔

۔المائدۃ ۵: ۷۲۔

٨٢۔ وَ لَوۡ تَرٰۤی اِذِ الظّٰلِمُوۡنَ فِیۡ غَمَرٰتِ الۡمَوۡتِ وَ الۡمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوۡۤا اَیۡدِیۡهِمۡ ۚ اَخۡرِجُوۡۤا اَنۡفُسَكُمۡ ؕ اَلۡیَوۡمَ تُجۡزَوۡنَ عَذَابَ الۡهُوۡنِ بِمَا كُنۡتُمۡ تَقُوۡلُوۡنَ عَلَی اللّٰهِ غَیۡرَ الۡحَقِّ وَ كُنۡتُمۡ عَنۡ اٰیٰتِهٖ تَسۡتَكۡبِرُوۡنَ ﴿۹۳﴾

٨٢۔ اور کاش تو ظالموں کو اس وقت دیکھے کہ موت کی بے ہوشیوں میں پڑے ہیں اور فرشتے دست درازیاں کر رہے ہیں کہ اپنی جانیں نکالو۔ اب تم کو ذلت کے عذاب کی سزا دی جائے گی اس لیے کہ تم خدا پر ناحق جھوٹ بولتے اور اس کی آیتوں سے اکڑا کرتے تھے۔

۔الانعام ۶: ۹۳۔

٨٣۔ لَهُمۡ مِّنۡ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّ مِنۡ فَوۡقِهِمۡ غَوَاشٍ ؕ وَ كَذٰلِكَ نَجۡزِی الظّٰلِمِیۡنَ ﴿۴۱﴾

٨٣۔ ان کے لیے آگ کا بچھونا ہوگا اور ان کے اوپر سے اوڑھنا اور سرکش لوگوں کو ہم ایسے ہی سزا دیا کرتے ہیں۔

۔الاعراف ۷: ۴۱۔

٨٤۔ ثُمَّ قِیۡلَ لِلَّذِیۡنَ ظَلَمُوۡا ذُوۡقُوۡا عَذَابَ الۡخُلۡدِ ۚ هَلۡ تُجۡزَوۡنَ اِلَّا بِمَا كُنۡتُمۡ تَكۡسِبُوۡنَ ﴿۵۲﴾

٨٤۔ پھر نافرمان لوگوں کو حکم دیا جائے گا کہ اب ہمیشگی کے عذاب چکھو۔ یہ جو سزا دی جا رہی ہے تمہاری اپنی ہی کرتوت کا بدلہ ہے۔

۔یونس ۱۰: ۵۲۔

٨٥۔ وَ قَالَ الشَّیۡطٰنُ لَمَّا قُضِیَ الۡاَمۡرُ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمۡ وَعۡدَ الۡحَقِّ وَ وَعَدۡتُّكُمۡ فَاَخۡلَفۡتُكُمۡ ؕ وَ مَا كَانَ لِیَ عَلَیۡكُمۡ مِّنۡ سُلۡطٰنٍ اِلَّاۤ اَنۡ دَعَوۡتُكُمۡ فَاسۡتَجَبۡتُمۡ لِیۡ ۚ فَلَا تَلُوۡمُوۡنِیۡ وَ لُوۡمُوۡۤا اَنۡفُسَكُمۡ ؕ مَاۤ اَنَا بِمُصۡرِخِكُمۡ وَ مَاۤ اَنۡتُمۡ بِمُصۡرِخِیَّ ؕ اِنِّیۡ كَفَرۡتُ بِمَاۤ اَشۡرَكۡتُمُوۡنِ مِنۡ قَبۡلُ ؕ اِنَّ الظّٰلِمِیۡنَ لَهُمۡ عَذَابٌ اَلِیۡمٌ ﴿۲۲﴾

٨٥۔ اور جب فیصلہ ہو چکے گا تو شیطان کہے گا کہ اللہ نے تم سے سچا وعدہ کیا تھا اور وعدہ تم سے میں نے بھی کیا تھا۔ مگر میں نے تمہارے ساتھ وعدہ خلافی کی اور تم پر میری زبردستی تو تھی نہیں۔ بات تو اتنی ہی تھی کہ میں نے تم کو بلایا اور تم نے میرا کہنا مان لیا۔ تو اب مجھے الزام نہ دو بلکہ اپنے آپ کو الزام دو۔ نہ تو میں تمہاری فریاد کو پہنچ سکتا ہوں اور نہ تم میری فریاد کو پہنچ سکتے ہو۔ میں تو مانتا ہی نہیں کہ تم مجھ کو پہلے شریک بناتے تھے۔ اس میں شک نہیں کہ جو لوگ نافرمان ہیں، ان کو بڑا دردناک عذاب ہوگا۔

۔ابراہیم ۱۴: ۲۲۔

٨٦۔ اَلَّذِیۡنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الۡمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِیۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ ۠ فَاَلۡقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا

٨٦۔ جس وقت فرشتوں نے ان کی روحیں قبض کی تھیں تو یہ لوگ آپ اپنے اوپر ستم کر رہے تھے۔ تو پیغامِ صلح ڈال چلیں گے کہ ہم تو کسی قسم کی

Marfat.com

نَعْمَلُ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ بَلٰٓى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝٢٨ فَادْخُلُوْٓا
اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ فَلَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝٢٩
٨٧۔ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝٣٣ فَاَصَابَهُمْ
سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝٣٤
٨٨۔ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا ۙ اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ؕ وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا
بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِى الْوُجُوْهَ ؕ بِئْسَ الشَّرَابُ ؕ وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا ۝٢٩
٨٩۔ اَسْمِعْ بِهِمْ وَاَبْصِرْ ۙ يَوْمَ يَاْتُوْنَنَا لٰكِنِ الظّٰلِمُوْنَ الْيَوْمَ فِيْ ضَلٰلٍ
مُّبِيْنٍ ۝٣٨ وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ ۘ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ
وَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝٣٩
٩٠۔ ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا ۝٧٢
٩١۔ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ؕ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ۝١١١
٩٢۔ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝١٤ فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى
جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ۝١٥
٩٣۔ وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّيْٓ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ؕ كَذٰلِكَ
نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ۝٢٩
٩٤۔ وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ فَاِذَا هِيَ شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ

برائی نہیں کیا کرتے تھے۔ ہاں ہاں جو کچھ تم کرتے تھے اللہ اس سے خوب واقف ہے۔ تو جہنم کے دروازوں میں جا داخل ہو، اسی میں سدا رہو گے۔ غرض غرور کرنے والوں کا برا ٹھکانا ہے۔

۔النحل ۱۶: ۲۸۔۲۹۔

۸۷۔ اور اللہ نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ اپنے اوپر آپ ظلم کرتے رہے۔ انجام یہ ہوا کہ ان کے عملوں کے برے نتیجے ان کو ملے اور جس عذاب کی ہنسی اڑایا کرتے تھے، وہ ان پر نازل ہو کر رہا۔

۔النحل ۱۶: ۳۳۔۳۴

۸۸۔ منکروں کے لیے تو ہم نے ایسی آگ تیار کر رکھی ہے جس کی قناتیں ان کو چاروں طرف سے گھیر لیں گی اور فریاد کریں گے تو ایسے پانی سے ان کی فریاد رسی کی جائے گی جو پگھلے ہوئے تانبے کی طرح ہوگا۔ وہ مونہوں کو بھون ڈالے گا، برا ہی پانی ہے اور آرام کے لحاظ سے کیا ہی بڑی جگہ ہے۔

۔الکہف ۱۸: ۲۹۔

۸۹۔ جس دن یہ لوگ ہمارے حضور میں حاضر ہوں گے کیسے کچھ سنتے، دیکھتے ہوں گے۔ مگر اس وقت یہ ظالم کھلی گمراہی میں پڑے ہیں۔ اور ان لوگوں کو افسوس کے دن سے ڈرا۔ جب یہ فیصلہ کر دیا جائے گا اور یہ لوگ غفلت میں ہیں اور ایمان نہیں لاتے۔

۔مریم ۱۹: ۳۸۔۳۹

۹۰۔ پھر ہم پرہیزگاروں کو بچا لیں گے اور نافرمانوں کو اسی میں گھٹنوں کے بل چھوڑ دیں گے۔

۔مریم ۱۹: ۷۲۔

۹۱۔ اور زندہ و پائندہ اللہ کے روبرو مونہہ جھکے ہوئے ہوں گے اور جس شخص پر ظلم کا بوجھ لدا ہوا ہوگا اسی کی تباہی ہے۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۱۱۱۔

۹۲۔ لگے کہنے، ہائے ہماری کمبختی! بے شک ہم ہی خطاوار تھے۔ پس وہ لوگ برابر یہی پڑے پکارا کیے، یہاں تک کہ ہم نے ان کو ایسا کر دیا جیسے ایک کٹے ہوئے کھیت یا بجھے ہوئے انگارے۔

۔الانبیاء ۲۱: ۱۴۔۱۵۔

۹۳۔ اور جو ان میں سے یہ دعوی کرے کہ اللہ نہیں، میں معبود ہوں تو اس کو ہم جہنم کی سزا دیں گے۔ سرکشوں کو ہم ایسی ہی سزا دیا کرتے تھے۔

۔الانبیاء ۲۱: ۲۹۔

۹۴۔ اور وعدۂ برحق نزدیک آ پہنچے تو ایک دم سے کافروں کی

Marfat.com

يٰوَيْلَنَا قَدْ كُنَّا فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿٩٧﴾ اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ؕ اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ﴿٩٨﴾

٩٥۔ وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ﴿٢٧﴾

٩٦۔ وَقَوْمَ نُوْحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ اَغْرَقْنٰهُمْ وَجَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ اٰيَةً ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿٣٧﴾

٩٧۔ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ مَوْقُوْفُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۖۚ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضِ الْقَوْلَ ۚ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لَوْلَآ اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٣١﴾

٩٨۔ وَجَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ فِيْٓ اَعْنَاقِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٣٣﴾

٩٩۔ فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ وَنَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿٤٢﴾

١٠٠۔ اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَقِيْلَ لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿٢٤﴾

١٠١۔ وَلَوْ اَنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ

آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جائیں۔ ہائے ہماری کمبختی! ہم تو اس سے غفلت ہی میں رہے۔ بلکہ ہم ہی قصور وار تھے۔ تم اور جن چیزوں کی اللہ کے سوا پرستش کرتے تھے، سب دوزخ کا ایندھن بنو گے۔ ان سب کو دوزخ میں جانا ہوگا۔

۔الانبیاء ۲۱: ۹۷۔۹۸۔

۹۵۔ اور جس دن نافرمان اپنے ہاتھ کاٹے گا کہے گا اے کاش! میں رسول کے ساتھ رستے لگ لیتا۔

۔الفرقان ۲۵: ۲۷۔

۹۶۔ اور قومِ نوح نے بھی جب رسولوں کو جھٹلایا تو ہم نے ان کو غرق کر دیا۔ اور ان لوگوں کے لیے نشانی بنا دیا اور ہم نے نافرمان لوگوں کے لیے عذابِ دردناک تیار کر رکھا ہے۔

۔الفرقان ۲۵: ۳۷۔

۹۷۔ کاش تو دیکھے جب یہ ظالم اپنے پروردگار کے حضور میں ٹھہرائے جائیں گے اور ایک کی بات ایک رد کر رہا ہو گا۔ جو کمزور ہیں وہ بڑے لوگوں سے کہیں گے کہ اگر تم نہ ہوتے تو ہم ضرور ایمان لے آئے ہوتے۔

۔سبا ۳۴: ۳۱۔

۹۸ اور جو لوگ کفر کرتے رہے، ہم ان کی گردنوں میں طوق پہنوا دیں گے۔ جیسے جیسے یہ لوگ عمل کرتے رہے انہیں کا بدلہ ان کو مل رہا ہے۔

۔سبا ۳۴: ۳۳۔

۹۹۔ تو آج تم میں سے نہ تو کوئی کسی کو نفع ہی پہنچانے پر قادر ہے اور نہ نقصان پہنچانے پر اور ہم سرکش لوگوں سے کہیں گے کہ عذابِ دوزخ چکھو، جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے۔

۔سبا ۳۴: ۴۲۔

۱۰۰۔ تو کیا جو شخص قیامت کے دن اپنے مونہہ کو بدترین سزا کی سپر بنا لایا ہے۔ (وہ بہشتیوں جیسا ہو سکتا ہے) اور نافرمانوں سے کہا جائے گا کہ جیسا کچھ کرتے رہے ہو، اس کے مزے چکھو۔

۔الزمر ۳۹: ۲۴۔

۱۰۱۔ اگر نافرمانوں کے پاس روئے زمین کی ساری کائنات ہو اور

۔سبا ۳۴: ۳۳۔

Marfat.com

اس کے ساتھ اتنی ہی اور ہو تو قیامت کے دن عذابِ سخت کے عوض میں اس کو دے ڈالیں اور ان کو اللہ کی طرف سے ایسا پیش آئے گا جس کا ان کو گمان ہی نہ تھا۔ اور جیسے یہ لوگ عمل کرتے رہے ہیں ان کی خرابیاں ان پر ظاہر ہو جائیں گی اور جس عذاب کی ہنسی اڑاتے رہے وہ ان پر آ نازل ہوگا۔

-الزمر ۳۹:۴۷-۴۸-

۱۰۲-اور ان میں سے جو لوگ نافرمانیاں کرتے ہیں ان کو ان کے اعمال کے نتیجے عنقریب پہنچنے والے ہیں اور یہ لوگ (اللہ کو) نہیں ہرا سکتے۔

-الزمر ۳۹:۵۱-

۱۰۳-جس دن نافرمانوں کو ان کی معذرت کچھ نفع نہ دے گی اور ان پر پھٹکار ہو گی اور انہیں برا گھر ملے گا۔

-المؤمن ۴۰:۵۲-

۱۰۴-اور جو نافرمان ہیں، ان کو آخرت میں ضرور عذابِ دردناک ہونا ہے۔ تو نافرمانوں کو دیکھے گا کہ انہوں نے جیسے جیسے عمل کئے، ان سے ڈر رہے ہوں گے۔

-الشوریٰ ۴۲:۲۱-۲۲-

۱۰۵-اور جس کو اللہ گمراہ کرے تو پھر اس کا کوئی مددگار نہیں اور تو ظالموں کو دیکھے گا اور جب عذاب کو دیکھ لیں گے تو کہیں گے کہ بھلا پھر لوٹ چلنے کی بھی کوئی سبیل ہے۔ اور تم ان لوگوں کو دیکھو گے کہ دوزخ کے روبرو لائے جائیں گے۔ مارے ذلت کے جھکے ہوئے کن انکھیوں سے دیکھتے ہوں گے اور ایمان والے کہیں گے کہ حقیقت میں بدنصیب تو وہ ہیں،

لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنْ سُوْٓءِ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ۝ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝

۱۰۲-وَالَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ هٰٓؤُلَاۗءِ سَيُصِيْبُهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ۙ وَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ۝

۱۰۳-يَوْمَ لَا يَنْفَعُ الظّٰلِمِيْنَ مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْۗءُ الدَّارِ ۝

۱۰۴-وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ تَرَى الظّٰلِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا كَسَبُوْا وَهُوَ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۭ

۱۰۵-وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ وَّلِيٍّ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ۭ وَتَرَى الظّٰلِمِيْنَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ يَقُوْلُوْنَ هَلْ اِلٰى مَرَدٍّ مِّنْ سَبِيْلٍ ۝ وَتَرٰىهُمْ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا خٰشِعِيْنَ مِنَ الذُّلِّ يَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ ۭ وَقَالَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ مُّقِيْمٍ ۝

۱۰۶-وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ اَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ۝

۱۰۷-فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ اَلِيْمٍ ۝

۱۰۸-فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَآ اَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا

جنہوں نے قیامت کے دن اپنے آپ کو تباہ کیا اور اپنے گھر والوں کو بھی۔ سنو ظلم کرنے والے ضرور ہمیشہ کے عذاب میں رہیں گے۔

-الشوریٰ ۴۲:۴۴-۴۵-

۱۰۶-اور جب تم نے نافرمانیاں کیں تو آج یہ بات تمہارے کچھ کام آ نہ ہوگی کہ تم (اور شیاطین) ایک ساتھ عذاب میں ہو۔

-الزخرف ۴۳:۳۹-

۱۰۷-تو جو لوگ نافرمانی کرتے ہیں روزِ قیامت کے عذابِ دردناک کے اعتبار سے ان پر سخت افسوس ہے۔

-الزخرف ۴۳:۶۵-

۱۰۸-پھر ان دونوں کا انجام یہی ہونا ہے کہ دونوں دوزخ میں جائیں گے۔ اسی میں ان کو ہمیشہ رہنا ہوگا اور سرکشوں کی یہی

Marfat.com

الظّٰلِمِيْنَ ⑫

١٠٩۔ وَالظّٰلِمِيْنَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ⑬

١١٠۔ اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِيْنَ اتُّبِعُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا وَرَاَوُا الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ الْاَسْبَابُ ⑭ وَقَالَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوْا مِنَّا ؕ كَذٰلِكَ يُرِيْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ عَلَيْهِمْ ؕ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنَ النَّارِ ⑮

١١١۔ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا فَقَالَ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ قَالُوْا لَوْ هَدٰىنَا اللّٰهُ لَهَدَيْنٰكُمْ ؕ سَوَآءٌ عَلَيْنَآ اَجَزِعْنَآ اَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَّحِيْصٍ ⑯

١١٢۔ وَيَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ مَّوْبِقًا ⑰

١١٣۔ وَقَالَ الشَّيْطٰنُ لَمَّا قُضِيَ الْاَمْرُ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْ ؕ وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّآ اَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ وَلُوْمُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ ؕ اِنِّيْ كَفَرْتُ بِمَآ اَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ؕ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ⑱

سزا ہے۔

۔الحشر ۵۹: ۱۷۔

١٠٩۔ اور سرکش لوگوں کے لیے اس نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

۔الدھر ۷۶: ۳۱۔

۵۔ قیامت کو معبودانِ باطل کا اپنے عابدوں سے بے زار ہونا

١١٠۔ جب کہ وہ جن کی پیروی کی گئی ہے، ان سے جنہوں نے پیروی کی ہے، بے زار ہوں گے۔ اور وہ عذاب دیکھیں گے اور ان کے رشتے کٹ جائیں گے۔ اور جنہوں نے پیروی کی ہے کہیں گے کہ کاش ہم (دنیا میں) پھر جائیں کہ ہم بھی ان سے اسی طرح بے زار ہوں جس طرح وہ (آج) ہم سے بے زار ہوئے۔ یوں اللہ ان کے اعمال ان پر حسرت کر کے دکھلائے گا اور وہ (کبھی) آگ سے نکلنے والے نہیں ہیں۔

۔البقرۃ ۲: ۱۶۶، ۱۶۷۔

١١١۔ اور وہ سب میدان میں اللہ کے سامنے پیش ہوں گے، تو ضعیف لوگ ان سے جو بڑے بنے ہوئے تھے کہیں گے کہ ہم تمہاری پیروی کیا کرتے تھے، تو کیا تم اللہ کے عذاب میں سے کسی چیز سے ہمیں بے پروا کر سکتے ہو۔ وہ کہیں گے کہ اگر اللہ ہمیں ہدایت کرتا تو ہم تمہیں ہدایت کرتے۔ ہمارے لیے برابر ہے خواہ ہم بے قراری ظاہر کریں یا ہم صبر کریں، ہمیں عذاب سے چھٹکارا ہے نہیں۔

۔ابراہیم ۱۴: ۲۱۔

١١٢۔ اور جس دن اللہ کہے گا کہ میرے ان شریکوں کو بلاؤ جن کے تم مدعی تھے۔ وہ انہیں پکاریں گے تو وہ ان کو کچھ جواب نہ دیں گے اور ہم ان کے درمیان ہلاکت کی آڑ کر دیں گے۔

۔الکہف ۱۸: ۵۲۔

۶۔ قیامت کو شیطان اپنے متبعین سے بے زار ہوگا

١١٣۔ اور جب فیصلہ کیا جائے گا تو شیطان کہے گا کہ بے شک اللہ نے تم سے سچا وعدہ کیا تھا، اور میں نے بھی تم سے وعدہ کیا تھا، سو میں نے تم سے وعدہ خلافی کی اور میرا تم پر کچھ زور نہ تھا۔ مگر یہ کہ میں نے تمہیں بلایا تو تم نے میرا کہا مان لیا۔ سو تم مجھے ملامت نہ کرو اور اپنے آپ کو ملامت کرو۔ نہ میں تمہارا فریادرس ہوں اور نہ تم میرے فریادرس۔ میں اس بات کا کہ تم نے پہلے مجھے (اللہ کا) شریک کیا تھا، انکار کرتا ہوں۔ کچھ شک نہیں کہ جو ظالم ہیں ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

۔ابراہیم ۱۴: ۲۲۔

Marfat.com

۱۱۴۔ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ⑩

۱۱۵۔ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ⑪

۱۱۶۔ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ⑫

۱۱۷۔ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ⑬

۱۱۸۔ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ⑭

۱۱۹۔ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فِيْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ⑮ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ⑯ اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ⑰ قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ⑱ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ⑲ قَالَ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ⑳

۱۲۰۔ وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ يُّكَذِّبُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ㉑ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْ قَالَ اَكَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِيْ وَلَمْ تُحِيْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّاذَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ㉒ وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ ㉓

۱۲۱۔ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ فَاُولٰٓئِكَ فِي

۷۔ جھوٹ بولنے والوں کو عذابِ دردناک

۱۱۴۔ اور ان کو ان کے جھوٹ بولنے کی سزا میں عذابِ دردناک ہونا ہے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۰۔

۸۔ تکذیبِ آیات کرنے والوں کے لیے دوزخ

۱۱۵۔ اور جو لوگ نافرمانی کریں گے اور ہماری آیتوں کو جھٹلائیں گے، وہی دوزخی ہوں گے اور ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے۔

۔البقرۃ ۲: ۳۹۔

۱۱۶۔ اور جن لوگوں نے انکار کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ دوزخی ہیں۔

۔المائدۃ ۵: ۱۰، ۸۶ والحدید ۵۷: ۱۹۔

۱۱۷۔ اور جو لوگ ہماری آیتوں کو جھٹلائیں گے اور ان سے اکڑ بیٹھیں گے، وہی دوزخی ہوں گے۔ وہ دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے۔

۔الاعراف ۷: ۳۶۔

۱۱۸۔ اور جو انکار کرتے اور ہماری آیتوں کو جھٹلاتے رہے ان ہی کو ذلت کا عذاب ہوگا۔

۔الحج ۲۲: ۵۷۔

۱۱۹۔ اور جن کا پلہ ہلکا ٹھہرے گا تو یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے تئیں آپ برباد کرلیا کہ ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے۔ آگ کی لپٹ ان کے مونہوں کو جھلستی ہو گی اور وہ وہاں برے منہ بنائے ہوں گے۔ کیا ہماری آیتیں تم کو پڑھ کر نہیں سنائی جاتی تھیں اور تم ان کو جھٹلاتے تھے۔ وہ کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! ہماری کم بختی نے ہمیں آدبایا اور ہم گمراہ لوگ تھے۔ اے ہمارے پروردگار! ہم کو یہاں سے نکال۔ اگر ہم پھر دوبارہ ایسا کریں تو ہم بے شک قصوروار ہیں۔ اللہ فرمائے گا کہ دور ہو اسی میں رہو، اور ہم سے بات نہ کرو۔

۔المؤمنون ۲۳: ۱۰۳۔۱۰۸۔

۱۲۰۔ جبکہ ہم ہر ایک اُمّت میں سے اس گروہ کو جمع کریں گے جو ہماری آیتوں کو جھٹلایا کرتے تھے پھر ان کو ترتیب وار کھڑا کیا جائے گا یہاں تک کہ جب حاضر ہوں گے تو اللہ پوچھے گا کہ باوجودیکہ تم نے ہماری آیتوں کو اچھی طرح سمجھا بھی نہ تھا، کیا تم نے ان کو جھٹلایا حالانکہ تم نے ان کا علمی احاطہ نہ کیا تھا۔ اگر یہ نہیں تو اور تم کیا کرتے رہے۔ چونکہ یہ لوگ سرکشی کیا کرتے تھے۔ قول الٰہی ان پر پورا ہوا۔ سو یہ لوگ بات نہ کرسکیں گے۔

۔النمل ۲۷: ۸۳۔۸۵۔

۱۲۱۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں اور روزِ آخرت کے

Marfat.com

الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ⑫

۱۲۲۔ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ⑲

۱۲۳۔ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ⑩

۱۲۴۔ اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ۙ ⑳ لِّلطَّاغِيْنَ مَاٰبًا ۙ ㉑ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا ㉒ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ㉓ اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ۙ ㉕ جَزَآءً وِّفَاقًا ㉖ اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا ㉗ وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ㉘

۱۲۵۔ بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِيْ فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ⑲ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَرَى الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ۭ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ⑳

۱۲۶۔ اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُجْرِمِيْنَ ㉑ لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ㉒

۱۲۷۔ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلَى النَّارِ فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ㉗ بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ

پیش آنے کو جھٹلاتے رہے، تو یہی لوگ عذاب میں پکڑے ہوئے ہوں گے۔

۔الروم ۳۰: ۱۶۔

۱۲۲۔ اور جو لوگ ہماری آیتوں سے انکار کرتے اور جھٹلایا کرتے ہیں، یہی لوگ دوزخی ہیں۔

۔الحدید ۵۷: ۱۹۔

۱۲۳۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلاتے رہے یہی لوگ دوزخی ہوں گے اور ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے اور وہ بہت ہی بری جگہ ہے۔

۔التغابن ۶۴: ۱۰۔

۱۲۴۔ بے شک دوزخ گھات میں لگی ہے، سرکشوں کا ٹھکانا۔ اسی میں قرنوں پڑے رہیں گے۔ وہاں نہ ٹھنڈک کا مزہ چکھیں گے اور گرم پانی اور پیپ کے سوا ان کو کچھ پینے کو نہیں ملے گا۔ پورا بدلہ کہ یہ لوگ حسابِ آخرت سے نہیں ڈرتے تھے اور ہماری آیتوں کو بڑی بے باکی سے جھٹلایا کرتے تھے۔

۔النباء ۷۸: ۲۱۔۲۸۔

۹۔ تکذیبِ آیات کرنے والوں کے منہ کالے

۱۲۵۔ ہاں ہمارے احکام تجھ کو پہنچے اور تو نے ان کو جھٹلایا اور اکڑ بیٹھا اور متکبروں میں سے تھا۔ اور قیامت کے دن تو دیکھے گا کہ جن لوگوں نے خدا پر جھوٹ بولا ہے، ان کے مونہہ کالے ہوں گے۔ کیا تکبر کرنے والوں کا ٹھکانا جہنم میں نہیں ہے؟

۔الزمر ۳۹: ۵۹۔۶۰۔

۱۰۔ ان کے لیے آسمان کے دروازے نہ کھلیں گے تاوقتیکہ اونٹ سوئی کے ناکہ میں سے نہ گزرے

۱۲۶۔ بے شک جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور ان سے اکڑ بیٹھے نہ تو ان کے لیے آسمان کے دروازے کھولے جائیں گے اور نہ بہشت میں داخل ہونے پائیں گے۔ یہاں تک کہ اونٹ سوئی کے ناکے میں نہ گزر جائے اور مجرموں کو ہم ایسے ہی سزا دیا کرتے ہیں کہ ان کے لیے آگ کا بچھونا ہوگا۔ اور ان کے اوپر اوڑھنا اور سرکش لوگوں کو ہم ایسے ہی سزا دیا کرتے ہیں۔

۔الاعراف ۷: ۴۰۔۴۱۔

۱۱۔ یہ تمنا کہ دنیا میں واپس بھیج دیے جائیں

۱۲۷۔ اور کاش تو ایسی حالت میں دیکھے کہ وہ دوزخ پر لا کھڑے کیے جائیں اور کہنے لگیں اے کاش! ہم واپس بھیج دیے جائیں اور اپنے پروردگار کی آیتوں کو نہ جھٹلائیں اور ایمان والوں میں سے ہوں بلکہ جس بات کو وہ پہلے چھپاتے تھے ان کے آگے آئی اور اگر وہ واپس بھیج دیے جائیں تو جس چیز سے ان کو منع کیا گیا اس کو پھر دوبارہ ضرور کریں

Marfat.com

قَبْلُ ؕ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۲۸﴾

۱۲۸۔ اِنْ كُلُّ اِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ﴿۲۹﴾

۱۲۹۔ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ ؕ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۰﴾

۱۳۰۔ اَلَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِالْكِتٰبِ وَبِمَآ اَرْسَلْنَا بِهٖ رُسُلَنَا ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۱﴾ اِذِ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلٰسِلُ ؕ يُسْحَبُوْنَ ﴿۳۲﴾ فِي الْحَمِيْمِ ۙ ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُوْنَ ﴿۳۳﴾ ثُمَّ قِيْلَ لَهُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿۳۴﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا بَلْ لَمْ نَكُنْ نَّدْعُوْا مِنْ قَبْلُ شَيْـًٔا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۵﴾ ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ ﴿۳۶﴾ اُدْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۳۷﴾

۱۳۱۔ بَلْ كَذَّبُوْا بِالسَّاعَةِ ۫ وَاَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيْرًا ﴿۱۱﴾

۱۳۲۔ وَنَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۴۲﴾

۱۳۳۔ يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ؕ هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۳﴾

۱۳۴۔ اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۱۵﴾ اِصْلَوْهَا فَاصْبِرُوْٓا اَوْ لَا تَصْبِرُوْا ۚ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ؕ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾

کہ کچھ شک نہیں کہ جھوٹے ہیں۔

-الانعام ۶: ۲۷-۲۸-

۱۲۔ رسولوں کے منکروں کو عذاب

۱۲۸۔ سبھی نے تو پیغمبروں کو جھٹلایا تو وہ ہمارا عذاب آنا نازل ہوا۔

-صٓ ۳۸: ۱۴-

۱۲۹۔ تو اس سے بڑھ کر ظالم کون جو خدا پر جھوٹ بولے اور سچی بات اس کو پہنچے اور وہ اس کو جھٹلائے؟ کیا کافروں کا ٹھکانا جہنم نہیں ہے؟

-الزمر ۳۹: ۳۲-

۱۳۔ گردنوں میں طوق اور زنجیریں

۱۳۰۔ یہ وہ لوگ ہیں جو اس کتاب کو جھٹلاتے ہیں اور ان کتابوں کو بھی جو ہم نے اپنے پیغمبروں کی معرفت بھیجی ہیں۔ سو آخر کار حقیقت معلوم ہو جائے گی جبکہ طوق ان کی گردنوں میں ہوں گے اور زنجیریں گھسیٹتے ہوئے کھولتے پانی میں لے جائیں گے۔ پھر آگ میں جھونکے جائیں گے۔ پھر ان سے پوچھا جائے گا کہ اللہ کے سوا تم جن کو شریک ٹھہراتے تھے، وہ کہاں ہیں؟ وہ کہیں گے وہ ہم سے کھوئے گئے۔ بلکہ ہم تو پہلے کسی اور چیز کی پرستش کرتے ہی نہ تھے اور کافروں کو اسی طرح اللہ بدحواس کر دے گا۔ یہ تمہاری باتوں کی سزا ہے کہ تم دنیا میں ناحق کی خوشیاں منایا کرتے تھے اور اس کی سزا ہے کہ تم اترایا کرتے تھے جہنم کے دروازوں میں داخل ہو۔ ہمیشہ اسی میں رہو غرض تکبر کرنے والوں کا برا ٹھکانا ہے۔

-المؤمن ۴۰: ۷۰-۷۶-

۱۴۔ منکرین دوزخ کو عذاب

۱۳۱۔ اصل بات یہ ہے کہ یہ لوگ قیامت کو جھوٹ سمجھتے ہیں اور جو لوگ قیامت کو جھوٹ سمجھیں ان کے لیے ہم نے دوزخ تیار کر رکھی ہے۔

-الفرقان ۲۵: ۱۱-

۱۳۲۔ اور ہم سرکش لوگوں سے کہیں گے کہ عذاب دوزخ جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے اس کا مزہ چکھو۔

-سبا ۳۴: ۴۲-

۱۳۳۔ جبکہ ان لوگوں کو آتش دوزخ کی طرف زبردستی دھکے دے دے کر لے جائیں گے۔ یہی وہ دوزخ ہے جسے تم جھٹلایا کرتے تھے۔

-الطور ۵۲: ۱۳-۱۴

۱۳۴۔ تو کیا یہ نظر بندی ہے یا تم کو نہیں سوجھ پڑتا۔ اس میں گھسو پھر صبر کرو یا بے صبری کرو، تمہارے حق میں برابر۔ جیسے عمل تم کرتے رہے، ویسے ہی بدلہ دیا جائے گا۔

-الطور ۵۲: ۱۵-۱۶-

Marfat.com

۱۳۵۔ یہ ہے وہ جہنم جس کو گنہگار لوگ جھٹلاتے ہیں۔ اس میں اور کھولتے ہوئے پانی میں پھریں گے۔

۱۳۵۔ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِیْ یُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ۝۴۳ یَطُوْفُوْنَ بَیْنَهَا وَبَیْنَ حَمِیْمٍ اٰنٍ ۝۴۴

-الرحمٰن ۵۵: ۴۳-۴۴-

۱۳۶۔ سنو جی! یہی اس دن اپنے پروردگار کے سامنے نہیں آنے پائیں گے پھر یہ لوگ ضرور جہنم میں داخل ہوں گے پھر کہا جائے گا یہی وہ ہے جس کو تم جھوٹ جانتے تھے۔

۱۳۶۔ كَلَّاۤ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ یَوْمَىٕذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ ۝۱۵ ثُمَّ اِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِیْمِ ۝۱۶ ثُمَّ یُقَالُ هٰذَا الَّذِیْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ۝۱۷

-المطففین ۸۳: ۱۵-۱۷-

۱۵۔ اللہ پر جھوٹ بہتان باندھنے کی سزا

۱۳۷۔ کہہ دے کہ جو لوگ اللہ پر جھوٹ بہتان باندھتے ہیں ان کو فلاح ہونی نہیں۔ دنیا کے عارضی فائدے ہیں۔ پھر ان کو ہماری طرف لوٹ کر آنا ہے۔ تاکہ ہم ان کو ان کے کفر کی سزا میں سخت عذاب چکھائیں۔

۱۳۷۔ قُلْ اِنَّ الَّذِیْنَ یَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا یُفْلِحُوْنَ ۝۶۹ مَتَاعٌ فِی الدُّنْیَا ثُمَّ اِلَیْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِیْقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِیْدَ بِمَا كَانُوْا یَكْفُرُوْنَ ۝۷۰

-یونس ۱۰: ۶۹-۷۰-

۱۳۸۔ اور جن چیزوں کو یہ آپ پسند نہیں کرتے ان کو اللہ کے لیے ٹھہراتے ہیں اور اپنی زبان سے جھوٹا دعویٰ بھی کرتے جاتے ہیں کہ ان کے لیے بھلائی ہے البتہ ان کے لیے دوزخ ہے بلکہ یہ اس کے پیش رو ہیں۔

۱۳۸۔ وَیَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا یَكْرَهُوْنَ وَتَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ اَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰى ؕ لَا جَرَمَ اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَاَنَّهُمْ مُّفْرَطُوْنَ ۝۶۲

-النحل ۱۶: ۶۲-

۱۳۹۔ اللہ تمہارا پروردگار اور تمہارے اگلے باپ دادوں کا بھی پروردگار ہے۔ تو لوگوں نے ان کو جھٹلایا سو یہ لوگ ضرور گرفتارِ عذاب ہوں گے۔

۱۳۹۔ اَللّٰهُ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآىِٕكُمُ الْاَوَّلِیْنَ ۝۱۲۶ فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ۝۱۲۷

-الصّٰفّٰت ۳۷: ۱۲۶-۱۲۷-

۱۴۰۔ کون چیز تم کو دوزخ میں لے آئی؟..... بولے ہم روز جزا کو نہیں مانتے تھے۔ یہاں تک کہ ہم کو یقین آیا۔

۱۴۰۔ مَا سَلَكَكُمْ فِیْ سَقَرَ ۝۴۲ ..... وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِیَوْمِ الدِّیْنِ ۝۴۶ حَتّٰۤى اَتٰىنَا الْیَقِیْنُ ۝۴۷

-المدثر ۷۴: ۴۲..... ۴۶-۴۷-

۱۴۱۔ بلکہ جھٹلایا اور مونہہ موڑا، پھر اکڑتا ہوا اکڑ کر اپنے گھر کی طرف چلتا بنا۔ تو اے شخص! تجھ پر تف ہے پھر تف ہے پھر اے شخص! تجھ پر تف ہے، پھر تف ہے۔

۱۴۱۔ ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا فَقَالَ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ یُّؤْثَرُ ۝۲۴ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ۝۲۵ سَاُصْلِیْهِ سَقَرَ ۝۲۶

-المدثر ۷۴: ۲۳-۲۶-

۱۶۔ مکذبین کو عذاب

۱۴۲۔ جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے، اب اس کی طرف چلو۔ سائبان کی طرف چلو جس کے تین حصے ہیں۔ اس میں ٹھنڈک نہیں اور نہ اس میں آگ کی گرمی سے بچاؤ ہے۔ اس سائبان میں سے انگارے پڑے برس رہے ہیں، ایسے بڑے جیسے محل۔ وہ ایسے دکھائی دیں گے جیسے زرد رنگ کے اونٹ۔ قیامت کے دن جھٹلانے والوں کو تباہی ہے۔

۱۴۲۔ اِنْطَلِقُوْۤا اِلٰى مَا كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ۝۲۹ اِنْطَلِقُوْۤا اِلٰى ظِلٍّ ذِیْ ثَلٰثِ شُعَبٍ ۝۳۰ لَّا ظَلِیْلٍ وَّلَا یُغْنِیْ مِنَ اللَّهَبِ ۝۳۱ اِنَّهَا تَرْمِیْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ ۝۳۲ كَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ ۝۳۳ وَیْلٌ یَّوْمَىٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِیْنَ ۝۳۴

-المرسلٰت ۷۷: ۲۹-۳۴-

Marfat.com

۱۴۳۔ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ۝ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ ۝ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝

۱۴۴۔ وَاَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ۝ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ۝ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ۝

۱۴۵۔ فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰى ۝ لَا يَصْلٰىهَآ اِلَّا الْاَشْقَى ۝ الَّذِيْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝

۱۴۶۔ وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا ۝ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ

۱۴۷۔ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝

۱۴۸۔ اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۙ يَسْتَكْبِرُوْنَ ۝

۱۴۹۔ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ۝

۱۵۰۔ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

۱۵۱۔ وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ۭ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۚ فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ۝

۱۴۳۔ بلکہ کافر جھٹلاتے ہیں اور جیسے جیسے خیالات دلوں میں رکھتے ہیں اللہ کو خوب معلوم ہے۔ تو ان کو عذابِ دردناک کی خوش خبری سنادے۔

۔الانشقاق ۸۴: ۲۲۔۲۴۔

۱۴۴۔ اور جس نے دینے سے مضائقہ کیا اور پروانہ کی اور عمدہ بات کو جھوٹ جانا۔ تو ہم مشکل جگہ اس کے لیے آسان کردیں گے۔

۔الیل ۹۲: ۸۔۱۰۔

۱۴۵۔ تو ہم نے تم کو بھڑکتی ہوئی آگ سے ڈرادیا ہے کہ اس میں وہی بدبخت داخل ہوگا جو جھٹلاتا اور روگردانی کرتا رہا۔

۔الیل ۹۲: ۱۴۔۱۶۔

۱۷۔ متکبرین کا حشر وعذاب

۱۴۶۔ اور جو خدا کی بندگی سے عار رکھتے اور بڑائی کی لیتے تھے تو عنقریب اللہ ان کو اپنے پاس کھینچ بلائے گا۔ اور جو لوگ بندگی سے عار رکھتے اور تکبر کرتے تھے اللہ ان کو عذابِ دردناک کی سزا دے گا۔

۔النساء ۴: ۱۷۲۔۱۷۳۔

۱۴۷۔ اور جب اس پر ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو تکبر کرتا ہوا پیٹھ پھیر لیتا ہے گویا اس نے انہیں سنا ہی نہیں۔ گویا اس کے کانوں میں گرانی ہے تو (اے نبی ﷺ!) اسے دردناک عذاب کی بشارت دے۔

۔لقمٰن ۳۱: ۷۔

۱۴۸۔ یہ ایسے تھے کہ جب ان سے کہا جاتا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو یہ اکڑ بیٹھتے۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۳۵۔

۱۸۔ ذلت کا عذاب

۱۴۹۔ آج تم کو ذلت کے عذاب کی سزا دی جائے گی۔

۱۵۰۔ اور جو لوگ ہماری آیتوں کو جھٹلائیں گے اور ان سے اکڑ بیٹھیں گے، وہی دوزخی ہیں کہ وہ دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے۔

۔الاعراف ۷: ۳۶۔

۱۵۱۔ اور جب کافر دوزخ کے سامنے لائیں جائیں گے تو ان سے کہا جائے گا کہ تم اپنی دنیا کی زندگی میں اپنے مزے اڑا چکے اور ان سے فائدہ اٹھا چکے ہو تو آج تم کو ذلت کی سزا دی جائے گی۔ یہ اس کا بدلہ ہے کہ تم ناحق دنیا میں اکڑا کرتے تھے اور اس کا بدلہ ہے کہ تم نافرمانیاں کیا کرتے تھے۔

۔الاحقاف ۴۶: ۲۰۔

Marfat.com

۱۵۲۔فَادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ فَلَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۶﴾
۱۵۳۔قِيْلَ ادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۷﴾
۱۵۴۔وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ﴿۶۰﴾
۱۵۵۔اُدْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۲﴾
۱۵۶۔وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۟ اَفَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِذَا قِيْلَ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيْهَا قُلْتُمْ مَّا نَدْرِيْ مَا السَّاعَةُ ۙ اِنْ نَّظُنُّ اِلَّا ظَنًّا وَّمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَقِيْلَ الْيَوْمَ نَنْسٰىكُمْ كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۖ وَمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۳۴﴾ ذٰلِكُمْ بِاَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُوْنَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۳۵﴾
۱۵۷۔وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَرَى الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ؕ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۶۰﴾

۲۰۔ داخلِ جہنم

۱۵۲۔سو جہنم کے دروازے سے جا داخل ہو اور اس میں سدا رہو۔غرض غرور کرنے والوں کا برا ٹھکانا ہے۔

۔النحل ۱۶: ۲۹۔

۱۵۳۔پھر کہا جائے گا کہ جہنم کے دروازوں میں جا داخل ہو اور ہمیشہ اس میں رہو غرض تکبر کرنے والوں کا برا ٹھکانا ہے۔

۔الزمر ۳۹: ۷۲۔

۱۵۴۔اور تمہارا پروردگار فرماتا ہے کہ ہم سے دعائیں مانگتے رہو، ہم تمہاری دعا قبول کریں گے۔ جو لوگ ہماری عبادت سے سرتابی کرتے ہیں عنقریب ذلیل ہو کر جہنم میں داخل ہوں گے۔

۔المؤمن ۴۰: ۶۰۔

۱۵۵۔جہنم کے دروازوں میں داخل ہو۔ ہمیشہ اسی میں رہو۔غرض تکبر کرنے والوں کا برا ٹھکانا ہے۔

۔المؤمن ۴۰: ۷۶۔

۱۵۶۔اور جو لوگ کفر کرتے رہے، ہم ان سے کہیں گے کیا تم کو ہماری آیتیں پڑھ کر نہیں سنائی جاتی تھیں۔ مگر تم نے غرور کیا اور تم نافرمان لوگ تھے اور جب کہا جاتا تھا کہ خدا کا وعدہ برحق ہے اور قیامت آنے میں کچھ شبہ نہیں، تو تم کہتے تھے کہ ہم نہیں جانتے قیامت کیا چیز ہے؟ ہاں کچھ وہم سا تو ہم کو بھی گزرتا ہے۔مگر یقین نہیں، اور جیسے جیسے عمل یہ لوگ کرتے رہے ان کی برائیاں ان پر ظاہر ہو جائیں گی اور جس عذاب کی ہنسی اڑاتے رہے، وہ ان پر آ نازل ہوگا۔ اور کہہ دیا جائے گا کہ جس طرح تم نے اپنے اس دن کے آنے کو بھلائے رکھا آج ہم بھی تم کو بھلا دیں گے اور تمہارا ٹھکانا دوزخ ہے اور کوئی تمہارا مددگار نہیں۔ یہ اس کی سزا ہے کہ تم نے اللہ کی آیتوں کی ہنسی بنائی اور دنیا کی زندگی نے تم کو دھوکے میں ڈالے رکھا۔غرض آج نہ تو یہ لوگ دوزخ سے نکالے جائیں گے نہ ان کو معذرت کرنے کا موقعہ دیا جائے گا۔

۔الجاثیۃ ۴۵: ۳۱۔۳۵۔

۲۱۔ دوزخ میں کالے منہ

۱۵۷۔اور تو قیامت کے دن دیکھے گا کہ جن لوگوں نے اللہ پر جھوٹ بولا ان کے مونہہ کالے ہوں گے۔ کیا تکبر کرنے والوں کا ٹھکانا جہنم میں نہیں ہے۔

۔الزمر ۳۹: ۶۰۔

Marfat.com

۱۵۸۔ اِنَّ الَّذِیۡنَ کَذَّبُوۡا بِاٰیٰتِنَا وَاسۡتَکۡبَرُوۡا عَنۡہَا لَا تُفَتَّحُ لَہُمۡ اَبۡوَابُ السَّمَآءِ وَلَا یَدۡخُلُوۡنَ الۡجَنَّۃَ حَتّٰی یَلِجَ الۡجَمَلُ فِیۡ سَمِّ الۡخِیَاطِ ؕ وَ کَذٰلِکَ نَجۡزِی الۡمُجۡرِمِیۡنَ ﴿۴۱﴾

۱۵۹۔ وَنَادٰۤی اَصۡحٰبُ الۡاَعۡرَافِ رِجَالًا یَّعۡرِفُوۡنَہُمۡ بِسِیۡمٰہُمۡ قَالُوۡا مَاۤ اَغۡنٰی عَنۡکُمۡ جَمۡعُکُمۡ وَمَا کُنۡتُمۡ تَسۡتَکۡبِرُوۡنَ ﴿۴۸﴾

۱۶۰۔ فَاَمَّا عَادٌ فَاسۡتَکۡبَرُوۡا فِی الۡاَرۡضِ بِغَیۡرِ الۡحَقِّ وَقَالُوۡا مَنۡ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّۃً ؕ اَوَلَمۡ یَرَوۡا اَنَّ اللّٰہَ الَّذِیۡ خَلَقَہُمۡ ہُوَ اَشَدُّ مِنۡہُمۡ قُوَّۃً ؕ وَ کَانُوۡا بِاٰیٰتِنَا یَجۡحَدُوۡنَ ﴿۵۰﴾ فَاَرۡسَلۡنَا عَلَیۡہِمۡ رِیۡحًا صَرۡصَرًا فِیۡۤ اَیَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِیۡقَہُمۡ عَذَابَ الۡخِزۡیِ فِی الۡحَیٰوۃِ الدُّنۡیَا ؕ وَلَعَذَابُ الۡاٰخِرَۃِ اَخۡزٰی وَہُمۡ لَا یُنۡصَرُوۡنَ ﴿۵۱﴾

۱۔ وَیَوۡمَ یَحۡشُرُہُمۡ جَمِیۡعًا ثُمَّ یَقُوۡلُ لِلۡمَلٰٓئِکَۃِ اَہٰۤؤُلَآءِ اِیَّاکُمۡ کَانُوۡا یَعۡبُدُوۡنَ ﴿۴۱﴾ قَالُوۡا سُبۡحٰنَکَ اَنۡتَ وَلِیُّنَا مِنۡ دُوۡنِہِمۡ ۚ بَلۡ کَانُوۡا یَعۡبُدُوۡنَ الۡجِنَّ ۚ اَکۡثَرُہُمۡ بِہِمۡ مُّؤۡمِنُوۡنَ ﴿۴۲﴾ فَالۡیَوۡمَ لَا یَمۡلِکُ بَعۡضُکُمۡ لِبَعۡضٍ نَّفۡعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ وَنَقُوۡلُ لِلَّذِیۡنَ ظَلَمُوۡا ذُوۡقُوۡا عَذَابَ النَّارِ الَّتِیۡ کُنۡتُمۡ بِہَا تُکَذِّبُوۡنَ ﴿۴۳﴾

۲۲۔ کافروں کے لیے عذاب سے چھٹکارا ممکن نہیں

۱۵۸۔ بے شک ان لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور ان سے اکڑ بیٹھے۔ نہ تو ان کے لیے آسمان کے دروازے کھولے جائیں گے اور نہ بہشت میں داخل ہونے پائیں گے یہاں تک کہ اونٹ سوئی کے ناکہ میں سے نہ گزر جائے اور مجرموں کو ایسے ہم سزا دیا کرتے ہیں۔

۔الاعراف ۷: ۴۰۔

۱۵۹۔ اور اعراف والے کچھ لوگوں کو جنہیں ان کی صورتوں سے پہچانتے ہوں گے، پکار کر کہیں گے کہ نہ تمہارے جتھے ہی کچھ تمہارے کام آئے اور نہ شیخیاں جو تم مارا کرتے تھے۔

۔الاعراف ۷: ۴۸۔

۲۳۔ عاد کو عذابِ آخرت

۱۶۰۔ سو عاد لگے ناحق ملک میں تکبر کرنے اور بولے کہ قوت میں ہم سے بڑھ کر اور کون ہے؟ کیا ان کو اتنا نہ سوجھا کہ جس اللہ نے ان کو پیدا کیا وہ قوت میں ان سے کہیں بڑھ چڑھ ہے۔ غرض وہ لوگ ہماری آیتوں سے انکار کرتے رہے۔ تو ہم نے نحوست کے دنوں میں ان پر بڑے زور کی آندھی چلائی تا کہ دنیا کی زندگی میں ان کو ذلت کے عذاب کا مزہ چکھائیں اور آخرت کا عذاب زیادہ رسوا کرنے والا ہوگا اور ان کو کوئی مدد نہ ملے گی۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۱۵۔۱۶۔

دوزخیوں کی گفتگو اللہ تعالیٰ سے اور معبودانِ باطل کی اپنے پرستاروں سے

۱۔ ملائکہ سے جواب طلب کیا جائے گا

۱۔ اور جب کہ خدا سب لوگوں کو جمع کر کے فرشتوں سے پوچھے گا کہ کیا یہ تمہاری ہی پرستش کیا کرتے تھے؟ وہ عرض کریں گے تو پاک ہے، ہم کو تجھ سے سروکار ہے نہ ان سے۔ یہ لوگ تو شیاطین کی پرستش کرتے تھے، ان میں اکثر انہیں کے معتقد تھے۔ تو آج تم میں سے نہ تو کوئی کسی کو نفع ہی پہنچانے پر قادر ہے اور نہ نقصان پہنچانے پر۔ اور ہم سرکش لوگوں سے کہیں گے کہ عذابِ دوزخ کا مزہ چکھو جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے۔

۔سبا ۳۴: ۴۰۔۴۲۔

۲۔ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰٓى اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۰﴾

۳۔ وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ ۗ بِحَقٍّ ؕ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ؕ تَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ وَلَآ اَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۱۱۶﴾ مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَآ اَمَرْتَنِيْ بِهٖٓ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ۚ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ ؕ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۱۱۷﴾ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۱۸﴾

۴۔ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَيْنَ شُرَكَآؤُكُمُ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۲۲﴾ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ﴿۲۳﴾

۵۔ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۹۳﴾ وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا

۲۔ جن وانس سے جواب طلبی

۲۔اے گروہ جن وانس! کیا تمہارے پاس تم ہی میں سے پیغمبر نہیں آئے کہ تم سے ہمارے احکام بیان کریں اور تمہارے اس روز کے پیش آنے سے تم کو ڈرائیں۔ وہ عرض کریں گے ہم اپنے آپ ہی گواہی دیتے ہیں اور دنیا کی زندگی نے ہم کو دھوکے میں رکھا اور انہوں نے آپ ہی اپنے اوپر گواہی دی کہ بے شک وہ کافر تھے۔

۔الانعام۶: ۱۳۰۔

۳۔ عیسیٰ علیہ السلام سے جواب طلبی

۳۔اور اس دن اللہ پوچھے گا کہ اے مریم کے بیٹے عیسیٰ! کیا تو نے لوگوں سے یہ بات کہی تھی کہ اللہ کے علاوہ مجھ کو اور میری والدہ کو دو خدا مانو۔ عرض کریں گے کہ تیری ذات پاک ہے مجھ سے یہ کیونکر ہو سکتا ہے کہ میں ایسی بات کہوں جس کے کہنے کا مجھ کو کوئی حق نہیں۔ اگر میں نے ایسا کہا ہوگا تو میرا کہنا تجھ کو ضرور ہی معلوم ہوا ہوگا کیونکہ تو میرے دل کی بات جانتا ہے اور میں تیرے دل کی بات نہیں جانتا۔ غیب کی باتیں تو تو ہی خوب جانتا ہے۔ تو نے جو مجھ کو حکم دیا تھا بس وہی میں نے لوگوں کو کہہ سنایا تھا کہ اللہ جو میرا اور تمہارا پروردگار ہے، اسی کی عبادت کرو۔ تو جب تک میں ان لوگوں میں رہا، میں ان کا نگران رہا۔ پھر جب تو نے مجھ کو وفات دی تو تو ہی ان کا نگہبان تھا۔ اور تو تمام چیزوں کی خبر رکھتا ہے۔ اگر تو ان کو عذاب دے تو یہ تیرے بندے ہیں۔ اور اگر تو ان کو معاف کرے تو بے شک تو غالب اور حکمت والا ہے۔

۔المائدۃ۵: ۱۱۶: ۱۱۸۔

۴۔ اور جب کہ ہم ان سب کو جمع کریں گے پھر ان لوگوں سے جو ہمارے شریک کرتے تھے پوچھیں گے کہ کہاں ہیں وہ تمہارے شریک جن کو تم اللہ کا شریک سمجھتے تھے۔ پھر اس سے بڑھ کر ان کا اور جھوٹ کیا ہوگا کہ کہیں گے ہم کو اللہ ہی کی قسم! جو ہمارا پروردگار ہے کہ ہم تو شریک نہیں بناتے تھے۔

۔الانعام۶: ۲۲۔۲۳۔

۴۔ اکیلے ہوں گے۔ شرکا ساتھ نہیں

۵۔کاش تو ان ظالموں کو اس وقت دیکھے کہ موت کی بے ہوشیوں میں پڑے ہیں اور فرشتے دست درازیاں کر رہے ہیں کہ اپنی جانیں نکالو۔ اب تم کو ذلت کے عذاب کی سزا دی جائے گی، اس لیے کہ تم اللہ پر ناحق جھوٹ بولتے اور اس کی آیتوں سے اکڑا کرتے تھے۔ اور پہلی بار جیسا ہم نے تم کو پیدا کیا تھا ویسے ہی

Marfat.com

اکیلے تم ہمارے حضور میں آئے اور جو کچھ ہم نے تم کو دیا تھا وہ اپنی پیٹھ پیچھے چھوڑ آئے اور تمہاری سفارش کرنے والوں کو ہم تمہارے ساتھ نہیں دیکھتے، جن کو تم سمجھتے تھے کہ وہ تم میں شریک ہیں۔ اب سب تمہارے رابطے ٹوٹ گئے اور جو دعوی تم کیا کرتے تھے تم سے گئے گزرے ہو گئے۔

۱۔الانعام ۶: ۹۳۔۹۴۔

۵۔ معبودانِ باطل اور ان کے پرستاروں کے سوال و جواب

۷۔اور جس دن ہم ان سب کو جمع کریں گے پھر مشرکین کو حکم دیں گے کہ تم اور جن کو تم نے شریک بنایا تھا وہ ذرا اپنی جگہ ٹھہریں۔ پھر ہم ان کے آپس میں پھوٹ ڈال دیں گے اور ان کے شریک کہیں گے کہ ہماری پرستش تو تم کرتے نہیں تھے۔ پس ہمارے اور تمہارے درمیان خدا ہی شاہد ہے۔ ہم کو تمہاری پرستش کی مطلق خبر نہ تھی۔

۔یونس ۱۰: ۲۸۔۲۹

۸۔اور سب لوگ خدا کے روبرو نکل کھڑے ہوں گے تو کمزور لوگ ان لوگوں سے جو بڑی عزت رکھتے تھے، کہیں گے کہ ہم تمہارے قدم بقدم چلنے والے تھے تو اللہ کے عذاب میں سے کچھ ہم پر سے ہٹا سکتے ہو۔ وہ کہیں گے اگر اللہ ہم کو کوئی طریقہ دکھاتا تو ہم بھی تم کو دکھا دیتے۔ اب تو بے صبری کریں تو اور صبر کریں تو، ہمارے لیے برابر ہے۔ ہم کو کسی طرح چھٹکارا نہیں اور جب فیصلہ ہو چکے گا تو شیطان کہے گا کہ اللہ نے تم سے سچا وعدہ کیا تھا اور وعدہ تم سے میں نے بھی کیا تھا مگر میں نے تمہارے ساتھ وعدہ خلافی کی اور تم پر میری پیروی کی زبردستی تو تھی نہیں۔ بات اتنی ہی تھی کہ میں نے تم کو بلایا سو تم نے میرا کہنا مان لیا۔ تو اب مجھے الزام نہ دو۔ تو نہ میں تمہاری فریاد کو پہنچ سکتا ہوں اور نہ تم میری فریاد کو پہنچ سکتے ہو۔ میں تو مانتا ہی نہیں کہ تم مجھ کو پہلے اللہ کا شریک بناتے تھے۔ اس میں شک نہیں کہ جو لوگ نافرمان ہیں ان کو بڑا دردناک عذاب ہوگا۔

۔ابراہیم ۱۴: ۲۱۔۲۲۔

۹۔اور جو لوگ شریک بناتے رہے جب وہ اپنے شریکوں کو دیکھیں گے تو بول اٹھیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! یہی ہیں وہ ہمارے شریک جن کو ہم تیرے سوا پکارا کرتے تھے۔ وہ شریک ان کی بات انہیں کی طرف پھینک ماریں گے! کہ تم سرتاسر جھوٹے ہو اور وہ لوگ اس دن اللہ کے آگے سرِ تسلیم خم کر دیں گے اور جو بہتان بندیاں کیا کرتے تھے وہ ان سے گئی گزری ہو جائیں گی۔

۔النحل ۱۶: ۸۶۔۸۷

قُرَادٰى كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ ۚ وَمَا نَرٰى مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِيْكُمْ شُرَكٰٓؤُا ۭ لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ۝

۷۔ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا مَكَانَكُمْ اَنْتُمْ وَشُرَكَآؤُكُمْ ۚ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَآؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ اِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ ۝ فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ ۝

۸۔ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا فَقَالَ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ قَالُوْا لَوْ هَدٰىنَا اللّٰهُ لَهَدَيْنٰكُمْ ۭ سَوَآءٌ عَلَيْنَآ اَجَزِعْنَآ اَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَّحِيْصٍ ۝ وَقَالَ الشَّيْطٰنُ لَمَّا قُضِيَ الْاَمْرُ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْ ۭ وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّآ اَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ وَلُوْمُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ ۭ اِنِّىْ كَفَرْتُ بِمَآ اَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ۭ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

۹۔ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَاۗءِ شُرَكَآؤُنَا الَّذِيْنَ كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ۚ فَاَلْقَوْا اِلَيْهِمُ الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝ وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَىِٕذِ السَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝

Marfat.com

۱۰۔ وَيَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ مَّوْبِقًا ﴿۵۲﴾ وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا وَلَمْ يَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا ﴿۵۳﴾

۱۱۔ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا ﴿۸۱﴾ كَلَّا ۭ سَيَكْفُرُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ﴿۸۲﴾

۱۲۔ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِيْ هٰٓؤُلَاۗءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۱۷﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ لَنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ اَوْلِيَاۗءَ وَلٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَاٰبَاۗءَهُمْ حَتّٰى نَسُوا الذِّكْرَ ۚ وَكَانُوْا قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿۱۸﴾ فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا ۚ وَمَنْ يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا ﴿۱۹﴾

۱۳۔ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَاۗءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۲۲﴾ قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَاۗءِ الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا غَوَيْنَا ۚ تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ ۭ مَا كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَاۗءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۶۵﴾ فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَاۗءُ يَوْمَىِٕذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَاۗءَلُوْنَ ﴿۶۶﴾

۱۰۔اور جس دن اللہ حکم دے گا کہ جن کو تم ہمارا شریک سمجھا کرتے تھے ان کو بلاؤ تو یہ ان کو بلائیں گے مگر وہ ان کو جواب نہ دیں گے اور ہم ان کے بیچ میں آڑ حائل کر دیں گے مہلک۔ اور گنہگار لوگ آگ کو دیکھیں گے تو سمجھ جائیں گے کہ وہ اس میں گرنے والے ہیں اور ان کو اس سے کوئی راہِ گریز نہیں ملے گی۔

۔الکھف ۱۸: ۵۲۔۵۳

۱۱۔اور مشرکوں نے جو اللہ کے سوا معبود بنا رکھے ہیں کہ ان کے حامی اور مددگار ہوں گے۔ ہرگز نہیں، یہ معبود ان کی عبادت کا انکار کریں گے اور الٹے ان کے دشمن ہو جائیں گے۔

۔مریم ۱۹: ۸۱۔۸۲۔

۱۲۔اور جس دن اللہ کافروں کو اور جن کو یہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں جمع کرے گا پھر پوچھے گا کہ کیا میرے ان بندوں کو تم نے گمراہ کیا تھا یا یہ آپ رستے سے بھٹک گئے۔ عرض کریں گے کہ تو پاک ہے، ہم کو یہ بات کسی طرح زیبا ہی نہ تھی کہ تیرے سوا دوسرے کارساز بناتے بلکہ تو نے ان کو اور ان کے بڑوں کو آسودگیاں دیں۔ یہاں تک کہ تیری یاد کو بھلا بیٹھے اور یہ ہلاک ہونے والے لوگ تھے۔ تمہارے ان معبودوں نے تمہاری باتوں میں تم کو جھٹلایا تو تم نہ تو ٹال سکتے ہو اور نہ مدد پا سکتے ہو۔ اور جو تم میں سے ظلم کرے گا ہم اس کو بڑے عذاب کا مزہ چکھائیں گے۔

۔الفرقان ۔ ۲۵۔۱۷۔۱۹۔

۱۳۔اور جس دن اللہ کافروں کو بلا کر پوچھے گا کہ جن لوگوں کو تم شریک سمجھتے تھے وہ ہمارے شریک کہاں ہیں؟ تو یہ اللہ کے فرمان کے مستوجب ٹھہریں گے بول اٹھیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! یہ وہی لوگ ہیں جن کو ہم نے بہکایا۔ جس طرح ہم خود بہکے تھے اسی طرح ہم نے ان کو بھی بہکایا۔ ہم تیرے حضور میں دست برداری کرتے ہیں، یہ لوگ ہم کو نہیں پوجتے تھے۔ اور کہا جائے گا کہ اپنے شریکوں کو بلاؤ۔ چنانچہ یہ لوگ بلائیں گے اور وہ ان کو جواب تک بھی نہ دیں گے۔ اور وہ عذاب کو دیکھ لیں گے۔ اے کاش یہ لوگ راہ راست پر ہوتے ہیں! اور جس دن اللہ کافروں کو بلا کر پوچھے گا کہ پیغمبروں کو تم نے کیا جواب دیا، تو اس دن ان کو کوئی بات نہ سوجھ پڑے گی اور وہ آپس میں پوچھ گچھ بھی نہ کر سکیں گے۔

۔القصص ۲۸: ۶۲۔۶۶۔

Marfat.com

۱۴۔ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ مَوْقُوْفُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۖۚ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ اِلٰى
بَعْضِ ِۨالْقَوْلَ ۚ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لَوْلَآ
اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ ۝ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْٓا
اَنَحْنُ صَدَدْنٰكُمْ عَنِ الْهُدٰى بَعْدَ اِذْ جَآءَكُمْ بَلْ كُنْتُمْ
مُّجْرِمِيْنَ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا بَلْ مَكْرُ
الَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِذْ تَاْمُرُوْنَنَآ اَنْ نَّكْفُرَ بِاللّٰهِ وَنَجْعَلَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ۭ
وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۭ وَجَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ فِيْٓ اَعْنَاقِ
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

۱۴۔ اور کاش تو دیکھے جب یہ ظالم اپنے پروردگار کے حضور میں ٹھہرائے جائیں گے۔ ایک کی بات ایک رد کر رہا ہوگا۔ جو کمزور ہیں وہ بڑے لوگوں سے کہیں گے کہ اگر تم نہ ہوتے تو ہم ضرور ایمان لے آتے۔ بڑے لوگ کمزوروں سے کہیں گے کہ جب تمہارے پاس ہدایت آئی تو کیا اس کے آئے پیچھے ہم نے تم کو روکا؟ بلکہ تم خود خطاوار تھے۔ اور کمزور لوگ بڑے لوگوں سے کہیں گے مگر رات دن کی تدبیروں نے روکا کہ تم برابر ہم سے اللہ کو نہ ماننے اور اس کے ساتھ شریک ٹھیرانے کو کہتے رہے اور جب یہ لوگ عذاب دیکھ لیں گے تو اظہارِ ندامت کریں گے اور جو لوگ کفر کرتے رہے ہم ان کی گردنوں میں طوق ڈالوا دیں گے۔ جیسے جیسے یہ لوگ عمل کرتے رہے انہیں کا بدلہ ان کو مل رہا ہے۔

-سبا ۳۴: ۳۱-۳۳-

۱۵۔ اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ۝ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ۝ وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْـُٔوْلُوْنَ ۝ مَا لَكُمْ
لَا تَنَاصَرُوْنَ ۝ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ ۝ وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى
بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ۝ قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ۝ قَالُوْا
بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝ وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ ۚ بَلْ كُنْتُمْ
قَوْمًا طٰغِيْنَ ۝ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَا ۡ اِنَّا لَذَآئِقُوْنَ ۝ فَاَغْوَيْنٰكُمْ اِنَّا
كُنَّا غٰوِيْنَ ۝ فَاِنَّهُمْ يَوْمَىِٕذٍ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ۝ اِنَّا كَذٰلِكَ
نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ۝ اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

۱۵۔ اور جو لوگ نافرمانیاں کرتے رہے ہیں ان کو اور ان کے ساتھیوں کو اور اللہ کے سوا جن کو پوجتے رہے ہیں، سب کو اکٹھا کرو۔ پھر ان کو دوزخ کے رستے لے چلو۔ اور ان کو ٹھیراؤ ان سے کچھ پوچھنا ہے۔ تمہیں کیا ہو گیا کہ ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے؟ یہ تو اس دن نیچی گردن کئے کھڑے ہوں گے اور ایک کی طرف ایک متوجہ ہو کر پوچھا پاچھی کرے گا۔ ایک فریق کہے گا کہ تم ہی ہم پر پل پل کر آتے تھے۔ وہ کہیں گے بلکہ تم ہی ایمان نہیں لائے اور تم پر ہمارا کچھ زور تو تھا ہی نہیں، بلکہ تم سرکش لوگ تھے۔ پس ہمارے پروردگار کا وعدہ ہمارے حق میں پورا ہوا تو ہم کو عذاب کے مزے چکھنے ہوں گے۔ ہم خود بہکے ہوئے تھے سو ہم نے تم کو بھی بہکا دیا۔ الغرض اس دن یہ سب شریکِ عذاب ہوں گے۔ گنہگاروں کے ساتھ ہم ایسا ہی برتاؤ کیا کرتے ہیں۔ یہ ایسے تھے کہ جب ان سے کہا جاتا تھا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں یہ اکڑ بیٹھتے اور کہتے ہیں کہ ہم اپنے معبودوں کو ایک باؤلا شاعر کی خاطر چھوڑے دیتے ہیں۔ بلکہ وہ حق لے کر آیا ہے اور پیغمبروں کی تصدیق کرتا ہے۔ تم ضرور عذاب

Marfat.com

دردناک کے مزے چکھو۔ اور جیسے جیسے عمل کرتے رہے رہو انہیں کا بدلہ پاؤ گے۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷۔ ۲۲۔ ۳۹۔

۶۔ اللہ کے دشمنانِ خلاف ان کے کان، آنکھیں اور گوشت پوست شہادت دیں گے

۱۶۔ اور جس دن اللہ کے دشمنان دوزخ کی طرف ہانکے جائیں گے پھر راہ میں روکے جائیں گے یہاں تک کہ سب دوزخ پر آجمع ہوں گے تو جیسے جیسے عمل یہ لوگ کرتے رہے ان کے کان، ان کی آنکھیں اور ان کے گوشت پوست ان کے مقابلہ میں گواہی دیں گے اور یہ لوگ اپنے گوشت پوست سے پوچھیں گے کہ تم نے ہمارے خلاف کیوں گواہی دی؟ جواب دیں گے کہ جس خدا نے ہر چیز کو گویا کیا ہے اسی نے ہم کو بھی گویا کیا اور اسی نے تم کو اول بار پیدا کیا اور اب تم لوگ اسی کی طرف لوٹا کر لائے جا رہے ہو اور تم پردہ داری کرتے تھے تو اس خیال سے نہیں کہ تمہارے کان اور تمہاری آنکھیں اور تمہارے گوشت پوست تمہارے خلاف گواہی دینے کو کھڑے ہو جائیں گے۔ بلکہ تم کو تو یہ خیال تھا کہ تمہارے بہت سے عملوں سے اللہ واقف نہیں اور تم نے جو بدگمانی اپنے پروردگار کے حق میں کی، تمہاری اس بدگمانی نے تم کو تباہ کیا اور تم گھاٹے میں آگئے۔ اگر یہ لوگ صبر کر رہیں تو بھی ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور اگر معافی چاہیں تو ان کو معافی بھی نہیں دی جائے گی اور ہم نے ان کے ساتھ ہم نشین تعینات کر دیے تھے۔ تو انہوں نے ان کے اگلے اور پچھلے تمام حالات ان کی نظر میں اچھے کر دکھائے اور ان سے پہلے جنات کی اور آدمیوں کی بہت سی امتیں ہو گذری تھیں ان کے شمول میں وعدۂ عذاب ان کے حق میں بھی پورا ہو کر رہا۔ بے شک یہ لوگ اپنے نقصان کے درپے تھے۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۱۹۔ ۲۵۔

۷۔ دنیا میں دوبارہ واپس جانے کی تمنا

۱۷۔ اور چیلے بول اٹھیں گے کہ اے کاش ہم کو پھر لوٹ کر جانا ملے تو جیسے یہ ہم سے دست بردار ہو گئے ہم بھی ان سے دست بردار ہو جائیں۔ یوں اللہ ان کے اعمال ان کے آگے لائے گا کہ ان کو وہ حسرت دکھائی دیں گے اور وہ دوزخ سے نکل نہ سکیں گے۔

۔البقرۃ ۲: ۱۶۷۔

يَسْتَكْبِرُوْنَ ۝ وَيَقُوْلُوْنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوْٓا اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ۝
بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ اِنَّكُمْ لَذَآئِقُوا الْعَذَابِ
الْاَلِيْمِ ۝ وَمَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝
۱۶۔ وَيَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ۝ حَتّٰٓى اِذَا مَا
جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَاَبْصَارُهُمْ وَجُلُوْدُهُمْ بِمَا كَانُوْا
يَعْمَلُوْنَ ۝ وَقَالُوْا لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا ۭ قَالُوْٓا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ
الَّذِيْٓ اَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَّهُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ وَ
مَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَآ اَبْصَارُكُمْ وَلَا
جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ وَ
ذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ مِّنَ
الْخٰسِرِيْنَ ۝ فَاِنْ يَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّسْتَعْتِبُوْا فَمَا
هُمْ مِّنَ الْمُعْتَبِيْنَ ۝ وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ فَزَيَّنُوْا لَهُمْ مَّا بَيْنَ
اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ
قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ۝
۱۷۔ وَقَالَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوْا مِنَّا ۭ كَذٰلِكَ
يُرِيْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ عَلَيْهِمْ ۭ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنَ النَّارِ ۝

Marfat.com

۱۸۔ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلَى النَّارِ فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۷﴾ بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ ؕ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۲۸﴾

۱۸۔کاش تو اس حال میں دیکھے کہ جب وہ دوزخ پر لا کھڑے کئے جائیں اور کہنے لگیں کہ اے کاش! ہم پھر واپس بھیج دیے جائیں اور اپنے پروردگار کی آیتوں کو نہ جھٹلائیں اور ایمان والوں میں سے ہوں بلکہ جس کو پہلے چھپاتے تھے وہ ان کے آگے آئی اور اگر واپس بھیج دیے جائیں تو جس چیز سے ان کو منع کیا گیا ہے پھر دوبارہ ضرور کریں اور کچھ شک نہیں کہ یہ جھوٹے ہیں۔

-الانعام۶:۲۷-۲۸-

۱۹۔ اِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيْهِ الْاَبْصَارُ ﴿۴۲﴾ مُهْطِعِيْنَ مُقْنِعِيْ رُءُوْسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ اِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ ۚ وَاَفْـِٕدَتُهُمْ هَوَآءٌ ﴿۴۳﴾ وَاَنْذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَاْتِيْهِمُ الْعَذَابُ فَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رَبَّنَآ اَخِّرْنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ ؕ اَوَلَمْ تَكُوْنُوْٓا اَقْسَمْتُمْ مِّنْ قَبْلُ مَا لَكُمْ مِّنْ زَوَالٍ ﴿۴۴﴾ وَّسَكَنْتُمْ فِيْ مَسٰكِنِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَتَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ وَضَرَبْنَا لَكُمُ الْاَمْثَالَ ﴿۴۵﴾

۱۹۔اور ان پر عذاب نازل نہیں ہوتا۔ اس کی وجہ بس یہ ہے کہ اللہ ان کو اس دن تک کی مہلت دے رہا ہے جب کہ آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی۔ اپنے سر اٹھائے بھاگے چلے جا رہے ہیں، نگاہ پھر ان کی طرف لوٹ کر نہیں آتی اور ان کے دل ہوا ہوئے جا رہے ہیں اور لوگوں کو اس دن سے ڈرا جب کہ ان پر عذاب آ نازل ہوگا۔ اور جو لوگ نافرمانی کرتے رہے ہیں، کہنے لگیں کہ اے ہمارے پروردگار! ہم کو تھوڑی سی مدت کی مہلت اور دے تو ہم تیرے بلانے پر اٹھ کھڑے ہوں گے اور پیغمبروں کے پیچھے ہو لیں گے کیا تم وہی نہیں ہو جو پہلے قسمیں کھایا کرتے تھے کہ تم کو کسی طرح کا زوال نہیں اور جن لوگوں نے آپ اپنے اوپر ظلم کئے تھے، انہیں کے گھروں میں تم بھی رہے اور تم پر ظاہر ہو چکا تھا کہ ہم نے ان کے ساتھ کیسا برتاؤ کیا اور ہم نے تمہارے لیے مثالیں بھی بیان کر دی تھیں۔

-ابراہیم۱۴:۴۲-۴۵-

۲۰۔ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فِيْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ﴿۱۰۶﴾ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ قَالَ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ﴿۱۰۸﴾

۲۰۔اور جن کا پلہ ہلکا ٹھہرے گا تو یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے تئیں آپ برباد کر لیا کہ ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے۔ آگ ان کے مونہوں کو جھلستی ہوگی اور وہ وہاں برے مونہہ بنائے ہوں گے۔ کیا ہماری آیتیں تم کو پڑھ کر نہیں سنائی جاتی تھیں اور تم ان کو جھٹلاتے تھے۔ وہ کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! ہم کو ہماری بمبختی نے آدبایا اور ہم گمراہ تھے۔ اے ہمارے پروردگار! ہم کو یہاں سے نکال۔ پھر اگر ہم دوبارہ ایسا کریں تو ہم بے شک قصوروار ہیں۔ اللہ فرمائے گا دور ہو اور ہم سے بات نہ کرو۔

۲۱۔ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ

المؤمنون۲۳:۱۰۳-۱۰۸-

۲۱۔اور کاش تو مجرموں کو دیکھے کہ اپنے پروردگار کے روبرو سر جھکائے کھڑے ہیں۔ اے ہمارے پروردگار! اب ہماری آنکھیں اور کان کھلے تو ہم کو پھر واپس بھیج کہ ہم نیک عمل کریں۔ ہم کو اب یقین ہے۔ ہم چاہتے تو ہر شخص کو سوجھ عنایت کرتے مگر ہماری بات پوری ہو کر رہی کہ جنات اور آدمی سب سے ہم دوزخ کو بھر کر رہیں

نَفْسٍ هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَ
النَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٣﴾ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ اِنَّا
نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٤﴾
٢٢۔ اَوْ تَقُوْلَ حِيْنَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ اَنَّ لِيْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٥٨﴾
٢٣۔ بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِيْ فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ
الْكٰفِرِيْنَ ﴿٥٩﴾ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَرَى الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ
مُّسْوَدَّةٌ ۭ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿٦٠﴾
٢٤۔ وَتَرَى الظّٰلِمِيْنَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ يَقُوْلُوْنَ هَلْ اِلٰى مَرَدٍّ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿٤٤﴾
وَتَرٰىهُمْ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا خٰشِعِيْنَ مِنَ الذُّلِّ يَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ ۭ
وَقَالَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ
الْقِيٰمَةِ ۭ اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ مُّقِيْمٍ ﴿٤٥﴾ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ
اَوْلِيَآءَ يَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ﴿٤٦﴾
٢٥۔ وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
اَعْمٰى ﴿١٢٤﴾ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا ﴿١٢٥﴾ قَالَ
كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى ﴿١٢٦﴾ وَكَذٰلِكَ نَجْزِيْ
مَنْ اَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْۢ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ۭ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰى ﴿١٢٧﴾

گے۔ تو جیسے تم اپنے اس دن کے پیش آنے کو بھولے رہے، اس کا مزہ چکھو کہ ہم نے بھی تمہیں بھلا دیا اور جیسے جیسے تم عمل کرتے رہے اس کے بدلہ میں ہمیشہ کے عذاب کا مزہ چکھو۔

۔السجدۃ ۳۲: ۱۲۔۱۴۔

۲۲۔ یا جب عذاب کو دیکھ کر کہنے لگے کہ کاش مجھ کو پھر لوٹ جانا ملے تو میں نیکوں سے رہوں۔

۔الزمر ۳۹: ۵۸۔

۲۳۔ ہاں ہمارے احکام تجھ کو پہنچے اور تو نے ان کو جھٹلایا اور اکڑ بیٹھا اور منکروں میں سے تھا اور قیامت کے دن تو دیکھے گا کہ جن لوگوں نے اللہ پر جھوٹ بولا ان کے مونہہ کالے ہوں گے۔ کیا تکبر کرنے والوں کا ٹھکانا دوزخ میں نہیں ہے؟

۔الزمر ۳۹۔ ۵۹۔ ۶۰

۲۴۔ اور تو ظالموں کو دیکھے گا کہ جب وہ عذاب کو دیکھ لیں گے تو کہیں گے کہ بھلا پھر جانے کی بھی کوئی سبیل ہے اور تو ان لوگوں کو دیکھے گا کہ دوزخ کے روبرو لائے جائیں گے۔ مارے ذلت کے جھکے ہوئے، کنکھیوں سے دیکھتے ہوں گے۔ ایمان والے کہیں گے کہ حقیقت میں بدنصیب تو وہ ہیں جنہوں نے قیامت کے دن اپنے آپ کو تباہ کیا اور اپنے گھر والوں کو بھی۔ سنو جی، ظلم کرنے والے ہمیشہ عذاب میں رہیں گے۔ اور اللہ کے سوا ان کے کوئی حمایتی نہ ہوں گے کہ ان کی مدد کریں اور جس کو اللہ گمراہ کرے اس کے لیے کوئی رستہ ہی نہیں۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۴۴۔۴۶۔

۸۔ جو اللہ کی یاد سے غافل رہا اسے اندھا کر کے عذاب دیا جائے گا

۲۵۔ اور جس نے ہماری یاد سے روگردانی کی تو اس کی زندگی ضیق میں گزرے گی اور قیامت کے دن ہم اس کو اندھا اٹھائیں گے۔ کہے گا اے میرے پروردگار! تو نے مجھ کو اندھا کیوں اٹھایا اور میں تو دیکھتا تھا۔ خدا فرمائے گا ایسا ہی ہے۔ ہماری آیتیں تیرے پاس آئیں مگر تو نے ان کی کچھ خبر نہ لی۔ اور اسی طرح آج تیری خبر نہ لی جائے گی۔ جو شخص حد سے بڑھ چلا اور اپنے پروردگار کی آیتوں پر ایمان نہ لایا، ہم اس کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں اور آخرت کا عذاب بہت ہی سخت اور دیرپا ہے۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۱۲۴۔۱۲۷۔

Marfat.com

۲۶۔وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ يُكَذِّبُ بِآيَاتِنَا فَهُمْ يُوزَعُونَ ﴿۸۳﴾ حَتَّىٰ إِذَا جَاءُوا قَالَ أَكَذَّبْتُم بِآيَاتِي وَلَمْ تُحِيطُوا بِهَا عِلْمًا أَمَّاذَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿۸۴﴾ وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِم بِمَا ظَلَمُوا فَهُمْ لَا يَنطِقُونَ ﴿۸۵﴾

۲۷۔وَسِيقَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِلَىٰ جَهَنَّمَ زُمَرًا ۖ حَتَّىٰ إِذَا جَاءُوهَا فُتِحَتْ أَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنكُمْ يَتْلُونَ عَلَيْكُمْ آيَاتِ رَبِّكُمْ وَيُنذِرُونَكُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَٰذَا ۚ قَالُوا بَلَىٰ وَلَٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكَافِرِينَ ﴿۷۱﴾ قِيلَ ادْخُلُوا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا ۖ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِينَ ﴿۷۲﴾

۲۸۔وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا ۖ أَفَلَمْ تَكُنْ آيَاتِي تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِينَ ﴿۳۱﴾ وَإِذَا قِيلَ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيهَا قُلْتُم مَّا نَدْرِي مَا السَّاعَةُ إِن نَّظُنُّ إِلَّا ظَنًّا وَمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِينَ ﴿۳۲﴾ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا عَمِلُوا وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ﴿۳۳﴾ وَقِيلَ الْيَوْمَ نَنسَاكُمْ كَمَا نَسِيتُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَٰذَا وَمَأْوَاكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن نَّاصِرِينَ ﴿۳۴﴾ ذَٰلِكُم بِأَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ آيَاتِ اللَّهِ هُزُوًا وَغَرَّتْكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُونَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ﴿۳۵﴾

۹۔ بے سمجھے تکذیبِ آیات کرنے والوں کو عذاب

۲۶۔اور جب کہ ہم ہر ایک امت میں سے اس گروہ کو جمع کریں گے جو ہماری آیتوں کو جھٹلایا کرتے تھے۔ پھر ان کو ترتیب دیں گے یہاں تک کہ جب وہ حاضر ہوں گے تو اللہ پوچھے گا۔ کہ باوجودیکہ تم نے ہماری آیتوں کو اچھی طرح سمجھا بھی نہ تھا، کیا تم ان کو جھٹلاتے رہے، اور چونکہ یہ لوگ سرکشی کرتے رہے وعدۂ عذاب ان پر پورا ہوا۔ یہ لوگ بات نہ کرسکیں گے۔

۔النمل ۲۷: ۸۳۔۸۵۔

۱۰۔ کافروں کی ٹولیوں سے جہنم کے دروازے کھولتے مؤکلینِ دوزخ کی گفتگو

۲۷۔اور جو لوگ کفر کرتے رہے جہنم کی طرف ٹولیاں بنا بنا کر ہانکے جائیں گے یہاں تک کہ جب جہنم کے پاس پہنچیں گے تو اس کے دروازے کھول دیے جائیں گے اور دوزخ کے مؤکل ان سے کہیں گے کہ کیا تم میں سے رسول تمہارے پاس نہیں آئے کہ وہ تمہارے پروردگار کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے اور تمہارے اس روز کے پیش آنے سے تم کو ڈراتے۔ یہ جواب دیں گے کہ ہاں مگر عذاب کا وعدہ کافروں کے حق میں پورا ہو کر رہا۔ پھر کہا جائے گا کہ جہنم کے دروازوں میں داخل ہو، ہمیشہ اس میں رہو۔ غرض تکبر کرنے والوں کا برا ٹھکانا ہے۔

۔الزمر ۳۹: ۷۱۔۷۲۔

۱۱۔ منکرین قیامت سے سوال وجواب

۲۸۔اور جو لوگ کفر کرتے رہے کیا تم کو ہماری آیتیں پڑھ کر نہیں سنائی جاتی تھیں مگر تم غرور کیا کرتے اور نافرمان تھے۔ اور جب کہا جاتا تھا کہ خدا کا وعدہ برحق ہے اور قیامت میں کچھ شبہ نہیں تو تم کہتے تھے کہ ہم نہیں جانتے کہ قیامت کیا چیز ہے؟ ہاں کچھ یونہی سا وہم تو ہم کو بھی گزرتا ہے۔ مگر یقین ہم کو نہیں ہے۔ اور جیسے جیسے یہ لوگ عمل کرتے رہے، ان کی برائیاں ان پر ظاہر ہو جائیں گی اور جس عذاب کی ہنسی اڑاتے رہے وہ ان پر آ نازل ہوگا۔ کہہ دیا جائے گا جس طرح تم نے اپنے اس دن کے آنے کو بھلائے رکھا آج ہم بھی تم کو بھلا دیں گے اور تمہارا ٹھکانا دوزخ ہے اور کوئی تمہارا مددگار نہیں۔ یہ اس کی سزا ہے کہ تم نے خدا کی آیتوں کی ہنسی بنائی اور دنیا کی زندگی نے تم کو دھوکے میں ڈالے رکھا۔ غرض آج نہ تو یہ لوگ دوزخ سے نکالے جائیں گے اور نہ ان کو معذرت کا موقع دیا جائے گا۔

۔الجاثیہ ۴۵: ۳۱۔۳۵۔

۱۲۔ مشرک کے رفیق کے سوال و جواب جہنم میں

۲۹۔ اَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿۲۴﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيْبِ ﴿۲۵﴾ الَّذِيْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ فِي الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ ﴿۲۶﴾ قَالَ قَرِيْنُهٗ رَبَّنَا مَآ اَطْغَيْتُهٗ وَلٰكِنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍ بَعِيْدٍ ﴿۲۷﴾ قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا لَدَيَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ اِلَيْكُمْ بِالْوَعِيْدِ ﴿۲۸﴾ مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَآ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۲۹﴾

۲۹۔ جتنے کافر سرکش نیکی سے روکنے والے، حد سے بڑھے ہوئے، دین میں شکوک پیدا کرنے والے ہیں، جو اللہ کے ساتھ دوسرے معبود ٹھہرایا کرتے تھے، اب سب کو جہنم میں جھونک دو۔ اور اس کو بھی سخت عذاب میں ڈال دو۔ پھر اس کا ساتھی عرض کرے گا کہ اے ہمارے پروردگار! میں نے تو اس کو سرکش نہیں بنایا یہ خود پرلے درجے کی گمراہی میں تھا۔ اللہ فرمائے گا ہمارے حضور میں جھگڑے نہ کرو۔ اور ہم تو تم کو پہلے ہی ڈر سنوا چکے تھے۔ ہمارے ہاں بات نہیں بدلی جایا کرتی۔ اور ہم تو بندوں پر ذرہ بھر بھی ظلم نہیں کرتے۔

۔ق ۵۰۔ ۲۴۔ ۲۹۔

۳۰۔ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ ۙ فَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُوْتَ كِتٰبِيَهْ ﴿۲۵﴾ وَلَمْ اَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ ﴿۲۶﴾ يٰلَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ﴿۲۷﴾ مَآ اَغْنٰى عَنِّيْ مَالِيَهْ ﴿۲۸﴾ هَلَكَ عَنِّيْ سُلْطٰنِيَهْ ﴿۲۹﴾ خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ﴿۳۰﴾ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ﴿۳۱﴾ ثُمَّ فِيْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ﴿۳۲﴾ اِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ ﴿۳۳﴾ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿۳۴﴾ فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هٰهُنَا حَمِيْمٌ ﴿۳۵﴾ وَّلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ ﴿۳۶﴾ لَّا يَاْكُلُهٗٓ اِلَّا الْخَاطِـُٔوْنَ ﴿۳۷﴾

۳۰۔ اور جس کا نامۂ اعمال اس کے بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا وہ کہے گا، اے کاش مجھ کو میرا اعمال نامہ نہ ملا ہوتا اور مجھ کو اپنے حساب کی خبر ہی نہ ہوئی ہوتی کہ کیا ہے۔ اے کاش مرنے سے میرا خاتمہ ہو گیا ہوتا۔ میرا مال میرے کام نہ آیا۔ مجھ سے میری بادشاہت لٹ گئی۔ اس کو پکڑو اور اس کے گلے میں طوق ڈالو۔ پھر اس کو جہنم میں دھکیل دو۔ پھر زنجیر سے، جس کی ناپ گزوں میں ستر گز ہوگی۔ اس کو خوب جکڑ دو۔ یہ اللہ تعالیٰ پر ایمان نہیں لاتا تھا۔ اور مسکینوں کے کھانا کھلانے کی ترغیب نہیں دیتا تھا۔ تو آج یہاں کوئی بھی اس کا دوست دار نہیں۔ اور زخموں کے دھوون کے سوا کھانے کو بھی نہیں، یہ کھانا بس گنہگار ہی کھائیں گے۔

۔الحاقۃ ۶۹: ۲۵۔ ۳۷۔

۱۳۔ سرکشوں (طاغین) کو گرم پانی، پیپ اور طرح طرح کے عذاب

۳۱۔ هٰذَا ۙ وَاِنَّ لِلطّٰغِيْنَ لَشَرَّ مَاٰبٍ ﴿۵۵﴾ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۵۶﴾ هٰذَا ۙ فَلْيَذُوْقُوْهُ حَمِيْمٌ وَّغَسَّاقٌ ﴿۵۷﴾ وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖٓ اَزْوَاجٌ ﴿۵۸﴾ هٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۚ لَا مَرْحَبًۢا بِهِمْ ۭ اِنَّهُمْ صَالُوا النَّارِ ﴿۵۹﴾ قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ ۭ لَا مَرْحَبًۢا بِكُمْ ۭ اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا ۚ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا

۳۱۔ یہ تو ایک بات ہوئی اور بے شک سرکشوں کے لیے ٹھکانا ہے (یعنی) دوزخ، جس میں وہ داخل ہوں گے۔ سو وہ برا بچھونا ہے۔ یہ عذاب ہے، اس کو چکھو کھولتا پانی اور پیپ اور اسی قسم کا طرح طرح کا۔ یہ ایک جماعت ہے جو تمہارے ساتھ (دوزخ میں) داخل ہونے والی ان کو خوشی نہ ہو۔ بے شک وہ آگ میں داخل ہونے والے ہیں۔ وہ کہیں گے بلکہ تم ہی ہو۔ تمہیں خوشی نہ ہو جیو۔ تم نے ہی یہ عذاب ہمارے لیے آگے بھیجا۔ سو وہ بری قرارگاہ ہے۔ کہیں گے کہ اے پروردگار! جس نے یہ عذاب ہمارے لیے آگے بھیجا ہے، اسے آگ میں دگنا عذاب دے اور کہیں گے ہمیں کیا ہو گیا کہ ہم ان آدمیوں کو نہیں دیکھتے جنہیں ہم شریر گنا کرتے تھے۔ کیا ہم نے

Marfat.com

رَبَّنَا مَنْ قَدَّمَ لَنَا هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ ﴿٦١﴾ وَقَالُوا مَا لَنَا لَا نَرٰى رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِّنَ الْاَشْرَارِ ﴿٦٢﴾ اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا اَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ الْاَبْصَارُ ﴿٦٣﴾ اِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ ﴿٦٤﴾

انہیں ٹھٹھا ٹھیرایا تھا یا ان کی طرف سے آنکھیں ہی ٹیڑھی ہو گئیں۔ بے شک یہ دوزخیوں کا باہم جھگڑنا حق ہے۔

-صٓ ۳۸: ۵۵-۶۴-

۳۲-اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ﴿٢١﴾ لِّلطَّاغِيْنَ مَاٰبًا ﴿٢٢﴾ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا ﴿٢٣﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ﴿٢٤﴾ اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ﴿٢٥﴾ جَزَآءً وِّفَاقًا ﴿٢٦﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا ﴿٢٧﴾ وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ﴿٢٨﴾ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ﴿٢٩﴾ فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ اِلَّا عَذَابًا ﴿٣٠﴾

۳۲-بے شک دوزخ گھات میں لگی ہے اور وہی سرکشوں کا ٹھکانا ہے۔ اسی میں قرنوں پڑے رہیں گے۔ وہاں نہ ٹھنڈک کا مزہ چکھیں گے اور نہ گرم پانی اور پیپ کے سوا ان کو کچھ بھی نہیں ملے گا، پورا بدلہ۔ یہ لوگ حساب سے نہیں ڈرتے تھے اور ہماری آیتوں کو بڑی بے باکی سے جھٹلایا کرتے تھے اور ہم نے ہر چیز کو قلم بند کر رکھا ہے۔ تو مزہ چکھو اور ہم تو تمہارے لیے عذاب ہی بڑھاتے جائیں گے۔

-النبا ۷۸: ۲۱-۳۰-

۳۳-فَاَمَّا مَنْ طَغٰى ﴿٣٧﴾ وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿٣٨﴾ فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿٣٩﴾

۳۳-سو جس نے سرکشی کی اور دنیا کی زندگی کو مقدم رکھا تو اس کا ٹھکانا بس دوزخ ہے۔

-النازعات ۷۹: ۳۷-۳۹-

۱۴۔ گنہگار (اثیم) کا کھانا سینڈھ کا درخت

۳۴-اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ﴿٤٣﴾ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ﴿٤٤﴾ كَالْمُهْلِ ۚ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ﴿٤٥﴾ كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ﴿٤٦﴾ خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿٤٧﴾ ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ﴿٤٨﴾ ذُقْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ﴿٤٩﴾ اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ﴿٥٠﴾

۳۴-بے شک سینڈھ کا درخت گنہگار کا کھانا ہے۔ پگھلے تانبے کی طرح پیٹوں میں کھولے گا جیسے گرم پانی کھولتا ہے۔ اسے پکڑو پھر اسے دوزخ کی تلی کی طرف گھسیٹ لے جاؤ۔ پھر (اے فرشتو!) اس کے سر پر کھولتے پانی کا عذاب بہادو۔ چکھ، بے شک تو ہی عزت والا، بزرگ ہے۔ بے شک یہ وہی ہے جس میں

۳۵-وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ﴿٧﴾ يَّسْمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٨﴾ وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْـًٔا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ۚ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿٩﴾ مِنْ وَّرَآئِهِمْ جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَيْـًٔا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا مِنْ

تم شک کیا کرتے تھے۔

-الدخان ۴۴: ۴۳-۵۰-

۳۵-ہر ایک جھوٹے گنہگار کی خرابی ہے۔ اللہ کی آیتیں جو اس پر پڑھی جاتی ہیں سنتا ہے پھر گھمنڈ کرتا ہے گویا اس نے انہیں سنا ہی نہیں۔ تو (اے نبی ﷺ!) تو انہیں دردناک عذاب کی بشارت دے اور جب ہماری آیتوں سے کچھ معلوم کرتا ہے تو اس کو ٹھٹھا بنا لیتا ہے۔ یہی ہیں جن کے لیے ذلیل کرنے والا عذاب ہے۔ ان کے پیچھے دوزخ لگی ہوئی ہے اور جو کچھ انہوں نے کمایا ہے، نہ وہ ان کے کچھ کام آئے گا اور نہ وہ جنہیں انہوں نے اللہ کے سوا کارساز پکڑا ہے اور ان کے

Marfat.com

لیے بڑا بھاری عذاب ہے۔

-الجاثیة ۴۵:۷-۱۰-

۱۵۔ خدائی کا دعوی کرنے والوں کو جہنم

۳۶۔اور جو (ان فرشتوں) میں سے کہے گا کہ اس کے سوا میں معبود ہوں، تو یہ وہ ہے جسے ہم دوزخ کی سزا دیں گے۔ہم ظالموں کو ایسی ہی سزا دیتے ہیں۔

-الانبیاء ۲۱:۲۹-

۱۶۔ اللہ پر کامل اعتقاد نہ رکھنے والوں کو دنیا اور آخرت میں گھاٹا

۳۷۔اور لوگوں میں کوئی وہ بھی ہے جو ایک کنارے پر اللہ کی بندگی کرتا ہے۔اگر اسے بھلائی پہنچتی ہے تو وہ اس عبادت سے اطمینان پاتا ہے اور اگر اسے کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اپنے مونہہ پر الٹ جاتا ہے وہ دنیا اور آخرت میں گھاٹے میں رہا۔ یہی کھلا گھاٹا ہے۔ اللہ کے سوا اسے پکارتا ہے جو نہ اسے نقصان ہی پہنچائے اور نہ نفع ہی پہنچائے۔یہی پرلے درجے کی گمراہی ہے۔اسے پکارتا ہے جس کا نقصان اس کے نفع سے زیادہ قریب ہے البتہ وہ برا دوست ہے اور برا ساتھی۔

-الحج ۲۲:۱۱-۱۳-

۱۷۔ اللہ کی راہ سے بہکانے والوں کی دنیا میں رسوائی اور آخرت میں دردناک عذاب

۳۸۔اور آدمیوں میں کوئی ایسا بھی ہے جو اللہ کے بارے میں بغیر علم اور ہدایت چمکتی کتاب کے جھگڑتا ہے۔

-الحج ۲۲:۸ ولقمٰن ۳۱:۲۰-

۳۹۔اپنے شانے موڑتا ہے تاکہ اللہ کی راہ سے (لوگوں کو) گمراہ کرے۔اس کے لیے دنیا میں رسوائی ہے اور قیامت کے دن ہم اسے جلن کا عذاب چکھائیں گے۔

دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ⑩

۳۶۔وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّيْٓ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ⑪

۳۷۔وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰي حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُۨ اطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُۨ انْقَلَبَ عَلٰي وَجْهِهٖ ۚ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ⑫ يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ⑬ يَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗٓ اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ ۭ لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ⑭

۳۸۔وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ⑧

۳۹۔ثَانِيَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ لَهٗ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّنُذِيْقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَذَابَ الْحَرِيْقِ ⑨ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ⑩

۴۰۔وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۡ وَّيَتَّخِذَهَا هُزُوًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ⑥ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ⑦

۴۱۔اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ

یہ اس کی سزا ہے جو تیرے ہاتھوں نے آگے بھیجا تھا اور یہ کہ اللہ بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے۔

-الحج ۲۲:۹-۱۰-

۴۰۔اور لوگوں میں کوئی ایسا بھی ہے جو غافل کرنے والی بات مول لیتا ہے تاکہ بغیر علم کے (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے گمراہ کرے اور اسے ٹھٹھا بنائے۔یہی ہیں جن کے لیے رسوا کرنے والا عذاب ہے۔اور جب اس پر ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو تکبر کرتا ہوا پیٹھ پھیر لیتا ہے گویا اس نے انہیں سنا ہی نہیں گویا اس کے کانوں میں گرانی ہے۔(اے نبی ﷺ!) تو اسے دردناک عذاب کی بشارت دے۔

-لقمٰن ۳۱:۶-۷-

۱۸۔ ایمان سے بچلانے والوں کو جہنم

۴۱۔بے شک وہ لوگ جنہوں نے ایمان دار مردوں اور ایمان دار

Marfat.com

جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ ⑪

۴۲۔ اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ ۚ فَمَا جَزَآءُ مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ ۗ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ⑫ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ۖ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ⑬

۴۳۔ لِلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنٰى ۭ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ ۭ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ سُوْۗءُ الْحِسَابِ ۙ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ⑭

۴۴۔ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ ⑮

۴۵۔ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۙ لَا يَهْدِيْهِمُ اللّٰهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ⑯

۴۶۔ ذٰلِكَ جَزَاۗءُ اَعْدَاۗءِ اللّٰهِ النَّارُ ۚ لَهُمْ فِيْهَا دَارُ الْخُلْدِ ۭ جَزَاۗءًۢ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ⑰

۴۷۔ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ⑳ ثَانِيَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ لَهٗ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّنُذِيْقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَذَابَ الْحَرِيْقِ ㉑ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ㉒

عورتوں کو مبتلائے مصیبت کیا پھر توبہ نہ کی ان کے لیے دوزخ کا عذاب ہے اور ان کے لیے جلن کا عذاب ہے۔

-البروج-۸۵:۱۰-

۱۹۔ اللہ کے احکام نہ ماننے والوں کو عذابِ جہنم

۴۲۔ تو کیا تم بعض کتاب پر ایمان لاتے اور بعض کا انکار کرتے ہو۔ تو تم میں سے جو یہ کام کرتا ہے اس کی سزا اس کے سوا کچھ نہیں کہ دنیا کی زندگی میں رسوائی اور قیامت کے دن وہ سخت عذاب کی طرف لوٹائے جائیں گے اور جو تم کرتے ہو اللہ اس سے غافل نہیں ہے۔ یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے آخرت کے بدلے دنیا کی زندگی مول لی۔ سو نہ ان سے عذاب ہی ہلکا کیا جائے گا اور نہ وہ مدد ہی کیے جائیں گے۔

-البقرۃ۲:۸۵-۸۶-

۴۳۔ جنہوں نے اپنے پروردگار کی بات مانی ان کے لیے نیکی ہے اور جنہوں نے اس کی بات نہ مانی ان کے پاس اگر وہ سارا مال بھی ہو جو زمین میں ہے اور اس کے ساتھ اتنا ہی اور بھی تو وہ ضرور اسے فدیہ میں دے ڈالیں۔ یہی ہیں جن کے لیے برا حساب ہے اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ برا بچھونا ہے۔

-الرعد۱۳:۱۸-

۴۴۔ اور جو ہمارے حکم سے منحرف ہوگا، اسے ہم دوزخ کا عذاب چکھائیں گے۔

-سبا۳۴:۱۲-

۴۵۔ بے شک وہ لوگ جو اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں لاتے، اللہ انہیں ہدایت نہیں کرے گا۔ اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

-النحل۱۶:۱۰۴-

۴۶۔ یہ اللہ کے دشمنوں کی سزا ہے یعنی دوزخ۔ اس میں ان کے لیے ہمیشہ کا گھر ہے۔ اس کی سزا ہے کہ وہ ہماری آیتوں کا انکار کرتے تھے۔

-حٰمٓ السجدۃ۴۱:۲۸-

۲۰۔ اللہ کی آیتوں میں جھگڑنے والوں کو سخت عذاب

۴۷۔ اور لوگوں میں کوئی ایسا بھی ہے جو اللہ (کی شان) میں بغیر علم (و دانش) کے اور بغیر ہدایت کے اور بغیر کتاب روشن کے جھگڑتا ہے۔ (اور تکبر سے) گردن موڑ لیتا (ہے) تاکہ (لوگوں کو) اللہ کے رستے سے گمراہ کر دے۔ اس کے لیے دنیا میں ذلت ہے اور قیامت کے دن ہم اسے عذاب (آتش) سوزاں کا مزا چکھائیں گے۔ (اے سرکش) یہ اُس (کفر) کی سزا ہے جو تیرے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہے اور اللہ اپنے بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں۔

-الحج۲۲:۸-۱۰-

Marfat.com

۴۸۔ وَالَّذِيْنَ يُحَآجُّوْنَ فِي اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا اسْتُجِيْبَ لَهٗ حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ﴿۱۶﴾

۴۹۔ وَيَعْلَمَ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا ؕ مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ﴿۳۵﴾

۵۰۔ اِنَّ الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا ؕ اَفَمَنْ يُّلْقٰى فِي النَّارِ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ يَّاْتِيْٓ اٰمِنًا يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ ۙ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۴۰﴾

۵۱۔ وَذَرُوا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَآئِهٖ ؕ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸۰﴾ وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۸۱﴾

۵۲۔ لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۱۸۱﴾ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۱۸۲﴾

۵۳۔ وَاَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ﴿۴۱﴾ فِيْ سَمُوْمٍ وَّحَمِيْمٍ ﴿۴۲﴾ وَّظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ﴿۴۳﴾ لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ﴿۴۴﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُتْرَفِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ ﴿۴۶﴾ وَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ ۙ اَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۴۷﴾ اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿۴۸﴾

۵۴۔ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا

۴۸۔ اور جو لوگ اللہ کے بارے میں اس کے بعد بھی کہ اس کو قبول کیا گیا، جھگڑتے ہیں، ان کی دلیل ان کے پروردگار کے پاس کمزور ہے اور ان پر غضب ہے اور ان کے لیے سخت عذاب ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۱۶۔

۴۹۔ اور جو لوگ ہماری آیتوں میں جھگڑتے ہیں جان لیں گے کہ ان کے لیے کہیں چھٹکارا نہیں ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲: ۳۵۔

۲۱۔ اللہ کی آیتوں میں ٹیڑھا چلنے والوں کو نار

۵۰۔ بے شک جو لوگ ہماری آیتوں میں ٹیڑھے چلتے ہیں وہ ہم پر چھپے ہوئے نہیں ہیں۔ تو کیا وہ شخص جو آگ میں ڈالا جائے گا بہتر ہے یا وہ جو قیامت کے دن امن سے آئے گا؟ کافرو! تم جو چاہو کرو بے شک جو تم کرتے ہو وہ دیکھتا ہے۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱: ۴۰۔

۲۲۔ اللہ کے ناموں میں ٹیڑھا چلنے کی سزا

۵۱۔ اور انہیں چھوڑو جو اس کے ناموں میں ٹیڑھے چلتے ہیں۔ انہیں وہ جو کرتے ہیں، اس کی سزا دی جائے گی اور جنہیں ہم نے پیدا کیا ہے اس میں کچھ لوگ ہیں جو حق کی طرف راہ دکھلاتے ہیں اور اسی کے ساتھ انصاف کرتے ہیں۔

۔الاعراف ۷: ۱۸۰۔۱۸۱۔

۲۳۔ اللہ پر اعتراض کرنے والوں اور انبیا کے قاتلین کو سخت عذاب

۵۲۔ بے شک اللہ نے ان کا قول سن لیا جنہوں نے کہا کہ اللہ فقیر ہے اور ہم مال دار ہیں۔ ہم اس کو جو انہوں نے کہا اور ان کے نبیوں کو ناحق قتل کرتے رہے، لکھ لیتے ہیں اور ان سے ہم کہیں گے کہ جلن کا عذاب چکھو۔ یہ اس کا بدلہ ہے جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہے۔ اور نیز یہ کہ اللہ بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے۔

۔آل عمران ۳: ۱۸۱۔۱۸۲۔

۲۴۔ اصحاب الشمال

۱۸۳۔ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ؕ وَلَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ؕ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ ﴿۱۵﴾

۵۶۔ جنتی اور دوزخی برابر نہیں

۱۸۳۔ بھلا وہ شخص جو اپنے پروردگار کی طرف سے سند پر ہے اس شخص کی برابر ہو سکتا ہے جس کو اس کے برے عمل اچھے کر کے دکھلائے گئے اور وہ اپنی خواہشات نفسانی کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں۔ اس جنت کی صفت جس کا متقیوں سے وعدہ کیا گیا ہے یہ ہے کہ اس میں پانی کی نہریں جو پینے والوں کو لذت دینے والی ہیں اور صاف کیے ہوئے شہد کی نہریں ہیں۔ اور ان کے لیے اس میں ہر قسم کے پھل اور ان کے پروردگار کی طرف سے مغفرت ہے۔ تو کیا ایسے اشخاص ان لوگوں کی مانند ہو سکتے ہیں جو ہمیشہ آگ میں رہیں گے اور انہیں کھولتا ہوا پانی پلایا جائے گا جو ان کی آنتیں کاٹ ڈالے گا۔

۔محمد ۴۷:۱۴۔۱۵۔

Marfat.com

١٨٤۔ دوزخی اور جنتی برابر نہیں ہیں جو جنتی ہیں، وہی اپنی مراد کو پہنچنے والے ہیں۔

۔الحشر ۵۹: ۲۰۔

۵۷۔ جنتیوں کی دوزخیوں سے بات چیت

١٨٥۔ اور جنتی دوزخیوں کو پکار کر کہیں گے کہ جو وعدہ ہم سے ہمارے پروردگار نے کیا تھا ہم نے اس کو سچ پایا تم نے بھی اس وعدے کو سچ پایا جو تم سے تمہارے پروردگار نے کیا تھا۔ وہ جواب دیں گے ہاں۔ پھر ان کے درمیان ایک پکارنے والا، پکارے گا کہ ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے جو (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکتے ہیں اور اس میں کجی ڈھونڈتے ہیں اور وہ آخرت کے منکر ہیں۔

۔الاعراف ۷: ۴۴۔۴۵۔

١٨٦۔ باغوں میں پوچھتے ہوں گے گنہگاروں سے کہ تمہیں دوزخ میں کس چیز نے ڈالا۔

۔المدثر ۷۴: ۴۰۔۴۲۔

۵۸۔ جنتیوں کی باہمی گفتگو

١٨٧۔ بے شک جنت والے آج ایک کام خوش میں ہیں۔

۔یٰسٓ ۳۶: ۵۵۔

١٨٨۔ پھر ان کے بعض بعض کی طرف متوجہ ہو کر ایک دوسرے سے پوچھیں گے۔ ان میں سے ایک کہنے والا کہے گا کہ (دنیا میں) میرا ایک ساتھی تھا جو کہا کرتا تھا کہ تو تصدیق کرنے والوں میں ہے۔ بھلا جب ہم مر کر مٹی اور ہڈیاں ہو گئے تو کیا ہم جزا دیے جائیں گے۔ اللہ فرمائے گا کیا تم جھانک کر دیکھو گے۔ جب

١٨٤۔ لَا يَسْتَوِيْٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝٢٠
١٨٥۔ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ النَّارِ اَنْ قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا ۭ قَالُوْا نَعَمْ ۚ فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَيْنَهُمْ اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ۝٢١ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ كٰفِرُوْنَ ۝٢٢
١٨٦۔ فِيْ جَنّٰتٍ ۛ يَتَسَآءَلُوْنَ ۝٢٣ عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝٢٤ مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ ۝٢٥
١٨٧۔ اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ۝٢٦
١٨٨۔ فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ۝٢٧ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّيْ كَانَ لِيْ قَرِيْنٌ ۝٢٨ يَّقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ ۝٢٩ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ ۝٣٠ قَالَ هَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ ۝٣١ فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِيْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ۝٣٢ قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ ۝٣٣ وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ۝٣٤ اَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ ۝٣٥ اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ۝٣٦ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝٣٧ لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ۝٣٨
١٨٩۔ وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ۝٣٩ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ اَهْلِنَا مُشْفِقِيْنَ ۝٤٠ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَوَقٰىنَا عَذَابَ السَّمُوْمِ ۝٤١ اِنَّا كُنَّا مِنْ

وہ جھانکے گا تو اسے دوزخ کی تلی میں دیکھے گا۔ کہے گا کہ بے شک تو تو مجھے ہلاک ہی کرنے لگا تھا۔ اور اگر میرے پروردگار کی مہربانی نہ ہوتی تو میں بھی ضرور عذاب میں پکڑے ہوؤں میں ہوتا۔ تو کیا یہ بات نہیں ہے کہ ہم مرنے والے نہیں ہیں سوائے اپنی پہلی (دنیوی) موت کے اور ہم عذاب میں نہیں ہیں۔ بے شک یہی بڑی کامیابی ہے۔ ایسی ہی نعمت کے لیے چاہیے کہ عمل کرنے والے عمل کریں۔

۔الصّٰفّٰت ۳۷: ۵۰۔۶۱۔

١٨٩۔ اور ان کے بعض بعض کی طرف متوجہ ہو کر ایک دوسرے سے پوچھیں گے۔ کہیں گے کہ بے شک ہم پہلے اپنے (دنیا کے) گھر والوں میں ڈرا کرتے تھے سو اللہ نے ہم پر احسان کیا اور ہمیں گرم لو کے عذاب سے بچایا۔ بے شک ہم پہلے (دنیا میں) اس کو پکارا کرتے تھے۔ کچھ

Marfat.com

قَبْلُ نَدْعُوْهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ ﴿٢٨﴾

١٩٠۔ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ ۚ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰىنَا لِهٰذَا ۫ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ؕ وَنُوْدُوْٓا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٢٩﴾

١٩١۔ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿٣٠﴾ لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا نَصَبٌ وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ﴿٣١﴾

١٩٢۔ وَنُوْدُوْٓا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٣٢﴾

١٩٣۔ جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٧﴾

١٩٤۔ وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْٓ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٧٢﴾

١٩٥۔ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٩﴾

١٩٦۔ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِي الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ ﴿٢٤﴾

١٩٧۔ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ ؕ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ﴿٢١٤﴾

شک نہیں کہ وہی احسان کرنے والا، مہربان ہے۔

۔الطور ۵۲:۲۵۔۲۸۔

۵۹۔ جنتیوں کے دلوں میں ایک دوسرے سے کینہ نہ ہوگا

۱۹۰۔اور جو کینہ ایک دوسرے کی طرف سے ان کے دل میں ہوگا، ہم اس کو نکال دیں گے۔ان کے (مکانات کے) نیچے نہریں جاری ہوں گی اور وہ کہیں گے کہ سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جس نے ہمیں یہ راہ دکھائی اور ہم راہ پر نہیں آسکتے تھے۔اگر اللہ ہمیں ہدایت نہ کرتا۔کچھ شک نہیں کہ ہمارے پروردگار کے رسول سچی بات لے کر آئے تھے اور ان کو ندا دی جائے گی کہ یہ جنت ہے جس کے تم وارث بنائے گئے، بدلہ اس کا جو نیک کام تم کیا کرتے تھے۔

۔الاعراف ۷:۴۳۔

۱۹۱۔اور جو کینہ ایک دوسرے کی طرف سے ان کے دلوں میں ہوگا ہم وہ نکال دیں گے، تختوں پر آمنے سامنے بھائی بنے بیٹھے ہوں گے۔نہ انہیں اس میں تکلیف چھوئے گی اور وہ نہ اس سے باہر نکالے جائیں گے۔

۔الحجر ۱۵:۴۷۔۴۸

۶۰۔ جنت اعمال کے عوض ملے گی

۱۹۲۔اور ان کو ندا دی جائے گی کہ یہ جنت ہے جس کے تم وارث بنائے گئے۔بدلہ اس کا جو نیک کام تم کیا کرتے تھے۔

۔الاعراف ۷:۴۳۔

۱۹۳۔بدلہ ہے اس کا جو وہ کیا کرتے تھے۔

۔السجدۃ ۳۲:۱۷ والاحقاف ۴۶:۱۴ والواقعۃ ۵۶:۲۴۔

۱۹۴۔اور یہ جنت ہے جس کے تم وارث بنائے گئے بدلہ اس کا جو نیک کام تم کیا کرتے تھے۔

۔الزخرف ۴۳:۷۲۔

۱۹۵۔خوش گوار کھاؤ اور پیو، بدلہ اس کا جو تم کیا کرتے تھے۔

۔الطور ۵۲:۱۹ والمرسلت ۷۷:۴۳۔

۱۹۶۔خوش گوار کھاؤ اور پیو، بدلہ اس کا جو تم نے گزشتہ دنوں میں آگے بھیجا ہے۔

۔الحاقۃ ۶۹:۲۴۔

۶۱۔ بغیر امتحان میں پورا اترے جنت کی طمع نہیں کرنا چاہیے

۱۹۷۔کیا تم نے یہ خیال جما رکھا ہے کہ تم جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔ حالانکہ ابھی تم پر وہ حالت نہیں آئی جو ان پر آئی تھی، جو تم سے پہلے ہو گزرے ہیں۔ان کو محتاجی اور تکلیف نے پکڑا تھا اور وہ خوب ہلائے گئے تھے یہاں تک کہ رسول اور وہ لوگ جو اس کے ساتھ ہو کر ایمان لائے تھے کہنے لگے کہ اللہ کی مدد کب آئے گی۔سن لو کہ اللہ کی مدد قریب ہی ہے۔

۔البقرۃ ۲:۲۱۴۔

جنت میں کون لوگ داخل ہوں گے؟

۱۔ مومنین جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے

۱۔ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ ۙ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ وَلَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۙ وَّهُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵﴾

۲۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۸۲﴾

۳۔ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۷۷﴾

۴۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ لَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۫ وَّنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيْلًا ﴿۵۷﴾

۵۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا ﴿۱۲۲﴾

۶۔ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا ﴿۱۲۴﴾

۷۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَآ ۫ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ ۚ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰىنَا لِهٰذَا ۫ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ؕ وَنُوْدُوْٓا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾

۱۔ اور جو لوگ ایمان لائے ۔ اور انہوں نے نیک عمل کیے ان کو خوش خبری سنا دے کہ ان کے لیے باغ ہیں، تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی ۔ جب ان کو وہاں کوئی میوہ کھانے کو دیا جائے گا تو کہیں گے، یہ تو ہم کو پہلے بھی مل چکا ہے اور ان کو ایک ہی صورت سے ملا کریں گے اور وہاں ان کے لیے پاک بیبیاں ہوں گی اور وہ وہاں ہمیشہ رہیں گے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۵۔

۲۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے وہی لوگ جنتی ہیں اور وہ ہمیشہ جنت میں رہیں گے۔

۔البقرۃ ۲: ۸۲۔

۳۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہے ان کا ثواب ان کے پروردگار کے ہاں ان کو ملے گا اور ان پر نہ خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

۔البقرۃ ۲: ۲۷۷۔

۴۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے ہم ان کو عنقریب ایسے باغوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہوں گی ۔ وہ ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ ان کے لیے وہاں پاک بیبیاں ہوں گی اور ہم ان کو گھنی گھنی چھاؤں میں رکھیں گے۔

۔النساء ۴: ۵۷۔

۵۔ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے ہم عنقریب ان کو ایسے باغوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی، وہ ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ اللہ کا پکا وعدہ ہے اور اللہ سے بڑھ کر بات کا سچا کون؟

۔النساء ۴: ۱۲۲۔

۶۔ اور جو شخص کوئی نیک کام کرے گا مرد ہو یا عورت اور وہ ایمان بھی رکھتا ہو تو ایسے لوگ جنت میں داخل ہوں گے اور ذرہ بھی ان کی حق تلفی نہ ہوگی۔

۔النساء ۴: ۱۲۴۔

۷۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے اور ہم کسی شخص کو اس کی گنجائش سے زیادہ تکلیف تو دیتے نہیں۔ یہی لوگ جنتی ہیں وہ ہمیشہ اسی جنت میں رہیں گے اور جو کچھ ان کے دلوں میں رنج ہوگا وہ ہم نکال دیں گے۔ ان کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی اور وہ کہیں گے کہ اللہ کا شکر ہے جس نے ہم کو اس کا رستہ دکھایا۔ اور اگر خدا ہم کو رستہ نہ دکھاتا تو ہم راہ نہ پاتے۔ بے شک ہمارے پروردگار کے رسول حق لے کر آئے تھے اور ان لوگوں سے پکار کر کہہ دیا جائے گا، یہی وہ جنت ہے کہ تم ان عملوں کی بدولت جو تم کرتے تھے اس کے وارث قرار دیے گئے ہو۔

۔الاعراف ۷: ۴۲۔۴۳

Marfat.com

٨۔ سچے مسلمان تو بس وہی ہیں کہ جب خدا کا نام لیا جاتا ہے تو ان کے دل دہل جاتے ہیں اور جب آیاتِ الٰہی ان کو پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو وہ ان کے ایمان کو اور بھی زیادہ کر دیتی ہیں ۔ اور (ہر حال میں) اپنے پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ جو نماز پڑھتے ہیں اور ہم نے جو ان کو روزی دی ہے اس میں سے (اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے ہیں۔ یہی ہیں سچے ایمان دار۔ اِن کے لیے ان کے پروردگار کے ہاں درجے ہیں اور (گناہوں کی معافی) اور عزت اور آبرو کی روزی ہے۔

-الانفال ۸: ۲-۴-

٩۔ ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں سے اللہ نے باغوں کا وعدہ کر لیا ہے، جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ ان میں ہمیشہ رہیں گے اور دائمی بہشت میں عمدہ عمدہ مکانوں کا۔ اور اللہ کی خوش نودی سب سے بڑھ کر ہے۔ یہی ہے بڑی کامیابی۔

-التوبۃ ۹: ۷۲-

١٠۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے، انہیں ان کے ایمان کے باعث ان کا پروردگار راہ دکھلائے گا۔ ان کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی۔ وہ وہاں بول اٹھیں گے کہ بارِ الٰہا! تیری ذات پاک ہے اور وہاں ان کی دعا خیر سلام ہو گی اور ان کی آخری بات یہ ہو گی کہ ہر طرح کی حمد اللہ ہی کے لیے ہے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔

-یونس ۱۰: ۹-

١١۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے اور اپنے پروردگار کے آگے عاجزی کرتے رہے یہی جنتی لوگ

٨۔ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ۭ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝

٩۔ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ۭ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

١٠۔ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ بِاِيْمَانِهِمْ ۚ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝ دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

١١۔ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَخْبَتُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ ۙ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

١٢۔ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ الَّذِيْنَ يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ ۝ وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ سُوْۗءَ الْحِسَابِ ۝ وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَاۗءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ

ہیں۔ یہ ہمیشہ بہشت میں رہیں گے۔

-ھود ۱۱: ۲۳-

١٢۔ بس وہی لوگ نصیحت پکڑتے ہیں جو سمجھ دار ہیں۔ یعنی وہ لوگ جنہوں نے اللہ کے ساتھ جو عہد کر لیا اس کو پورا کرتے ہیں اور اپنے اقرار کو نہیں توڑتے۔ اور وہ لوگ کہ اللہ نے جن تعلقات کے جوڑے رکھنے کا حکم دیا ہے ان کو جوڑے رکھتے اور اپنے پروردگار سے ڈرتے اور قیامت کو بری طرح حساب لیے جانے کا اندیشہ رکھتے ہیں اور جنہوں نے اپنے پروردگار کا مونہہ کر کے صبر کیا۔ اور نمازیں پڑھیں اور ہم نے جو ان کو رزق دیا تھا اس میں سے چپکے اور ظاہر خرچ کیا۔ اور برائی کے مقابلے میں نیکی کرتے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن کی دنیا کا انجام ہے (یعنی) ہمیشہ رہنے کے باغ جن میں وہ خود رہیں گے اور ان کے بڑوں اور ان کی بیبیوں اور ان کی اولاد میں سے جو نیکوکار ہوں

Marfat.com

وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿٢٢﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ﴿٢٣﴾ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ﴿٢٤﴾

گے (وہ بھی) اور ہر دروازے سے فرشتے ان کے پاس آ کر ان سے سلام علیکم کریں گے۔ جو تم صبر کرتے رہے یہ اسی کا صلہ ہے۔ سو تمہاری دنیا کا بھی اچھا انجام ہوا۔

-الرعد ۱۳: ۱۹-۲۴-

١٣- اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ﴿٢٩﴾

١٣- تو جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے ان کے لیے خوش حالی ہے اور اچھا ٹھکانا۔

-الرعد-۱۳: ۲۹-

١٤- وَاُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۭ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ﴿٢٣﴾

١٤- اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے وہ باغوں میں داخل کئے جائیں گے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ وہ اپنے پروردگار کے حکم سے ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ وہاں ان کی دعا سلام ہوگی۔

-ابراہیم ۱۴: ۲۳-

١٥- مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٩٧﴾

١٥- جو شخص نیک عمل کرے گا، مرد ہو یا عورت اور وہ ایمان بھی رکھتا ہو تو ہم اس کی زندگی اچھی طرح بسر کرائیں گے اور ان کو ان کے بہترین اعمال کا صلہ ضرور عطا فرمائیں گے۔

-النحل ۱۶: ۹۷-

١٦- اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ﴿٣٠﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ۭ نِعْمَ الثَّوَابُ ۭ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ﴿٣١﴾

١٦- بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل بھی کئے تو جو شخص نیک عمل کرے ہم اس کے اجر کو ضائع نہیں ہونے دیا کرتے۔ یہی لوگ ہیں جن کے رہنے کے لیے ہمیشگی کے باغ میں ان لوگوں کے مکانوں تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی اور ان کو وہاں سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے اور وہ مہین اور دبیز ریشمی سبز کپڑے زیب تن کریں گے۔ وہاں تختوں پر تکیے لگائے

١٧- اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿١٠٧﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ﴿١٠٨﴾

١٧- البتہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے، ان کی ضیافت کے لیے فردوس کے باغ ہوں گے۔ جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ یہاں سے اٹھنا نہیں چاہیں گے۔

-الکہف ۱۸: ۱۰۷-۱۰۸-

١٨- اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ﴿٩٦﴾

١٨- جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے، رحمان عنقریب ان کی محبت پیدا کر دے گا۔

-مریم ۱۹: ۹۶-

Marfat.com

۱۹۔ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ شَيْئًا ﴿۶۰﴾ جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَهٗ بِالْغَيْبِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ وَعْدُهٗ مَاْتِيًّا ﴿۶۱﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا اِلَّا سَلٰمًا ۭ وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيْهَا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ﴿۶۲﴾

۱۹۔ مگر جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک عمل کئے تو ایسے لوگ بہشت میں داخل ہوں گے اور ان کی ذرا بھی حق تلفی نہ کی جائے گی۔ ہمیشہ رہنے کے باغوں میں جن کا وعدہ غیب سے اللہ نے اپنے بندوں کے ساتھ کر رکھا ہے۔ بے شک اس کا وعدہ پورا ہو کر رہے گا۔ وہاں کوئی بیہودہ بات کان میں نہیں پڑے گی۔ سلام ہی سلام کی آواز ہوگی۔ وہاں ان کا کھانا صبح و شام ان کو ملا کرے گا۔

۔مریم ۱۹: ۶۰-۶۲۔

۲۰۔ وَمَنْ يَّاْتِهٖ مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى ﴿۷۵﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا مَنْ تَزَكّٰى ﴿۷۶﴾

۲۰۔ اور جو با ایمان اللہ کے حضور میں حاضر ہوگا، اس نے نیک عمل بھی کئے ہوں گے تو یہی لوگ ہیں جن کے بڑے درجے ہوں گے۔ رہنے کے باغ جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے اور جو شخص پاک رہے اس کا یہی صلہ ہے۔

۔طٰہٰ ۲۰: ۷۵-۷۶۔

۲۱۔ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ﴿۱۴﴾

۲۱۔ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے، کچھ شک نہیں کہ ان کو اللہ ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ بے شک اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

۔الحج ۲۲: ۱۴۔

۲۲۔ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۭ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿۲۳﴾ وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ۚ وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ﴿۲۴﴾

۲۲۔ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے ان کو اللہ ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ وہاں ان کو سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے اور موتی اور وہاں ان کا ریشمی لباس ہو گا۔ اور ان کو اچھی بات کی ہدایت کی گئی اور ان کو اسی کا رستہ دکھایا گیا تھا، جو سزاوارِ حمد ہے۔

۔الحج ۲۲: ۲۳-۲۴۔

۲۳۔ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۵۰﴾

۲۳۔ پھر جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے ان کے لیے بخشش ہے اور عزت کی روزی۔

۔الحج ۲۲: ۵۰۔

۲۴۔ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۵۶﴾

۲۴۔ تو جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے وہ آرام کے باغوں میں ہوں گے۔

۔الحج ۲۲: ۵۶۔

۲۵۔ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱﴾ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ﴿۲﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ﴿۳﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ﴿۴﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ﴿۵﴾ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ

۲۵۔ بے شک مومنوں نے فلاح پائی وہ جو اپنی نماز میں فروتنی کرتے ہیں اور جو بیہودہ بات سے مونہہ موڑتے ہیں۔ اور وہ جو زکوٰۃ دیتے رہتے ہیں۔ اور وہ جو اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرتے ہیں مگر اپنی بیویوں یا اپنے ہاتھ کے مال پر کہ اس میں ان پر ملامت نہیں ہے۔ مگر جو کوئی سوائے اس کے چاہے تو یہ وہ لوگ ہیں جو حد سے باہر جانے والے ہیں۔ اور وہ جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کی نگہداشت رکھتے

فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۝٦ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۝٧ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۝٨ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝٩ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝١٠ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝١١

٢٦۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

٢٧۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصّٰلِحِيْنَ ۝

٢٨۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۝٥٨

٢٩۔ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ فِيْ رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ ۝

٣٠۔ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتُ النَّعِيْمِ ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

٣١۔ اَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰى ۙ نُزُلًا بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

٣٢۔ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝

ہیں۔اور وہ جو اپنی نمازوں پر حفاظت رکھتے ہیں، وارث ہیں جو بہشت کے وارث ہوں گے۔ وہ ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔

۔المؤمنون ۲۳: ۱۔ ۱۱۔

۲۶۔اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے ضرور ہم ان کے گناہ ان سے دور کر دیں گے۔اور جو عمل کرتے رہے ہیں ان کو ان کا بہتر سے بہتر بدلہ دیں گے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۷۔

۲۷۔اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے، ان کو ہم ضرور نیک بندوں میں داخل کریں گے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۹۔

۲۸۔اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے، ہم انہیں جنت کے بالا خانوں میں جگہ دیں گے جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اور وہ ہمیشہ انہیں میں رہیں گے۔کرنے والوں کا اجر کیا اچھا ہے۔

۔العنکبوت ۲۹: ۵۸۔

۲۹۔لیکن جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے، ان کی باغ (بہشت) میں آؤ بھگت کی جائے گی۔

۔الروم ۳۰: ۱۵۔

۳۰۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے، ان کے لیے مزے کے باغ ہیں۔وہ ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ خدا کا پکا وعدہ اور وہ زبردست، حکمت والا ہے۔

۔لقمٰن ۳۱: ۸۔ ۹۔

۳۱۔تو جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے ان کے لیے رہنے کو باغ ہوں گے۔مہمان داری ان کے عملوں کا بدلہ جو وہ کرتے رہے۔

۔السجدۃ ۳۲: ۱۹۔

۳۲۔(قیامت ضرور آئے گی) تاکہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے، ان کو بدلہ دے۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے مغفرت اور عزت کی روزی ہے۔

۔سبا ۳۴: ۴۔

Marfat.com

٣٣۔اور جولوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے ان کے لیے مغفرت اور بڑا اجر ہے۔

۔فاطر ۳۵:۷۔

٣٤۔اور ان میں سے بعض ایسے ہیں جو اللہ کے حکم سے نیکیوں میں آگے بڑھے ہوئے ہیں ۔ یہی بڑا فضل ہے۔(ان کے لیے) ہمیشہ رہنے کے باغ، یہ ان میں جا داخل ہوں گے ۔ وہاں ان کو سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائیں گے اور وہاں ان کا لباس ریشمی ہوگا۔ اور وہ کہیں گے کہ اللہ کا شکر ہے جس نے ہم سے غم دور کر دیا۔ بے شک ہمارا پروردگار بخشنے والا اور بڑا قدردان ہے کہ اس نے ہم کو اپنے فضل سے ٹھیرنے کے ایسے گھر میں لا اتارا کہ یہاں ہم کو نہ تو تکلیف پہنچتی ہے اور نہ تکان ہوتی ہے۔

۔فاطر ۳۵:۳۲۔۳۵۔

٣٥۔بے شک جنتی لوگ اس دن مزے سے جی بہلا رہے ہوں گے ۔ وہ اور ان کی بیبیاں سایوں میں تختوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے۔ وہاں ان کے لیے میوے ہوں گے اور جو کچھ طلب کریں گے وہ ان کے لیے حاضر۔ پروردگار مہربان اپنی طرف سے سلام بھیجے گا۔

۔یٰسٓ ۳۶:۵۵۔۵۸۔

٣٦۔البتہ جولوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے ان کے لیے بڑا اجر ہے جو موقوف ہونے والا نہیں۔

۔حٰمٓ السجدۃ ۴۱:۸۔

٣٧۔اور جولوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل

٣٣۔وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝

٣٤۔وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ۝ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۚ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ۝ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ۭ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۝ الَّذِيْٓ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ لَا يَمَسُّنَا فِيْهَا نَصَبٌ وَّلَا يَمَسُّنَا فِيْهَا لُغُوْبٌ ۝

٣٥۔اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ۝ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَي الْاَرَاۗىِٕكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ۝ لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ۝ سَلٰمٌ ۣ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝

٣٦۔اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝

٣٧۔وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ رَوْضٰتِ الْجَنّٰتِ ۚ لَهُمْ مَّا يَشَاۗءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ۝ ذٰلِكَ الَّذِيْ يُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۭ قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى ۭ وَمَنْ يَّقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِيْهَا حُسْنًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۝

٣٨۔لِعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

کیے وہ باغ ہائے بہشت کے سبزہ زاروں میں ہوں گے۔ جو کچھ ان کو درکار ہوگا، ان کے پروردگار کے ہاں ان کے لیے موجود ہوگا۔ یہی بڑا فضل ہے، یہی وہ چیز ہے جس کی خوش خبری اللہ اپنے ان بندوں کو دیتا ہے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے۔تو کہہ دے کہ میں تم سے اس پر کوئی مزدوری نہیں مانگتا ہوں مگر رشتہ ناتہ کی محبت۔اور جو شخص نیکی کرے گا اس کے لیے ہم اور زیادہ خوبی پیدا کر دیں گے۔اللہ بخشنے والا، قدردان ہے۔

۔الشوریٰ ۴۲:۲۲۔۲۳۔

٣٨۔میرے بندو آج تم کو نہ کوئی خوف ہے اور نہ تم غمگین ہوگے۔ جو ہماری آیتوں پر ایمان لائے اور فرماں بردار رہے (ہم ان سے فرمائیں گے) تم اور تمہاری بیبیاں عزت کے ساتھ جنت میں داخل ہو۔ان پر سونے کی رکابیاں اور پیالیوں کا دور چلے گا۔اور جس چیز کو جی

Marfat.com

چاہے گا اور جس سے آنکھیں خوش ہوں گی، وہ وہاں موجود ہوں گی۔ اور تم ہمیشہ یہیں رہو گے۔ یہ جنت کی میراث تم کو اس کے عوض میں ہے، جو تم کرتے رہے۔ یہاں تمہارے لیے کثرت سے میوے ہیں جن میں سے تم کھا رہے ہو۔

۔الزخرف ۴۳: ۶۸۔۷۳۔

۳۹۔تو جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے، ان کو ان کا پروردگار اپنی رحمت میں لے لے گا۔ یہی صریح کامیابی ہے۔

۔الجاثیہ ۴۵: ۳۰۔

۴۰۔ بے شک جن لوگوں نے کہا ہمارا پروردگار اللہ ہے پھر اسی پر جمے رہے، نہ تو ان پر کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غم گین ہوں گے۔ یہی جنت والے ہیں، ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔ یہ ان کے عملوں کا بدلہ ہے جو وہ کرتے رہے۔

۔الاحقاف ۴۶: ۱۳۔۱۴

۴۱۔جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے، بلاشبہ ان کو اللہ ایسے باغوں میں لے جا داخل کرے گا جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔

۔محمد ۴۷: ۱۲۔

۴۲۔وہی تو تھا جس نے مسلمانوں کے دلوں میں تحمل ڈالا تا کہ ان کے ایمان کے ساتھ اور ایمان زیادہ ہو۔ اور

بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ﴿۶۹﴾ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ اَنْتُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُوْنَ ﴿۷۰﴾ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ وَّاَكْوَابٍ ۚ وَفِيْهَا مَا تَشْتَهِيْهِ الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْيُنُ ۚ وَاَنْتُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْٓ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۷۲﴾ لَكُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ كَثِيْرَةٌ مِّنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۷۳﴾

۳۹۔ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿۷۴﴾

۴۰۔ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۷۵﴾ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۷۶﴾

۴۱۔ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ

۴۲۔ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ؕ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۷۷﴾ لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿۷۸﴾

۴۳۔ يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ

آسمانوں اور زمین کے لشکر اللہ ہی کے ہیں۔ اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔ کہ اللہ ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کو باغوں میں لے جا داخل کرے جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ وہ ہمیشہ اس میں رہیں گے اور ان پر سے ان کے گناہوں کو اتار دے گا۔ اور اللہ کے نزدیک یہ بڑی کامیابی ہے۔

۔الفتح ۴۸: ۴۔۵۔

۴۳۔تو اس روز مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو دیکھے گا کہ ان کا نور ان کے آگے آگے اور ان کے داہنی طرف چل رہا ہوگا۔ آج تم

Marfat.com

وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ الْيَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿١٢﴾

٤٤۔ سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ ۙ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ؕ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٢١﴾

٤٥۔ لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ؕ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَ رَضُوْا عَنْهُ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿٢٢﴾

٤٦۔ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٩﴾

٤٧۔ رَّسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ قَدْ

لوگوں کے لیے خوشی ہے، باغ ہیں جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہیں۔ انہیں میں ہمیشہ رہو گے، یہ ہے بڑی کامیابی۔

-الحدید ۵۷: ۱۲۔

۴۴۔ اپنے پروردگار کی مغفرت کی طرف لپکو اور بہشت کی طرف۔ جس کا پھیلاؤ اتنا ہے جیسے آسمان اور زمین کا پھیلاؤ۔ ان لوگوں کے لیے تیار کی گئی ہے جو اللہ اور اس کے پیغمبروں پر ایمان لاتے ہیں۔ یہ اللہ کا فضل ہے جس کو چاہے عنایت کرے۔ اور اللہ کا فضل بہت بڑا ہے۔

-الحدید ۵۷: ۲۱۔

۴۵۔ جو لوگ اللہ اور روزِ آخرت پر یقین رکھتے ہیں، ان کو تم نہ دیکھو گے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول کے مخالفوں کے ساتھ دوستی رکھیں۔ چاہے وہ ان کے باپ یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی یا ان کے کنبے ہی کے ہوں۔ یہی وہ ہیں جن کے دلوں کے اندر اللہ نے ایمان نقش کر دیا ہے۔ اور اپنے فیضانِ غیبی سے تائید کی ہے اور وہ ان کو ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی، ہمیشہ انہیں میں رہیں گے۔ اللہ ان سے خوش ہے اور وہ اللہ سے خوش۔ یہ الٰہی گروہ ہے۔ جان لو کہ الٰہی گروہ ہی فلاح پائے گا۔

-الحشر ۵۸: ۲۲۔

۴۶۔ جب حشر کے دن وہ تم کو جمع کرے گا، یہی ہار جیت کا دن ہوگا۔ اور جو شخص اللہ پر ایمان لاتا اور نیک عمل کرتا ہے، اللہ اس کے گناہ اس پر سے دور کر دے گا اور اس کو ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی وہ ان میں سدا کو ہمیشہ رہیں گے، بڑی کامیابی یہی ہے۔

-التغابن ۶۴: ۹۔

۴۷۔ ایک پیغمبر کو تمہاری طرف بھیج دیا ہے جو تم کو اللہ کی کھلی کھلی آیتیں پڑھ کر سناتا ہے تاکہ جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کیے ان کو تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں لائے اور جو شخص اللہ پر ایمان

لائے گا اور نیک عمل کرے گا اللہ اس کو ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ وہ ان میں سدا کو ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ نے ان کو خوب روزی دی۔

-الطلاق ٦٥: ١١-

٤٨۔ مگر جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے ان کے لیے اجر ہے بے انتہا۔

-الانشقاق ٨٤: ٢٥-

٤٩۔ البتہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے، ان کے لیے باغ ہیں جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ یہ بڑی کامیابی ہے۔

-البروج ٨٥: ١١ والتین ٩٥: ٦-

٥٠۔ مگر جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے ان کے لیے اجر ہے بے انتہا۔

-التین ٩٥: ٦-

٥١۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے یہی لوگ بہترین خلائق ہیں۔ ان کا بدلہ ان کے پروردگار کے ہاں رہنے کے باغ ہیں، جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی وہ ان میں سدا کو ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ ان سے خوش اور وہ اس سے خوش۔ یہ اس کے لیے ہے جو اپنے پروردگار سے ڈرتا ہے۔

-البینۃ ٩٨: ٧-٨-

٢۔ متقین، جو اللہ سے ڈر کر گناہوں سے بچتے اور نیکیاں کرتے ہیں

٥٢۔ تو ان سے کہہ دے کہ میں تم کو ان سے بہتر چیز بتاؤں۔ جن لوگوں نے پرہیز گاری اختیار کی، ان کے

اَحْسَنَ اللّٰهُ لَهٗ رِزْقًا ⑪

٤٨۔ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ⑫

٤٩۔ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۛ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ ⑬

٥٠۔ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ⑭

٥١۔ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ⑮ جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۭ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ ⑯

٥٢۔ قُلْ اَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ ۭ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَاَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ⑰

٥٣۔ وَسَارِعُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ ۙ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ⑱ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ⑲ وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۡ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۡ وَ

لیے ان کے پروردگار کے ہاں باغ ہیں جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہیں۔ وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے اور پاک بی بیاں ہیں اور خدا کی خوشنودی۔ اور اللہ بندوں کو دیکھ رہا ہے۔

-آل عمران ٣: ١٥-

٥٣۔ اور اپنے پروردگار کی مغفرت اور اس جنت کی طرف لپکو جس کی چوڑائی آسمانوں اور زمین کی برابر ہے۔ وہ ان متقیوں کے لیے تیار کی گئی ہے جو خوشی اور سختی کی حالت میں (اپنا مال اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے ہیں اور غصے کو ضبط کرنے والے اور لوگوں کے قصور معاف کرنے والے ہیں اور اللہ نیکی کرنے والوں سے محبت رکھتا ہے۔ اور وہ کہ جب وہ کوئی برا کام یا اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھتے ہیں تو اللہ کو یاد کر کے اپنے گناہوں کی معافی مانگتے ہیں اور اللہ کے سوا گناہوں کو کون معاف کر سکتا ہے؟ اور وہ اپنے کیے پر اصرار نہیں

کرتے اور وہ جانتے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کی جزا ان کے پروردگار کی طرف سے معافی ہے اور ایسے باغ جن کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں۔ وہ ہمیشہ انہیں باغوں میں رہیں گے اور کام کرنے والوں کا اجر کیا ہی اچھا ہے۔

-آل عمران ۳:۱۳۳-۱۳۶-

۵۴۔لیکن جولوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے رہے، ان کے لیے باغ ہیں جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہوں گی، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ کے ہاں سے یہ مہمان داری ہوگی۔ اور جو اللہ کے ہاں ہے وہ نیکوکاروں کے حق میں کہیں بہتر ہے۔

-آل عمران ۳:۱۹۸-

۵۵۔اس جنت کی صفت جس کا متقیوں سے وعدہ کیا گیا ہے یہ ہے کہ اس کے (درختوں کے) نیچے نہریں جاری ہیں۔ اس کا میوہ اور اس کا سایہ ہمیشہ رہنے والا ہے۔ یہ ان لوگوں کا انجام ہے جو (اللہ سے) ڈرتے ہیں اور کافروں کا انجام آگ ہے۔

-الرعد ۱۳:۳۵-

۵۶۔پرہیز گار باغوں اور چشموں میں ہوں گے۔ کہا جائے گا سلامتی کے ساتھ باطمینان داخل ہو اور ان کے دلوں میں کچھ رنجش رہی ہوگی تو ہم اس کو نکال دیں گے اور ایک دوسرے کے آمنے سامنے تختوں پر ہوں گے جیسے بھائی بھائی۔ ان کو بہشت میں کسی طرح کی تکلیف چھوئے گی بھی نہیں۔ اور نہ یہ بہشت سے نکالے جائیں گے، ہمارے بندوں کو آگاہ کر دے کہ ہم بخشنے والے، مہربان ہیں۔

-الحجر ۱۵:۴۵-۴۹-

لَمْ يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۱۳۶﴾

۵۴۔لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ ﴿۱۹۸﴾

۵۵۔مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اُكُلُهَا دَآئِمٌ وَّظِلُّهَا ؕ تِلْكَ عُقْبَى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۫ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ﴿۳۵﴾

۵۶۔ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۴۵﴾ ؕ اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۷﴾ لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا نَصَبٌ وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ﴿۴۸﴾ نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۹﴾

۵۷۔وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ؕ قَالُوْا خَيْرًا ؕ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ؕ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۰﴾

۵۸۔جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ ؕ كَذٰلِكَ يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۱﴾ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ ۙ يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ۙ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۲﴾

۵۷۔اور جو لوگ پرہیز گار ہیں ان سے پوچھا جاتا ہے کہ تمہارے پروردگار نے کیا نازل کیا۔ تو جواب دیتے ہیں کہ اچھے سے اچھا، جن لوگوں نے بھلائی کی ان کے لیے اس دنیا میں بھی بھلائی ہے، آخرت کا ٹھکانا تو کہیں بہتر ہے اور پرہیز گاروں کا گھر کیا عمدہ ہے۔

-النحل ۱۶:۳۰-

۵۸۔یعنی ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں۔ جن میں وہ جا داخل ہوں گے۔ ان کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی اور جس چیز کو ان کا جی چاہے گا وہ وہاں ان کے لیے موجود۔ پرہیز گاروں کو اللہ ایسا ہی عوض دیتا ہے جن کی جانیں فرشتے ایسی حالت میں قبض کرتے ہیں کہ وہ پاک ہوتے ہیں۔ فرشتے سلام علیک کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جیسے عمل کرتے رہے ہو، ان کے صلے میں جنت میں جا داخل ہو۔

-النحل ۱۶:۳۱-۳۲-

Marfat.com

٥٩۔ تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِي نُورِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا ﴿٦٣﴾

٦٠۔ قُلْ أَذَٰلِكَ خَيْرٌ أَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ ۚ كَانَتْ لَهُمْ جَزَاءً وَمَصِيرًا ﴿١٥﴾

٦١۔ وَأُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِينَ ﴿٩٠﴾

٦٢۔ وَإِنَّ لِلْمُتَّقِينَ لَحُسْنَ مَآبٍ ﴿٤٩﴾ جَنَّاتِ عَدْنٍ مُفَتَّحَةً لَهُمُ الْأَبْوَابُ ﴿٥٠﴾ مُتَّكِئِينَ فِيهَا يَدْعُونَ فِيهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ وَشَرَابٍ ﴿٥١﴾ وَعِنْدَهُمْ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ أَتْرَابٌ ﴿٥٢﴾ هَٰذَا مَا تُوعَدُونَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿٥٣﴾ إِنَّ هَٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهُ مِنْ نَفَادٍ ﴿٥٤﴾

٦٣۔ لَٰكِنِ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَبْنِيَّةٌ ۙ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۖ وَعْدَ اللَّهِ ۚ لَا يُخْلِفُ اللَّهُ الْمِيعَادَ ﴿٢٠﴾

٦٤۔ وَالَّذِي جَاءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهِ أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُتَّقُونَ ﴿٣٣﴾ لَهُمْ مَا يَشَاءُونَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ ذَٰلِكَ جَزَاءُ الْمُحْسِنِينَ ﴿٣٤﴾ لِيُكَفِّرَ اللَّهُ عَنْهُمْ أَسْوَأَ الَّذِي عَمِلُوا وَيَجْزِيَهُمْ أَجْرَهُمْ بِأَحْسَنِ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٣٥﴾

٦٥۔ وَسِيقَ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ إِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ۖ حَتَّىٰ إِذَا جَاءُوهَا وَفُتِحَتْ أَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوهَا

٥٩۔ یہ وہ جنت ہے جس کا وارث ہم اپنے بندوں میں سے اس شخص کو کرتے ہیں جو (اللہ سے) ڈرتا ہے۔

۔مریم ۱۹: ۶۳۔

٦٠۔ (اے نبی ﷺ! ان سے) پوچھ بھلا یہ (عذاب) اچھا ہے یا وہ ہمیشہ کا باغ جس کا متقیوں سے وعدہ کیا گیا ہے۔ وہ ان کا صلہ اور رہنے کی جگہ ہے۔

۔الفرقان ۲۵: ۱۵۔

٦١۔ اور جنت متقیوں کے قریب کی جائے گی۔

۔الشعراء ۲۶: ۹۰۔

٦٢۔ اور بے شک پرہیز گاروں کے لیے اچھا ٹھکانا ہے یعنی ہمیشہ رہنے کے باغ، جن کے دروازے ان کے لیے کھلے ہوں گے۔ ان میں تکیے لگا لگا کر بیٹھیں گے۔ وہاں بہت سے میوے اور شربت منگوائیں گے اور ان کے پاس نیچی نظر والی بیبیاں ہوں گی ہم عمر۔ یہ ہیں وہ جن کا تم سے روزِ حساب کے لیے وعدہ کیا جاتا ہے۔ بے شک یہ ہماری روزی ہے جو کبھی ختم ہونے میں نہیں آئے گی۔

۔صٓ ۳۸: ۴۹۔۵۴۔

٦٣۔ لیکن جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے رہے ان کے لیے بالاخانے اور بالاخانوں کے اوپر بالاخانے بنے ہوئے ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ خدا کا وعدہ۔ خدا وعدہ خلافی نہیں کیا کرتا۔

۔الزمر ۳۹: ۲۰۔

٦٤۔ اور جو سچی بات لے کر آیا اور اس کو سچ جانا، یہی لوگ پرہیز گار ہیں۔ جو چاہیں گے ان کے پروردگار کے ہاں ان کے لیے موجود ہو گا۔ نیکی کرنے والوں کا یہی بدلہ ہے تاکہ اللہ ان کے اعمال بدان پر سے اتار دے۔ اور ان کو ان کے نیک کاموں کے عوض میں اچھے سے اچھا اجر عطا فرمائے۔

۔الزمر ۳۹: ۳۳۔۳۵۔

٦٥۔ اور جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے رہے ان کو ٹولیاں بنا بنا کر بہشت کی طرف لے جائیں گے۔ یہاں تک کہ جب وہ بہشت

Marfat.com

خٰلِدِيْنَ ﴿٧٣﴾ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا
الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿٧٤﴾ وَ
تَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ
وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧٥﴾

٦٦۔ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ اَمِيْنٍ ﴿٥١﴾ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿٥٢﴾ يَّلْبَسُوْنَ مِنْ
سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿٥٣﴾ كَذٰلِكَ ۫ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ
عِيْنٍ ﴿٥٤﴾ يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ اٰمِنِيْنَ ﴿٥٥﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا
الْمَوْتَ اِلَّا الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى ۚ وَوَقٰىهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿٥٦﴾ فَضْلًا مِّنْ
رَّبِّكَ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٥٧﴾

٦٧۔ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ
مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ
عَسَلٍ مُّصَفًّى ۭ وَلَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ۭ

٦٨۔ وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ﴿٣١﴾ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ
اَوَّابٍ حَفِيْظٍ ﴿٣٢﴾ مَّنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبِ ﴿٣٣﴾
ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ۭ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ﴿٣٤﴾ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ
فِيْهَا وَلَدَيْنَا مَزِيْدٌ ﴿٣٥﴾

کے پاس پہنچیں گے اور اس کے دروازے کھلے ہوں گے اور بہشت کے موکل ان سے سلام علیک کر کے کہیں گے کہ تم مزے میں رہے، تو بہشت میں ہمیشہ کے لیے داخل ہو۔ اور یہ کہیں گے اللہ کا شکر ہے جس نے اپنا وعدہ ہم کو سچ کر دکھایا اور ہم کو اس سرزمین کا مالک بنایا کہ ہم بہشت میں جہاں چاہیں رہیں، تو عمل کرنے والوں کا کیا اچھا اجر ہے۔ اور تو فرشتوں کو دیکھے گا کہ عرش کے گرداگرد حلقہ باندھے اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کر رہے ہیں اور لوگوں کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا اور یہ صدا ہو گی کہ سب تعریفیں اللہ کو سزاوار ہیں۔ جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔

۔الزمر ۳۹: ۷۳۔۷۵۔

٦٦۔ پرہیزگار امن کی جگہ یعنی باغوں اور چشموں میں ہوں گے۔ ریشم کی مہین اور دبیز پوشاکیں پہنے آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے۔ ایسا ہی ہو گا۔ اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں سے ہم نے ان کے جوڑے لگا دیے ہوں گے۔ وہاں اطمینان سے ہر طرح کے میوے منگا رہے ہوں گے۔ پہلی موت کے سوا وہاں ان کو موت چکھنی ہی نہیں پڑے گی اور اللہ ان کو دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھے گا۔ تیرے پروردگار کا فضل، یہی بڑی کامیابی ہے۔

۔الدخان ۴۴: ۵۱۔۵۷۔

٦٧۔ جس بہشت کا وعدہ پرہیزگاروں سے کیا گیا ہے اس کی کیفیت یہ ہے کہ اس میں پانی کی نہریں ہیں جس میں بو نہیں اور دودھ کی نہریں ہیں جس کا ذائقہ نہیں بدلا۔ اور شراب کی نہریں ہیں جو پینے والوں کو خوش ذائقہ معلوم ہوں گی۔ اور صاف شہد کی نہریں۔ اور ان کے لیے وہاں ہر طرح کے میوے ہوں گے اور ان کے پروردگار کی طرف سے بخشش۔

۔محمد ۴۷: ۱۵۔

٦٨۔ اور جنت متقیوں کے قریب کی جائے گی فاصلہ پر نہ ہو گی۔ یہ وہ ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ ہر ایک اللہ کی طرف رجوع ہونے والے، اس کے احکام کی حفاظت کرنے والے کے لیے جو بن دیکھے رحمٰن سے ڈرا اور رجوع ہونے والا دل لے کر آیا۔ (ہم فرمائیں گے) کہ سلامتی کے ساتھ اس بہشت میں داخل ہو۔ یہ ہی ہمیشہ رہنے کا دن ہے۔ بہشت میں ان لوگوں کو جو چاہیں گے ملے گا اور ہماری سرکار میں اس سے زیادہ ہے۔

۔قٓ ۵۰: ۳۱۔۳۵۔

Marfat.com

٦٩ بے شک متقی باغوں اور چشموں میں ہوں گے جو انہیں ان کا پروردگار دے گا، اسے لے رہے ہوں گے۔ بے شک وہ اس سے پہلے نیکوکار تھے۔ رات کے بہت ہی کم حصے میں سوتے تھے۔ اور صبح کے وقتوں میں معافی مانگا کرتے تھے۔ اور ان کے مالوں میں منگتے اور غیر منگتے محتاج کا حق ہے۔

۔الذّٰریٰت ۵۱:۱۵-۱۹۔

۷۰۔ پرہیز گار بلاشبہ باغوں اور خوش حالیوں میں اپنے پروردگار کے عطیوں کے مزے لے رہے ہوں گے۔ اور ان کا پروردگار انہیں عذابِ دوزخ سے بچائے رکھے گا۔ تم جو نیک عمل کرتے رہے اس کے صلہ میں انہیں تختوں پر جو برابر بچھائے گئے ہیں، تکئے لگا لگا کر بیٹھو، کھاؤ پیو۔ تم کو رچے پچے ہم بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں کو ان کی زوجیت میں دیں گے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور ان کی اولاد ایمان کے ساتھ ان کی پیروی کرتی رہی، ان کی اولاد کو ان کے ساتھ لے جا شامل کریں گے۔ اور جنتیوں کے اعمال میں سے کچھ بھی کم نہیں کریں گے۔ ہر شخص اپنے عمل میں گروی ہے۔ اور جس میوے اور گوشت کو جنتیوں کا جی چاہے گا ہم ان کے لیے اس کی ریل پیل کر دیں گے۔ وہ آپس میں وہاں جام کی چھینا جھپٹی بھی کریں گے۔ اس میں نہ بکواس لگے گی اور نہ کوئی ناشائستہ حرکت ہوگی۔ اور ایسے لڑکے خدمت کے لیے ان پر آمد و شد کریں گے کہ گویا وہ احتیاط سے رکھے ہوئے موتی ہیں اور ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر آپس میں باتیں کریں گے۔ کہیں گے کہ ہم پہلے ہی گھر والوں کے درمیان ڈرا کرتے تھے۔ تو اللہ نے ہم پر

۶۹۔ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۱۵﴾ اٰخِذِيْنَ مَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ﴿۱۶﴾ كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَفِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ﴿۱۹﴾

۷۰۔ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَعِيْمٍ ﴿۱۷﴾ فٰكِهِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۚ وَوَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۱۸﴾ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ ۚ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿۲۰﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ؕ كُلُّ امْرِئٍۢ بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ ﴿۲۱﴾ وَاَمْدَدْنٰهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۲۲﴾ يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَاْسًا لَّا لَغْوٌ فِيْهَا وَلَا تَاْثِيْمٌ ﴿۲۳﴾ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿۲۴﴾ وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۲۵﴾ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ اَهْلِنَا مُشْفِقِيْنَ ﴿۲۶﴾ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَوَقٰىنَا عَذَابَ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ ﴿۲۸﴾

۷۱۔ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ ﴿۵۴﴾ فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿۵۵﴾

۷۲۔ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ﴿۴۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۷﴾ ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ﴿۴۸﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۹﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ

فضل کیا اور ہم کو لُو کے عذاب سے بچالیا۔ ہم پہلے ہی اس سے دعائیں مانگا کرتے تھے۔ بے شک وہ محسن، مہربان ہے۔

۔الطور ۵۲:۱۷-۲۸۔

۷۱۔ جو لوگ پرہیز گار ہیں وہ باغوں اور نہروں میں۔ سچی عزت کی جگہ بادشاہِ قادر کے مقرب ہوں گے۔

۔القمر ۵۴:۵۴-۵۵

۷۲۔ اور جو شخص اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرتا رہا اس کے لیے دو باغ ہوں گے۔ تو اے گروہِ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت سے انکار کرو گے۔ دونوں باغ ٹہنیوں والے۔ تو اے گروہِ جن وانس! تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے۔ دونوں میں دو چشمے بہہ رہے ہوں گے۔ تو اے گروہِ جن وانس تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو

Marfat.com

